باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

164

ماہنامہ عبقری ® لاہور

فروری 2020ء جمادی الثانی 1441 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

- تنگدستی بھگانے اور کشادگی رزق پانے کے 13 راز
- صرف 250 روپے میں دل کے والو کھل گئے
- ماں بننے والی خواتین کیلئے کچھ خاص احتیاطیں
- اخبار کے تیل سے پرانی سے پرانی دھدر ختم
- من پسند ٹرانسفر کروانے کے لیے خاص عمل

39 سال 5 ماہ اور 13 دن پرانا جادو ختم

بیٹیوں کو خوش رکھیں! کبھی مشکل نہیں آئے گی

جسم سے روزانہ دس منٹ کشتی! سو سال عمر

امرود کے پتوں کی چائے سے ذیابیطس اور بلڈ پریشر کا علاج

مجھے تو اپنا گھر ان الفاظ کو پڑھنے سے ملا

مشترکہ خاندانی نظام!

جذباتی تسکین، محبت اور پیار کا فارمولہ



جاگتی آنکھوں سے چڑیل دیکھنے کا شوق ہے تو شہر باغ آئیے!

فروری!

ڈبل روٹی، بسکٹ اور مٹھائیاں کم سے کم استعمال کریں!

چالیس سالہ بانجھ بھابھی!

مسافر بڑھیا کا ٹوٹکہ اور بااولاد

حضرت حکیم صاحب کی آمد

سکھر: 28 فروری 2020 بروز جمعہ بعد نماز عشاء

بمقام: غزنوی پارک نصرت کالونی نمبر 4 میانی روڈ سکھر۔ خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ انتظام

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313

عبقری روحانی جنتری 2020ء آج ہی حاصل کیجئے!

تفصیلات کیلئے صفحہ نمبر 65 ملاحظہ فرمائیں

اسم اعظم کا دم اور شفائیہ دعا: یکم مارچ بروز اتوار نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور ہوگا یا ساڑھے 6 بجے شیخ الوظائف شفائیہ دعا کروائینگے اسکے بعد دم ہوگا فوراً بعد حلقہ کشف المحجوب درس اور مراقبہ ہوگا۔

حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جا رہے ہیں تو ذرا ٹھہریئے! حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ کتاب حج و عمرہ پر جانے والوں کیلئے طور فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر میں تبدیل کر دیتا ہے۔ جس پر چلنے پر دس دن کے اندر

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

خاندانی حالات (بیماریوں) کے علاج کیلئے آپ عبقری کے خاندان کا حصہ بنیں اور اپنے خاندان کی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (قیمت 150 روپے سالانہ)

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے بچنے، گھریلو الجھنوں سے نمٹنے، روحانی اور طبی فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

حسن شفاء سیرپ

کیل مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے
چہرے کے کھردرے پن الرجی اور
پرانی سے پرانی خارش کا شافی علاج ہے۔

قیمت 120 روپے

عبقری روحانی دھونی

جادو بندش اور گھر کی حفاظت کیلئے

گھروں سے مصائب، تکالیف، جادو، بداثرات، بندشیں، حشرات الارض، بھوت، چڑیل، جوئیں، چھپکلی، سانپ، کیڑے مکوڑے ختم کرنے کیلئے گھر میں دھونی ضرور دیں۔

قیمت 150 روپے

الرجی کورس

دائمی نزلہ الرجی ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی کا دمہ ان تمام کیلئے انتہائی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

Rs: 600

70 شفائیں

بدہضمی، فوڈ الرجی، سر درد، نظر کی کمزوری، جوڑوں کا درد

- گلے کی خرابی، جگر کے امراض اور جوڑوں کے درد کا علاج
- دل کے والو کھولنے میں بارہا کی آزمودہ۔
- جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے انوکھا تریاق

Rs: 250

ستر سے زائد لاعلاج پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء

معجون مراد

مردوں کی بے پناہ قوت خاص کیلئے اکسیر
بے اولادی کے مرض کا مکمل خاتمہ



Rs: 1100

قوّتی

اعصابی کمزوری، قوت خاص کی کمی، شوگر کی وجہ سے ہونے والی کمزوری، جوڑوں کے درد، پٹھوں کی کمزوری، دماغی کمزوری، پسلیوں کا درد اور ہاتھ پاؤں کا اکڑاؤ جیسے امراض میں مبتلا مریض چاہے خواتین ہوں یا مرد ان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔

Rs: 500

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 8 | جلد نمبر 14 | فروری 2020 جمادی الثانی 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصّبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

فروری 2020ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1260 روپے رجسٹرڈ ڈاک، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

فرمان قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ: ''آج ہم یہاں دنیا کی عظیم ترین ہستی حضرت محمد ﷺ کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ آپ ﷺ کی عزت و تکریم کروڑوں عام انسان ہی نہیں کرتے بلکہ دنیا کی تمام عظیم شخصیات آپ ﷺ کے سامنے سر جھکاتی ہیں۔ وہ عظیم مصلح تھے، عظیم رہنما تھے، عظیم واضع قانون تھے، عظیم سیاستدان تھے اور عظیم حکمران تھے، ہم ان کی تعلیمات پر عمل کرتے رہے تو کسی میدان میں کبھی بھی ناکامی نہ ہوگی'' (25 جنوری 1948ء کراچی بار ایسوسی ایشن کے اجلاس سے خطاب)

یہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی ہے امروز	نہیں معلوم کہ ہوتی ہے کہاں سے پیدا
وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستان وجود	ہوتی ہے بندۂ مومن کی اذان سے پیدا

(ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

شیخ الوظائف سے دُعائیں لینے کا سنہری موقع

پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ

شیخ الوظائف کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً برتن، تانبے، کانسی، چمڑے، لکڑی کی بنی ہوئی چیزیں یا الیکٹرانکس کی پرانی بے کار چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کے پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلز وغیرہ ہوں تو شیخ الوظائف کو ہدیہ کی نیت سے بحفاظت باامان پہنچائیں، دل کی گہرائیوں سے دُعائیں لیں۔ نیز تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی بھی تحفہ قبول کیا جائے گا۔

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے، یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

نقشہ: مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان
3	ماں کی ٹانگوں سے لپٹ جاتا تھا اور پھر مالدار ہوگیا
4	نسلوں کی خوشحالی چاہیے تو پیشے کا انتخاب سوچ کر کیجئے
5	3 اشرفیوں کو 3 سو میں بدلنے والا آزمودہ فارمولہ
6	ماں بننے والی خواتین کیلئے کچھ خاص احتیاطیں
7	میرا تجربہ! خدا کے گھر حاضری آپ بھی دے سکتے ہیں
8	کامیاب انسان آپ کے اندر چھپا ہے!
9	فروری! ڈبل روٹی، بسکٹ اور مٹھائیاں کم سے کم استعمال کریں!
10	جمادی الآخر کا خاص عمل! تعویذ دھاگہ، نحوست، جادو ختم
11	خواجہ سید بہاؤالدین نقشبندیؒ کے روحانی وظائف
13	جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج
14	روحانی امراض اور ان کا علاج
15	میری زندگی کیسے بدلی؟
16	بیٹیوں کو خوش رکھیں! کبھی مشکل نہیں آئے گی!
17	قابل رشک زندگی کے سات اصول
18	چہرہ تو چمکا چکے! آئیے آج ہاتھ دلکش اور خوبصورت بنائیں
20	8 تسبیح بسم اللہ پڑھی! ہر وہ چیز ملی جس کی تمنا تھی
23	40 سالہ بانجھ بھابھی! مسافر بڑھیا کا ٹوٹکہ اور بااولاد
24	جسم سے روزانہ دس منٹ کشتی! سو سال عمر
26	جادو، اثرات، نظر بد کے توڑ کیلئے تیر بہدف عمل
29	بلی کی بددعائیں آج بھی تعاقب کر رہی ہیں!
34	روزانہ آٹھ سے دس گلاس پانی پینے سے کیا ہوگا؟
35	قارئین کی آزمودہ تحریریں
37	سردی کو ادرک سے بھگانے کے گر سیکھ لیجئے!
38	جلدی کیجئے! محدود مدت آفر! فائدہ اٹھالیں!
39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
41	39 سال 5 ماہ اور 13 دن پرانا جادو ختم
44	خوشگوار زندگی گزارنے کا نہایت مختصر اور آزمودہ نسخہ
45	قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے
49	ماہنامہ عبقری اور رسالہ آپ کے شہر میں
50	لوگ مردہ کہتے، یہ دوا کھائی پھر سے زندہ ہوگئی
52	ذرا توجہ کیجئے! یہ بچے آپ والدین کے ہی ہیں
53	معاشرہ بگڑا ہوا، کس کس کو ٹھیک کروگی!
54	بقیہ جات
55	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
56	لکنت، دماغی کمزوری ختم! عمر 55، مگر اب 35 کا لگتا ہوں
57	صرف 250 روپے میں دل کے والو کھل گئے
58	شوہر کا وزن ایسے کم ہوا کہ میں پریشان ہوگئی
59	تیرے پاس دولت، عزت، شہرت سب کچھ ہوگا
60	بیوی تشدد کرتی، کہتی نوکری چھوڑ، گھر کے کام کرو، بچے سنبھالو
61	پورے سال کی مبارک گھڑیاں
62	فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ
63	ہجویری محل، گوشہ درود و سلام اور عبقری حویلی کے اعمال
64	عبقری حویلی روحانی چلہ اور دعا

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: ''عبقری'' عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 | E mail:contact@ubqari.org

درخت لگائیے! بلائیں ٹلوائیں! آئیے "ہجویری محل" میں ہزاروں درخت لگائیں، قیامت تک ثواب پائیں

حضرت انسؓ سے روایت ہے، فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ مقدس ہے: جو مسلمان درخت لگائے یا کھیت بوئے پھر اس میں سے کوئی انسان یا پرندہ یا جانور کھائے (تو جس مسلمان نے وہ درخت لگائے ہوں یا کھیتی بوئی ہو) اُسے صدقہ کے برابر ثواب ملتا ہے۔ کیونکہ صدقہ کرنا بھی عبادت ہے۔ ☆ اسی طرح حضرت جابرؓ سے مروی حدیث شریف میں یہ ارشادِ مبارک نقل ہے "جو پھل چوری ہوجائے گا اس پر بھی صدقہ کا ثواب ملے گا"۔ اور ساتھ یہ بھی فرمایا ہے کہ "صدقہ کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی" ☆ حضرت جابرؓ سے ہی دو دیگر روایات میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ اُم مبشر انصاریہؓ اور اُم معبدؓ کے باغ میں تشریف لے گئے اور اُن سے پوچھا: "یہ درخت کس نے لگائے ہیں؟ مسلمان نے یا کافر نے"۔ "عرض کیا مسلمان نے"۔ پھر آپ ﷺ نے صدقہ کی تفصیل بیان فرمائی اور مزید فرمایا: "اُس کو قیامت کے دن تک صدقے کا ثواب ملے گا یعنی ملتا رہے گا" فائدہ: ظاہر ہے جب درخت لگانے پر صدقہ کا ثواب ملتا ہے اور یہ بات تو آپ سب کو معلوم ہے کہ صدقہ بلاؤں کو ٹالتا ہے۔ درخت لگانے کے خواہشمند صرف اس نمبر پر میسج یا واٹس ایپ کریں 0343-8710009

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

ماں کی ٹانگوں سے لپٹ جاتا تھا اور پھر مالدار ہوگیا

غربت تنگدستی کی انتہاء! مگر ماں کی خدمت اور بیوی کی عزت کرتا

حج کے سفر کے دوران ایک صاحب سے تعارف ہوا، پھر وہ تعارف بڑھتا چلا گیا، گفتگو کا رخ اس بات کی طرف ہوا کہ ان کی زندگی کی ابتدا کیسے ہوئی؟ ان کے مزاج میں عاجزی تھی، تکبر نہیں تھا حالانکہ بہت مالدار، جاگیردار اور سیاست میں بہت نام لیکن اپنی پچھلی زندگی اس کی غربت، اس کی تنگدستی اس کا اخلاص وہ نہ بھولے۔ کہنے لگے:

محلے میں کریانے کی دکان جس میں روزانہ پچاس ساٹھ روپے کی بکری ہوتی تھی، کچھ عرصہ وہ کیا، لیکن ماں کی خدمت اور بیوی کے ساتھ اچھا سلوک نہ چھوڑا، حالانکہ بہت غربت تنگدستی تھی پھر کراچی کی ایک ٹیکسٹائل مل میں پہلے دو سو روپے پھر تین سو روپے ماہانہ کی نوکری کی، باقی وقت میں اخبار سائیکل پر رکھ کر بیچتا تھا، روزانہ کبھی بیس، کبھی تیس اخبار بیچ لیتا تھا۔ اس میں سے اپنے کھانے کی بچت کرلیتا، پھر پانچ سال مکمل برف کے پھٹے پر میں نے برف بیچی، آنے، دو آنے، چار آنے، آٹھ آنے روپے کی برف بیچتا تھا۔ پھر میری ترقی ہوئی اور ایک کمپنی میں، میں نے نوکری کی، پہلے ماہانہ چار ہزار کی نوکری، پھر پانچ ہزار اور پھر سات ہزار۔ ایک دفتر ایسا تھا کہ جس میں آٹھ آنے کی برف میں روزانہ دیتا تھا۔

کیسا عجیب عظیم شخص ہے! جو بات لوگ چھپاتے ہیں یہ بتا رہا

وہ یہ باتیں بتا رہے تھے اور میں ٹکٹکی باندھے ان کے چہرے کو دیکھ رہا تھا اور ساتھ ساتھ یہ بھی سوچ رہا تھا کہ لوگ تو اپنا عروج چھپاتے ہیں اور اپنی زندگی کا نظام چھپا چھپا کر رکھتے ہیں اور ہر شخص ایک بات کہتا ہے کہ میں پیدائشی مالدار، نواب اور سلطان کا بیٹا تھا لیکن وہ شخص اپنی زندگی کی سچی حقیقتیں بتا رہا تھا اور میں دل ہی دل میں اس کی باتوں کو سن کر عش عش کر رہا تھا اور اندر ہی اندر کہہ رہا تھا کہ کیسا عظیم انسان ہے! جو اپنے حقائق نہیں چھپا رہا اور انہی حقائق نے اس کو عروج، کمال، دولت اور شہرت دی ہے۔ وہ صاحب سانس لینے کے لیے رکے اور اپنے اردگرد حالات کا جائزہ لیتے ہوئے پھر اپنی داستان سنانے میں مگن ہوگئے۔ کہنے لگے: میں اس دوران پڑھتا بھی رہا، ایف اے کیا، پھر بی اے بھی کرلیا۔ سردیوں میں فروٹ کی ریڑھی لگاتا تھا، گرمیوں میں برف بیچتا تھا اور پھر کچھ عرصہ ایک سٹور کی کیپری بھی کی۔ الغرض اپنی زندگی میں مسلسل کوشش، محنت اور جستجو میں لگا رہا۔ کبھی ماں اور بیوی کی آپس میں اگر کوئی کمی بیشی ہو بھی جاتی تھی تو میں نے دونوں کو سنبھالا، دونوں کو ساتھ لے کر چلا اور دونوں کا احترام کیا۔ غربت، تنگدستی نے کبھی میرے لہجے کو تلخ نہ ہونے دیا میں ہمیشہ نرم لہجہ لیکن زندگی کی سچائی کو لے کر چلتا رہا، آج میرے پلازے ہیں، بہت زیادہ کاروبار، دولت، عزت، شہرت سب کچھ ہے اور ساری کائنات ہے لیکن میں آج بھی اپنی نرمی کو اور جھکنے کو نہیں بھولا اور یہ نرمی اور جھکنا ہی تو سمجھتا ہوں کہ میری زندگی کو بہترین بنا رہے ہیں۔

عورت سے لڑنا بھی کوئی بہادری ہے!

قارئین! یہ اس شخص کی داستان ہے جس کا ظاہر عروج اور دولت سے مزین ہے کسی نے اس کی ابتدا نہیں دیکھی ہر شخص اس کی انتہا دیکھ کر الجھ جاتا ہے، کاش میں بھی ایسا ہوں، میرے پاس بھی ایسی گاڑیاں، گھر، عزت، دولت، سلام، ہٹو بچو اور ہر محفل میں کمال ہو لیکن یہ ہر شخص کو نہیں ملتا اور ہر شخص یہ چیز نہیں پا سکتا۔ یہ چیز قسمت والے نصیب والے کو ملتی ہے لیکن قسمت اور نصیب ماں اور مامتا کے ساتھ جڑا ہوا ہے، ماں کی عزت، احترام وقار اور مامتا یعنی بیوی سے محبت نرمی درگزر اور پیار۔ مجھے ایک بڑے آدمی کی بات یاد آئی کہنے لگے: عورت سے لڑنا بھی کوئی بہادری ہے۔ آیئے! ہم ایک عہد کرتے ہیں کہ زندگی کتنی تلخ ہوجائے، زمانہ کتنا ظالم اور ہمیں مجبور کردے، دنیا کتنی سختیوں اور سفاکی اور ظلم پر اتر آئے، حالات تنگ ہوجائیں، غربت اپنی لپیٹ میں لے لے، مفلسی کا ہمارے گھر میں راج ہو، بیماریاں، دکھ، تکالیف، مایوسیاں ہمیں چاروں طرف سے گھیر لیں لیکن نہ گھبرائیں گے، نہ تلخ اور کڑوے ہوں گے بلکہ گھر میں نہایت با اخلاق، بامروت اور ٹھنڈے میٹھے رہیں گے۔ یاد رکھیں! اخلاق گھر سے شروع ہوتے ہیں باہر تو ہر شخص مخلص ہوتا ہے اور میٹھا ہوتا ہے اصل تو گھر میں پتہ چلتا ہے کہ یہ شخص مخلص ہے، میٹھا ہے یا بد اخلاق، بدتمیز۔ بس یہ کرلیں اور پھر اس شخص کی طرح زندگی میں عروج، کمال اور عزت دولت پائیں۔

خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے برے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں "جادو شکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے اس اور امید کو دلاتا ہے۔
جادو شکن پانی
قیمت صرف 60 روپے

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

دل روحانیت اور من

نسلوں کی خوشحالی چاہیے تو پیشے کا انتخاب سوچ کر کیجئے

دعا اور بددعا کا تعاقب: ایک دعا ہے اور دوسری بددعا ہے۔ دعا بھی وجود رکھتی ہے اور بددعا کا بھی وجود ہوتا ہے۔ دعا کا بھی اثر ہوتا ہے اور بددعا کا بھی اثر ہوتا ہے۔ دعا کا اثر بھی نسلوں تک پہنچتا ہے اور بددعا کا اثر بھی نسلوں تک پہنچتا ہے۔ محدثین نے کتابوں میں واقعات لکھے ہیں کہ: سرورِ کونین ﷺ نے بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دعائیں دیں اور ان دعاؤں کے اثرات اب تک اُن کی نسلوں میں موجود ہیں۔ یہ بات میں حقیقتاً عرض کر رہا ہوں۔

خوش قسمت انسان: سرورِ کونین ﷺ نے بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دعائیں دیں اور اُن دُعاؤں کے اثرات ان کی سات نسلوں تک اور بعض اوقات چودہ نسلوں تک چلتے رہے۔ اسی طرح بددعا کی بھی طاقت ہے۔ بددعا کی بھی تاثیر ہے۔ خوش قسمت انسان وہ ہے جو دعاؤں کو ساتھ لے کر چلے۔ ماں باپ کی دعا، کسی مفلس کی دعا، کسی مظلوم کی دعا، کسی فقیر کی دعا، کسی غریب کی دعا، کسی اللہ والے کی دعا، کسی بے زبان جانور کی دعا لے کر چلے۔

پیشے، شعبے: مجھے ایک شخص کہنے لگا: بعض پیشے یا شعبے ایسے ہوتے ہیں کہ جن کے پیچھے دعائیں ہوتی ہیں۔ جو اس پیشے یا شعبے میں کام کرنے والے لوگوں کا تعاقب کرتی ہیں۔ بعض پیشے ایسے ہوتے ہیں کہ جن کی وجہ سے کسی کی مشکل دور ہوجاتی ہے، کسی کی تکلیف ختم ہوجاتی ہے، کسی کا مسئلہ حل ہوجاتا ہے، ان کے پیچھے دعائیں تعاقب کرتی ہیں۔ اور بعض پیشے ایسے ہوتے ہیں کہ جنہیں لوگ بددعائیں دیتے ہیں۔ وہ شخص مجھے کہنے لگے: ہمارا پیشہ ایسا ہے کہ لوگ ہمیں بددعائیں دیتے ہیں۔

نسلوں کی بنیاد: بقول ایک اللہ والے کے کہ پیشے، شعبے یا پروفیشن کا انتخاب ہمیشہ سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔ فرمایا: پیشہ کے اوپر نسلوں کی بنیادیں ہوتی ہیں۔ ہماری نسلوں نے اِسی پیشے سے وصول ہونے والی آمدنی کے ذریعہ سے پلنا ہے، روٹی کھانی ہے، کپڑے پہننے ہیں، سونا ہے، جاگنا ہے زندگی کا نظام اِسی ذریعہ آمدنی کے اعتبار سے چلے گا۔ میں اسباب کے اعتبار سے عرض کر رہا ہوں۔ اللہ والو! ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ نوکری جہاں مل جائے وہاں کرلیں، نہیں! ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ میں نے بعض لوگوں کو دیکھا ہے جو بہت دِنوں سے بھوکے ہوتے ہیں، ان لوگوں کو ان کے مزاج یا وقار کے مطابق کھانا نہ ملے تو وہ کھانا نہیں کھاتے وہ کہتے ہیں اپنے مزاج کا کھانا کھائیں گے نہیں تو بھوکے مرجائیں گے۔ یہ دنیا کے وقار کی بات ہے اور ایک آخرت کا وقار ہوتا ہے۔

حرام مت کمائیے! نسلیں بھگتیں گی

قومی بچت سکیم: آج صبح ایک بزرگ سے ٹیلیفون پر بات ہوئی معلوم نہیں کس شہر کے رہنے والے ہیں۔ مجھے کہنے لگے: میں بہت پریشان ہوں۔ میری کچھ رقم قومی بچت اسکیم میں رکھی ہوئی ہے، مجھے کچھ پریشانی ہے، دعا فرمائیں کہ وہ پریشانی دور ہوجائے۔ میں نے کہا: آپ پریشان نہیں ہیں بلکہ آپ کو کونسی ایسی مجبوری تھی کہ آپ نے وہ رقم قومی بچت میں جمع کروائی؟ آپ اگر پریشان ہوتے تو اس مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرتے۔ آپ کو جینے کی بہت امید ہے، اس لیے اپنی رقم قومی بچت میں جمع کروائی ہے کہ کہیں ختم نہ ہوجائے۔ کتنا بدنصیب انسان ہے کہ خود اِس حلال مال پر ملنے والا حرام کھاتے کھاتے مرجائے گا اور رشتے دار حلال مال نکال کر لے جائیں گے۔

حرام کے لیے محنت: صبح ایک شخص نے فون پر بتایا کہ ایک بندہ قتل ہوگیا ہے۔ ان کے وارثوں نے مجھ پر جھوٹا 302 کا ناجائز مقدمہ بنوادیا ہے۔ اب وہ کہتا ہے کہ تو بے قصور ہے لیکن اگر FIR میں سے تیرا نام نکالتے ہیں تو پیچھے FIR میں کچھ نہیں بچتا۔ تیرے ساتھ جو دوسرا آدمی ہے اُسے ہم نے پھنسوانا ہے۔ کیوں؟ کیونکہ جو مرگیا ہے اُس کے نام بیمہ 25 لاکھ روپے ملنے تھے۔ لہٰذا تیرے ساتھ جو دوسرا آدمی ہے وہ اگر بچ گیا تو وہ سارے پیسے لے لے گا اِس لیے تیرا نام بھی بیچ میں رہے گا۔

حرام کیلئے بے قصور کی زندگی داؤ پر: ایک حرام کے لیے اتنی محنت کی جارہی ہے اور اس حرام کو حاصل کرنے کے لیے ایک اور بے قصور کی زندگی کو ضائع کرنے کے درپے ہیں کہ اگر وہ بچ گیا تو سارے پیسے تو وہ لے جائے گا۔ لہٰذا اس کو بھی 302 میں داخل کرواؤ۔ یہ تو صرف موصول ہونے والی ایک کال کی کارگزاری میں آپ کے سامنے عرض کر رہا ہوں، پتہ نہیں کتنے ہی ٹیلیفون میرے پاس آتے ہیں اور اپنی دُکھ بھری داستانیں مجھے سناتے ہیں۔ اس لیے اپنے پیشے کا انتخاب ہمیشہ سوچ سمجھ کر کیجئے کیونکہ اِس پر نسلوں کا معاملہ ہے۔ خوش قسمت انسان وہ ہے جو اپنے ساتھ دُعاؤں کو لے کر چلتا ہے جس کے پیچھے دعائیں اُس کا تعاقب کریں۔ اپنی زندگی کا ایسا نظام بنائیں کہ ہمیں اس دنیا میں سے چلے جانے کے بعد دعائیں بھی ملتی رہیں۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

آڈیو درس چلایا جنات نے بیوی کو ستانا چھوڑ دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے کافی سال بیت گئے، اس رسالے سے ہم نے بہت کچھ پایا ہے۔ ہفتہ وار درس تو کبھی نہیں چھوڑا الحمدللہ! درس نے زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے میری بیوی کے ساتھ ایک مسئلہ درپیش آنا شروع ہوا کہ میری بیوی کو سوتے وقت اچانک ایسا محسوس ہوتا تھا کہ کوئی گلا دبا رہا ہے، بہت پریشانی ہوئی، بیوی اچانک چیخ مار کر اٹھ بیٹھتی، ایک دو جگہ سے معلوم کروایا تو پتہ چلا کہ جنات تنگ کرتے ہیں، مجھے تو اور کچھ نہ سوجھی میں نے میموری کارڈ میں آڈیو درس چلایا اور رات کو بیوی کے سرہانے رکھ دیا، وہ رات میری بیوی پرسکون نیند سوئی اور رات کو کسی نے تنگ نہ کیا۔ بس وہ دن اور آج کا دن، چند دن صرف آڈیو درس رات کے وقت چلائے، گھر میں سکون ہوگیا اور بیوی بالکل تندرست ہوگئی۔ **تعویذ رکھنے سے کام بنے:** ہمارے کچھ معاملات بہت عرصہ سے رکے ہوئے تھے، تسبیح خانہ میں جمادی الاول کی تیسری جمعرات کو لکھا جانے والا 625 مرتبہ بسم اللہ والا تعویذ اور عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ملنے والا تعویذ جب سے پاس رکھا ہے، خود بخود کام بن رہے ہیں۔ (ج۔ا، لودھراں)

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک
بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری، ملازم پیشہ مردوں، عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

3 اشرفیوں کو 3 سو میں بدلنے والا آزمودہ فارمولہ

ابولبیب شاذلی

عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر کہتے ہیں کہ ابوامامہؓ کی ایک کنیز نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت ابوامامہؓ صدقہ کرنے کو بہت پسند کرتے تھے اور اس کے لیے مال جمع کرتے تھے اور کسی سائل کو رد نہیں کرتے تھے خواہ ایک پیاز یا ایک کھجور یا کھانے کی کوئی اور چیز اسے دیکر ضرور لوٹاتے تھے۔ ایک روز ایک سائل آیا اور ان چیزوں میں سے ان کے پاس کچھ نہیں تھا اور ان کے پاس تین اشرفیاں تھیں' سائل نے جب سوال کیا تو اس کو ایک اشرفی دیدی پھر ایک اور سائل آیا اسے دوسری اشرفی دیدی پھر ایک تیسرا سائل آیا اسے تیسری اشرفی دیدی۔ ان کی کنیز کہتی ہیں کہ میں غصہ ہوگئی اور میں نے کہا کہ ہم لوگوں کے لیے کچھ بھی نہ چھوڑا؟ یہ کہتی ہیں کہ انہوں نے اپنا سر قبلولہ کرنے کے لیے رکھ دیا۔ جب ظہر کے لیے اذان دی گئی میں نے ان کو جگایا انہوں نے وضو کیا پھر مسجد چلے گئے، مجھے ان پر ترس آیا اور وہ روزہ دار تھے تو میں نے ایک جگہ سے قرض لیا اور ان کے لیے شام کا کھانا تیار کیا اور چراغ جلایا اور میں ان کے بستر کی طرف آئی کہ اسے بچھادوں' پس اچانک اشرفیاں پڑی ہوئی تھیں میں نے انہیں شمار کیا تو وہ تین سو اشرفیاں تھیں۔ یہ کہتی ہیں میں نے کہا جو کچھ انہوں نے کیا تھا ان کے بعد میں آنے والی اشرفیوں کے اعتماد پر کیا تھا، وہ عشاء کے بعد آئے یہ کہتی ہیں جب انہوں نے دسترخوان دیکھا اور چراغ جلتا ہوا دیکھا مسکرائے اور کہا یہ اللہ کے پاس سے خیر ہے، میں ان کے سرہانے کھڑی رہی یہاں تک کہ انہوں نے شام کا کھانا کھایا اور میں نے کہا اللہ آپ پر رحم کرے۔ یہ خرچ (اشرفیاں) یوں ہی لاپروائی کے ساتھ ڈال گئے اور مجھ سے کہہ بھی نہ گئے کہ میں انہیں اٹھالیتی' انہوں نے کہا کونسا خرچ؟ میں تو کچھ بھی چھوڑ کر نہیں گیا تھا تو میں نے بستر اٹھایا جب انہوں نے ان کو دیکھا تو خوش ہوئے اور انہیں بہت سخت تعجب ہوا، یہ کہتی ہیں پس میں کھڑی ہوئی اور میں نے اپنا اُزار توڑ دیا اور میں اسلام لے آئی۔ ابن جابرؒ کہتے ہیں کہ میں نے ان کو حمص کی مسجد میں پایا ہے یہ عورتوں کو قرآن' سنن' فرائض اور دین کے مسائل سکھایا کرتی تھیں۔ (کتاب: حیاۃ الصحابہؓ، حصہ دہم، صفحہ نمبر 733)

مال میں برکت

حضرت سلمانؓ کے اسلام کے قصہ میں ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میرے اوپر مال (بدل کتابت سے) باقی رہ گیا تھا جناب رسول اللہ ﷺ کے پاس مرغی کے انڈے کی برابر کان سے سونا لایا گیا، آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ وہ فارسی کاتب کہاں ہے؟ حضرت سلمانؓ کہتے ہیں میں آپ ﷺ کے لیے بلایا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے سلمان! اسے لے اور اس کے ذریعہ جو تیرے اوپر قرض رہ گیا ہے اسے ادا کر، میں نے عرض کیا جتنا میرے اوپر ہے یہ اس کے مقابلہ میں کہاں رکھا جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا اسے لے لے اللہ پاک جو تیرے اوپر ہے اسے ادا کرادیگا۔

میں نے قرض ادا کیا اور آزاد ہوگیا

میں نے اسے لے لیا اور اپنے مالکوں کے لیے اس میں سے تولنا شروع کیا قسم اس ذات کی کہ سلمانؓ کی جان جس کے ہاتھ میں ہے' چالیس اوقیہ میں نے وزن کئے اور جو کچھ ان کا حق تھا وہ میں نے ادا کردیا اور میں آزاد ہوگیا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت سلمانؓ کہتے ہیں کہ جب میں نے کہا یا رسول اللہ! ﷺ اس کے مقابلہ میں اسے کہاں رکھوں؟ تو آپ ﷺ نے اسے لے لیا اور اپنی زبان پر پلٹا اس کے بعد فرمایا اسے لے اور ان کو اس میں سے ان کا پورا حق چالیس اوقیہ ادا کردے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے اس کو اس دن اپنی زبان پر رکھا پھر اس کو پلٹا پھر مجھ سے فرمایا جا اور اس کو اپنے سے ادا کردے۔

دعائے نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اثر! مٹی میں بھی ہاتھ ڈالا تو نفع دے گئی

عروہ بارقیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت جلبؓ سے ملے تو ان کو ایک دینار دیا اور فرمایا میرے لیے ایک بکری خرید لاؤ' یہ گئے اور ایک دینار میں دو بکریاں خریدیں' اس کے بعد ان سے ایک آدمی ملا اس کے ہاتھ ایک بکری ایک دینار میں بیچ دی اور حضور ﷺ کے پاس ایک دینار اور ایک بکری لیکر آئے تو حضور ﷺ نے ان سے فرمایا اللہ تجھے تیرے دائیں ہاتھ کے معاملہ (تجارت) میں برکت دے' یہ بیان کرتے ہیں کہ اگر میں کباڑ کو لے کر کھڑا ہوجاتا ہوں تو اپنے گھر اس وقت تک نہیں لوٹتا جب تک کہ چالیس ہزار نفع حاصل نہ کرلوں۔ ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے آپ کو دیکھا ہے کہ میں کوفہ کے کباڑی بازار میں کھڑا ہوتا تھا اور چالیس دینار نفع کے کماتا تھا اس سے پہلے کہ اپنے گھر واپس جاؤں۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے ان کے لیے ان کی تجارت میں برکت کی دعا کی پس اگر یہ مٹی بھی خریدتے تو اس میں انہیں نفع ہوتا۔

تمہارے لیے نبی کریم ﷺ نے برکت کی دعا کی ہے

ابوعقیلؓ سے روایت ہے کہ ان کو لے کر ان کے دادا عبداللہ بن ہشام بازار کی طرف جاتے اور غلہ خریدتے تو ان سے ابن زبیر اور ابن عمر رضی اللہ عنہما ملتے اور کہتے ہمیں اپنی بیع میں شریک کرلیجئے' اس لئے کہ حضور ﷺ نے تمہارے لیے برکت کی دعا کی ہے تو یہ سب شریک ہوجاتے پس بسا اوقات اونٹ کے بوجھ برابر نفع حاصل کرتے اور اس کو اپنے گھر بھیج دیتے۔ (کتاب: حیاۃ الصحابہؓ، حصہ دہم، صفحہ نمبر 734)

گڑ کا قہوہ پینے سے کھانسی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب کو کھانسی تھی' ہر قسم کی ادویات دیں مگر آرام نہ آیا' کسی نے گڑ کا قہوہ پلانے کا مشورہ دیا۔ ہم نے پانی میں چائے والی پتی ابال کر ساتھ گڑ ڈال کر قہوہ تیار کیا اور والد صاحب کو دن میں چند بار استعمال کروایا' چند دنوں میں ہی کھانسی بالکل ختم ہوگئی۔ **لڑائی ختم کرانے کا ٹوٹکہ:** اگر دو آدمیوں کی لڑائی کا خطرہ ہو تو دونوں کا الگ الگ سورۂ اخلاص کا حصار چھ سائیڈوں سے کریں' سامنے' پیچھے' دائیں' بائیں' اوپر نیچے۔ سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر چھ سائیڈوں کا تصور کرکے پھونک ماردیں۔ آزمودہ ہے۔ **سواری ملنے کا عمل:** اگر کہیں جلد پہنچنا ہے اور سواری نہیں مل رہی تو اگر سورۂ یٰسین زبانی یاد ہے تو پڑھنا شروع کردیں' فوراً سواری مل جائیگی۔ کوئی مشکل اچانک آجائے یہی سورۂ پڑھیں کام بن جائیگا۔ (جہانگیر احمد' لورہ ضلع ایبٹ آباد)

معجون شفا یابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے' اپاہج' معذور' سر میں پانی بھر جانا' مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا' اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار' مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفا یابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ماں بننے والی خواتین کیلئے کچھ خاص احتیاطیں

پروفیسر ناہید، لاہور

حاملہ اور بڑی بوڑھیوں کے مشورے

عورت کے لیے نئے ہونے والے بچے کا احساس بہت خوشگوار اور دلفریب ہوتا ہے۔ نو ماہ میں معصوم فرشتہ ماں کے وجود کا حصہ بن جاتا ہے۔ ماں اس کی تمام حرکتوں اور بے چینیوں کو محسوس کرتی ہے اور بچہ ماں کی تمام خوشی اور غموں کا امین بن جاتا ہے۔

دوران حمل حاملہ کو ہر چیز کے متعلق بے حد احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے اس کی کوئی بھی معمولی لاپرواہی بچے کی جان کے لیے خطرہ بن سکتی ہے' یہی وجہ ہے کہ جیسے ہی کسی عورت کا حمل ظاہر ہوتا ہے' گھر کی بڑی بوڑھیاں مشوروں کے انبار لگا دیتی ہیں۔ اکڑوں نہ بیٹھو، باسی نہ کھاؤ، زور زور سے مت بولو بچہ ڈر جائے گا' تیز مت چلو وغیرہ وغیرہ۔ حمل کے نو ماہ کو احتیاط و حفاظت کا عرصہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ ہر نیا سورج حاملہ کے لیے نیا چیلنج لے کر طلوع ہوتا ہے۔ حمل کا عرصہ بری عادت کو رخصت کرنے اور اچھی عادات کو اپنانے کا عرصہ ہے۔ بری عادتوں کو اچھی اور بھلی عادتوں سے بدل لیں کیونکہ یہاں آپ کے بچے کی زندگی کا سوال ہے۔ دوران حمل چند اہم بنیادی احتیاطیں درج ذیل ہیں اگر آپ ان میں سے کسی بھی عادت میں مبتلا ہیں تو کوشش کریں کہ جلد از جلد ان سے چھٹکارا حاصل کرلیں۔

غیر ضروری ادویات کا استعمال

: دوران حمل آپ کی ہر غذا کا اثر بالواسطہ آپ کی اپنی صحت پر اور بلاواسطہ پیٹ میں پلنے والی ننھی جان پر مرتب ہوگا۔ کچھ بھی کھانے سے قبل ایک مرتبہ ضرور سوچیں کہ کہیں یہ غذا بچہ کے لیے نقصان دہ ثابت تو نہیں ہوگی۔ اگر آپ حمل سے قبل کسی قسم کی ادویات یا ٹانک کے استعمال کی عادی رہی ہیں تو اس کے متعلق اپنی ڈاکٹر کو ضرور مطلع کریں غیر ضروری ادویات کے استعمال سے دور رہیں۔ جسم کی کمزوری کو دواؤں کے بجائے غذا سے پوری کرنے کی کوشش کریں۔

حاملہ ہیں تو غیر ضروری کاموں کو کہیں باائے باائے

ہمیں معلوم ہے کہ آپ ایک فعال خاتون ہیں لیکن اب آپ کے بچے کی زندگی و صحت کا معاملہ ہے لہٰذا غیر ضروری کاموں کو باائے باائے کہہ دیں۔ اپنے حمل کا خاص خیال رکھیں۔ وقت پر کھانا اور پوری نیند لینا آپ کی صحت کے لیے بے حد اہم ہے۔ ملازمت پیشہ خواتین کام کے ساتھ آرام کو فراموش نہ کریں۔ روز مرہ امور کی فہرست تیار کریں اور ان میں سے غیر ضروری یا کم اہمیت والے کاموں کو لسٹ سے نکال باہر کریں۔ یہ وقت اطمینان اور سکون سے رہنے کا ہے۔ کمپنی لنچز، ونڈو شاپنگ، پارٹیز اور تمبولہ نائٹس کو بھول جائیں۔ رات کو جلدی بستر پر چلی جائیں اور صبح سویرے اٹھنے کی عادت ڈالیں۔ سستی اور آرام طلبی کا شکار نہ ہوجائیں بلکہ ان کاموں سے دور رہیں جو کہ وقت اور پیسے کا زیاں ہیں۔

پالتو جانوروں کو احتیاط سے رکھیں

اکثر لوگوں کو اپنے گھر میں بلی، کتا، خرگوش یا پرندے پالنے کی عادت ہوتی ہے لیکن دوران حمل جانوروں کے قریب جانے' انہیں اٹھانے، نہلانے یا ان کی صفائی کرنے میں خاص احتیاط برتیں۔ کوشش کریں کہ پالتو جانور آپ سے دور رہیں لیکن اگر کبھی آپ کو انہیں اٹھانا پڑ جائے تو بعد میں اپنے ہاتھ دھونا ہرگز نہ بھولیں۔

سگریٹ پینے والے والدین کے بچے کینسر کے شکار ہو رہے ہیں

والدین کی سگریٹ نوشی کا بچے پر اثر

سگریٹ نوشی: عام حالات میں بھی سگریٹ نوشی صحت کے لیے بے حد نقصان دہ ہے لیکن دورانِ حمل سگریٹ کا دھواں حاملہ کے ساتھ ساتھ بچہ کے لیے دشمن جاں ثابت ہوتا ہے۔ سگریٹ نوشی کی دلدادہ ماؤں کی اولاد لاغر پیدا ہوتی ہے اکثر بچوں کی قبل از وقت ولادت ہوجاتی ہے۔ ایسی ماں کا بچہ پیٹ میں ہی موت کا شکار بھی ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ وقت زچگی میں بے شمار پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

سگریٹ پینے والی حاملہ خواتین کو حمل کا پورا عرصہ متلی و قے کی شکایت رہتی ہے تحقیق سے ثابت ہوتا ہے کہ سگریٹ نوشی بچہ کے دماغ کی بہترین نشوونما پر اثر انداز ہوتی ہے جن والدین یا دونوں میں سے کوئی ایک فریق سگریٹ نوشی کی عادت میں مبتلا ان کے بچوں میں دمہ، سینہ کا انفکیشن یا کینسر کی علامات ظاہر ہونا شروع ہوسکتی ہیں۔ جو بچے سگریٹ نوش والدین کے ساتھ پلتے ہیں ان میں شرح اموات مجموعی طور پر زیادہ ہوتی ہے بہ نسبت ایسے بچوں کے جن کے والدین (دونوں یا ایک فریق) سگریٹ نوشی سے اجتناب برتتے ہیں۔ سگریٹ نوشی کو الوداع کہنے کے لیے یہی وقت مناسب ہے اپنے نوزائیدہ بچے کو سگریٹ کے دھویں سے محفوظ رکھیں۔

حاملہ کو قبض ہوجائے تو کیا کرے؟

قبض کو بیماریوں کی جڑ کہا جاتا ہے عام آدمی کے لیے بھی قبض کی تکلیف سوہان روح ہوتی ہے چہ جائیکہ حاملہ' اگر قبض کا شکار ہوئے تو فوری طور پر سدباب تلاش کریں۔ پانی کا بہت خوب استعمال صحت کے لیے سونا ہے۔ سادے پانی کے علاوہ تازہ پھلوں کے جوس، لسی اور دودھ کا خوب استعمال کریں۔ چوکر والی غذاؤں کا انتخاب کریں۔ ہری سبزیوں کو مینیو میں شامل کرلیں قبض سے بچنے کے لیے چھلکا اسپغول کا روزانہ استعمال بے حد ضروری ہے۔ ایک چمچہ چھلکا اسپغول کو پانی کے ایک گلاس میں مکس کرکے دن میں دو مرتبہ پینے کی عادت ڈالیں اگر قبض شدید صورت اختیار کرجائے تو فوراً اپنی ڈاکٹر کو مطلع کریں۔

ڈیپریشن سے بچیں

دوران حمل ڈیپریشن یا کسی بھی قسم کی ٹینشن حاملہ کے قریب بھی نہ پھٹکے۔ خود کو ہر قسم کے ذہنی دباؤ سے آزاد رکھیں۔ مشکل وقت کا ڈٹ کر مردانہ وار مقابلہ کریں۔ زندگی میں درپیش مسائل کا حل ڈھونڈنے کی کوشش کریں۔ اپنا حوصلہ بلند رکھیں۔ اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کریں۔ وہی مشکل کشا ہے۔ نماز کی پابندی لازم کریں' قرآن پاک کی تلاوت روزانہ کریں اگر صبح کے وقت کریں تو بہت بہتر ہے۔ ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کریں۔ ان شاء اللہ بچہ بے شمار بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ ماں اگر ذہنی پریشانی کا شکار ہوگی تو اس کا اثر بچہ کی ذات پر ضرور مرتب ہوگا لہٰذا احتیاط برتیں۔ بچہ کی عمدہ صحت اور بہترین ذہنی و جسمانی نشوونما کے لیے خود کو ہر قسم کے ذہنی و جسمانی دباؤ سے آزاد رکھنے کی کوشش کریں۔

آنکھ شفاء
موسمی و بائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے
آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے تنکے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجیے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

میرا تجربہ! خدا کے گھر حاضری آپ بھی دے سکتے ہیں

نسرین غیاث، بہاولنگر

یہ واقعہ حرم پاک کا ہے۔ پچھلے سال ہم عمرہ کیلئے طواف کررہے تھے میں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ میں حجرا سود تک تو نہیں جاسکتی مجھے رکن یمانی تک ضرور جانا ہے وہ بضد تھا کہ اس رش میں اگر آپ گر گئیں تو پھر کیا ہوگا ربیع الاوّل کا مہینہ تھا اس ماہ میں بھی لوگ جوق درجوق عمرے کی سعادت کو جاتے ہیں ایک جم غفیر تھا۔ میں نے کہا کچھ نہیں ہوگا اللہ آسانی کرے گا۔ میں نے صرف تین بار سورۂ قریش پڑھی یقین جانیے' ایک شخص نے آگے بڑھ کر مجھے جگہ بنا کر دی اور کہاں ماں جی کو پہلے ہاتھ لگا لینے دو پھر میرے بیٹے نے بھی رکن یمانی کو مس کیا میری بہو پیچھے کھڑی رہی میں نے کہا حسن بیٹا اسے بھی کہو وہ بھی آگے بڑھے بچے ہمارے پاس رک جاتے ہیں وہ ڈری ہوئی تھی کہ انسانوں کے سیلاب سے کیسے گزرے گی میں نے کہا سورۂ قریش پڑھتی جاؤ اور بڑھتی جاؤ بے حد آسانی سے وہ بھی غلاف کعبہ اور رکن یمانی کو ہاتھ لگانے میں کامیاب ہوگئی یہ سب اللہ کی کرم نوازی تھی۔ اس سال ہم انتہائی معجزانہ طور پر حرم شریف گئے۔ ابھی چاشت کی نماز پڑھ رہی تھی کہ میرے بیٹے کا فون آیا کہ امی ذیشان اور اسکی امی وغیرہ کل عمرے پر جارہے ہیں' میں نے کہا ہم کب جائیں گے؟ اس نے کہا ماں جی ہم بھی پروگرام بناتے ہیں۔ شام کو اس کی کال آئی کہ امی میرے دوست نے کہا ہے کہ اس کی بہن اور بھائی نہیں جارہے حسن آپ اور آپ کی امی چلے جاؤ۔ میری تو خوشی کی انتہا نہ رہی ان کی چار ٹکٹیں تھیں اب وہ ماں بیٹا اور ہم دونوں گھر سے روانہ ہوئے ائیر پورٹ پر جب یہ ذکر ہوا کہ ہمارے نام میں اور ٹکٹوں پر درج شدہ ناموں میں اختلاف ہے اس کی وجہ سے کوئی گڑبڑ نہ ہوجائے بس میں تو ڈری سہمی سورۂ قریش کا ورد کرتی رہی جب کلیئر ہوکر جہاز میں بیٹھے تو اطمینان ہوا ایسے ہی واپسی پر خوف طاری تھا لیکن وہ صرف کمپیوٹر پر ٹکٹ کا نمبر دیکھتے باقی کسی بات کا سوال ہی نہ ہوا ہم بخیر و عافیت عمرے کی سعادت سے واپس آئے۔

شوگر' بلڈ پریشر' فالج اور بواسیر سے نجات سورۂ قریش میں ہے!

خوف وہراس اور پریشانی سے نجات

سن رکھا تھا کہ سورۂ قریش سفر کی حالت میں خوف وہراس اور پریشانی سے نجات کا ذریعہ ہے ایسا مجرب نسخہ کیمیاء اور رہنمائی اپنی مثال آپ ہے' معجزاتی اور حیرت انگیز طور پر زیادہ تر واقعات حرمین شریفین کی حاضری میں ہی رونما پذیر ہوئے' اکثر وبیشتر مقامات پر اس کا سہارا لیتی ہوں لیکن یہ واقعات ذہن سے محو نہیں ہوتے' وہاں کے واقعات قلمبند کرتے وقت محسوس ہوتا ہے کہ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آنے لگے ہیں اور وہیں پر موجودگی کا احساس ہونے لگتا ہے۔ پچھلے سال ہم طواف کعبہ سے جب فارغ ہوئے تو میں نے مقام ابراہیم پر نوافل پڑھنے کا ارادہ کیا' رش کی وجہ سے میرا بیٹا میرے وہاں جانے پر آمادہ نہ تھا میں نے کہا بیٹا ایک بار کوشش کرنے دو۔ ورنہ فاصلے پر ہی نوافل ادا کرلیں گے۔ ساتھ ہی میں نے سورۂ قریش پڑھنا شروع کی یقین جانیں یوں لگا کہ میں کیا کئی اور لوگ بھی اس جگہ بہ آسانی نفل پڑھ سکتے ہیں ایسی وسعت دیکھ کر میں نے اپنے بیٹے سے کہا تم بھی اِدھر ہی نفل پڑھو دیکھو کتنی جگہ ہے ایسے ہی گھبرا گئے تھے پھر بڑی تسلی اور اطمینان نوافل ادا کئے اور دعا مانگی اور رب العزت کا شکر ادا کیا۔ میرا تجربہ ہے کہ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں اس کے گھر کی حاضری کی دعا کرتے رہو عمر گزرتی بھی جائے زندگی تو باقی ہے کب اور کیسے مراد بر آئے وہی ذات مطلق جانتی ہے جو دلوں کے بھید جانتا ہے سورۂ قریش کے مطلق یہ بھی سنا ہے کہ بہت سی بیماریوں کی شفا اسی کے ورد میں پوشیدہ ہے۔ شوگر، بلڈ پریشر، فالج اور بواسیر سے نجات کیلئے بعد نماز عشاء 111 مرتبہ پڑھنا اکسیر ہے بلکہ کتاب ''الشفاء'' میں تو گردوں کا علاج بھی درج ہے پھر اس رحیم ذات کا وعدہ بھی ہے کہ ''یُجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ'' ''بھلا وہ کون ہے کہ جب بے قرار سے پکارے تو دعا کو قبول کرتا ہے اور مصیبت کو دور کرتا ہے۔'' (سورۂ النمل، آیت:62)

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 142

پیغمبرؐ اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

بخاری ومسلم میں حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ میری ماں میرے پاس ایسے حال میں آئیں کہ وہ مشرکہ تھیں معاہدہ قریش کے زمانہ میں (یعنی صلح حدیبیہ والے معاہدے کے زمانہ میں) میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میری ماں میرے پاس آئی ہے اور وہ مجھ سے کچھ امیدوار ہے تو کیا میں اس کے ساتھ حسن سلوک کروں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہاں اس کے ساتھ بھی حسن سلوک کرو۔ اس مبارک واقعہ سے ثابت ہوا کہ بعض حقوق محض مشارکت نوعی کی وجہ سے ثابت ہوجاتے ہیں نیز صرف انسان ہونے کی وجہ سے ان کی رعایت واجب ہوتی ہے گو وہ مسلمان نہ ہوں مثلاً مشرکہ ماں کے ساتھ بھی حسن سلوک کرو۔ والدین کی فرمانبرداری تمام ان چیزوں میں جو شرعاً حرام نہ ہوں اہتمام کیساتھ کرتے رہنا چاہیے۔

''پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور ''غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں'' ''امن اور عبقری'' انسانیت اور رواداری'' کتب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

ایک چٹکی خشخاش سے ریشہ' نزلہ زکام ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے چار سال ہوگئے ہیں' مجھے اس میں سے بہت کام کی باتیں ملتی ہیں' بہت لاجواب وظائف اور آزمودہ نسخہ جات سے زندگی میں آسانیاں بھر گئی ہیں۔ میں نے کئی ٹوٹکے اور نسخہ جات آزمائے بہت فائدہ پایا۔ میرے پاس بھی ایک انتہائی کامیاب اور آزمودہ نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ جس کسی کو ریشہ' نزلہ' زکام ہو وہ چائے بناتے وقت ایک چٹکی خشخاش کی ڈال دے' یعنی دودھ' چینی' پتی' پانی ڈال کر چائے بنائیں اور ایک چٹکی خشخاش ڈال کر ابالیں۔ چھان کر پی لیں' نزلہ' زکام ختم ہوجائے گا۔ جب میرے بچے چھوٹے تھے میں تب سے کررہی ہوں' کامیاب عمل ہے۔ (ش' راولپنڈی)

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے' جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ وجگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ' اسٹریس' ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔
قیمت:-/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کامیاب انسان آپ کے اندر چھپا ہے! چلیں ڈھونڈنے کا گر بتائیں

سلمان شیخ، لاہور

شخصیت کوئی جامد شے نہیں: دوسروں سے بات کرنا، ملنا جلنا، تعلقات، خوشی اور غم کے موقع پر ہمارا ردعمل، غصے اور خوف کی کیفیت میں ہمارا رویہ یہ سب مل کر ہماری شخصیت کی تعمیر کرتے ہیں۔ ایک بات بڑی اہم ہے کہ شخصیت کوئی ساکت وجامد چیز کا نام نہیں ہے۔ شخصیت بچپن، لڑکپن، نوجوانی، جوانی اور بڑھاپے کے ادوار میں کبھی یکساں نہیں رہتی اور نہ ہی ایک پروقار اور پرکشش شخصیت کو رہنا چاہیے۔ ایک بچہ اگر کسی بالغ شخص جیسی باتیں کرنے لگے اور وہی حلیہ اختیار کرلے تو سب کو عجیب لگے گا۔ ایک بزرگ کھلنڈرے لڑکوں کی طرح حرکات کرنے لگے تو یہ بھی قابل قبول نہیں ہوگا۔ دراصل شخصیت ہر عمر میں بنتی اور بگڑتی رہتی ہے۔ اس میں تبدیلیاں آتی ہیں۔ یہ بہت سی باتوں سے متاثر ہوتی ہے لیکن اہم بات یہ ہے کہ ہماری شخصیت کی تعمیر صحت مند خطوط پر پروان چڑھے۔ ہر عمر کے رویے معاشرتی اعتبار سے قابل قبول اور قابل ستائش ہوں اور ایسا یقیناً اسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ ہم شخصیت کے معاملے میں چوکنا رہیں، ہمیں اپنے اندر ہونے والی تبدیلیوں یا ممکنہ طور پر لائی جانے والی نئی تبدیلیوں کے بارے میں شعور ہو۔ ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہم کیسے ہیں؟ ہمیں اپنی شخصیت کا تجزیہ کرنا آنا چاہیے۔ ہمیں یہ بھی پتہ ہونا چاہیے کہ ہماری شخصیت میں کیا نقائص ہیں؟ اور کہاں جھول ہے؟ اور اس سے بھی اہم بات کہ ان نقائص یا کمزوریوں کو دور کیسے کیا جاسکتا ہے اور زندگی کو زیادہ کامیاب اور معاشرے میں اپنے آپ کو ہر دلعزیز کیسے بنایا جاسکتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک عام شکل وصورت کا شخص صاف ستھرے لباس اور اچھے رویے سے جاذب نظر بن سکتا ہے لیکن بظاہر ایک خوبصورت آدمی گندے اور میلے کچیلے لباس اور لوگوں سے بدسلوکی کا مظاہرہ کرکے ناپسندیدہ شخص قرار دیا جاسکتا ہے۔

انفرادی شخصی خصوصیات: ماہرین کا کہنا ہے کہ ہر فرد انفرادی خصوصیات کا مالک ہوتا ہے، وہ نہ صرف جسمانی طور پر دوسروں سے مختلف ہوتا ہے بلکہ شخصی اعتبار سے بھی اس میں کئی باتیں دوسروں سے مختلف ہوتی ہیں۔ اس کے محسوسات، مختلف معاملات میں اس کا ردعمل، خیالات اور برتاؤ مختلف ہوتا ہے۔ ایک بات جو قابل غور ہے وہ یہ کہ آپ کو اپنے طور پر یہ بات جان لینا چاہیے کہ آپ کس قوم اور قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں، آپ کا مذہب کیا ہے؟ آپ کا ملک کون سا ہے؟ آپ منفرد اور اہم ہیں۔ آپ نہ صرف اپنے لیے اہم ہیں بلکہ آپ دوسروں پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں لہٰذا یہ بہت اہم ہے کہ آپ کو اپنے بارے میں علم ہونا چاہیے کہ آپ کیسی شخصیت کے مالک ہیں۔ شخصیت کیا ہے؟ شخصیت سے متعلق ایک مغربی ماہر ڈاکٹر کارل میسرز کا کہنا ہے کہ ''وہ تمام باتیں جو ایک فرد میں ہیں اور وہ تمام باتیں جن کے حصول کے لیے وہ کوشش کرتا ہے وہ شخصیت کہلاتی ہیں۔ ڈاکٹر کارل یہ بھی کہتا ہے کہ اس ضمن میں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ شخصیت کی تعمیر کے لیے کوئی شارٹ کٹ نہیں ہے۔ کیونکہ شخصیت کسی ایک چیز کا نام نہیں ہے، آپ کی کوئی ایک عادت آپ کی شخصیت نہیں بنا سکتی۔ اس کے علاوہ شخصیت کی تعمیر کے لیے ظاہری حیثیت کے ساتھ باطنی حیثیت بھی انتہائی اہم ہوتی ہے۔ بعض لوگ ظاہری شخصیت کو بہتر بنانے پر زور دیتے ہیں لیکن صرف نظر آنے والی حسین شخصیت اس شخصیت کا نعم البدل کبھی نہیں بن سکتی جو فرد کی باطنی خوبصورتی کی بنا پر پروان چڑھتی ہے۔ شخصیت دراصل آپ کے جسم اور اس کے افعال، آپ کی ذہنی کیفیات، آپ کے جذبات، آپ کی عادات، ظاہری شکل وصورت، اور آپ کی ظاہری اور باطنی قابلیتوں پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ شخصیت آپ کے تمام تجربات کا حاصل ہوتی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ شخصیت کوئی ٹھہری ہوئی کیفیت کا نام نہیں ہے اگر کوئی اس بات کا خواہش مند ہے کہ وہ اپنی شخصیت میں تبدیلی لے آئے، اس میں بہتری پیدا کرلے تو یہ ممکن ہے۔ تاہم یہ بات ذہن میں رہنی چاہیے کہ یہ تبدیلی بہت بتدریج اور آہستہ روی سے ہوگی اور اسے بہتر بنانے کے لیے مستقل محنت اور توجہ کی ضرورت پڑے گی۔

مزاج کا دارومدار آپ کی وراثت پر بھی ہے!

اپنی شخصیت میں تبدیلی لانے کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے آپ اس بات کا تعین کریں کہ آپ کس قسم کی شخصیت بننا پسند کریں گے۔ جب ایک بار اس کا تعین ہو جائے تو پھر مستقل آپ کو اس جانب قدم آگے بڑھاتے رہنا ہوگا۔ ابتدا اس طرح کریں کہ جو آپ کی موجودہ شخصیت ہے آپ اس کے بارے میں اچھی طرح جاننے لگیں اور پھر ان عوامل کو سمجھنے کی کوشش کریں جن کی بنیاد پر آپ کی شخصیت میں بہتری آئی ہے اور یہ ایسا سفر ہے جس پر آپ کو چلتے رہنا ہے۔ آیئے! اب ہم ان اہم عوامل پر بحث کرتے ہیں جو ہماری شخصیت کی تعمیر میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

موروثی خصوصیات: ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ کسی شخصیت کی تعمیر میں اس کے موروثی اثرات بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اپنی موروثی صلاحیتوں، خوبیوں اور خامیوں کو ماہرین ''خام مال'' سے تعبیر کرتے ہیں۔ یہی وہ میٹریل ہے جس سے آپ کی شخصیت تعمیر ہوتی ہے، ویسے تو بہت ساری خصوصیات کا تعلق وراثت سے ہوسکتا ہے تاہم چند نمایاں خصوصیات میں جسمانی ساخت، عقل ودانش اور مزاج وغیرہ کا شمار ہوتا ہے۔ جسمانی ساخت جسم کی بناوٹ، اس کا ڈھانچہ، خون کی قسم، آپ کی جنس، آنکھوں اور جلد کا رنگ، بالوں کی ساخت، رنگت اور چہرہ مہرہ سب چیزیں وراثت سے ملتی ہیں۔ اس کے علاوہ نشوونما پانے کا انفرادی نمونہ یعنی زندگی کے مختلف ادوار میں جسمانی نمو کی شرح سب کا تعلق وراثت سے ہوتا ہے۔ وراثت کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ آپ کی ذہنی قوتوں کے لیے لامحدود دائرہ کار فراہم کرتی ہے جس کے اندر رہ کر آپ ترقی کی منزلیں طے کرسکتے ہیں۔ اس کے باوجود یہ بات کوئی قطعی طور پر نہیں جانتا کہ عطا کی ہوئی ذہنی صلاحیتوں کو پوری طرح استعمال میں لایا یا بڑھایا بھی جاسکے گا یا نہیں۔ شاید ہی کوئی شخص اپنی دماغی صلاحیتوں کو اس انتہا تک عبور کرسکتا ہو جو قدرت نے انسان کو دی ہیں لیکن اس کے باوجود توجہ اور کوشش سے بہت بڑے بڑے کام کرلئے جاتے ہیں۔ ایک ایسا شخص جو بادشاہ تو نہیں ہوتا، نہ اس نے بادشاہ کو دیکھا ہوتا ہے، اس کے باوجود ایک اداکار اپنی کوشش سے دنیا کے سامنے بادشاہ کا روپ دھار لیتا ہے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ اس بات کو ذہن میں رکھنا چاہیے کہ ہم سب میں ایک ہی طرح کی صلاحیتیں نہیں ہوتیں۔ اسی طرح یہ بھی ضروری نہیں ہوتا کہ ہماری شخصیت کا ہر پہلو کمزور ہو، ہم کئی معاملات میں دوسروں سے آگے ہوتے ہیں۔ اگر آپ اپنی شخصیت کا گہرائی سے جائزہ لیں گے تو آپ پر انکشاف ہوگا کہ آپ میں جو خصوصیات ہیں ان کا شاید اب تک آپ کو ادراک ہی نہیں ہوا تھا۔ (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے دا لو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سر جن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

فروری! ڈبل روٹی' بسکٹ اور مٹھائیاں کم سے کم استعمال کریں!

شہریار شفیق' اسلام آباد

اس ماہ کا مخصوص مرض جوڑوں کا درد ہے

فروری میں نزلہ' زکام' دمہ اور نمونیا وغیرہ مختلف امراض ہوتے ہیں مگر اس ماہ کا مخصوص مرض جوڑوں کا درد ہے۔

جب تک اس مرض کے حقیقی سبب کو دور نہ کیا جائے مریض کو فائدہ نہیں ہوگا۔ جوڑوں کا درد گھٹنے' ٹخنے' کندھے' کہنی' کلائی اور انگلیوں میں ہوتا ہے۔ اس درد کے مختلف اسباب ہیں۔ بالعموم تو بدن میں تیزابی مادہ کے زیادہ ہونے سے ہوتا ہے۔ تیزابی مادہ خون میں شامل ہوکر بدن کے مختلف جوڑوں میں درد کا باعث ہے۔ مرض کے اصلی سبب کو معلوم کرکے اس کے مطابق علاج کرنا چاہیے۔

تیزابی مادے کی وجہ ہو تو حسب ذیل نسخہ بڑا مفید ہے۔ صبح و شام گاؤدنتی دورتی' معجون سورنجان چھ ماشے کھائیں بعد از غذا عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' استعمال کریں۔ تر پھلہ چھ ماشے رات پانی میں بھگو کر علی الصبح پانی چھان کر پلائیں۔ جوڑوں کے درد میں حب گوگل بھی مفید ہے۔ گوگل ایک تولہ چاندی کے ورق دو ماشے چنے کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی خوراک ہے۔ خون کی خرابی سے شکایت ہو تو عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' گولیاں فائدہ مند ہے۔

فروری میں کیا کھائیں کیا نہ کھائیں؟

چھوٹے گوشت کا شوربا' چنے کا شوربا' مونگ کی دال کا شوربا' مونگ کی دال' دلیہ' گاجر' مولی' شلغم' کدو' سیب' دودھ اور کھارا سوڈا وغیرہ دیں۔ ڈبل روٹی' مٹھائیاں اور بسکٹ کم سے کم استعمال کریں فروری کا موسم چونکہ انتہائی خشک سرد ہوتا ہے اس لیے اکثر لوگوں کو گنٹھیا یعنی جوڑوں کا درد لاحق ہوجاتا ہے ایسے افراد جو اس موذی مرض میں گرفتار ہوں انہیں مندرجہ ذیل ایک اور لاجواب نسخہ استعمال کرنا چاہیے جو نہ صرف جوڑوں کے درد بلکہ قبض' موٹاپا' دردسر' اعصابی درد اور ہاتھ پاؤں پھٹنا کیلئے بھی مفید ہے۔ نسخہ: زنجبیل 2 تولہ' نوشادر ایک تولہ' فلفل سیاہ آدھ تولہ اور گودہ گھیکوار حسب ضرورت۔ پہلی تین ادویہ کا سفوف بنا کر گودہ گھیکوار میں ملا کر گولیاں بقدر حب نخود بنالیں اور ایک تا دو گولی ہمراہ نیم گرم پانی' صبح' دوپہر' شام بعد از غذا استعمال کریں اگر اجابت کھل کر ہوجائے تو ٹھیک ورنہ دوا کی مقدار دگنی کردیں۔

بوڑھے افراد کیلئے تین گھریلو نسخے

بوڑھے افراد کیلئے دو تین گھریلو نسخے پیش خدمت ہیں ان پر عمل پیرا ہوکر وہ سردی کے اثرات سے بہت حد تک بچ سکتے ہیں۔ رات کے کھانے کے بعد آدھا کپ بغیر چینی کا قہوہ بنوائیں اور اس میں ایک چمچہ شہد کا ملا کر پی لیا کریں۔ عصر و مغرب کے درمیان یہ معمول بنالیں کہ ایک کپ گرم پانی میں دو چمچہ شہد ملا کر پینا ہے۔ انشاء اللہ اس پر عمل کرکے ان کا موسم سرما بہت بہتر گزر سکے گا۔ روزانہ صبح نو سے دس بجے کے درمیان دھوپ میں بیٹھنے کی عادت ڈالیں۔ سورج کی گرم شعاعیں جو فائدہ پہنچائیں گی وہ کمبل یا لحاف کی گرمائی نہیں پہنچا سکتی۔ اگر خدانخواستہ رات کو کھانسی کی شدت کی وجہ سے سانس میں دشواری ہو تو کسی برتن میں گرم پانی لے کر دونوں ہاتھوں کو ڈبوئے رکھیں۔ انشاء اللہ بہتری ہوگی۔ ٹھنڈی تاثیر والے پھل انگور' انار' کیلا' امرود' کینو ان کیلئے نقصان کا باعث ہوں گے۔ قطعی استعمال نہ کریں۔ اسی طرح چاول یا دہی کا استعمال بھی نقصان دہ ہوگا۔ دو تین دہائی قبل تک بڑے بزرگ گڑ کا استعمال کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے اس قسم کی صورتحال سے واسطہ نہیں پڑتا تھا ممکن ہے کہ چھوٹے شہروں یا گاؤں میں اب بھی استعمال ہوتا ہو۔ حالانکہ اس کے استعمال کرنے سے سینہ صاف ہوجاتا ہے۔

جاڑوں میں صحت قابل رشک کیوں ہوجاتی ہے؟

جاڑے ہمیں کیوں ستاتے ہیں؟

موسم قدرت کی ایک بہت بڑی نعمت ہیں۔ یہ زمین کے وسائل کی تجدید کرتے ہیں' سخت گرمیاں باران رحمت کا سبب بنتی ہیں' زمین تجدید شباب کی منزل سے گزرتی اور نئی توانائیوں سے سرشار ہوکر کروٹ لیتی ہے۔ اس کی گود سے اناج' دالیں' سبزیاں' ترکاریاں' پھل اور بے شمار نعمتیں پیدا ہوتی ہیں۔ جاڑوں میں زمین کی توانائیاں اپنے جوبن پر ہوتی ہیں' مغذی اناج' حیات بخش سبزیاں اور میوے فراہم ہوتے ہیں۔ تازہ اور بکثرت چارے پر پلے ہوئے فربہ جانوروں کا گوشت دستیاب ہوتا ہے' گائے' بھینس' بکری غرض کہ ہر جانور خوب صحت مند اور توانا ہوتا ہے۔ دودھ' دہی' مکھن اور گھی کی کثرت ہوتی ہے۔ اگر موسم ان سب کیلئے حیات بخش ہیں تو پھر انسان کیلئے کیوں مفید نہیں ہوسکتے؟ گرمیوں کو دیکھ کر ہم بدحواس کیوں ہوتے ہیں؟ بارشیں ہمارا ناطقہ کیوں تنگ کرتی ہیں' جاڑے ہمیں کیوں ستاتے ہیں؟

ہم نے خود کو فطرت سے بے تعلق کردیا

اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ہم خود کو فطرت سے بے تعلق کررہے ہیں' اشرف المخلوقات کا مطلب ہم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم روئے زمین کی ایسی مخلوق ہیں جسے ہر موسم ستانے' ڈرانے کیلئے آتا ہے۔ ہمارا یہ نقطہ نظر غلط ہے کوہ و صحراء زمین و سمندر پر حکمرانی کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہم جسمانی اعتبار سے مکمل طور پر صحت مند و توانا ہوں۔ موسم کی تبدیلیوں کے ساتھ اپنی غذا اور رہن سہن میں بھی تبدیلی لائیں اور موسم اور موسم کی فراہم کردہ نعمتوں سے لطف اندوز ہوں۔ جاڑوں کا موسم توانائیوں کی تجدید کا موسم ہوتا ہے۔ یہ موسم ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے جسم کو حرکت دیں' ورزش کریں اور خون کی گردش کو تیز کرکے حرارت میں اضافہ کریں۔

سردیاں آپ کو ستائیں گی نہیں بلکہ لطف اندوز ہوں

لحاف آپ کے جسم میں گرمی نہیں پیدا کرتا صرف جسم کی گرمی کی حفاظت کرتا ہے' ہر وقت اسے اوڑھ کر یہ نہ سمجھیے کہ اس سے آپ کی صحت بہتر ہوگی' اس موسم میں اپنے لیے غذا' ورزش اور حفظ صحت کا ایک پروگرام مرتب کیجئے اور پھر اس پر باقاعدگی سے عمل شروع کردیجئے۔ آپ کی صحت قابل رشک ہوجائے گی اور آپ خود کو توانا محسوس کریں گے۔ سردیاں آپ کو ستائیں گی نہیں بلکہ آپ ان سے لطف اندوز ہوں گے۔

(بقیہ: ٹوٹکے استعمال کرنے والوں کا مذاق اڑاتی مگر)

میرے ہمسائے کرایہ دار تھے آج سے بارہ تیرہ سال پہلے کی بات ہے انکی دو بچیاں تھیں ایک دن وہ بھاگتی ہوئی میرے پاس آئیں کہ آنٹی آنٹی ہماری مما بے ہوش ہوگئیں ہیں چل کر دیکھیں۔ میں گئی تو میری ہمسائی نیم بے ہوش نڈھال پڑی تھی میں نے پوچھا تو بتانے لگی کہ چیچیں آرہے ہیں آخری بار واش روم گئی تو وہیں گر گئی بچیوں نے اٹھا کر باہر نکالا میں نے آدھے کپ ابلے ٹھنڈے دودھ میں آدھا لیموں نچوڑ کر فوراً پھٹنے سے پہلے پلا دیا صرف ایک بار پلانے سے دوبارہ چیچیں نہیں ہوئی اور وہ تندرست ہوگئی۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے' کیل مہاسے' جھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

جمادی الآخر کا خاص عمل! تعویذ دھاگہ نحوست جادو ختم

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو غیر شرعی اعمال کے بجائے تسبیح اور مصلے کے ساتھ نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

پہلی شب ہی جائز حاجات پوری ہوں گی

اسلامی سال کے چھٹے مہینہ کا نام جمادی الاخریٰ ہے۔ جمادی الثانی کی 22 تاریخ 13ھ کو سہ شنبہ کے دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے۔ اس ماہ کی بائیس تاریخ 13 ہجری کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا۔ یہ بہت بابرکت مہینہ ہے۔ اس مہینہ میں وظائف ونوافل پڑھنے کا بیان اس طرح سے ہے۔

جائز حاجات پوری ہونگی: پہلی شب: اس ماہ کی پہلی شب نماز مغرب کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، ایک مرتبہ معوذتین پڑھے اور سجدے میں جاکر تیس مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ پڑھ کر نہایت توجہ ویکسوئی سے بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی جائز حاجت ہوگی وہ پوری ہوگی۔ اس کے علاوہ پہلی رات کو نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اور جو جتنا بھی قرآن پاک پڑھ سکتا ہو، پڑھے۔ نماز وغیرہ سے فارغ ہوکر بکثرت استغفار اور درود پاک پڑھے۔

ہر حاجت اور ہر طلب کیلئے

کسی قسم کی مالی پریشانی ہو یا گھریلو پریشانی ہو یا کوئی رکاوٹ ہو تو درج ذیل وظیفہ کا کثرت سے ورد کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی ہر جائز حاجت کو پورا فرمائیں گے۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْمُ

مصیبت کو ٹالنے کیلئے: درج ذیل آیت کو اٹھتے بیٹھتے نہایت توجہ اور یقین کیساتھ پڑھیں اللہ تعالیٰ آپ کی تمام مصیبتوں کو ٹال دینگے۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ط ○ (پارہ 30 سورۂ الم نشرح، آیت نمبر 6,5)

گھر، کاروبار میں خیر و برکت کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ 786 بار پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک ماریں، پانی پر بھی تین بار پھونک ماریں جس گھر میں رہتے ہیں اس کی خیر و برکت کیلئے تین پھونکیں ماریں اور کاروبار کیلئے دکان یا کارخانہ یا ملازمت والی جگہ کی طرف تین پھونکیں ماریں۔ دم کیے ہوئے پانی سے تھوڑا پانی لیں گھر کی چھت پر چاروں کونوں میں پانی ڈالیں آسمانی بلائیں دور ہوجائیں گی۔ گھر کی دیواروں پر دم کیا ہوا پانی چھڑکیں گھر کے اندر تعویذ دھاگہ نحوست کالا جادو ختم ہوجائے گا۔ انشاء اللہ باقی پانی پینے کیلئے ہے اس سے جسمانی شفاء اور روحانی علاج ہوجائے گا۔ یہ عمل انتہائی یقین کے ساتھ چند ماہ مستقل کریں، تمام مسائل حل ہوجائیں گے۔

تقرب الٰہی پانے کیلئے خاص عمل

نوافل: جمادی الثانی کی پہلی شب کو عبادت کے ضمن میں بزرگان دین نے یہ بھی بتایا ہے کہ بارہ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے ادا کرے، اس کے علاوہ نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں تیرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ قرب الٰہی نصیب ہوگا۔

مفلسی اور تنگدستی سے نجات کیلئے

دسویں شب: اس ماہ کی دسویں شب کو بارہ رکعت نفل نماز اس طرح سے دو دو رکعت کرکے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قریش پڑھے اور نماز سے فراغت کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یوسف تلاوت کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مفلسی اور تنگدستی دور ہوجائے گی۔ سارا سال آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا تنگی وعسرت نہ آئے گی۔

ثواب عظیم کیلئے

اکیسویں شب: جمادی الثانی کی اکیسویں رات سے اس ماہ کی آخری شب تک روزانہ بلاناغہ نماز عشاء کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت ثواب حاصل ہوگا۔

معزز و محترم ہونے کیلئے

انتیسویں شب: اس ماہ کی انتیسویں شب کو نماز مغرب کے بعد چار رکعت نفل نماز پڑھے اور سلام کے بعد بکثرت یَا عَزِیْزُ یَا رَحِیْمُ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چشم خلائق میں معزز و محترم ہوجائے گا۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 9 فروری بروز اتوار صبح 11 بجے سے لیکر 12 بج کر 17 منٹ تک۔ 21 فروری بروز جمعہ رات 8 بجے سے لیکر 9 بجکر 21 منٹ تک۔ 29 فروری بروز ہفتہ عصر تا مغرب اَللّٰھُمَّ کٓھٰیٰعٓصٓ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

بواسیر خواہ کسی قسم کی ہو فوراً ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رسالہ عبقری سے بہت کچھ حاصل ہوا بندہ کے پاس ایک آزمایا ہوا ٹوٹکہ ہے جو کہ آپ کی خدمت میں ارسال کررہا ہوں، بواسیر خواہ کسی قسم کی ہو، ان شاء اللہ فوراً ختم ہوجائے گی۔ نماز ظہر کی چار رکعات سنت میں چاروں قل پڑھنے سے بواسیر ختم ہوجاتی ہے۔ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون، دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص، تیسری رکعت میں سورۂ فلق، چوتھی رکعت میں سورۂ ناس پڑھنی ہے۔ اس عمل سے میری بواسیر ختم ہوگئی۔ (سردار محمد ڈوگر، شیخوپورہ)

اصلاح معدہ وجگر پیکیج
اپنڈی سائٹس میں مفید
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری 164 پتھری کیلئے: سنگدانہ دیسی مرغ، جوکھار ہم وزن باریک پیس کر چھوٹی گولیاں بنائیں، صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ شربت بزوری یا لسی یا تازہ پانی سے لیں۔

خواجہ سید بہاؤالدین نقشبندیؒ کے روحانی وظائف

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے نیک صالح، لمبی عافیت والی عمر والا خوبصورت بیٹا نصیب ہو تو اسے چاہیے کہ بیوی سے جماع کرنے سے پہلے 10 مرتبہ اسم اَلْمُتَکَبِّرُ کو پڑھے اللہ کے فضل وکرم سے فرزند شائستہ ونیک حاصل ہوگا۔

دودھ کی کمی ختم کرنے کے لئے

بعض خواتین کو بچے کی پیدائش کے بعد دودھ کم آنے یا بالکل نہ آنے کی شکایت ہوتی ہے جس کی وجہ سے بچے کی صحت پر برا اثر پڑتا ہے۔ طرح طرح کی ادویات اور ٹوٹکہ جات کے بعد بھی خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ ایسی ماؤں کیلئے ضروری ہے کہ اس سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو کسی نمازی خاتون یا مرد سے باوضو لکھوا کر یا فوٹو اسٹیٹ کروا کر تعویذ بنا کر ماں کے گلے میں ڈال دیں۔ اللہ کے کرم سے بچے کیلئے وافر دودھ میسر ہوگا۔

حالت نزع میں آسانی کے لئے

اگر کسی شخص کی روح اٹک گئی ہو ایسا شخص جو نہ زندوں میں شمار ہو اور نہ ہی مُردوں میں، یا قومہ میں گئے کئی دن یا مہینے بیت گئے ہوں، صرف سانسیں ہی چل رہی ہوں، تمام لوگ اس کی وجہ سے سخت پریشان ہوں تو سورۂ دخان کو 50 مرتبہ چند احباب مل کر پڑھیں اور پانی پر دم کر کے چند چھینٹے مریض کے چہرے پر اور ہونٹوں پر لگا دیں، ان شاء اللہ کچھ ہی دیر میں عافیت کا معاملہ ہو جائے گا۔

شدید سر درد سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کے سر میں شدید درد ہو تو اس کی پیشانی پر 7 مرتبہ ''یا جبار'' شہادت کی انگلی سے لکھیں اس کے بعد پیشانی پکڑ کر 7 مرتبہ ''یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ'' پڑھ کر دم کریں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر قسم کا درد ختم ہو جائے گا۔

لاعلاج امراض سے شفاء کے لئے

اگر کوئی شخص علاج کے باوجود شفاء نہ پا رہا ہو، خدانخواستہ کسی جان لیوا مرض میں مبتلاء ہو، حتیٰ کہ شوگر، کینسر، ہیپاٹائٹس، دل کی بیماریاں اور معدے وجگر کے موذی امراض سے نجات کیلئے روزانہ سورۂ سجدہ 7 مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے۔ دوسرا عمل یہ ہے: باوضو سورہ سجدہ کو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے کسی چینی کی ٹرے میں لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو 11 یا 21 دن پلائیں (اگر مریض خود نہ کر سکے تو اسکی طرف سے کوئی دوسرا یہ عمل کر سکتا ہے) ان شاء اللہ کچھ ہی دنوں میں مکمل صحت یاب ہو کر دوڑتا نظر آئیگا۔

نیک لمبی عمر والے خوبصورت بیٹے کیلئے عمل

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے نیک صالح، لمبی عافیت والی عمر والا خوبصورت بیٹا نصیب ہو تو اسے چاہیے کہ بیوی سے جماع کرنے سے پہلے 10 مرتبہ اسم اَلْمُتَکَبِّرُ کو پڑھے اللہ کے فضل وکرم سے فرزند شائستہ ونیک حاصل ہوگا۔

من پسند رشتوں کیلئے

یہ عمل، عامل کامل حضرات کی زندگی کا راز ہے۔ جن بیٹے یا بیٹیوں کا رشتہ نہ ہو رہا ہو، والدین پریشان ہوں، ڈھلتی عمر کے ساتھ مایوسی بڑھتی جا رہی اور بالخصوص ایسی بیٹیاں جو رشتے نہ ہونے کی وجہ سے احساس کمتری کا شکار ہوں یا مایوس ہو چکی ہوں۔۔۔! یہ تمام لوگ اس سورۂ مریم کی تلاوت صبح و شام بلاناغہ کریں، اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ مایوسی آس میں اور ناامیدی یقین میں تبدیل ہو جائیگی۔

دودھ پلانے والی مائیں اب نہ گھبرائیں

جس ماں کا بچہ دودھ نہ پیتا ہو یا ماں کا دودھ کم ہو جائے تو اس اسم مبارک اَلْمَتِیْنُ کو چینی کی پلیٹ یا مٹی کے پیالے میں لکھ کر اور دھو کر وہ پانی پلایا جائے اور کچھ حصہ چھاتی پر لگایا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوگا اور بچہ بھی راحت و سکون پائے گا۔

مال میں برکت اور ظالم سے حفاظت کے لئے

مال میں برکت، ظالم کے شر سے حفاظت اور دشمن سے نجات کیلئے روزانہ 3 مرتبہ سورۂ تغابن کی تلاوت اول وآخر درود پاک کے ساتھ 11 یا 21 دن تک کی جائے، اس کے بعد اپنے مقصد کیلئے دعا کی جائے تو مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

ہر قسم کے ضدی جنات سے نجات کے لئے

گھر میں یا دکان میں سایہ ہو، جنات کی نظر ہو، خواب میں جنات آ کر ڈراتے ہوں، وقت بے وقت کسی کے اوپر جنات کی حاضری ہو جاتی ہو گھر میں چیخ وپکار کا سماں بن جاتا ہو، جنات بھی اڑیل قسم کے ہوں جو جانے کا نام نہ لیتے ہوں، ایسے افراد کو چاہیے کہ وہ خود یا ان کی طرف سے گھر کا کوئی مخلص فرد اس عمل کو کرے۔ عمل کا طریقہ: سورہ تغابن کو 3 مرتبہ اول وآخر درود شریف کے ساتھ 21 یا 41 روز پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک حصہ تمام گھر والے پی لیں اور دوسرا حصہ مکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دیا جائے۔

بدہضمی سے نجات کا عمل

جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو تو اس کو پڑھ کر پیٹ پر ہاتھ پھیرنے سے اور کھانے پر دم کر کے کھانے سے بدہضمی کی شکایت دُور ہو جاتی ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿یونس ۸۲﴾

یہ کلمات پلانے سے جادو ختم ہو جائے گا

اس دعا کو تین مرتبہ پڑھے اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے پلانے سے جادو اور جنات کا اثر دُور ہو جاتا ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِکَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی ﴿طٰہٰ ۶۹﴾

غشی طاری کرنے والے بخار کا علاج

اگر کوئی بیماری کی وجہ سے بار بار بے ہوش ہو جاتا ہو تو پانی کا چلو بھر کے اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے بیمار شخص کے منہ پر مارنے سے صحت ہوتی ہے، جادو جنات کا اثر دُور ہو جاتا ہے۔ ان شاء اللہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَ قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿المومنون ۹۷،۹۸﴾

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا نکھا سمندر
قوتی قوت وشباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مرد ان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

امریکن امرود کے رس کو دیوتاؤں کا مشروب، کیوں کہتے ہیں؟

منصور علی بیگ، لاہور

اچھی طرح پکے ہوئے امرود میں ہی نہیں بلکہ اس کے پیڑ کی چھال میں وٹامن سی خوب ہوتا ہے اور ایک عام اندازے کے مطابق امرود کے 100 ملی لیٹر رس میں 70 سے 170 ملی گرام تک وٹامن سی کے علاوہ وٹامن اے، وٹامن بی، گلوکوسائیڈ اور خامرے بھی ہوتے ہیں نیز گوشت بنانے والے جز پروٹین کے علاوہ معدنی نمک مثلاً فاسفورس، کیلشیم اور فولاد کی موجودگی اسے ایک عمدہ غذا ہی نہیں موثر دوا بھی ثابت کرتی ہے اور اس میں شامل مرکبات کئی بیماریوں کے خلاف مزاحمت کرتے ہیں۔ اپنی گوناگوں خصوصیات اور فوائد کے اعتبار سے امرود کی چھال اور پتوں کی بھی اہمیت ہے۔ بعض ایشیائی ممالک میں امرود کی مدد سے تیار کردہ رس میں اس کے پتوں کا رس شامل کرکے ذیابیطس کے مرض میں استعمال کیا جاتا ہے۔ میٹھے، پکے ہوئے اور خوشبودار امرود کھانے سے دل کو بڑی فرحت محسوس ہوتی ہے اور گھبراہٹ کا مرض بھی دور ہوجاتا ہے۔ یہ دل و دماغ کے علاوہ معدے کو بھی طاقت پہنچاتا ہے اور اس کے بیجوں میں پیٹ کے کیڑے صاف کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

امرود کی سب سے بڑی خاصیت تو یہ ہے کہ اس کو کھانے سے آنتوں کی سستی ختم ہوجاتی ہے اور یہ بات ہر ذی شعور جانتا ہے کہ پیٹ اور آنتیں صاف ہوں تو جگر اور معدے کے افعال بھی چست ہوجاتے ہیں اور کسی بھی قسم کی غذا بہت جلد ہضم ہوجاتی ہے۔ امرود میں کیروٹینز بھی خوب ہوتے ہیں جو آنکھوں کے امراض میں فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں کیونکہ ان میں آنکھ کے ان خلیوں کو توانائی بخشنے کی صلاحیت ہوتی ہے جو بینائی یا دیکھنے کیلئے ضروری ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ اتنی مقدار میں کیروٹینز کسی اور غذا میں دستیاب نہیں ہیں۔ اس ذائقہ دار پھل میں ریشہ یعنی فائبر بھی خاصی مقدار میں ہوتا ہے جو خون کے بہت سے زہریلے مادوں خاص طور پر کولیسٹرول کو سمیٹ کر خارج کردیتا ہے اور اس طرح رگیں کھلی اور صاف رہتی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ امرود کو امراض قلب اور بلڈ پریشر جیسی مشکلات کے خلاف ایک مفید پھل سمجھا جاتا ہے۔ اس سے دوران خون کی سستی بھی ختم ہوجاتی ہے اور وٹامن سی سے لبریز ہونے کی وجہ سے جسم میں وہ طاقت اور مضبوطی پیدا ہوتی ہے جو امراض قلب کا مقابلہ کرتی ہے۔ یہاں تک کہ اسی قوت مدافعت کے سہارے موسمی نزلہ وزکام بھی آپ کو آسانی سے نہیں جکڑ سکتا ہے۔ امرود خون سے خراب مادوں کو بھی صاف کردیتا ہے جس کی وجہ سے جنوبی امریکہ کے قدیم باشندے اس کے رس کو ''دیوتاؤں کا مشروب'' بھی کہتے ہیں۔ پھل کے مقابلے میں رس جلد ہاضم ہوتا ہے جسے جگر کی سستی اور جلدی امراض کیلئے بھی مفید سمجھا جاتا ہے اور گردوں کے افعال میں بھی تیزی پیدا ہوتی ہے۔

امرود کے پتوں کی چائے ذیابیطس اور بلڈ پریشر کا علاج

امرود کو پکی ہوئی تازہ حالت میں خوب چبا کر کھایا جائے، کچی حالت میں اس کا اپنا الگ مزہ ہے لیکن اس سے پیٹ کا درد ہوسکتا ہے۔ اگر مسوڑھے پھول گئے ہوں تو امرود کے درخت کی چھال کو پانی میں ابال کر کلیاں اور غرارے کرنے سے افاقہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ایک دو مٹھی امرود کے پتے کترے کے پانی میں پانچ منٹ ابالیں اور ٹھنڈا کرنے کے بعد اس پانی سے جلد کو دھوئیں تو کھجلی، پھوڑے پھنسی، خارش، کیلوں، چنبل، زخم وخراش میں آرام آسکتا ہے۔

امرود کے پتوں کی چائے ذیابیطس اور بلڈ پریشر کم کرنے میں معاون ہوسکتی ہے جس کیلئے درخت سے پتے اس وقت توڑے جائیں جب اس پر پھل پک رہا ہو۔ ان پتوں کو 45 ڈگری درجہ حرارت پر خشک کرکے ان کا چورا بنالیں او کھولتے ہوئے پانی میں دم دے کر چائے تیار کرلیں۔ اس چائے کو ٹھنڈی حالت میں استعمال کرنے سے اسہال کی تکلیف بھی ختم ہوسکتی ہے۔ امرود کی تازہ پتیاں چبانے سے دانت کا درد بھی دور ہوجاتا ہے اور کچھ ممالک میں پتوں کو پیس کر نچوڑنے کے بعد ٹکیاں بنا کر درد کی جگہ پر رکھنے کا رواج بھی عام ہے۔ تائیوان میں ہونے والی ایک حالیہ تحقیق میں واضح ہوا ہے کہ امرود کا رس استعمال کرنے سے خون کی بڑھی ہوئی شکر میں نمایاں کمی واقع ہوجاتی (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد مسلسل **بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ** پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

نظر کی کمزوری کیلئے میرے دوست کا آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ میرے دوست کا آزمودہ ہے۔ اس نسخے کے کچھ عرصہ استعمال سے عینک اتر جاتی ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی: سونف' گری اور چاول ہم وزن لے لیں۔ ترکیب: چاولوں کو اچھی طرح دھو کر سکھا لیتے ہیں۔ جب سوکھ جائیں پھر تین چیزیں سونف' گری (ناریل) اور چاول کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ خوراک: صبح نہار منہ ایک چمچ کھانے والا' پانی کے ساتھ استعمال کریں' ان شاء اللہ اللہ کے فضل سے نظر کی عینک اتر جائے گی۔ میں یہ نسخہ خاص طور پر عبقری قارئین کے لیے لکھ رہا ہوں' میرے دوست نے صرف چند ہفتے مستقل مزاجی سے استعمال کیا۔ الحمدللہ! وہ آج مطمئن اور خوش ہے۔ قارئین! کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ (شوکت علی' ڈسکہ)

خاص الخاص عمل کے بعد
جادو شکن تیل
کالا جادو' جنات' نظر بد' سفلی عمل' بدروحوں کے بُرے اثرات' لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے' اولاد کی نافرمانی' مسلسل ناکامیاں' دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت **40** روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کالے جادو سے تڑپتے سسکتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو سے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

نوکری ختم ہوگئی! دوبارہ نہیں ملتی! وظیفہ بتادیں

محترم حضرت حکیم صاحب

السلام علیکم! میں ایک کمپنی میں سیلز مین تھا' اچھی خاصی نوکری تھی' گھر کا سسٹم بہترین چل رہا تھا۔ پھر اچانک کمپنی ختم ہوئی اور اس نے تمام ورکرز کو فارغ کردیا۔ یہ پانچ سال پرانی بات ہے۔ اب گزشتہ پانچ سال سے دربدر دھکے کھا رہا ہوں' مگر کہیں بھی نوکری نہیں ملتی' اگر کسی جگہ نوکری ملتی بھی ہے تو تنخواہ انتہائی کم بتاتے ہیں بعض ایسی کمپنیوں میں نوکری کی بھی مگر انہوں نے بھی نکال دیا۔ چوبیس گھنٹے پریشانی کی وجہ سے بازوؤں میں درد' ہڈیوں میں درد' غصہ بہت زیادہ آنا شروع ہوگیا ہے۔ (م، لاہور)

جواب: اَحَدٌ سَصْطَعْ کَلْمُوْہ صبح وشام 313 مرتبہ اول وآخر درود شریف 7 مرتبہ پڑھیں۔ وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اگر مسئلہ بہت مشکل ہو تو ہزاروں' لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ سے کئی سوا لاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ باقی وظائف اگر آپ پڑھ رہے ہیں تو پڑھیں لیکن اس پر بہت زیادہ توجہ دھیان دیں۔

تنگدستی کی شکار اور کرائے کا مکان

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! عرض یہ ہے کہ میں کرائے کے گھر میں رہتی ہوں' ساری زندگی دکھوں میں گزار دی ہے' میں چاہتی ہوں کہ میرا ذاتی گھر ہوجائے اور تنگدستی ختم ہوجائے' میرے تین بیٹے ہیں تینوں کے ذہن مختلف ہیں' میرے شوہر بھی بہت نخرے کرتے ہیں' چھوٹی چھوٹی بات پر لڑتے ہیں اور بچوں والدین اور بھائیوں نہیں بنتی ہے' لہٰذا آپ اس کا حل تجویز فرمائیں۔ اس کے علاوہ شوگر کی مریضہ' برقان بھی ہے' رسولی بھی ہے۔ ان کیلئے بھی وظیفہ بتادیں۔ (شاہین' حیدرآباد)

جواب: ثُمَّ لَا یُنْصَرُوْنَ کو گیارہ دن، اکیس دن، اکتالیس یا اکانوے دن میں سوا لاکھ مکمل کریں۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہوتا اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، سوا لاکھ جتنے زیادہ کرسکتے مکمل کریں۔ دن زیادہ ہوجائیں تو گھبرائیں نہیں عمل جاری رکھیں۔ وضو بے وضو' پاک ناپاک ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ جتنی عمل میں توجہ زیادہ ہوگی اتنا زیادہ نفع ہوگا۔ اتنی بیماریاں' بندشیں' سفلی عمل' بیماریاں اور مشکلات زیادہ جلدی ختم ہوں گی۔ درج بالا مسائل میں مبتلا تمام قارئین کو اس کے پڑھنے کی اجازت ہے۔

خدارا بتائیے جادو ٹونہ ہے یا کوئی اور مسئلہ

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ پاک آپ سب کو ہر لمحہ خوش رکھے۔ آمین! گزارش ہے کہ بہت ہی مسائل ہیں' گھڑی سازی کا کام کرتا ہوں' پٹھے اکڑ جاتے ہیں' درد کرتے ہیں' دکان پر دن بدن کام کم ہوتا جارہا ہے' کوئی جادو ٹونہ یا کوئی اور مسئلہ کوئی آسان سا حل بتادیجئے' کوئی اسم اعظم پڑھنے کیلئے دیجئے کہ رزق میں اضافہ ہو۔ (ا۔ح، ملتان)

مشورہ: مال ودولت میں برکت اور اضافے کیلئے اس درود کو ہر نماز کے بعد 11 بار پڑھیں' مال میں برکت پیدا ہوجائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

آخر یہ بربادی میرے ساتھ ہی کیوں ہے؟

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں انتہائی پریشانی کی حالت میں آپ کو خط لکھ رہا ہوں۔ پتہ نہیں میرے ساتھ ہی ایسا کیوں ہے؟ یہ بربادی مجھ پر ہی کیوں نازل ہے۔ نہ روزگار ملتا ہے نہ نوکری ہے' نہ شادی ہورہی ہے' عاملوں کے چکر کاٹ کاٹ کر تھک چکا ہوں' اب تو میں محتاجی کی طرف جانا شروع ہوگیا ہوں' زندگی برباد ہوچکی ہے' نہ آگے پڑھائی کرسکا' میٹرک تک تعلیم حاصل کی' کوئی بھی شخص میری مدد کرنے کو تیار نہیں' نہ کہیں سے پیسہ ملتا ہے کہ اپنا کاروبار شروع کرسکوں' ایسا کوئی وظیفہ بتادیں کہ میں کروڑ پتی انسان بن جاؤں۔ (کامران مصطفیٰ' رحیم یار خان)

جواب: سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار اول وآخر تین بار درود شریف اور سورۂ کے ہر "ک" پر 9 بار یَا کَرِیْم پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح وشام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں' جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کرسکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں' نو مقاصد اکٹھے بھی تصور میں رکھ سکتے ہیں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9، 9 دن کا عمل کرتے رہیں۔

دعا کریں کوئی خوشی کی خبر مل جائے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا بھائی لاپتہ ہے' ہمارا پورا گھرانہ اس کی وجہ سے برباد ہوا' والد اسی غم کو سینے سے لگائے دنیا سے رخصت ہوگئے' بہن' بھائی کی راہیں دیکھتے دیکھتے دنیا سے چلی گئی اور میں نے شادی نہ کرنے کا فیصلہ کیا اور ساری زندگی محنت اور مزدوری کرکے گزار دی' اب طبیعت ٹھیک نہیں رہتی' ایک دکھی بہن التجا کررہی ہے کہ میری مدد فرمایئے اور قارئین بھی دعا فرمائیں کہ میرا بھائی مل جائے' میں بھی اپنی زندگی میں کوئی خوشی کی خبر سن لوں' دکھی بوڑھی ماں کو سکون مل جائے' اللہ تعالیٰ ہمیں دوبارہ ملا دے' تڑپتی ماں کو بیٹا مل جائے' خدارا کوئی اسم وظیفہ بتا دیجئے' آپ کی ممنون اور مشکور رہوں گی۔ (بہن محمد حفیظ' مظفر گڑھ)

جواب: آپ تمام گھر والے روزانہ سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں یہ وظیفہ کھلا پڑھیں۔ یہ وظیفہ چند دن، چند ہفتے مستقل مزاجی سے کیجئے' چند دن کرکے چھوڑ نہ دیجئے۔ اللہ کریم انشاءاللہ ضرور کرم فرمائیں گے۔ یَارَبِّ موسیٰ یَا رَبَّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بچے بہت زیادہ ضدی ہیں!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے بچے جن کی عمریں ابھی 6 اور 8 سال ہیں' بہت زیادہ ضد کرتے ہیں۔ کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں تاکہ یہ تابعدار ہوجائینگے۔ (روبینہ' لاہور)

جواب: اگر بچہ ضد کرتا ہو تو روزانہ 41 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلا دیں ان شاءاللہ چند دنوں میں ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام، موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

عمر 25 سال، اب سر سے گنجا ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر صرف 25 سال ہے اور میں سر سے گنجا ہو چکا ہوں، میں نے بے شمار تیل، شیمپو اور ٹانک استعمال کیے مگر میرے سر پر بال نہ آئے، احساس کمتری کا شکار ہو گیا ہوں، میری شادی صرف میرے گنج پن کی وجہ سے رکی ہوئی ہے۔ خدارا مجھے کوئی نسخہ، دوا یا تیل بتائیے کہ میرے سر کا گنج پن ختم ہو جائے۔ (مصطفیٰ، صادق آباد)

مشورہ: خالص سرسوں کا تیل ایک پاؤ اور بکرے کی تلی (قصاب سے کہہ کر لیں کہ پانی لگا ہوا نہ ہو)۔ اسٹین لیس سٹیل کے برتن میں سرسوں کا تیل ڈال کر اس میں تلی پکنے کیلئے رکھ دیں، آنچ درمیانی رکھیں۔ جب پک کر تلی کا سائز بہت چھوٹا ہو جائے تو اتار لیں، تلی نکال دیں اور تیل ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں محفوظ کر لیں۔ روزانہ رات کو سونے سے پہلے بالوں میں اس تیل سے اچھی طرح مساج کریں اور صبح اُٹھ کر بال دھو لیں، بال گھنے ہو جائیں گے اور مزید آنا شروع ہو جائیں گے، ان شاءاللہ۔ یہ ٹوٹکہ وہ لوگ بھی استعمال کر سکتے ہیں جن کے بال بہت زیادہ پتلے ہوئے ہیں، اس نسخہ کے استعمال سے ان کے بال بھی موٹے ہو جائیں گے۔

چکن پاکس کے نشان اور بھائی کی قبض

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ جب میں چھوٹی تھی تو چکن پاکس نکلے تھے اب وہ ختم ہو گئے ہیں لیکن میرے چہرے پر چکن پاکس کے تین چار نشان رہ گئے ہیں، پلیز مجھے ان نشانات کو ختم کرنے کا کوئی ٹوٹکہ بتائیں اور میرے چہرے پر چوٹ کا نشان بھی ہے اس کیلئے بھی کوئی ٹوٹکہ بتائیں اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے بھائی کو شدید قبض ہے وہ تین دنوں بعد واش روم جاتا ہے، ہم نے بھائی کے علاج کیلئے بہت سے ٹوٹکے آزمائے ہیں لیکن کچھ خاص فرق نہیں پڑتا۔ (ا۔ فیصل آباد)

مشورہ: قبض سے نجات کیلئے تمام قارئین یہ ٹوٹکے نوٹ فرمالیں۔ **ھوالشافی:** اسپغول کا چھلکا دو چمچ، زیتون کا تیل ایک چمچ دونوں کو ملا کر صبح اور شام استعمال کریں، بے شمار امراض کا مجرب علاج ہے، نہایت مزیدار بھی ہے، مگر مستقل مزاجی چاہیے۔ ثابت اسپغول کو دن میں تین مرتبہ آدھا آدھا چمچ استعمال کریں، بے ضرر شے ہے، ثابت اسپغول کو چبائیں نہیں بس نگل لیں۔ کھانے سے گھنٹہ یا آدھ گھنٹہ پہلے پانی پئیں دوران کھانا پانی ہرگز نہ پئیں اور کھانے کے دو گھنٹے بعد تک پانی ہرگز نہ پئیں۔ اس کے بعد جتنا چاہیں پانی پئیں۔ چھوٹے چھوٹے لقمے اور آہستہ آہستہ چبا کر سنت نبویؐ کے مطابق کھانا کھائیں، اس سے کھانے کے ساتھ پانی کی بالکل ضرورت نہیں ہوتی۔ پکے ہوئے امرود، کیلے دن میں ایک مرتبہ ضرور استعمال کریں۔ پپیتا ایک وقت میں ایک یا دو پھانک سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ دوسرا سوال آپ کا چکن پاکس کے نشانات ہیں تو ان پر عبقری دواخانہ کی ''دیسی کریم'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق لگائیں۔ ان شاءاللہ کچھ عرصہ استعمال سے نشانات ختم ہو جائیں گے۔

80 سالہ والدہ کے گھٹنوں کا مسئلہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کی عمر تقریباً 80 سال ہے، دل کی دھڑکن کمزور ہے، آپ سے علاج ہو رہا ہے ماشاءاللہ بہت بہتری ہو رہی ہے۔ اب مسئلہ ان کے گھٹنوں کا ہے، ان کے گھٹنوں میں شدید درد ہوتا ہے، بے شمار ٹیسٹ کروائے، ڈاکٹرز کہہ رہے ہیں کہ گھٹنوں میں پانی پڑ گیا ہے جس کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے، الحمدللہ! صوم وصلوٰۃ کی پابند ہیں، کوئی آسان سا نسخہ عنایت فرما کر مشکور فرمائیں۔ (ن۔گ، اسلام آباد)

مشورہ: اپنی والدہ کو عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' اور ''کراماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔

20 سال کی عمر میں گردے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر اس وقت 20 سال ہے اور میں گزشتہ ماہ سے گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہوں، اب تک تقریباً چار مرتبہ میرے ڈائیلائسز ہو چکے ہیں، ڈاکٹروں نے دونوں گردے نکالنے کا کہا ہے، مہربانی فرما کر جلدی سے کوئی نسخہ یا دوائی بتا دیں، ایسا نہ ہو کے بہت دیر ہو جائے۔ (عاطف عباسی، راولپنڈی)

مشورہ: کلونجی دو کلو لے کر اسے صاف کر کے دھو کر نتھار لیں، پھر اسے بڑے برتن میں ڈال کر 10 کلو پانی ڈال کر رات بھر بھگو کر رکھیں اور صبح اٹھ کر چولہے پر ہلکی آنچ پر رکھ دیں۔ جب پانی ایک گھنٹہ ابالے کھاتا رہے اور کلونجی کے دانے ہلکے سے سرخی مائل ہو جائیں کپڑے سے پانی چھان کر کین بھر لیں۔ روزانہ صبح اٹھ کر کلونجی کا پانی دو گلاس لے کر اتنا شہد ڈالیں کہ پانی میٹھا ہو جائے۔ اُس کے بعد تین بار شفاء من جانب اللہ کہہ کر پی لیں۔ کم از کم دو ماہ یہ نسخہ استعمال کریں۔ ان شاءاللہ صحت ملے گی۔

ماہواری کی بے ترتیبی اور جلدی مسائل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ تین سال سے عبقری کی قاریہ ہوں، بہت ہی اچھا رسالہ ہے، اللہ تعالیٰ آپ اور پوری ٹیم کو اجر عظیم عطا فرمائیں۔ آمین! میں دو مسائل کا شکار ہوں، میں شروع سے ہی ماہواری کی بے قاعدگی کی شکار ہوں، ماہواری اکثر وقت سے پہلے ہی 13 سے 12 دن کے وقفے سے شروع ہوتی ہے اور انتہائی درد کے ساتھ آتی ہے۔ تین سے پانچ دن رہنے کے بعد رک جاتی ہے۔

دوسرا مسئلہ: کپڑے دھونے سے ہاتھ کی انگلیوں کے ناخنوں کے کنارے پر چھوٹی سی پھنسی نکل آتی ہے، جو کہ نہایت درد کرتی ہے، تین چار دن میں ان میں پیپ پڑ جاتی ہے جس کو نکالنے کے بعد آرام آجاتا ہے، حالانکہ ہم کپڑے دھونے کیلئے اعلیٰ سرف اور دستانے استعمال کرتی ہیں۔ (ش، سوات)

مشورہ: ماہواری کے مسئلے کیلئے عبقری دواخانہ کی ''ہارمونز شفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے علاوہ جب بھی کپڑے دھونے لگیں، عبقری دواخانہ کا کراماتی تیل ہاتھوں پر مل لیں، کپڑے دھو لیں تو دوبارہ تھوڑا سا تیل مل لیں۔ اگر پھنسی وغیرہ ہو تو عبقری دواخانہ کی ''مرہم سکون'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ ان شاءاللہ یہ مسئلہ حل ہو جائیگا۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء
☆ جلد کی خرابی، پرانی خارش، اس کی وجہ خون کی خرابی ہو، کسی قسم کا انفیکشن ہو، الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔
(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج
خون صفاء
جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔
قیمت -/120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں، کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

فلمی ہیرو بننے کا شوق تھا! عبقری نے اللہ والا بنادیا

محمد نوید

میری زندگی کیسے بدلی؟

قارئین! حضرت جی کے درس، موبائل (میموری کارڈ)، نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں، انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں، آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں، روز سنیں، آپ کے گھر، گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

مجھے سلطان راہی بننے کا شوق تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہم پر قائم رکھے اور ہم آپ سے فیض یاب ہوتے رہیں (آمین)۔ میں آپ سے اپنی سابقہ زندگی اور موجودہ زندگی شیئر کرنا چاہتا ہوں۔ کہاں سے شروع کروں سمجھ نہیں آرہا۔ میں تیسری جماعت میں تھا، جب میں نے سینما میں پہلی فلم دیکھی، کیسے سینما گیا یہ الگ کہانی ہے۔ بڑا ہوتا گیا اور یہ سلسلہ بھی شروع رہا مگر اللہ تعالیٰ کے کرم سے میں پانچویں کلاس میں تھا اور قرآن پڑھ لیا تھا۔ میٹرک کے بعد تک میں باقاعدہ قرآن پاک کی تعلیم کیلئے، مولوی صاحب کے پاس جاتا رہا۔ میں کراچی کام کرنے چلا گیا، وہاں کوئی روکنے والا تو تھا نہیں، روز فلم دیکھتا تھا اور مجھے سلطان راہی بننے کا شوق ہوگیا۔ مختصراً بہت پاپڑ بیلے مگر کامیاب نہ ہوسکا، پھر لاہور آکے کام کرنے لگا، روز سٹوڈیو جاتا مگر بے سود تھک ہار کر واپس گاؤں آگیا اور ابو کے ساتھ کاروبار کرنے لگا مگر میں شیطان کا ساتھی بن گیا اور بُرے کام کرنے لگا۔

جب تک گناہ نہیں کرتا نیند نہ آتی

فلم دیکھنا، مجرے دیکھنا، زنا کرنا معمول بن گیا۔ جب تک گناہ نہیں کرتا تھا، نیند نہیں آتی تھی۔ ہیجڑوں سے یاری، حالت یہ تھی کہ ہمارا گروپ دس لڑکوں کا تھا، سب لوگ ڈرتے تھے کسی کی پٹائی کرنا، دکان والوں کی چیزیں اٹھا کر کھا جانا یا ہوٹل سے روٹی کھا کر بھاگ جانا فخر سمجھتا تھا۔ گاؤں میں ایک آدمی ہے اس کی دکان سے چیزیں چوری کرکے اسی کو واپس کرکے رقم حاصل کرتا اور سموسے پکوڑے کھاتا (اب اس نے مجھے معاف کردیا ہے) میری حالت ایسی تھی کہ میرے موبائل میں گندی فلمیں، گانے، مجرے بہت زیادہ تھے۔ نماز، نہ قرآن، نہ کوئی اچھا کام بس گناہ ہی گناہ اور شیطان مگر میں اپنا کاروبار ایمانداری سے کرتا تھا کسی سے بے ایمانی نہیں کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کاروبار بہت اچھا چل رہا تھا مگر کبھی کبھی گناہوں سے دل اُکتا جاتا تھا، کچھ دیر کیلئے میں کوئی اسلامی کتاب نہیں پڑھتا تھا۔

36 سالہ زندگی میں کبھی نماز نہیں پڑھی

ڈائجسٹ ایک دن میں پڑھ کر ختم یہ میری 36 سال کی زندگی ہے، کبھی نماز نہیں پڑھی، رات کو چوک میں دوستوں کے پاس، گھر والوں کو کوئی پتا نہیں کہاں ہے؟ شادی کسی کی ہوتی تھی ہیجڑے لے کر ہم جاتے تھے، ان کے لیے سواری، شراب، کھانے کا انتظام پہلے سے کرتے، رات 3-2 بجے تک مجرا دیکھنا اور پھر سو جانا۔ اب میری عمر 38 سال ہے مجھے ایک اخبار والا ڈائجسٹ لاکر دیتا تھا وہ ایک ہفتے تک نہ آیا، کہا مجھے ملے نہیں۔ میں اس سے لڑ پڑا، اسے برا بھلا کہا، وہ چپ کرکے چلا گیا اور دوبارہ نہ آیا۔

نوید تو مرگیا تو تیرا کیا بنے گا؟

میں ایک دن حسب معمول موبائل پر فلم دیکھ رہا تھا کہ موبائل اچانک بند ہوگیا۔ میں نے موبائل آن کیا اور کچھ دیر کے لیے آنکھ بند کرکے لیٹ گیا میرے ذہن میں ایک خیال آیا اور میں کانپ گیا کہ نوید تو مرگیا اللہ تعالیٰ کا سامنا کیسے کرے گا؟ تیرے مرنے کے بعد تیرے موبائل تیرے گھر والے دیکھیں گے، اس سے کیا نکلے گا۔ جیب سے کیا نکلے گا۔ اوے ظالم تیرا کیا بنے گا؟ میں اتنا پریشان ہوا کہ میں کبھی نہیں ہوا تھا۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ سے دعا کی اے میرے رب میری مدد فرما، کسی اللہ والے سے رابطہ کروادے، میں تیرا بندہ اور تیرے حبیب ﷺ کا غلام بن جاؤں، شاید قبولیت کی گھڑی تھی، دعا قبول ہوگی اور وہی اخبار والا ایک ہفتے بعد آیا اور مجھے کہا کہ ڈائجسٹ تو نہیں ملے یہ عبقری رسالہ ہے، مجھے اس کی رقم بھی نہ دینا، وہ رسالہ میز پر پھینک کر، ڈر کے مارے بھاگ گیا اور مجھے آج تک خدا کی قسم نظر نہیں آیا، پتہ نہیں کہاں چلا گیا۔ میں نے عبقری رسالہ کو الٹ پلٹ کر دیکھا اور ایک طرف رکھ دیا۔ کوئی ڈائجسٹ تو تھا نہیں پڑھنے کو، پندرہ بیس منٹ بعد پھر اٹھایا کہ دیکھوں عبقری میں کیا لکھا ہے۔ پہلا صفحہ کھولا آپ کا درس نظر آیا۔ باتھ روم کا بیان تھا کہ کیسے باتھ روم جاتے ہیں۔ سنت طریقہ کیا ہے؟

بس پڑھتا گیا اور دل پھرتا گیا

بس پڑھتا گیا اور دل پھرتا گیا۔ سارا رسالہ تین دفعہ پڑھا، ہر مرتبہ کوئی نئی بات سامنے آتی۔ اسی دن شہر میں موجود عبقری کی دکان پر گیا سب پرانے عبقری خرید کر لایا۔ پڑھتا رہا، روتا رہا، اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا رہا۔ اس دن پہلی دفعہ عشاء کی نماز پڑھنے گیا، پتہ ہی نہیں کتنی رکعت پڑھنی اور کیسے پڑھنی ہیں۔ ایک مدرسے کا بچہ اس سے پوچھ کر پڑھ لی بڑے سے نہ پوچھا کہ بے عزت نہ کرے کہ تم کو نماز کا نہیں پتہ۔ رویا اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی، روتا رہا، روتا رہا اور پھر گھر چلا گیا، میں پہلی بار جلدی گھر چلا گیا۔ گھر والے حیران کہ نوید جلدی گھر آگیا، ماں باپ حیران، بیوی بچے حیران، شور مچ گیا کہ نوید آج جلدی گھر آگیا۔ کیا ہوا دوستوں سے لڑائی ہوگئی ہے یا طبیعت خراب ہوگئی ہے۔ میں اگر جلدی بھی گھر جاتا تھا تو رات کے 12 تو بج ہی جاتے تھے۔

بس اب دل کی دنیا بدل گئی

بس دل کی دنیا بدل گئی میں نماز پڑھنے لگ گیا۔ دوستوں نے مذاق کیے نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔ تو بتا کس کے ساتھ ڈرامہ کرے گا، ہمیں نہیں بتانا کون شکار ہے؟ میں چپ ہوجاتا، پھر میں نے چوک میں دوستوں میں جانا کم کردیا، اب نہیں جاتا اگر جاتا ہوں تو صرف سلام کرتا ہوں بس۔ ہمارے شہر میں آپ کا درس تھا 14 جنوری 2012ء کو میں شرکت نہ کرسکا ایک بات بھول گیا آپ کے جتنے عبقری شائع ہوئے ہیں آج تک سب میرے پاس ہیں اور آپ کی بہت سی کتابیں بھی میرے مطالعہ میں ہیں گھر میں بھی اور دوکان میں بھی، میرے بیوی بچے اور میں عبقری اور آپ کی دوسری کتابیں پڑھتے ہیں۔ اب ڈائجسٹ ختم کبھی بھی گھر میں نہیں آتا۔ آپ کا بہاولپور میں درس تھا، وہاں گیا آپ کا درس سنا آپ کا مرید ہوا۔ بس اب رب سے اور اس کے رسول ﷺ سے دوستی کرلی۔ پریشانیاں، رکاوٹیں کاروبار کی بندش میرے ساتھ پتہ نہیں کیا کیا ہوا۔

بیوی نے بہت حوصلہ دیا

میری بیوی نے بہت حوصلہ دیا کوئی بات نہیں آزمائش ہے۔ ایک دن مجھے کہنے لگی نوید (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

تندرستی ٹانک جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

بیٹیوں کو خوش رکھیں! کبھی مشکل نہیں آئے گی

قاضی غلام مصطفیٰ، باغ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ بات تقریباً سالانہ امتحان 2018ء گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول ڈھل قاضیاں باغ آزاد کشمیر کے رزلٹ کے بعد کی ہے۔ میری بچی جو چھٹی جماعت پاس کر چکی تھی۔ میں نے امور دینیہ مظفر آباد والوں سے ضروری مشورہ کیلئے مظفر آباد جانا تھا مرکزی جامع مسجد ڈھل قاضیاں باغ آزاد کشمیر کیلئے مدرسہ کی منظوری اور اپنی ایڈجسٹمنٹ کروانا۔ ایک بچی نے کہا مجھے مظفر آباد لے جائیں چھٹیاں چند دن کی ہیں دوسری چھوٹی بچی نے جب سنا تو کہنے لگی مجھے بھی ضرور لے جائیں میں نے سوچا کہ چھوٹی بچی نے پنجم کلاس کا آزاد کشمیر بورڈ میں امتحان دیا ہے ابھی رزلٹ نہیں آیا شاید وہ مایوس ہو رہی ہے کہ میں پاس ہوں گی یا نہیں مجھے بعد میں کون لے جائے گا میں نے پکا ارادہ کر لیا کہ چھوٹی بچی کو بھی ضرور لے جانا ہے' کچھ کام اٹکے ہوئے ہیں ان سے دعا بھی کروالوں گا' کرایہ بھی موجود ہے آئے جانے کا' ہم مظفر آباد کیلئے چل پڑے البتہ میں نماز فجر کے بعد 100 مرتبہ درود شریف پڑھتا تھا' راستہ میں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ 1000 بار پڑھا' دونوں بچیاں ساتھ تھیں' ان سے خوب دعائیں لیں کہ میرے کام بن جائیں۔ ان بچیوں کی بات ماننے' انہیں مظفر آباد لانے اور ان کی دعائیں لینے کا فائدہ یہ ہوا کہ میں جس جس مقصد کو لے کر مظفر آباد آیا تھا میرے تمام کام بنتے چلے گئے۔

اللہ نے ساس کے سامنے عزت رکھ لی!

ک۔ن' گوجرانوالہ

محترم قارئین! نو اور دس محرم الحرام میں نے تسبیح خانہ لاہور میں گزارنے کا ارادہ کیا' میرے ساتھ میری والدہ اور میری ساس (خالہ) اور میرا بیٹا جس کی عمر تقریباً 12 سال ہے' تھا۔ میری ساس پہلی مرتبہ میرے اصرار پر میرے ساتھ آئیں تھیں' وہ پہلے کبھی تسبیح خانہ نہ آئیں تھی' جب ہم تسبیح خانہ پہنچیں تو وہاں موجود خدمت والی خواتین نے کہا کہ آپ اپنے بیٹے کو مردوں کے تسبیح خانہ میں بھیج دیں مگر بچہ بہت زیادہ پریشان ہو گیا' تو انہوں نے کہا کہ آپ دارالتوبہ (خواتین کیلئے مزید ایک بلڈنگ جہاں بچوں کے ساتھ آئیں خواتین رہتی ہیں) چلی جائیں' اب ہمارے دو افراد تسبیح خانہ میں رہ گئے (یعنی میری والدہ اور میری ساس) میں اور میرا بیٹا دارالتوبہ چلے گئے' وہاں جا کر تھوڑی دیر بعد ہی میرے بیٹے نے شور کرنا شروع کر دیا کہ میں نے یہاں نہیں رہنا' میں نے دادی اور نانی اماں کے پاس جانا ہے' کبھی کہے مجھے پیسے دیں' میں اپنے لیے کوئی کھانے کی چیز لے آؤں' میں نے کہا کہ جاؤ وہاں دادی اماں کے پاس میرا بیگ پڑا ہے وہاں سے پیسے لے آؤ اور کچھ کھانے کیلئے لے آؤ۔ بیٹا جب وہاں گیا تو اس نے چیک کیا اور مجھے آ کر بتایا کہ وہاں بیگ تو موجود ہے مگر بیگ میں آپ کی برکت والی تھیلی موجود نہیں ہے۔ میں نے کہا دوبارہ جاؤ آرام سے چیک کرو' مل جائیں گی' میں ادھر اُدھر آنے جانے اور بیٹے کے تنگ کرنے سے تھک بھی گئی تھی' شاید یہ صبح کا وقت تھا اور شام تک کا وقت گزر گیا یا شاید اگلا دن ہو گیا' میں نے ڈھونڈنے کی کوشش نہ کی' پھر تھوڑا پرسکون ہو کر میں نے درود پاک پڑھنا شروع کر دیا' ایک تسبیح درود پاک کی پڑھی' ساتھ دو انمول خزانہ تین مرتبہ پڑھا اور یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھا' میرے دل میں بار بار یہ احساس بڑھ رہا تھا کہ اگر واپس جانے تک پیسے نہیں ملے تو میری ساس صاحبہ وہاں (گھر' محلے) سب کو بتائیں گی کہ میں ان کے ساتھ ان کے تسبیح خانہ میں گئی تو وہاں کسی نے ان کے پیسے چرا لیے اور میں اسی درد اور کیفیت میں یہ دعا مانگ رہی تھی کہ یا اللہ! تیرا نام لینے والے لوگ ہیں' مجھے یقین ہے کہ کسی نے چرائے نہیں 'ادھر اُدھر ہو گئے ہیں' مل جائیں' میں دعا مانگ کر ابھی فارغ ہی ہوئی تھی کہ میری ساس جن کے گھٹنوں میں درد ہے وہ چل کر آئیں اور کہا: وہاں موجود خدمت والی کہہ رہی ہیں کہ اس طرح ایک تھیلی ملی ہے جس کی ہے' پیسے بتا کر لے لیں' میں نے جا کر کہا کہ اس میں اتنے پیسے ہیں اور ساتھ یہ چیزیں موجود ہیں' میری تھیلی مجھے مل گئی' میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا زندگی میں پہلی مرتبہ تجربہ ہوا کہ درد کیساتھ مانگی دعا فوراً قبول ہوتی ہے۔

جھوٹی بڑائی

مولانا وحید الدین خاں

ایک صاحب کا قصہ ہے۔ ان کے دادا کامیاب تاجر تھے' مگر بعد میں ان کی تجارت ختم ہو گئی۔ والد اور والدہ کا بچپن میں انتقال ہو گیا۔ مذکورہ صاحب کے حصہ میں باپ دادا کا تو مال نہ آیا البتہ یہ احساس انہیں وراثت میں ملا کہ ''میرے باپ دادا بڑے آدمی تھے'' وہ ابھی نوجوان تھے کہ انہیں معلوم ہوا کہ قصبہ کے ڈاک خانہ میں پوسٹ مین کی جگہ خالی ہے' وہ درخواست دے کر پوسٹ مین ہو گئے' لوگوں نے انہیں مشورہ دیا کہ تمہاری تعلیم صرف آٹھویں کلاس تک ہوئی ہے تم کوشش کر کے ہائی سکول کر ڈالو اس کے بعد تم آسانی سے مقامی ڈاک خانہ میں پوسٹ ماسٹر ہو جاؤ گے اس کے ساتھ کچھ گھر کی کھیتی ہے دونوں کو ملا کر آسانی سے تمہاری ضرورت پوری ہوتی رہے گی مگر ان کے جھوٹے فخر کی نفسیات اس میں رکاوٹ بن گئی کہ وہ کسی کا مشورہ مانیں' مزید یہ ہوا کہ جھوٹی بڑائی کے احساس کی بنا پر اکثر وہ ڈاک خانہ کے کارکنوں سے لڑ پڑتے تھے یہاں تک کہ ایک روز انہوں نے پوسٹ ماسٹر سے جھگڑا کر لیا اور کام چھوڑ کر چلے گئے۔

پوسٹ آفس کی ملازمت چھوڑنے کے بعد وہ بے کار پڑے رہے' نہ کوئی دوسرا کام کیا اور نہ تعلیم حاصل کی ان کا مشغلہ صرف یہ رہ گیا کہ اپنی فرضی بڑائی کے تذکرے کریں اور اس کے ذریعہ جھوٹی تسکین حاصل کرتے رہیں۔ ملازمت چھوڑنے کے بعد کھیتی سے کام چلتا رہا جس کو وہ ٹھیکے پر دیئے ہوئے تھے۔ یہاں تک کہ ان کے چھ بچے ہو گئے۔ اب مسائل نے پریشان کرنا شروع کیا۔ تاہم ان کی جھوٹی بڑائی کا احساس دوبارہ اس میں رکاوٹ بنا رہا کہ وہ اپنی غلطی تسلیم کریں۔ وہ اپنے رشتہ داروں کو اپنی بربادی کا ذمہ دار ٹھہرا کر ان سے لڑنے لگے' مگر اس غیر حقیقت پسندانہ رویہ نے صرف ان کی بربادی میں اضافہ کیا یہاں تک کہ ان کا ذہنی توازن خراب ہو گیا۔ موجودہ دنیا حقیقتوں کی دنیا ہے۔ یہاں حقیقت سے مطابقت کر کے آپ سب کچھ حاصل کر سکتے ہیں اور اگر آپ حقیقت سے مطابقت نہ کریں تو آپ کو کچھ بھی نہیں ملے گا۔ خدا کی اس دنیا میں جھوٹی برائی سے زیادہ بے معنی کوئی چیز نہیں۔ یہاں جھوٹی بڑائی سے زیادہ تباہ کن کوئی ذہنیت نہیں۔

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟
کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ نہ ہو تو سٹال کا فون یا موبائل نمبر ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔
042-37552384-042-37425801-3
یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

قابل رشک زندگی کے سات اصول

مولانا اشہد رشیدی

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے آپ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ میرے دوستوں میں سب سے زیادہ قابل رشک میرے نزدیک وہ مومن ہے جو ہلکا پھلکا ہو (دنیا کے بکھیڑوں میں بہت زیادہ مشغول نہ ہو) نماز کا زبردست شوقین ہو، رب ذوالجلال کی عبادت نہایت خشوع وخضوع سے کرتا ہوں، تنہائیوں میں بھی اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں مصروف رہتا ہو، نیز عام لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو، اس کی طرف انگلیاں نہ اٹھتی ہوں، بقدر ضرورت ہی اس کے پاس رزق ہو اور وہ اسی پر صبر کیا کرتا ہو، پھر آپ نے چٹکی بجاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ موت ایسے شخص کو جلدی اپنی آغوش میں لے لیتی ہے، اس پر رونے والے کم ہی ہوتے ہیں اور وہ تھوڑا بہت ہی ترکہ چھوڑتا ہے'' (رواہ احمد)

مندرجہ بالا روایت میں نبی کریم ﷺ ایسے مومن کے اوصاف بیان فرمارہے ہیں جس کی زندگی بھی قابل رشک ہے اور جس کی موت بھی قابل رشک ہے، آپ اس روایت میں سچے مسلمان کے ان اوصاف حمیدہ کا ذکر فرمارہے ہیں جن پر جتنا بھی رشک کیا جائے کم ہے، قابل رشک زندگی گزارنے والا کون ہے؟ کیا جس کے پاس مال ودولت کے انبار ہوں، حکومت وسلطنت ہو، قوت وطاقت یا حسن وجمال ہو؟ اہل دنیا کی نظر میں اگرچہ روپے پیسے، جاہ ومنصب، قوت وطاقت اور حسن وجمال سے آراستہ لوگ قابل رشک ہوسکتے ہیں لیکن اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نظر میں ان فانی چیزوں کی بجائے کچھ اور ہی خوبیاں ہیں جو انسان کی قدر ومنزلت کو بڑھادیتی ہیں اور اس کو اس عظیم مرتبہ تک پہنچادیتی ہیں جہاں تک پہنچنے کے لیے دوسرے لوگ تمنا کرتے ہیں، اس کی زندگی بھی دوسروں کے لیے قابل رشک بن جاتی ہے اور اس کی موت پر بھی لوگوں کو رشک آنے لگتا ہے۔

درج بالا روایت میں نبی کریم ﷺ نہایت بہترین اور قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کے سات اوصاف ذکر فرماتے ہیں جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں جو شخص یہ چاہتا ہے کہ موت کے بعد اس کو اللہ رب العزت کی رضا اور جنت کی نعمتیں میسر آجائیں، اس کو چاہیے کہ وہ ان سات اوصاف کو اپنانے کی کوشش کرے:

(1) خَفِيْفُ الْحَاذِ: قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کی پہلی خوبی یہ ہے کہ ''وہ دنیا میں بہت زیادہ پھنسا ہوا نہ ہو، بلکہ دنیا میں بقدر ضرورت دلچسپی لیتا ہو'' کیونکہ جو شخص جتنا کم اور مختصر کاروبار رکھے گا اور چھوٹا موٹا کام کاج کرکے اپنی ضروریات پوری کرے گا وہ اتنا ہی تفکرات اور ذہنی الجھنوں سے محفوظ رہے گا، آج کل تو روپیہ پیسہ کمانے کا ایسا دور شروع ہوگیا ہے کہ آدمی ایک کے بعد دوسرے، تیسرے اور پھر چوتھے، پانچویں کاروبار کرنے کی، کئی کئی دکانیں کھولنے اور پارٹ ٹائم جاب کرنے میں مصروف دکھائی دیتا ہے، اسے ایک پر قناعت نہیں ہوتی، جتنا پیسہ آتا ہے، اتنی ہی ہوس بڑھتی ہے اور پھر دنیا میں الجھتا چلا جاتا ہے، تفکرات اس کو آگھیرتے ہیں اور وہ ڈیپریشن کا شکار ہوجاتا ہے۔

نبی کریم ﷺ اطمینان وسکون سے بھرپور اس زندگی کو قابل رشک بتلا رہے ہیں جس میں انسان بہت زیادہ دنیاوی بکھیڑوں میں مبتلا نہ ہو، تفکرات اور الجھنوں سے محفوظ رہے، جس کے نتیجے میں وہ اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کرتا

ایسے شخص کو جلد موت اپنی آغوش میں چھپالے گی

(2) ذُوْحَظٍّ مِنَ الصَّلٰوةِ: قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کی دوسری خوبی یہ ہے کہ ''وہ نماز کا بہت زیادہ رسیا ہو'' فرائض کی پابندی کے ساتھ ساتھ سنن ونوافل کو بھی نہ چھوڑتا ہو کیونکہ نماز آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اور فرائض اسلام میں سے سب سے اہم فریضہ ہے۔ بندہ نماز کے دوران اپنے رب سے مناجات اور سرگوشی میں مصروف ہوتا ہے اور ایک سچے عاشق کے لیے اپنے محبوب سے ہم کلام ہونے سے زیادہ پسندیدہ مشغلہ اور کیا ہوسکتا ہے؟ آج کل نماز سے نہایت غفلت برتی جارہی ہے، عوام الناس کا کیا کہنا، دین دار لوگ بھی سنن ونوافل نیز جماعت کی پابندی کا خیال نہیں کرتے، صرف الٹی سیدھی فرض نماز ادا کرکے اللہ رب العزت پر احسان جتاتے ہیں۔ حالانکہ قیامت کے روز سب سے پہلے نماز ہی کا حساب بے باک کیا جائے گا اور پھر فرائض میں پائی جانے والی کوتاہی کو سنن نوافل کے ذریعہ پورا کیا جائے گا۔ (3) اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ: قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کی تیسری خوبی یہ ہے کہ ''وہ اپنے رب کی عبادت دل لگا کر بڑے ہی خشوع وخضوع سے کرتا ہو'' نماز میں مشغول ہو تو پورے انہماک سے، تلاوت میں لگے تو پوری توجہ سے الفاظ ومعانی پر غور کرتے ہوئے، ذکر واذکار میں مصروف ہو تو مکمل دل جمعی سے، گویا اپنے رب کی عبادت کرتے ہوئے اس کو اپنے سامنے موجود پاتا ہو، مرتبہ احسان کا اعلیٰ درجہ بھی یہی ہے جیسا کہ ارشاد نبوی ﷺ ہے: ''اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ'' (اللہ کی عبادت تم اس طرح کرو گویا تم اس کو دیکھ رہے ہو اور اگر تم اس کو نہ دیکھ سکو تو تصور دل ودماغ میں بیٹھا لو کہ وہ تم کو دیکھ رہا ہے)۔ لیکن عبادت کا یہ انداز اسی شخص کو میسر آسکتا ہے جو پرسکون زندگی گزار رہا ہو، ذہنی الجھنوں اور دنیاوی جھمیلوں سے محفوظ ہو، آج کل صرف خانہ پری ہوتی ہے، ظاہری طور پر اعمال تو پائے جاتے ہیں لیکن وہ بے زبان اور کھوکھلے ہوتے ہیں۔ کیوں کہ دل ودماغ کی یکسوئی اور ذہنی طور پر دل جمعی کا کوئی حصہ نہیں پایا جاتا، جب کہ اللہ رب العزت کے یہاں دلی جذبات اور ذہنی رجحانات ہی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ (4) اَطَاعَهٗ فِي السِّرِّ: قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کی چوتھی خوبی یہ ہے کہ ''وہ تنہائی میں بھی اپنے رب کی اطاعت کرتا ہو'' خلوت میں ہو یا رات کے اندھیرے میں، گھر کے اندر ہو یا لوگوں کے نظر سے پوشیدہ، ہر حال میں اللہ رب العزت کی تابعداری میں لگا رہتا ہو، کیوں کہ اس کے نزدیک عبادت کا مقصد صرف اور صرف رب ذوالجلال کی خوشنودی ہے، عام لوگوں پر اپنی دین داری کا رعب ڈالنا، دکھاوا اور ریا کرنا اس کے حاشیہ خیال میں بھی نہیں ہوتا، اس کو یہ یقین ہوتا ہے کہ میرا رب مجھ کو ہر وقت دیکھ رہا ہے اور وہ صرف شکل وصورت ہی کو نہیں دیکھتا بلکہ وہ دل کے احوال سے بھی واقفیت رکھتا ہے۔ ارادہ اور نیتوں کو جانتا ہے، کھرے کھوٹے کی اسے خوب پہچان ہے، اسی لیے وہ بندۂ صادق تنہائیوں میں بھی گناہوں سے مکمل اجتناب کرتا ہے اور خشوع وخضوع

(باقی صفحہ نمبر 54 پر)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد دو بال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنادیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

چہرہ تو چمکا چکے! آئیے آج ہاتھ دلکش اور خوبصورت بنائیں

صدف قمر، راولپنڈی

اکثر خواتین اپنے چہرے پر تو بہت زیادہ توجہ دیتی ہیں اور طرح طرح کی کریموں اور لوشنز کا بھی استعمال کرتی ہیں۔ لیکن اپنے ہاتھوں کا اتنا خیال نہیں رکھتیں۔ جس طرح چہرے کی جلد کو قدرتی نمی اور حفاظت کی ضرورت ہوتی ہے بالکل اسی طرح آپ کے ہاتھوں کو بھی قدرتی نمی درکار ہوتی ہے۔ اس لیے ہمیشہ اس بات کو یاد رکھئے کہ ہاتھوں کو بھی وہی توجہ، حفاظت اور وقت دیں جو آپ اپنے چہرے کو دے رہی ہیں۔ یہاں ہم آپ کو ہاتھوں کی حفاظت کے لیے چند ایسے طریقے بتائیں گے جن پر عمل کر کے آپ گھر بیٹھے اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا اور جاذب نظر بنا سکتی ہیں۔ ہاتھوں کی حفاظت کے لیے مینی کیور ایک عمدہ طریقہ سمجھا جاتا ہے یہاں مینی کیور اور مساج کے ذریعہ خوبصورت ہاتھوں کے حصول کا طریقہ بیان کیا جا رہا ہے۔

ہاتھ اور ناخنوں کی دیکھ بھال کے تین اہم پہلو

مینی کیور: ہاتھ اور ناخنوں کی دیکھ بھال کے تین اہم پہلو ہوتے ہیں سب سے پہلے تو یہ ہاتھوں کو خوبصورت بناتا ہے دوسرا ہاتھوں کو سکون پہنچاتا اور تیسرا یہ ای این ٹی (کان، ناک اور گلے) کے مسائل کا بھی علاج کرتا ہے لیکن خوبصورتی اس کا بنیادی مقصد ہے اور ساتھ ساتھ ہاتھوں کو سکون بہم پہنچانا ہے۔

طریقہ: مینی کیور کے لیے ایک پیالے میں نیم گرم پانی لے کر اس میں چند قطرے ڈیٹول ڈالئے اور تھوڑا سا شیمپو ملائیے۔ اب اس پیالے میں ہاتھوں کو تقریباً پندرہ منٹ تک ڈبو کر رکھئے۔ اس میں ہاتھوں کو ڈبونے سے قبل ناخنوں کے کناروں کو نیل پالش ریموور لگا لیجئے۔ اس سے ناخن کے گرد مردہ تہہ نرم پڑ جائے گی پندرہ منٹ کے بعد ہاتھوں کو پیالے کے اندر ہی نرم برش (اس کے لیے پرانا ٹوتھ برش بھی استعمال کیا جا سکتا ہے) سے نرمی کے ساتھ رگڑیئے تاکہ مردہ کھال سے میل کی تہہ اتر جائے۔ اب ہاتھوں کو پیالے سے نکال کر ان کو تولئے سے صاف کیجئے اور جھانویں سے ہاتھوں کی مردہ جلد کو نرمی سے رگڑ کر دور کیجئے۔ اس کے بعد ناخنوں کو صحیح انداز میں تراشئے اور پھر ان کو فائل کے ذریعے رگڑ کر ہموار کیجئے تاکہ کسی چیز یا کپڑے میں نہ الجھیں اس کے بعد بفر Buffer کی مدد سے ناخنوں کے اوپر موجود پہلی تہہ کو رگڑیئے اور ساتھ ساتھ Buffer کی چکنی جانب سے ناخنوں میں چمک پیدا کیجئے۔ اس کے بعد ہاتھوں پر اچھی سی موئسچرائزنگ کریم لگا کر ہاتھوں کا مساج کیجئے اور کریم کو اس میں جذب کیجئے کچھ دیر کے لیے ہاتھوں پر سوتی دستانے چڑھا لیجئے تاکہ وہ بالکل ملائم ہو جائیں یہاں چند آسان نسخے دیئے جا رہے ہیں جو کہ آپکے ہاتھوں کو خوبصورت بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

☆ اپنی کھردری، سخت جلد کی ایمرجنسی دیکھ بھال کے لیے رات کو سوتے وقت اپنے ہاتھوں پر یہ کریم لگائیں روغن بادام دو چھوٹے چمچ، شہد ایک چھوٹا چمچ، شہد کو روغن بادام میں ملا کر اس کی ہاتھ پر مالش کریں اور صبح صابن ملے گرم پانی سے ہاتھوں کو اچھی طرح دھولیں۔ ہاتھ ملائم ہو جائیں گے۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو اسکو اگلی رات پھر دہرائیں۔

ہاتھ اور ناخنوں کی دیکھ بھال کے تین اہم پہلو

☆ اگر آپ کے پاس وقت ہو تو جو ماسک آپ چہرے پر لگاتی ہیں وہی ماسک ہاتھوں پر لگائیں۔ اپنے ہاتھوں کا یہ طریقہ علاج ہفتے میں کم از کم ایک دفعہ کریں۔ ☆ ہاتھوں کے لیے جو صابن آپ روزانہ استعمال کرتے ہیں۔ اس صابن کی جھاگ بنائیں۔ اب ایک چھوٹا چمچ چینی بھی ہاتھوں میں لے لیں اور ہاتھوں کو تب تک دھونے کی طرح مسلتے رہیں جب تک چینی گھل نہ جائے اس کے بعد ہاتھ دھولیں۔ یہ طریقہ ہاتھوں کو بہت ملائم بنا دے گا۔ ☆ بدرنگ ناخنوں پر سفید سرکہ ملیں۔ سرکہ ملنے کے لیے روئی کا ایک پھایا لے کر اس پر دو، تین قطرے سرکہ ڈالیں اور روئی کو ناخنوں پر ملیں اب ناخنوں کو ایک ٹوتھ برش کے ذریعہ جس کو لیموں کے رس میں ڈبویا گیا ہو صاف کریں۔ پھر نیم گرم پانی سے ہاتھ دھولیں۔ ☆ ہاتھوں کو جوان اور خوبصورت رکھنے کا ایک اور مفید نسخہ، ہاتھوں کو کلائیوں تک دودھ میں ڈبوئے رکھنا ہے۔ کچھ دیر تک دودھ میں بھگوے رکھنے کے بعد ہاتھوں کو خشک کریں اور ان پر ایک کھانے کا چمچہ تلوں کا تیل اور تین کھانے کے چمچے لینولین کے مکسچر سے کلائیوں تک نرمی سے مساج کریں۔ یہ عمل ہفتے میں ایک بار کیا جائے۔

یہ ٹوٹکہ آزمائیے ہاتھ لچکدار اور ملائم ہو جائیں گے

مساج: ☆ دونوں ہاتھوں کو ایک دوسرے سے مضبوطی سے پکڑیں اور باہر کی جانب دبائیں۔ ☆ ہتھیلی کو گرفت میں لیتے ہوئے انگوٹھے اور انگلیوں کو کھینچئے، اب انگوٹھے سے تمام جوڑوں کو دبائیں۔ اور ہاتھ کو دوسرے ہاتھ کا سہارا دیتے ہوئے رگڑیں تاکہ اس کے ذریعہ ملائم، چمکدار اور خوبصورت نظر آنے والی جلد حاصل کی جا سکے۔ اس کے علاوہ ہاتھوں کی ورزش بھی انہیں لچکدار اور خوبصورت بنانے میں مدد دیتی ہے۔ ورزش کے نتیجہ میں ہاتھوں میں خون کی گردش بہتر ہو جاتی ہے۔ چنانچہ اس کے ذریعے پٹھوں اور جلد کو تقویت ملتی ہے۔ درج ذیل ورزشیں روزانہ چھ سے دس بار کی جائیں تو آپ کے ہاتھ لچکدار اور نرم ہو جائیں گے۔

1- اپنی مٹھیوں کو ایک سیکنڈ کے لیے سختی سے بھینچیں اور پھر انگلیوں کو تیزی سے کھول کر جس قدر پھیلا سکتے ہیں، پھیلائیں۔ 2- اپنے ہاتھوں کو اپنے آگے سینے کے برابر اس طرح لائیں کہ ہتھیلیوں کا رخ نیچے کی جانب ہو۔ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے کے خلاف زور سے دبائیں اور پھر انہیں ہٹا کر جس قدر پھیلا سکتے ہیں پھیلائیں ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں پر بھی رکھا جا سکتا ہے اور انہیں ایک دوسرے میں پیوست بھی کیا جا سکتا ہے۔ ایک دو سیکنڈ کے باہمی دباؤ کے بعد انہیں ایک دوسرے سے ہٹا کر جس قدر کھولا اور پھیلایا جا سکتا ہے، پھیلائیں۔ 3- ہاتھوں کو ڈھیلا چھوڑ کر کچھ دیر کے لیے لٹکنے کی حالت میں رکھیں، پھر انہیں کلائیوں سے دائروں کی صورت میں گردش دیں، پہلے کلاک وائز پھر اینٹی کلاک وائز۔ اگر آپ کے ہاتھ تھکے ہوئے ہوں تو انہیں دو چار منٹ تک نیم گرم پانی میں ڈبوئے رکھیں لیکن اس پانی میں دو تین کھانے کے چمچے نمک شامل کر لیں۔ نمک والے پانی میں ہاتھوں کو رکھنا انہیں پرسکون کر دیتا ہے۔ ہاتھوں میں خون کی گردش بہتر بنانے کے لیے ایک مفید ترکیب ہے کہ ہاتھوں کو باری باری گرم اور ٹھنڈے پانی میں ڈبویا جائے۔ یہ عمل اعصاب کو بھی سکون بخشتا ہے۔

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟
مشکلات جتنی بھی ہوں الجھنیں حد سے زیادہ ہو گئی ہوں فری بالکل فری، بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے، حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے، کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کر سکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

اہل مشرق کا بیش قیمت تحفہ "مشترکہ خاندانی نظام"

صائمہ راحت، لاہور

انسان فطری طور پہ میل ملاپ اور مل جل کر رہنے کو پسند کرتا ہے۔ اس کا اظہار روئے زمین کے سب سے پہلے انسان حضرت آدمؑ نے اس خواہش سے کیا تھا کہ انہیں اپنا کوئی ساتھی چاہیے جس سے وہ بات چیت کر سکیں۔ اس لیے بھی کہ وہ تنہائی سے اکتا گئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ تنہائی وہ عفریت ہے جو انسان کو مکمل طور پر مایوسی اور تباہی کے دھانے پر پہنچا دیتا ہے۔ اس کا منہ بولتا ثبوت آج مغربی اور یورپی ممالک میں قائم اولڈ ہاؤسز ہیں جہاں موجود افراد تنہا زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جن سے گفتگو کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ ان میں زندہ رہنے کی امنگ تقریباً ناپید ہو چکی ہے کیونکہ وہ اپنی اولاد، بہن، بھائی اور رشتہ داروں کے ہوتے ہوئے بھی ان سے دور اور تنہا زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

اس تمام تر صورتحال کا تجزیہ کرتے ہوئے "مشترکہ خاندانی نظام" ایک بیش قیمت تحفہ ہے جس پہ نہ صرف انسانیت کی بقا مضمر ہے بلکہ معاشرے کا استحکام بھی۔ کیونکہ اس نظام میں گھر کے تمام افراد مل جل کر رہتے ہیں اور گھر کے بزرگ کو سربراہ کی حیثیت حاصل ہوتی ہے جس سے نہ صرف بہت سے گھریلو امور باآسانی طے ہو جاتے ہیں بلکہ باہم لڑائی جھگڑے کا امکان بھی بہت کم ہوتا ہے اور ہر طرح کے موقع (مثلاً شادی بیاہ، کسی کی وفات یا کسی اور طرح کا اہم موقع) پہ ہر فرد دوسرے کو مضبوط سہارا فراہم کرتا ہے جو نہ صرف اس کے لیے جذباتی تسکین کا باعث ہوتا ہے بلکہ اس کو کسی بھی سانحے سے نکلنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اسی طرح انسان پہ ایک کیفیت زیادہ عرصے تک کے لیے طاری نہیں رہتی اور وہ مایوسی کے گڑھے میں گرنے سے بچ جاتا ہے۔ اس میں زندگی گزارنے کے لیے نئی امنگ، جذبہ اور حوصلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اس طرح باہم الفت و محبت اور اتحاد و اتفاق پروان چڑھتا ہے۔

آج کے دور میں جہاں جدید ٹیکنالوجی اور ایجادات نے انسانی زندگی کو سہل پسند اور پرکشش بنا دیا ہے وہیں دوسری طرف مہنگائی کا گراف دن بدن اونچے سے اونچا ہوتا چلا جا رہا ہے جس سے ہر فرد پریشان ہے کہ معمول کی تنخواہوں میں گھر کا بجٹ کس طرح چلایا جائے۔ مشترکہ خاندانی نظام میں ایک سہولت یہ بھی ہوتی ہے کہ تمام افراد خانہ مل جل کر گھر کا بجٹ بناتے ہیں اور اخراجات کو باہم تقسیم کر لیتے ہیں' اس طرح سے کسی بھی ایک فرد پر مکمل بوجھ نہیں پڑتا اور گھر کا خرچہ باآسانی ہو جاتا ہے۔ اگر ایک بھائی کی تنخواہ یا ذرائع آمدن کم ہیں اور اس کا خرچ زیادہ ہے تو ایسے میں دوسرا بھائی جس کے مالی حالات بہتر ہیں وہ اس کی مدد کرتا ہے تاکہ اس کو بھی ہر طرح کی سہولیات زندگی حاصل ہو سکیں اور وہ بنیادی ضروریات سے محروم نہ ہو۔ اسی طرح تفریحی پروگرام طے کئے جاتے ہیں جو نہ صرف انسانی نشوونما کے لئے ناگزیر ہوتے ہیں بلکہ ذہنی و جذباتی آسودگی کا باعث بھی ہوتے ہیں۔ بالخصوص بچوں کے لیے ایسے مواقع بہت دلچسپی کا باعث ہوتے ہیں کہ وہ اپنے تمام کزنز کے ساتھ مل کر مختلف طرح کے کھیلوں میں شریک ہوتے ہیں اس سے ان کے اندر جذبہ مسابقت پروان چڑھتا ہے اور ہر بچہ دوسرے سے آگے بڑھنے کی جستجو اور کوشش کرتا ہے۔ یہ جذبہ اس کے لیے زندگی کے دیگر شعبوں میں آگے بڑھنے میں بھی ممد و معاون ثابت ہوتا ہے اور زندگی کے ہر میدان میں اس کو کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کرتا ہے۔

مشترکہ خاندانی نظام! جذباتی تسکین محبت اور پیار کا فارمولہ

بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما اور تربیت میں بھی یہ نظام بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ایک بچہ جسے اپنے والدین کے علاوہ رشتہ داروں (مثلاً دادا، دادی، تایا، چچا، پھوپھو) کی محبت اور توجہ بھی حاصل ہوتی ہے وہ زیادہ پراعتماد ہوتا ہے اور مختلف امور سے متعلق اس کی آگاہی اور واقفیت بھی زیادہ ہوتی ہے۔ بالخصوص گھر کے بزرگ اس کو نہ صرف دینی اقدار سے روشناس کرواتے ہیں بلکہ اس میں مختلف اوصاف (مثلاً بڑوں کا ادب و احترام، سچ بولنا، ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنا) بھی پروان چڑھاتے ہیں جس کے لیے وہ بچوں کو مختلف سچے واقعات اور کہانیاں سناتے ہیں تاکہ وہ ان سبق آموز کہانیوں سے نصیحت حاصل کر کے اپنے اخلاق و کردار کو بہتر بنا سکیں اور یوں بھی بچپن میں کی جانے والی نصیحت کا اثر پوری انسانی زندگی پر محیط ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ماہرین نفسیات بچوں کے ابتدائی دو سال کو ان کی زندگی کے بہت اہم سال کہتے ہیں کیونکہ اس میں بچوں کی تربیت کا تقریباً 95 فیصد حصہ مکمل ہو چکا ہوتا ہے۔

مشترکہ خاندانی نظام کے بہت سے فوائد ہونے کے ساتھ ساتھ کئی نقصانات بھی ہیں تاہم ان کے اثرات دور رس نہیں ہوتے ہیں۔ دراصل اس دنیا میں رہنے والے ہر فرد کا مزاج دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ مزاجوں کے اسی اختلاف کے باعث کئی مسائل جنم لیتے ہیں۔ مثلاً ایک بھائی گھر میں کمپیوٹر کی موجودگی کو ضروری سمجھتا ہے جبکہ دوسرا بھائی اسے عبث خیال کرتا ہے اس پر بحث ہونا شروع ہو جاتی ہے نتیجے میں ایک بھائی کی جیت ہوتی ہے جس کیوجہ سے اس کا دل دوسرے بھائی کی طرف سے خراب ہو جاتا ہے اور یوں تعلقات میں بگاڑ کی ابتداء ہو جاتی ہے۔ اس لیے ضروری ہوتا ہے کہ ہم اعلیٰ ظرفی اور بلند حوصلگی کی صفات اپنے اندر پیدا کریں تاکہ ان مسائل سے بچا جا سکے۔

ایک مسئلہ آرام کا بھی ہوتا ہے ہمیں اپنے سونے جاگنے کے معمول کو فیملی کے مطابق بنانا ہوتا ہے۔ اس لئے کبھی ہمارا موڈ جلد اٹھنے کا نہ ہو مگر گھر میں چونکہ سب لوگوں کے اٹھنے کا وقت مقرر ہوتا ہے تاکہ ناشتے کے لیے سب ایک ساتھ جمع ہو سکیں اس لئے ہمیں بھی چاروناچار اٹھنا پڑتا ہے۔ یوں ہمیں وسعت قلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے آرام کو قربان کرنا پڑتا ہے۔ یہ اور اسی طرح کے کئی مسائل اور بھی ہوتے ہیں جن پہ ہم اپنی مضبوط قوت ارادی سے قابو پا سکتے ہیں۔ الغرض مشترکہ خاندانی نظام جدید اور تیز رفتار دور میں ہماری زندگیوں کے لیے سہولت اور فائدہ کا باعث ہے جس سے ہمیں کئی مسائل اور پریشانیوں سے نمٹنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔

دانت درد کے لیے انتہائی مجرب

ھوالشافی: ڈوڈھ' کالی مرچ' لونگ ہر ایک 50 گرام' پھٹکڑی مدبر 50 گرام سفوف بنا کر ملائیں اور دانتوں پر ملیں' دانتوں کے امراض' دانت درد' مسوڑھوں کی جلن' سوجن' دانت کا کیڑا اور اس جیسے دیگر مسائل کیلئے نہایت مجرب ہے۔ (محمد ثناء اللہ خان' گاؤں بوزہ خیل' بنوں)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
"شفائے حیرت" جماتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

8 تسبیح بسم اللہ پڑھی! ہر وہ چیز ملی جس کی تمنا تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ پر اپنی کروڑوں رحمتوں کا نزول فرمائے اور آپ کی آل اولاد پر بھی اپنی خاص رحمتیں نازل فرمائے۔ تازندگی آپ کو اسی طرح دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین) اور آپ کے فیض میں، عمر میں روحانیت میں اور زندگی میں برکتیں عطا فرمائے۔ (آمین)

ہمارے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا تھا کوئی بات بھی نہیں ہوتی تھی اور لڑائی اس قدر طویل ہوجاتی تھی کہ ہفتہ ہفتہ گزر جاتا ایک دوسرے سے بات کیے بغیر۔ بھائی کی شادی ہوئی تو بھابی سے بھی ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا۔ لائٹ، گیس، کچھ بھی نہیں تھا ہمارے گھر میں۔ میں نے خود قرآن پاک حفظ کیا ہوا ہے۔ میرا قرآن پاک پڑھنے کو دل نہیں کرتا تھا۔ میرے ابو، میرے بڑے بھائی فارغ یعنی بے روزگار تھے، جہاں جاتے جواب مل جاتا، کام نہ بن پاتا میں نے بہت سے وظائف کیے مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔

پھر عبقری ملا' پڑھا' بہت پسند آیا' اس میں مجھے پوری بسم اللہ 800 مرتبہ صبح وشام والا وظیفہ پڑھنے کو ملا' اس وظیفے کو پڑھا اور اس کے نتائج حیرت انگیز نکلے۔ ہمارے گھر لائٹ لگ گئی، گیس لگ گئی، بھائی کو اتنی اچھی جاب مل گئی، بھائی کا ہر وقت امی کے ساتھ جھگڑا رہتا تھا جو کہ ختم ہوگیا۔ بھابی بھی ہمارے ساتھ ٹھیک ہوگئیں۔ غرضیکہ تمام مسائل آہستہ آہستہ ختم ہوتے چلے گئے۔ اس وظیفہ کا جہاں ہمیں دنیاوی فائدہ ہوا وہیں روحانی بھی بہت سے فائدے ہوئے وظیفہ پڑھنے کے دوران دو مرتبہ میرے ساتھ ایسے ہوا کہ میرے دل میں صرف ایک بات کا خیال گزرا کہ کاش ایسا ہوجائے تو اللہ پاک نے ویسا ہی کردیا مجھے وہ چیز عطا فرمادی اور یہ سب ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' کے وظیفے کی برکت سے ہوا۔

(1) حکیم صاحب! عبقری کے رسالہ سے میں نے اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ پڑھنے والا وظیفہ پڑھنے کا سوچا۔ میں بچیوں کو گھر میں قرآن پاک پڑھانے جایا کرتی تھی انہوں نے مجھے ہٹا دیا، میری تنخواہ میں سے انہوں نے مجھے پانچ سو روپیہ دینا تھا جو کہ نہیں دیا۔ حکیم صاحب میں نے صرف اس وظیفہ کو پڑھنے کا ارادہ ہی کیا تھا کہ انہوں نے مجھے خود آکر میرے پیسے مجھے لوٹا دیئے۔

سورۂ مزمل اور یا مغنی کا عمل

(2) دوسرا وظیفہ جو میں نے پڑھا اور مجھے اس سے فائدہ ہوا وہ ''سورۂ مزمل'' اور یَا مُغْنِیُ والا ہے جس سے مجھے بہت سے فائدے ہوئے میں سکول جاب کرتی تھی، میری تنخواہ کم تھی انہوں نے میری تنخواہ بڑھادی۔ طریقہ عمل: 3 مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اور گیارہ سو مرتبہ یَا مُغْنِیُ پڑھیں۔ اللہ کے فضل سے اس وظیفے سے رزق کی تنگی دور ہوجاتی ہے۔ 21 دن بلاناغہ اس وظیفے کو جاری رکھیں۔ (صبا اشرف' لاہور)

برکت کیلئے میرا آزمودہ روحانی عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' مجھے عملیات سیکھنے کا بہت شوق ہے' عبقری سالانہ روحانی کلاسوں میں شرکت کرتی ہوں اور عملیات سیکھتی ہوں۔ عبقری رسالہ میں ایک مرتبہ آپ نے کسی کو یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یہ عمل برکت کیلئے بتایا تھا۔ میں نے پڑھنا شروع کردیا' ماشاء اللہ روزانہ 1 ہزار مرتبہ یا اس سے زیادہ بھی ہوجاتا ہے' اس سے فائدہ بھی بہت پہنچ رہا ہے' برکت کا انوکھا انتظام بن گیا ہے۔ جب بھی کچھ چاہیے بس یہی پڑھتی رہتی ہوں۔ اللہ کے کرم سے بگڑا ہوا کام بھی سنور جاتا ہے۔

میں نے پہلے بھی ذکر کیا کہ مجھے عملیات کا بہت شوق ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کی اجازت سے جو بھی عمل کرتی ہوں اس میں کامیاب ہوتی ہوں، انشاء اللہ آئندہ بھی ناکام نہیں ہونگی اور مجھے امید ہے کہ میرے پیچھے میرے مرشد کا ہاتھ اور دعائیں ہے۔ عملیات میری مجبوری ہے اس کا شوق بھی مجھے حد سے زیادہ ہے اور میرے پاس مجبور ہوکر بہت زیادہ خواتین آتی ہیں۔ عبقری رسالہ سے دیکھ کر جو بھی اللہ تعالیٰ کا نام بتاتی ہوں' اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کو بہت فائدہ ہوجاتا ہے اور آہستہ آہستہ وہ نماز و پردے کی پابند ہوجاتی ہیں' عبقری رسالہ کا انہیں بتاتی ہوں' درس کا بتاتی ہوں' درس سنتی ہیں اور جب اعمال پر آتی ہیں تو دلی سکون ملتا ہے' جب خواتین آپس میں اعمال کے تذکرے کرتی ہیں روح تازہ ہوجاتی ہے۔ (زینب بی بی' اوکاڑہ)

اچھا انجام کس کا؟ ایک عجیب قصہ

بنی اسرائیل میں ایک آدمی تھا اس کی زبان پر اکثر یہ الفاظ ہوتے تھے الحمدللہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین۔ یعنی سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو جہانوں کا پروردگار ہے اور اچھا انجام پرہیزگاروں کے لیے۔ اس کے ایسے الفاظ سن کر شیطان کو اچھے نہ لگے اس کی کوشش تھی کہ اس کے یہ الفاظ کس طرح چھڑاؤں پھر اس نے ایک شیطان کو انسان کی شکل میں اس کی طرف بھیجا تاکہ اس سے یہ الفاظ کسی بھی طرح بند کروائے جائیں تو اس نے آکر اس نیک آدمی کو کہا کہ العاقبۃ للمتقین یعنی اچھا انجام پرہیزگاروں کے لیے نہ بول بلکہ العاقبۃ للاغنیاء یعنی اچھا انجام ساہوکاروں کے لیے ہے بول۔ شیطان نے کہا کہ ٹھیک ہے شرط لگاتے ہیں سب سے پہلے جو شخص یہاں سے گزرے گا اس سے پوچھیں گے پھر جو ہار جائے گا تو اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا اسرائیلی آدمی نے کہا کہ ٹھیک ہے شرط لگی میں جو کہہ رہا ہوں وہ صحیح کہہ رہا ہوں۔ تھوڑی دیر میں وہاں سے ایک آدمی گزرا اس کو کہا کہ ہمارا فیصلہ کرو یہ کہتا ہے کہ العاقبۃ للمتقین اور میں کہتا ہوں کہ العاقبۃ للاغنیاء تو بتا کہ صحیح کیا ہے تو اس نے کہا کہ العاقبۃ للاغنیاء یعنی اچھا انجام اغنیاء کے لیے ہے شرط کے مطابق اسرائیلی آدمی کا ہاتھ کاٹ دیا گیا شرط ہارنے کے بعد بھی اسرائیلی کی زبان پر وہی الفاظ تھے یعنی العاقبۃ للمتقین ایک دن دوبارہ شیطان اس کو ملا اور کہا کہ تو ابھی تک وہ ہی الفاظ کہہ رہے ہو اسرائیلی نے کہا میں ایسے ہی کہتا رہوں گا اس بات پر پھر بھی تو شرط رکھ میں جو کہہ رہا ہوں سچ کہہ رہا ہوں۔ شیطان نے کہا شرط لگی آج بھی اس آدمی سے فیصلہ کروائیں گے جو سب سے پہلے یہاں سے گزرے گا دونوں بیٹھے تھے تو تھوڑی دیر میں ایک آدمی کا وہاں سے گزر ہوا اس مرتبہ بھی اس آدمی نے پہلے کی طرح فیصلہ کیا کہ العاقبۃ للاغنیاء اس مرتبہ بھی اسرائیلی بیچارہ شرط ہار بیٹھا اور دوسرا ہاتھ بھی شرط کے مطابق کٹ گیا لیکن اس کے بعد بھی اس کی زبان پر وہ ہی الفاظ تھے کہ العاقبۃ للمتقین۔ یہ مومنانہ کی صفات ہیں۔

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولایتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

آپ کا سوال ۔۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں، اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ، یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ، بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں، جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں، ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو، جنات، بندشیں، اثرات، مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

فائزہ سہیل، لاہور۔ نسیم شکیل، کراچی۔ آسیہ بشیر، لاہور۔ غزل کبیر، قصور۔ عبدالرشید، محراب پور۔ عنبرین اقبال، قصبہ ملتان۔ تمثیلہ، فیروز والہ۔ مہر افروز، کراچی۔ عمر ذیشان، کراچی۔ محمد سلطان، کراچی۔ نسیم بی بی، کراچی۔ محمد عامر اقبال، لاہور۔ محمد علی، بہاولنگر۔ شگفتہ اقبال، کراچی۔ شازیہ خان، ڈنگہ گجرات۔ فیصل، لاہور۔ آسیہ قادر، ملتان۔ حاجرہ مبشر، گجرات۔ صنور سلطانہ، خانیوال۔ اطلس بادشاہ، حیدر آباد۔ محمد یوسف، ڈنگہ گجرات۔ مریم بابر، محمد سعد بابر، حاصل پور۔ اقبال بانو، ڈنگہ گجرات۔ خالدہ بی بی، اقبال نگر۔ افضل بی بی، ساہیوال۔ نور فاطمہ، کڑیانوالہ۔ عظمیٰ نورین، فیصل آباد۔ ثریا یاسمین، کراچی۔ ذاکر کریم، کراچی۔ روبینہ غلام محمد، گوجرانوالہ۔ مہر محمد کامل، 25/10r کپر۔ محمد مشتاق خاں، لاہور۔ محمد عمران خان، ساہیوال۔ سیدہ صدف رضوی، کراچی۔ کلثوم اختر، فیصل آباد۔ افضل حسین، حیدر آباد۔ فرخندہ خانم، لاہور۔ فائزہ، کوٹلی لوہاراں۔ عمران، میر پور خاص۔ نادر علی، خان پور۔ غزالہ بانو، ہری پور۔ شوکت محمود، حضرو۔ عادل بخاری، راولپنڈی۔ ارسلان حیدر، جنگ۔ محمد مسکین، واہ گارڈن۔ عائشہ، ملتان۔ جاوید احمد، ملتان۔ محمد اشرف، ملکوال۔ محمد چراغ، میانوالی۔ مرزا عرفان بیگ، چکوال۔ عارف محمود وارثی، راولپنڈی۔ سدرہ اقبال، پشاور۔ خالد، بہاولپور۔ طاہرہ صدیق، رحیم یار خان۔ حمیرا، کراچی۔ مدینہ ناز، ملتان۔ ماہ نور، حیدر آباد۔ محمد ضیاء الحق، لاہور۔ حنا، فیصل آباد۔ شبنم راٹھور، لاہور۔ رابعہ، لاہور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ o وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ o وَ اِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ o وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ، سات دفعہ، گیارہ دفعہ، جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

شاہدہ، کراچی۔ شبنم، حیدر آباد۔ شفاء الرحمن، واہ کینٹ۔ محمد رشد گوہر، واہ کینٹ۔ صغراں زاہد خان، لاہور۔ محمد فرید، بھکر۔ ندیم اختر، گوجرانوالہ۔ عمران مقبول، تلہ گنگ۔ محمد اشفاق، چونیاں۔ فہمیدہ بیگم، ہری پور۔ مقدس بانو، گوجرانوالہ۔ حنا سعید، دینہ۔ فہیم الدین، کنیز فاطمہ، ثمینہ خاتون، راولپنڈی۔ نایاب علیم، عاطف مغل، راولپنڈی۔ حسینہ زیب، پشاور۔ مریم مصطفیٰ، شاہدرہ۔ عائشہ مظہر، اسلام آباد۔ عاصمہ حامد، لاہور۔ کرن، چکوال۔ سدرہ، میر پورہ خاص۔ زینت، پشاور۔ بابا محمد سرور، پاکپتن۔ حسین حیدر، کراچی۔ ارم، مانسہرہ۔ شکیل ارشد، کراچی۔ زینب اقبال، دیپالپور۔ عبدالرحیم، چک 32، رضیہ امداد، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ محمد نواز صابر، کبیر والہ۔ حمزہ انوار، لاہور۔ حفصہ عزیز، کراچی۔ رفعت ناز، کراچی۔ عائشہ عامر صدیقی، لاہور۔ اشرف بیگ، چوآسیدن شاہ۔ حاجی کنور فاروق احمد، سیالکوٹ۔ ہمایوں مبشر، سرگودھا۔ عائشہ کلثوم ظہیر، لاہور۔ لبنیٰ ساقی، جھنگ۔ گل محمد، پشاور۔ محمد کاشف حسین، قصور۔ محبوب خان، چکنمبر 197 ک ب۔ شاہدہ پروین، کراچی۔ نعمت، خان پور۔ نسرین اختر، کراچی۔ محمد سلیم، کراچی، عرشمان سلیم، کراچی۔ ارم اشفاق، ٹنڈو الہیار۔ خواج محمد، لاہور۔ طلعت روبی، لاہور۔ روبینہ یوسف، پنجگرائیں۔ فہیم آصف، بھیرہ۔ سیدہ عمیرہ نذر، باغ آزاد کشمیر۔ محمد ثاقب، ہری پور۔ عبدالصمد، کراچی۔ شکیلہ، کنری پاک سندھ۔ امتیاز اکبر، رحیم یار خان۔ سید محمد محسن، واہ کینٹ۔ خورشید حیدر، کراچی۔ غلام مجتبیٰ، کراچی۔ اقراء سعید، خوشاب۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں

يَاحَكِيْمُ يَاعَزِيْزُ يَالَطِيْفُ يَاوَدُوْدُ بکثرت یعنی روزانہ وضو، بے وضو، پاک، ناپاک، ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔ یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے، چند مہینے ضرور کریں۔ دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

محمد جہانزیب، سرگودھا۔ تسمیہ عزیز، میاں چنوں۔ عاشق محمود، کراچی۔ فرزانہ، گوجر خان۔ محمد اسامہ شکیل، لاہور۔ شاہد انجم، کراچی۔ شکیلہ ربانی، راولپنڈی۔ عنایت اللہ عباسی، راولپنڈی۔ شاہدہ سعید، گوجرہ۔ جویریہ اقبال، جہانیاں۔ عمارہ علی، کراچی۔ سجاد حیدر، مظفر گڑھ۔ چمن سلطانہ، کراچی۔ اسامہ، کراچی۔ راشد محمود، کراچی۔ رقیہ، کراچی۔ سبین شہزاد، ٹنڈو الہ یار۔ اسماء کیانی، اسلام آباد۔ کلثوم یونس، کامونکی۔ حرا، ملتان۔ شازیہ شگفتہ، پاکپتن۔ محمد رمضان، سوات۔ ظہور احمد، پنڈی گھیپ۔ افتخار احمد، سرگودھا۔ عابدہ شاہین، ٹبہ سلطانپور۔ گلشن شوکت، پتوکی۔ عبدالستار، بھمبر آزاد کشمیر۔ رضیہ بی بی، مری۔ محمود دلاور، شیر گڑھ۔ زاوار حسین شاہ، مندرہ گوجر خان۔ محمد یٰسین، خانیوال۔ اشتیاق احمد، سرگودھا۔ محمد سجیل طارق، واہ کینٹ۔ سارہ ریاض، پدھراڑ۔ محمد اقبال، کراچی۔ عبدالخالق منگی، سکھر۔ محمد صہیب صدیق، میانوالی۔ محمد طیب طارق، راولپنڈی۔ عظمیٰ ریاض، مظفر گڑھ۔ محمد عثمان، ٹیکسلا۔ عشرت شاہین، کراچی۔ علاؤالدین خان، پشاور۔ سیدہ ثمینہ ظفر، اسلام آباد۔ عظیم اللہ، خیبر ایجنسی۔ جمشید علی، مقبولپور۔ شکیلہ، شیخوپورہ۔ صغراں زاہد خان، لاہور۔ محمد اقبال، منڈی روڈ الہ، ظہیر جاوید، لاہور۔ مسعود احمد، کوئٹہ۔ عائشہ اکرم، کروڑ لعل عیسن۔ عابدہ اختر، راولپنڈی۔ ربیعہ تحریم، منڈی بہاؤالدین، شکیل احمد، کراچی، فیض احمد، راولپنڈی۔ فوزیہ پروین، ملتان۔ نادیہ مقصود، ملتان۔ آسیہ بتول، تلہ گنگ۔ منیبہ ثاقبہ، راولپنڈی۔ صائمہ عرف ثمن، رحیم یار خان۔ کشور سلطانہ، کراچی۔ سیمل ضیاء، راولپنڈی۔ مظہر اقبال، سرائے عالمگیر۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب **مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ** پر پہنچیں تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں، وضو نا وضو، پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

انوکھی شفاء
مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔ کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔ دوران کھیل کود چوٹ، موچ، ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا، اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کر دیتا ہے۔
بڑی بات کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

پاؤ ہلدی اور آدھا کلو مکھن! 13 دن سے بیمار بھینس بالکل تندرست

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

نیاز، بہاول نگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہاولنگر کے ایک مقامی گاؤں میں رہتا ہوں، ہمارا کام کھیتی باڑی کا ہے اور ساتھ ہم نے جانور بھی رکھے ہوئے ہیں، عبقری رسالہ پڑھتے ابھی کچھ عرصہ ہی ہوا ہے، عبقری رسالہ میں موجود ''کسان دوست سلسلہ'' ہمیں بہت پسند ہے، اس میں موجود جانوروں کے حوالے سے طبی و روحانی ٹوٹکے بہت شاندار ہوتے ہیں، کسانوں کو اس سے بہت فائدہ حاصل ہو رہا ہے۔ میرے پاس بھی ان کسانوں کے دو آزمودہ نسخہ جات ہیں جنہوں نے جانور پال رکھے ہیں اور خاص طور پر بھینسیں۔ ہم نے بھینسیں پال رکھی ہیں، چند ماہ پہلے ہماری بھینس کو ایک بیماری لگ گئی کہ وہ ہر وقت بیٹھی رہتی تھی، بہت کوشش کی، ڈاکٹرز بلائے، انجکشن لگوائے، ادویات دیں، مگر بھینس اٹھنے کا نام ہی نہ لے رہی تھی، ہمیں کسی نے بتایا کہ اس کے جوڑ رک گئے ہیں، یہ بھینسوں کی موذی بیماری ہے۔ اس بیماری میں بھینسیں اکثر بیٹھی بیٹھی ہی مر جاتی ہیں۔ علاج کرواتے 13 دن بیت گئے مگر بھینس نہ اٹھی۔ پھر ہمیں کسی نے یہ نسخہ بتایا۔ ھوالشافی: ایک پاؤ ہلدی (انڈین) سفوف کرلیں، آدھا کلو مکھن دونوں کو اچھی طرح ملالیں، پھر فرج یا برف میں خوب ٹھنڈا کر کے دو سے تین گولے بنا کر جانور کو کھلا دیں۔ اسی طرح مسلسل تین دن دیں، بالکل بیٹھا ہوا جانور کھڑا ہو جاتا ہے اور چلنا پھرنا شروع کر دیتا ہے۔ جیسے کچھ ہوا ہی نہیں، ہماری اپنی بھینس 13 دن تک بیٹھی رہی مگر تین دن علاج سے مکمل ٹھیک ہوگئی۔

نوٹ: سردی کا موسم ہو تو مکھن کی بجائے پکا ہوا دیسی گھی استعمال کر سکتے ہیں۔ جانور چھوٹا ہو تو مقدار کم کرلیں۔

جانور کو پیشاب کیساتھ خون آنا

اس بیماری سے ہمارے کئی جانور ضائع ہوئے، کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے، اس بیماری میں جانور کا معدہ خشک ہو جاتا ہے اور پیشاب کے ساتھ خون آنا شروع ہو جاتا ہے، جب بھی کسی جانور کو یہ بیماری لگ جاتی، بڑی پریشانی بنتی، بڑے قیمتی جانور اس بیماری کی وجہ سے ضائع ہوئے۔ ہمیں معلوم ہوا کہ میانوالی میں ایک صاحب ہیں جن کے پاس ایک نسخہ ہے جس کے استعمال سے جانور اس موذی مرض سے ٹھیک ہو جاتے ہیں، خاص اس نسخہ کو لینے میانوالی گیا، بڑی منت سماجت اور مشکل سے یہ نسخہ ان سے حاصل کیا۔ ھوالشافی: مکھن ایک پاؤ، گلوکوز ایک چھوٹا ڈبہ دونوں ملالیں اور جانور کو کھلا دیں، صرف ایک خوراک سے پیشاب خون سے صاف ہو جاتا ہے، معمولی کسر رہ جائے تو ایک خوراک اور دے دیں بے ضرر چیز ہے اور کمال کا نسخہ ہے۔ نوٹ: اصلی مکھن نہ ملنے کی صورت میں بازاری مکھن استعمال کریں۔

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو، یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند، سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری حویلی جائیے! گیارہ کیل کا عمل آزمائیے اور کمال دیکھئے!

گیارہ کیل سے بیماری ختم: جب سے ہوش سنبھالا سر درد کے مرض میں مبتلا ہوں، عبقری حویلی کا بہت نام سنا تھا، وہاں گیا، بتائے اعمال کیے، مجھے وہاں گیارہ کیل دیئے گئے اور ایک کھجور کے تنے کا بتایا گیا کہ یہ دم شدہ کیل ہیں اور ان پر خاص عمل کیا گیا ہے، آپ یہ کیل اپنی پریشانیوں، جادو، جنات، بندشوں کا تصور کرتے ہوئے اس کھجور کے تنے میں ہتھوڑی سے ٹھونکیے، جیسے جیسے کیل ٹھونکتے جائیں گے آپ کی بندشیں، جادو جنات، کاروباری زوال، نظر بد، گھریلو الجھنیں، میاں بیوی کی نفرت سب ختم ہوتی جائے گی اور واقعی ایسا ہوا میں نے کیل ٹھونکے میرا سر درد ادھر ہی ختم ہوگیا۔ (کامران، ملتان)

شام کو کرایہ مل جائیگا: شوہر ایک پرائیوٹ کمپنی میں ملازم ہیں گزشتہ دو ماہ سے کمپنی ملازمین کو تنخواہیں نہیں دے رہی تھی۔ ہمارا کرائے کا گھر ہے۔ دو ماہ سے کرایہ نہیں دیا۔ مالک مکان گھر خالی کرنے کا کہہ رہا تھا۔ میں نے بیٹے کے ساتھ جا کر ''عبقری حویلی'' میں ''حاجات قبول بورڈ'' پر حاجت لکھی، خوب رو کر اللہ سے دعا کی اور وظائف کیے۔ گھر پہنچنے پر شوہر کا فون آیا کہ دو ماہ کی تنخواہ مل گئی ہے مالک مکان سے کہہ دو شام کو کرایہ مل جائے گا۔ (م، بہاولپور)

اولاد راہ راست پر آگئی: میرے بچے برائیوں میں مبتلا ہوگئے تھے، گمراہی اور گناہوں بھری زندگی بھرپور طریقے سے گزار رہے تھے اور میں ان کو دیکھ دیکھ کر کڑھتی رہتی، اپنے شوہر کے ساتھ صبح سویرے عبقری حویلی پہنچی، وہاں بتائے اعمال سارا دن کیے، خاص طور پر گیارہ کیل والا عمل کیا، میں حیران رہ گئی، ادھر کیل کھجور کے تنے میں لگائے ادھر جسم پر ایک بوجھ تھا وہ ختم ہوگیا، گھر میں سکون آگیا، گزشتہ روز میں حیران ہوئی کہ میرے بیٹے نے اٹھ کر نماز پڑھی۔ اب میری بات بھی مانتے ہیں اور ادب سے بھی پیش آنا شروع ہوگئے ہیں۔ (بیگم شہروز، رحیم یار خان)

پسند کی شادی: ہمارے ایک دور کے رشتہ دار تھے، میں ان کی بیٹی سے نکاح کرنا چاہتا تھا، گھر والوں نے رشتہ کی بات کی مگر بات نہ بن رہی تھی، میں چونکہ احمد پور شرقیہ کا رہائشی ہوں اس لیے اس نیت سے روزانہ عبقری حویلی جانا شروع ہوگیا اور بتائے گئے اعمال کرنا شروع کر دیئے، میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ رہا کہ گزشتہ دنوں خود ان کی والدہ نے میری والدہ سے رشتہ کی بات کی، الحمدللہ! اب میری بہت جلد منگنی اسی جگہ ہو جائے گی جہاں میں چاہتا تھا۔ (آصف، احمد پور شرقیہ)

جنات نے پیچھا چھوڑ دیا: میری اہلیہ پر ایک جن سوار تھا، بہت علاج کروائے مگر بے سود۔ جب بھی کسی عامل کو بلاتے وہ جن الٹا اسے نقصان پہنچا دیتا۔ مجھے ایک عزیز نے ''عبقری حویلی'' کا بتایا۔ میں اہلیہ کو لیکر وہاں گیا، بتائے گئے اعمال کیے، ''حاجات قبول بورڈ'' پر حاجت لکھی، گیارہ کیل کا عمل کیا، اسی رات ہمارے گھر سے رونے اور چیخنے کی آوازیں آئیں، پھر خاموشی چھا گئی، وہ دن اور آج کا دن دوبارہ کبھی اہلیہ پر جنات کا حملہ نہیں ہوا۔ (سرفراز حیات، ڈیرہ غازیخان) (عبقری حویلی میں کرنے والے اعمال کی تفصیل صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ فرمائیں!)

جوہر شفاء مدینہ

موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج

شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود کار بٹی اور کسوٹی بنا دیا ہے

بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہو جاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔

معدہ کا مسئلہ، بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں

قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

چالیس سالہ بانجھ بھابھی! مسافر بڑھیا کا ٹوٹکہ اور بانجھ اولاد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج عبقری رسالہ میں دو آزمودہ مشاہدات لیکر حاضر ہوئی ہوں۔ ایک نسخہ میرا آزمودہ ہے جبکہ ایک میری بھابی کا آزمودہ ہے۔ پہلے میرا آزمودہ نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔ ھوالشافی: ایک چھٹانک چھوٹی ہریڑ کے چار حصے کرلیں اور جب ماہواری آئے تو پہلے چار دن نہار منہ ایک کلو پانی میں ایک حصہ پکا کر ایک کپ رہ جائے تو آگے پیچھے درود شریف پڑھ کر دعا مانگ کر پہلے چار دن پی لیں۔ ان شاء اللہ اگلے ماہ ہی امید سے ہوجائے گی۔ اگر اگلے ماہ امید نہ لگے تو پھر اگلی ماہواری پر اسی طرح پہلے چار دن پی لیں۔ امید ہے ان شاء اللہ تیسری مرتبہ ناامیدی نہ ہوگی۔ میرا اپنا آزمودہ ہے۔

بوڑھی خاتون پانی پینے آئی، ٹوٹکہ دے گئی اور بے اولادی ختم: سونف کی جڑ سوکھی ہوئی پنساری کی دکان سے آسانی سے مل جائے گی۔ سونف کی جڑ لے کر اسی طرح رات کو بھگودیں ایک کلو پانی لیں اور ماہواری کے پہلے چار پانچ دن استعمال کریں، ایک کلو پانی میں پکا کر ایک کپ رہ جائے تو پی لیں اور اگر اس مہینے امید نہ ہو تو دوسرے مہینے اسی طرح پانی پکا کر پی لیں۔ ان شاء اللہ امید ہوجائے گی۔ آزمودہ ہے۔ میری اپنی بھابھی کو 40 سال ہوگئے تھے، اولاد سے محرومی تھی، کوئی بڑی بی ان کے گھر پانی پینے کیلئے آگئی اور اس نے یہ نسخہ بتایا، فوراً اللہ کے حکم سے امید ہوگئی۔ جسے ڈاکٹرز نے بانجھ قرار دے دیا تھا، پھر ان کو رپورٹ دکھائی گئی تو انہوں نے بے ساختہ کہا کہ ''لاکھ کی نہ لگے راکھ کی لگ جاتی ہے'' ان اب ماشاء اللہ دو بیٹیاں ہیں۔

دانت میں کیڑا لگنے کا آزمودہ نسخہ: بچے اور بوڑھے جن کے دانتوں میں کیڑا لگ گیا ہو یا ڈاڑھ وغیرہ ٹوٹ جائے اور سوجن ہوجائے یعنی منہ سوج جائے تو امرود اور چنبیلی کے سات آٹھ پتے پانی میں ابال کر اس میں تھوڑا سا نمک ملا کر اس کی کلیاں کی جائیں، پانچ چھ مرتبہ اور ڈاڑھ یا دانت کی پانی کچھ دیر منہ میں رکھ کر سکائی کی جائے، کیڑا فوراً مرجائے گا اور فوراً آرام آجائے گا۔ میرے اپنے بچوں اور عزیزوں کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ **زیادہ دیر بیٹھنے سے پیر سوجائیں تو یہ نسخہ آزمائیں:** پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن پر اور پاؤں کے تلوے میں تھوڑا سا انگلی سے تھوک لگادیں، فوراً سنسناہٹ ختم ہوجائے گی اور پاؤں اپنی اصلی حالت میں آجائے گا۔ آزمودہ ہے۔ (ریحانہ طارق، بہاولنگر)

ٹوٹکے استعمال کرنے والوں کا مذاق اڑاتی مگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھنا 2016 سے شروع کیا بہت زیادہ پسند آیا اس لیے خط لکھ کر بھیج رہی ہوں۔ میرے پاس ڈاڑھ کے درد ختم کرنے کا میرا خود کا آزمودہ عمل ہے آپ یقین جانے میری ڈاڑھ میں بے حد زیادہ درد تھا ڈاکٹر نے چیک اپ کرنے کے بعد درد کی گولیاں لکھ دیں جو کھانے سے وقتی طور پر آرام آجاتا لیکن دو تین گھنٹے بعد پھر درد شروع ہوجاتا، درد کی وجہ سے میرا پورا منہ سوج گیا۔ ارادہ ہوا کے ڈاڑھ نکلوادوں۔ میں نے اپنی سہیلی سے کہا میرے ساتھ ڈاکٹر کے پاس چلو ڈاڑھ نکلوانے کے لیے اس نے مجھے ڈاڑھ نکلوانے سے منع کردیا اور مجھے اپنی والدہ کے پاس لے گئی جنہوں نے مجھے ایک ٹوٹکہ بتایا اور کہا استعمال کرو انشاء اللہ فرق پڑے گا لیکن درد اتنا زیادہ تھا کہ کوئی بھی ٹوٹکہ آج تک مجھ پر اثر نہیں کرتا تھا میں نے کہا آنٹی یہ ٹوٹکے ایسے ہی ہوتے ہے کوئی فرق نہیں پڑتا وہ آنٹی اپنا ٹوٹکہ بتاتی رہی لیکن میں ٹوٹکے ماننے سے انکار کرتی رہی۔ خیر میری سہیلی نے کہا کہ یاد آیا آج تو ہفتہ ہے اور ہفتہ، اتوار تو ڈاکٹروں کی چھٹی ہوگی میں نے کہا ٹھیک ہے پھر پیر والے دن چلیں گے۔ پھر میں اپنے گھر کی جانب نکل پڑی راستے میں میں نے سوچا کے ڈاڑھ درد کی گولی تو گھر میں موجود ہے کیوں نہ آنٹی کا بتایا ہوا ٹوٹکہ بھی آزمایا جائے۔ میں ٹوٹکے کا سامان لے کر گھر پہنچ گئی اور ٹوٹکہ تیار کر کے آزمایا آپ یقین جانے جو درد کی گولیاں میں نے خریدی تھی وہ ویسے ہی رکھی رہیں گولیوں سے بہتر چیز میرے لیے یہ ٹوٹکہ رہا اب جس کی بھی ڈاڑھ میں درد ہو تو یہ ٹوٹکہ بتاتی ہوں ان شاء اللہ فائدہ ضرور ہوتا ہے۔ ٹوٹکہ یہ ہے:

ھوالشافی: پودینہ کا ست چھوٹا سا ٹکڑا لے کر تھوڑی سی روئی میں لپیٹ کر ڈاڑھ میں رکھ لیں 10 سے 15 منٹ رکھا رہنے دیں اور روئی نکلنے کے بعد نیم گرم پانی میں تھوڑا سا نمک ملا کر غرارے کریں، یہ عمل دن میں دو، تین مرتبہ دہرائیں، ان شاء اللہ درد غائب ہوجائے گا۔ محترم حضرت حکیم صاحب میرا نام اور شہر ہرگز شائع نہ کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

بچے کی الٹیاں نہ رکتی تھیں! یہ ٹوٹکہ آزمایا آرام آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر آپ کے بچوں پر آپ کے والدین پر اور آپکی قیامت تک آنے والی نسلوں پر اپنی رحمتوں، برکتوں، عافیتوں، رزق اور اپنی رضا کی بارش کرتا رہے اور تسبیح خانے کو قیامت تک آباد و شاد رکھے اسی طرح مخلوق کو اللہ تک پہنچانے کا ذریعہ بنادیا۔

الٹی بند نہ ہو رہی ہو تو: آج سے تقریباً 14 سال پہلے میرا سب سے چھوٹا بیٹا تقریباً 2 سال کا تھا اسے الٹیاں شروع ہوگئیں، تین چار دن میں اپنے شہر کے ڈاکٹروں کو دکھاتی رہی پھر اپنے میکے (شورکوٹ) لے گئی وہاں چائلڈ اسپیشلسٹ کو چیک کروایا انہوں نے انجکشن، ڈرپیں، دوائیاں سب کچھ کر کے دیکھ لیا مگر بچے کی الٹیاں نہیں رک رہی تھیں، چوتھے دن شام کو میرا بچہ ایسے نڈھال ہوگیا اس کی آنکھیں بند ہوگئیں اور وہ بے ہوش، نہ آنکھیں کھولے اور نہ ہی ایک منٹ کے لیے اس کی الٹی بند ہوئی ایسے میں ہماری ایک کرایہ دار اور میری کلاس فیلو آئی مجھ سے کہنے لگی خالدہ تمہیں یاد نہیں ہمارے پاس جو ٹوٹکوں والی کتاب ہے اس میں ایک ٹوٹکہ ہے اس نے مجھے یاد کروایا اور میں نے اسی وقت بچے کو بنا کر صرف ایک چمچ پلایا حکیم صاحب یقین کریں چار راتوں سے ایک پل بھی نہ سونے والا میرا بچہ ایسے سویا کہ پھر اسے دوبارہ الٹی نہیں ہوئی اس کے بعد میں نے احتیاطاً دو چار بار ایک ایک چمچ ٹوٹکہ دیا لیکن پہلے ہی چمچ سے چار دن کی ایک منٹ نہ رکنے والی الٹی رک گئی۔ ٹوٹکہ یہ تھا زیرہ سفید دھوکر (ایک بڑا چمچ) کونڈی میں ڈال کر تھوڑے سے پانی کے ساتھ پیس لیں تقریباً آدھا گلاس پانی میں ملا کر چٹکی بھر نمک اور ایک چمچ چینی بھی ڈال دیں اور چھان کر، بچہ ہو تو چمچ چمچ وقفے وقفے سے پلائیں بڑا ہو تو دو دو گھونٹ۔ اب تو میں زیرے کو گھوٹنے کی بھی تکلیف نہیں کرتی اگر کسی کو الٹی شروع ہو تو آدھا چمچ زیرہ، آدھا چمچ چینی اور ایک چٹکی نمک دیتی ہوں کہ منہ میں ڈل کر چبائیں، ٹھنڈا پانی پی کر نگل لیں، فوراً فرق پڑ جاتا ہے بچے کو بہرحال گھوٹ چھان ہی دینا چاہیے۔

پیش کش کے لیے آزمودہ ٹوٹکہ: (باقی صفحہ نمبر 9)

درد کی ہر بل بام
خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت کئی ہفتے چلے
پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو، بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو، فالج، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے، کسی عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، لاغری، ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، موچ آجانا، بجلی کا شاک لگنا، کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ جوڑ درد کرتا ہو، بس دردی ہر بل بام کا استعمال کریں
قیمت -/80 روپے
ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جسم سے روزانہ دس منٹ کشتی! سو سال عمر

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

92 سالہ اماں کی فٹنس بحال

چھوٹا ہی تھا کہ والدہ مرحومہ رحمۃ اللہ علیہا کے ساتھ بعض اوقات مجھے ایک گھرانے میں جانا ہوتا تھا' اماں کا مزاج تھا کہ وہ لوگوں کو کھلاتی پلاتیں اور دیتی دلاتی بہت تھیں۔ ایک گھر میں ایک بوڑھی خاتون جن کو سب ''دادی اماں'' کہتے تھے' ان سے اماں کا تعلق تھا۔ گھنٹوں ان کے پاس بیٹھنا' دعائیں دینا اور لینا اور ہدیہ لے کر جانا۔ بوڑھی خاتون کی عمر کا اندازہ مجھے ایسے ہوا کہ کہتی تھیں میں نینی تال انڈیا سے جب آئی تھی تو اس وقت میری ایک بیٹی جوان تھی اور دو بچے سمجھ دار تھے' میں نے عمر کا اندازہ لگایا کہ اماں کی عمر اس وقت بیانوے سال تھی اور پھر اماں سو سال سے بہت اوپر ہو کر فوت ہوئیں اور مجھے جس چیز نے حیرت میں مبتلا کیا کہ اماں ہمیشہ صحت مند' تندرست' اٹھنے بیٹھنے میں نہایت چست اور باکمال بلکہ اس وقت کی جوان خواتین بھی حیران ہوتی تھیں کہ اماں کتنی صحت مند اور تندرست ہے اور یہ صحت اور تندرستی شاید ہر شخص کو میسر نہ ہو۔ بعض اوقات ایسا ہوتا تھا کہ بیانوے سال کی عمر میں بانس کی بڑی سیڑھی پر چڑھ کر گھر کے اوپر کا شیڈ صاف کر رہی ہوتی تھیں' کبھی بلب بدل رہی ہوتیں جو کہ فیوز ہو چکا ہوتا تھا' کبھی چھت کے جالے اتار رہی ہوتیں' انہیں گھر والے روکتے تھے لیکن وہ صحت میں بالکل چست اور جوانی کی طرح کہ حیرت ہوتی تھی۔ گھر کی صفائی' گھر کے کام کاج حتیٰ کہ ایک بار تو مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ یہ اس دور کی بات ہے جب سوئی گیس نہیں آئی تھی اور جلانے کے لیے عموماً لکڑیاں استعمال ہوتی تھیں۔

اماں صحت مند ہے تو کیوں ہے؟ تندرستی کا راز کیا؟

ایک بڑی موٹی لکڑی چولہے میں نہیں آ رہی تھی اماں نے کلہاڑا لیا اس لکڑی کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا شروع کر دیا۔ میں دیکھ رہا تھا' ان کا چہرہ سرخ تھا اور لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر رہی تھیں اور ان کے اردگرد جوان پوتے پوتیاں' نواسے نواسیاں کھڑے مسکرا رہے تھے اور بہت سے قہقہے لگا رہے تھے۔ قارئین! مجھے اس بات کا احساس ہے کہ ان کے خاندان میں اس راز کو کئی بار سنا ہوگا شاید کسی نے عمل کیا ہو کیونکہ بوڑھی اماں جہاں پرانے قصے سناتی تھی وہاں لوگوں کو اپنی فٹنس تندرستی کے راز بھی بتاتی تھیں اور بتاتی تھیں کہ وہ صحت مند ہے تو کیوں ہے؟ ان کی تندرستی کا راز کیا ہے؟ ان کی صحت اور چستی کا کمال کیا ہے؟ لیکن مجھے یاد نہیں کیونکہ ان کے پوتے پوتیاں' نواسے اور نواسیاں اب بوڑھے ہو چکے ہیں۔ اس خاندان سے تعلق ہے اماں کب کی فوت ہو چکی ہیں لیکن میں نے اماں کی طرح کسی کو صحت مند تندرست اور توانا نہیں دیکھا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اماں جو اپنے جسم کو وقت دیتی تھیں وہ یہ لوگ نہیں دے رہے' جب وقت دے نہیں رہے تو پا نہیں رہے' جب پا نہیں رہے تو اس کا اظہار نہیں ہو رہا بلکہ اس دور میں جو سب سے زیادہ قہقہے لگانے والا ان کا پوتا تھا ابھی کچھ عرصہ پہلے مجھے بڑے تپاک محبت سے ملا' لیکن مجھے حیرت ہوئی کہ وہ بہت بوڑھا ہو چکا تھا اور بہت ڈھل چکا تھا تو میں نے اچانک اس سے وہ بوڑھی اماں کا راز یاد دلایا۔ کہنے لگے: ہاں دادی اماں یہ باتیں اور اس کے علاوہ اور بھی صحت کے راز بتاتی تھیں مگر اب کہاں فرصت ہے' مشینی دور ہے' اس طرح کی اور بہت سی مایوسی کی باتیں کرنے لگے۔

محلے کی ہر دلہن دادی اماں کے بغیر نہ سنورتی

میرے اندر احساس بیدار ہوا کہ ان کے پاس اپنے لیے وقت نہیں ہے اور یہ دراصل اپنے لیے ہونا صرف اپنی ذات کے لیے نہیں ہے بلکہ یہ وقت دراصل مخلوق کی خدمت کیلئے ہوتا ہے وہ بوڑھی اماں اسی طرح مخلوق کی خدمت کرتی تھی اور اسی طرح مخلوق کو فیض دیتی تھی۔ گھر کی خدمت کرتی تھی' لوگوں کے لیے بوجھ نہیں تھی' بڑھاپے کی ڈھیری اور بیماریوں کا صندوق نہیں تھی بلکہ ہر مریض کی عیادت کرتی' اس کو دلاسا دیتی' اس کو مالش کرتی صحت مند اور مریضانہ غذائیں پکا پکا کر کھلاتی وہ گھر کی آیا بھی تھی' وہ گھر کی دھوبن بھی تھی' وہ گھر کی خادمہ بھی تھی' وہ گھر کا سنگھار بھی تھی' محلے کی دلہن کوئی بھی ہو' دادی اماں کے بغیر نہ سنورتی تھی اور نہ بنتی تھی بلکہ جس دلہن میں کوئی کمی یا جھول دیکھی فوراً لوگوں نے کہا لگتا ہے اسے دادی اماں کے ہاتھ نہیں لگے۔ گفتگو کا سلیقہ' کھانے کا انداز' پہناوا یہ سب کچھ دادی اماں نے سکھایا بھی تھا اور اپنایا بھی تھا لیکن بہت کم لوگ ان سے یہ چیز حاصل کرتے تھے۔

آیئے! میں آپ کو صحت مندی کا وہ راز بتاتا ہوں جو دادی اماں نے میری والدہ محترمہ رحمۃ اللہ علیہا یعنی اماں کو بتایا۔

ٹی بی ہوئی تو ایک دانا حکیم نے یہ راز بتایا

کہنے لگیں: یہ اس دور کی بات ہے جب جنگ عظیم اول ختم ہوئی' مجھے ٹی بی ہو گئی' اس دور میں ٹی بی کی بیماری عام تھی' ہر کسی کو ہو جاتی تھی' میرے والدین نے ٹی بی کے علاج کے لیے بہت بھاگ دوڑ کی' میں صحت مند ہو گئی' ٹی بی کے بہت بڑے معالج تھے' انہوں نے نصیحت کی یہ بیٹی روزانہ نہائے اگر روزانہ نہیں نہا سکتی تو ایک دو دن کا وقفہ کر لے لیکن جب بھی نہائے یہ کبھی تولیہ استعمال نہ کرے' خالص سرسوں کا تیل یا زیتون کا تیل سر سے لے کر پاؤں تک اس کی مالش کرے' اس کا طریقہ انہوں نے یہ بتایا کہ گیلے جسم پر تھوڑا سا تیل لیں خوب سر کو ملیں اگر آپ تھوڑا محسوس کریں تو اور تیل سر کو لگائیں لیکن خوب جذب کریں صرف لگانا نہیں پھر اسی طرح گردن' پھر تھوڑا سا تیل ہاتھوں پر لگائیں' بازوؤں پر' پھر اسی طرح ہلکا ہلکا تیل لگاتے جائیں جسم کے ہر حصے کی خوب مالش خوب جذب کرتے جائیں حتیٰ کہ رانیں' پنڈیاں' ٹخنے' پاؤں تک کی انگلیوں کے اندر بھی اس کے بعد پانی نہ بہائیں کیونکہ جسم گرم ہوگا' پانی بہانے سے یکا یک ٹھنڈا ہو جائے گا اور یہ سخت نقصان دہ ہے۔

دوسرا راز جو اکثر اماں بتاتی تھیں!

بس یہی راز ہے! اور دوسرا بوڑھی اماں اکثر بتاتی تھیں ہمیشہ چبا چبا کر کھاؤ' کم کھاؤ' بھوک کو آنے دو اور بھوک کا لطف لو' اور جب طبیعت میں بے چینی' بے کلی' بے قراری' بھوک کے نام پر بڑھ جائے پھر کچھ کھاؤ پیو ابھی بھوک کی طلب یعنی کھانے کی طلب ہو تو کھانا چھوڑ دو' بس یہی راز ہے اور یہی راز زندگی کے راز ہیں۔ کیا ہمارے پاس اپنے جسم کیلئے دس منٹ نہیں ہیں کہ ہم اپنے جسم کی مالش کریں' نہانے کے لیے جو کیمیکل استعمال کرتے ہیں وہ ہمارے جسم کو کھوکھلا کر رہے ہیں اور سونے کے لیے جو میٹرس اور فوم استعمال کرتے ہیں وہ ہمارے جسم کو نچوڑ رہے ہیں' اس کی مثال یہ ہے کہ آپ جب زمین پر پانی گرا ہو تو فوم سے اس پانی کو جذب کر لیتے ہیں اسی طرح جب آپ گھنٹوں فوم پر بیٹھتے اور سوتے ہیں وہ آپ کے جسم کی تمام رعنائیاں (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

شوگر کورس
بے شمار کا آزمودہ! شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نصیحت اور اصلاح

'میرے بیٹے کی عمر سات سال ہے حد سے زیادہ شرارتی ہے میرے کام کی نوعیت کچھ ایسی ہے کہ دو ہفتے اور کبھی ایک ماہ گھر سے دور رہنا ہوتا ہے۔ اس دوران بیوی اور بچہ اپنے گھر کے بجائے نانی کے گھر رہتے ہیں۔ مجھے گھر آنے کے بعد شکایات سننے کو ملتی ہیں تو بچے پر سختی کرتا ہوں۔ میرے غصے پر وہ مجھے حیران ہو کر دیکھتا ہے جیسے اس نے کچھ کیا ہی نہیں' تب دل ہی دل میں مجھے احساس ہوتا ہے کہ میں نے اس کو تکلیف دی وہ مجھے برا نہ سمجھنے لگے۔ (عمر جاوید، فیصل آباد)

مشورہ: سات سال کی عمر کا بچہ دو ہفتے یا ایک ہفتے کی ساری شرارتیں آپ کو دیکھ کر یاد نہیں کر سکتا۔ اگر اس کو احساس دلایا جائے تب بھی وہ اپنی غلطیوں کا ایسا اندازہ نہیں کر پائے گا جیسا کہ غلطی کے وقت کر سکتا ہے یا کسی نقصان پر ہوتا ہوگا۔ بہتر یہ ہے کہ بچے کو غلطی، جرم یا کسی بدتمیزی کرنے پر فوراً ہی نصیحت کی جائے۔ یہ کام اس کی والدہ بھی بہتر کر سکتی ہیں۔ نانی کے گھر اس بات کی اجازت نہ ہو کہ جو چاہے بچے کی پٹائی کر دے اور پھر والد کے آنے پر مزید سزا دلوائی جائے۔ آپ بچے سے ملاقات پر خوشی اور گرم جوشی کا اظہار کریں۔ اس کے بعد جو وقت اس کے ساتھ گزاریں اس میں نصیحت اور اصلاح دوستانہ انداز میں کرتے رہیں۔

ہر روز اک نئی کہانی وہ بھی جھوٹی

ایک دوست اپنے گھر کی باتیں کرتی تو میں حیران ہو جاتی' ایک روز اس نے بتایا کہ اس کی امی نے اس کی تصویر کمرے کی پوری دیوار پر بنوائی ہے' وہ گھر لے جا کر ہمیں اپنا کمرہ دکھائے گی۔ مجھے بہت تجسس ہوا اور میں نے اس کے گھر جانے کا ذکر کیا اس نے بات ٹال دی پھر میں بغیر بتائے اپنی بہن کے ساتھ اس کے گھر چلی گئی۔ اس نے ہمیں دیکھتے ہی اپنے کمرے کا دروازہ بند کر دیا۔ اس کی والدہ سے ملاقات پر ہم نے اپنے آنے کی وجہ بتائی تو وہ بہت ہنسیں اور کہنے لگیں یہ تو بچپن سے ایسی ہی باتیں کرتی ہے اسے کوئی شرمندگی بھی نہ تھی۔ وہ ہر روز ایک نئی کہانی بناتی وہ بھی جھوٹی! (افشین، راولپنڈی)

مشورہ: آپ کی دوست نے اپنی خواہش سے مجبور ہو کر غلط بیانی سے کام لیا۔ یہ اہم نفسیاتی مسئلہ ہے کیونکہ اس طرح لوگوں کی جو توجہ ان کو حاصل ہوتی ہے وہ ان کی ذہنی آرزوؤں کی تسکین کا سبب بنتی ہے۔ ایسے لوگوں کو ذہنی طور پر پختہ نہیں کہا جا سکتا کیونکہ وہ اپنے جھوٹ کے اس نتیجے میں وقتی طور پر بے خبر رہنا چاہتے ہیں جو بعد میں شرمندگی پیدا کرتا ہے۔ ایک بار حقیقت جان کر لوگ ان کی بات کا اعتبار کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ اس حوالے سے ماہر نفسیات سے مشاورت بہتر ہوتی ہے۔

سنجیدہ اور باعمل لوگ ہی کامیاب ہوتے ہیں

میں محنتی لڑکا ہوں۔ پڑھائی کے ساتھ جاب بھی کرتا ہوں۔ آج کل باکسنگ کا شوق ہو گیا ہے۔ صبح کھیل اور رات کو پڑھائی کروں گا۔ لوگ کہتے ہیں تم دو کام ساتھ نہیں کر سکتے۔ مجھ میں صحافی اور مصنف بننے کی بھی صلاحیت ہے۔ مجھے پتہ ہے کہ میں ایک اچھا لکھنے والا بن سکتا ہوں۔ اس کے علاوہ دو کام ایک ساتھ کر سکتا ہوں۔ (محمد شاہ زیب، فیصل آباد)

مشورہ: لوگ آپ کے بارے میں آپ سے زیادہ نہیں جانتے، اس لیے جتنے کام کر سکتے ہیں کریں۔ لوگوں پر اپنے ارادے قبل از وقت ظاہر نہیں کرنے چاہئیں کیونکہ ضروری نہیں کہ وہ آپ کا حوصلہ بڑھائیں۔ ان کی طرف سے کیا گیا اختلاف ذہنی الجھن اور عدم اعتماد کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ پڑھائی صبح کریں کیونکہ اس وقت دماغ تھکا ہوا نہیں ہوتا۔

گھر والے میری شادی نہیں کرتے

مجھے اٹھارہ سال سے ڈپریشن ہے۔ وجہ یہ ہے کہ میرے گھر والے اکثر اوقات میری خواہشات کے خلاف ہو جاتے ہیں۔ شادی بھی نہیں کرتے۔ (نعیم، قصور)

مشورہ: ڈیپریشن کی وجہ خواہشات کی عدم تکمیل نہیں ہے۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ پہلے سے مایوسی کی کیفیت ہو اور کسی خواہش کی تکمیل نہ ہونے پر اس میں اضافہ ہو جائے۔ اکثر نفسیاتی بیماریوں پر قابو پانے کے لیے انسان کو خود بہت محنت کرنی پڑتی ہے کیونکہ اس حال میں الجھنیں اور مسائل ناقابل حل معلوم ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنی کیفیت کی ذمہ داری دوسروں پر ڈال کر خود رحمی کی آغوش میں پناہ حاصل کر لیتا ہے۔ اپنی خواہشات کی تکمیل خود کرنے کے لائق ہوں گے تو مخالفتوں کا سامنا بھی نہ ہوگا۔

میری بربادی کا ذکر تو سب سنتے ہیں مگر۔۔۔!!!

میں دو سال پہلے جاپان گیا تھا جو کمایا گھر بھیجا۔ یہاں والد کا انتقال ہوا تو بہن، بھائیوں نے ان کی جائیداد فروخت کر کے آپس میں تقسیم کر لی۔ میرا کوئی حصہ نہیں رکھا۔ اب میں اپنی بربادی کا ذکر جس کسی سے کرتا ہوں وہ سنتا ہے مگر بھائی اور بہن سے میری طرف سے بات کرنے پر تیار نہیں ہوتا کوئی اور قدم اٹھاتا ہوں تو تنہائی کا احساس مار ڈالتا ہے۔ (ج، راولپنڈی)

مشورہ: اس وقت آپ دو امکانات کے درمیان کھڑے ہیں۔ ایک یہ کہ ساری توجہ از سر نو متحرک ہو کر اپنی نئی تعمیر اور ترقی پر دیں، دوسروں سے شکوہ شکایت کے بجائے اپنے ہمدرد بنیں۔ دوسرا راستہ یہ ہے کہ مایوسی اور غم کے ساتھ ان لوگوں کو دیکھتے رہیں جنہوں نے ظلم اور ناانصافی کی۔ اپنا حصہ حاصل کرنا آپ کا حق ہے لیکن جب یہ زبردستی چھین لیا گیا ہو اور واپس لینے پر اختیار بھی نہ ہو تو صبر ہی اچھا ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ ایسا ردعمل اپنائیں گے جو دوبارہ ترقی کے راستے پر لے جائے گا۔

سستی، مایوسی اور دل شکستگی نے آپ کو ناکارہ بنا دیا

میری عمر 35 سال ہے۔ انٹر کرنے کے بعد والد کے ساتھ کاروبار میں شامل ہو گیا۔ شروع کے پانچ سال ان سے بہت کچھ سیکھا لیکن اب طبیعت میں سستی بڑھ رہی ہے۔ دو جگہ منگنی ہوئی مگر دونوں جگہ سے لڑکی والوں کی طرف سے انکار ہو گیا۔ چھوٹے بھائی نے اپنی پسند سے شادی کر لی، اس کو والد نے علیحدہ کاروبار کروا دیا۔ میری کسی کو فکر نہیں، میں نے نیکی سے زندگی گزاری اور میرے ساتھ ہی اچھا نہیں ہوا۔ میں دو سال دبئی میں بھی رہ آیا ہوں۔ وہاں بہت سخت محنت کی اور آمدنی بھی خاص نہ ہوئی۔ خاندان والوں نے بھی باتیں بنائیں۔ اب میں زندگی سے مایوس ہوتا جا رہا ہوں' ہر طرف ناکامی ہی ناکامی ہے۔ نہ شادی ہو سکی اور نہ زندگی میں کہیں کامیاب ہو سکا۔ (شہباز، گجرات)

مشورہ: منگنی ختم ہونے اور خاندان والوں کی طرف سے باتیں بنانے کو آپ نے بہت زیادہ محسوس کیا اور اپنے ذہن پر مسلط کر لیا ہے۔ اب آپ عمر کے اس حصے میں ہیں کہ ہمت اور استقلال سے دوبارہ اہم مقام حاصل کرنا ضروری ہو گیا ہے۔ دل شکستہ خیالات، مایوسی اور افسردہ جذبات، منفی خیالات ذہن پر چھانے لگیں تو انہیں روکیں اور خود کو فوری طور پر اچھے مشورے دیں۔ اس طرح ذہن میں حوصلہ افزاء اور روشن خیالات آئیں گے۔ یقیناً آپ ذہین اور بہترین صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ اس خوبی کو ثابت کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ایک بار پھر والد کے ساتھ کاروبار میں دلچسپی لیں۔ سستی اور مایوسی تو اچھے سے اچھے انسان کو بھی ناکارہ بنا دیتی ہے۔

عبقری تلبینہ
عورتوں، بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن، ڈپریشن، تھکان، جسمانی، کمر، ٹانگوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا، ٹانک بھی، دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جادو اثرات نظر بد کے توڑ کیلئے تیر بہدف عمل

ط۔م، گوجرانوالہ

وہ لوگ جو اپنی کسی لاعلاج بیماری، بداثرات، نظر بد اور جادو جیسی اذیت ناک حالت کا شکار ہیں ان کیلئے ایک ایسا عمل جو محترم حضرت حکیم صاحب کی بدولت ہم سب کو حاصل ہوا اور جس کی میں خود چشم دید گواہ ہوں اور خود مثال ہوں اور لوگوں کو اور عبقری قارئین کو اس عمل کی چاہے وہ دنیا کے کسی بھی کونے میں ہوں اپنے کسی بھی اس طرح کے مسئلے کے لیے کسی عامل کسی پیر کے پاس نہ جائیں بلکہ خود گھر بیٹھے اپنائیں اپنے کسی عزیز کا علاج خود کریں اور محترم حکیم صاحب کو ڈھیروں دعائیں دیں کہ اس آسان اور تیر بہدف عمل کی بدولت بستر پر پڑا انسان اٹھ کھڑا ہو جاتا ہے اور وہ عمل ہے ''بیری کے پتوں والا عمل''

جی ہاں! اس عمل کو آنکھ بند کر کے کریں گھر میں بیماری، پریشانی، بدحالی، جادو یا کوئی بھی بداثرات ہوں اس عمل کو پہلی فرصت میں کریں۔ جعلی پیروں کے ہاتھوں اپنا سرمایہ ضائع مت کریں اور دوسرے لوگوں کو بھی جادو کے توڑ کیلئے بندشوں کے توڑ کیلئے آج سے ہی اس عمل کو خاص اہتمام سے کریں اور آنکھوں سے مشاہدہ کریں آپ اپنی طبیعت میں خود تبدیلی محسوس کریں گے اور ہر دعا میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو یاد رکھیں۔ عمل یہ ہے:

40 بیری کے پتے لیں ہر پتے پر گیارہ گیارہ بار پہلا کلمہ اور آیت کریمہ پڑھنا ہے اور اتنے پانی میں ابالیں کہ جس سے غسل لیا جاسکے اور یہ پانی مریض کے نہانے والے پانی میں ملادیں اور جب بھی غسل کریں اس پانی سے غسل کریں۔ غرض یہ کہ آپ کو کسی بھی طرح کی بے چینی، پریشانی، اکتاہٹ، سستی، ڈیپریشن، بدحالی، لاعلاج بیماری کوئی بھی دنیا کا مسئلہ ہو اس عمل کو کریں آپ کو آپ کی سوچ سے بڑھ کر اس کا فائدہ ملے گا۔ میرا اس عمل پر یقین ہے۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ مخلوق خدا کی بے لوث خدمت کا جذبہ آپکی بگڑی بنا سکتا ہے۔ جلدی کریں نیکی میں دیر نہ کریں شاید آپ کا ایک عمل کسی کی کھوئی ہوئی زندگی واپس لوٹا دے۔

عبقری سے ملے دم! تجربات کیے! ضرور پڑھیں

خ، شورکوٹ

کن پیڑوں کا دم: عبقری میں ایک بار سورۂ فاتحہ کے دم کا طریقہ آیا تھا۔ میری کام والی کی بچی کے کن پیڑے نکلے ہوئے تھے اور ان میں شدید درد تھا میں نے دم کیا وہ دوسرے دن کام پر آئی تو کہنے لگی کہ اب میری بچی بالکل ٹھیک ہے۔ دم دو تین دن بعد میں بھی کرتی رہی کن پیڑوں کی سوزش آہستہ آہستہ ختم ہوئی مگر درد فوراً ختم ہوگیا۔ دم یہ ہے تھا سورۂ فاتحہ پڑھتے ہوئے شہادت والی انگلی (دائیں ہاتھ کی) کن پیڑوں کے گرد پھیرتے جائیں جہاں سے شروع کریں وہیں ختم کریں اور وہاں شہادت کی انگلی سے (X) کا نشان بنادیں ایک وقت میں تین مرتبہ کریں مریض سے کہیں کم از کم دس روپے کی ٹافیاں بچوں میں تقسیم کردے۔

کھچرالی کا دم: ایک دن میری ہمسائی مغرب سے کچھ دیر پہلے میرے پاس آئی کہ باجی تم کہاں تھی دو تین دنوں سے تم گھر پر نہیں مل رہیں میں نے کئی چکر لگائے۔ میں نے خیریت پوچھی تو بولی کھچرالی نکلی ہوئی ہے۔ میں نے سوچا باجی سے کوئی دم وغیرہ کروالوں۔ میں نے کہا مغرب کے بعد میں تمہیں پانی پڑھ کر دوں گی صبح اس سے پوچھا تو کہنے لگی باجی پانی پیتے ہی میرا درد ایسے رک گیا جیسے تھا ہی نہیں۔ کھچرالی جو کہ دو تین بنی ہوئیں تھیں وہ تو ہفتہ دس دن میں ٹھیک ہوئیں لیکن درد فوراً رک گیا اور جو پس اس میں بھری تھی وہ بھی صبح تک نکل کر صاف ہوگئی۔ دم یہ ہے:۔ ''الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ۔ الٓرٰ حِيْمُ۔ الٓرٰ حِيْمُ۔ الٓرٰ حِيْمُ'' ان کلمات کو صبح سورج نکلنے سے پہلے (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

بندش کاروبار/ دکان ختم

جس کا کاروبار بوجہ سحر جادو ٹونہ بند گیا ہو کام نہ چلتا ہو بکری کم ہوتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بہت مجرب اور مفید ہے۔ اس مقصد کیلئے کٹورہ بھر پانی لیکر اس پر 60 مرتبہ سورۂ رحمٰن کی یہ آیت مبارکہ پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔ (رحمٰن 33)

اول و آخر درود شریف، درود تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، اپنی کاروباری جگہ پر وہ پانی چاروں کونوں اور دروازوں میں اچھی طرح چھڑکیں اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ سات مرتبہ، سورۂ اخلاص سات مرتبہ، آیۃ الکرسی سات مرتبہ، وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا اکیس مرتبہ، يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اکیس مرتبہ اور آخر میں درود تنجینا سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور دکان میں چھڑکیں۔

دل کی شریانیں کھولنے کیلئے قہوہ: سبز چائے، سونف الائچی خورد، دارچینی، پودینہ خشک دیسی، بادیان خطائی، تیزپات، تخم میتھی ہر چیز دس دس گرام، گورکھ پان بوٹی تین گرام۔ تمام چیزوں کو صاف کرلیں، تمام کو نیم کوفتہ کرلیں، پانچ گرام سفوف لے کر آدھ کلو پانی میں ڈالیں، ہلکی آگ پر جوش دیں۔ جب پانی تین کپ باقی رہے، دن میں دو تین مرتبہ قہوہ کی طرح پئیں۔ صبح ناشتہ کے ایک گھنٹہ بعد خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا تین گرام لیں۔ یہ بھی روز کا معمول بنالیں۔

دل کی شریانیں کھولنے کیلئے مجرب قرآنی عمل: وَ لَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ (الحجر:97) صبح وشام ایک تسبیح اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ پرہیز: گھی، مکھن، بالائی، چاول اور ثقیل چیزوں سے مکمل پرہیز فرمائیں اور دونوں نسخے استعمال کریں۔ (بحوالہ عبقری جلد 10)

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی، جسمانی، نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔
قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں
گھریلو ناچاقیوں، رزق کی تنگی، پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

نورتن شفاء
بواسیر، الرجی، بڑھا پیٹ، اٹھرا، خون کی خرابی، پھوڑے پھنسی، شوگر کے زخم، رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو، دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جلدی بیماریوں سے نجات: ہر قسم کی جلدی بیماری، پھوڑے اور پھنسی وغیرہ کیلئے زیتون، سرسوں، ناریل یا کسی بھی تیل پر 41 مرتبہ سورۂ لہب پڑھ کر مقررہ جگہ پر 11 دن تک لگائیں۔ عقربی 164

بچو! لالچ سے بچیں! ورنہ موٹی مرغی کبھی ہاتھ نہ آئے گی

بچوں کا صفحہ

حسن سلیم، جوہر آباد

میں شاید لالچ میں زیادہ ہی ان پر اعتبار کر بیٹھا اور اس مرغی نے میرے اندھے اعتبار کا خوب فائدہ اٹھایا۔ پیارے بچو! آپ بھی ایسی موٹی مرغیوں سے ہوشیار رہیے گا۔ کبھی بھی لالچ نہ کیجئے کیونکہ لالچ میں انسان دماغ سے سوچنا بند کر دیتا ہے۔

چرب زبانی والے دوستوں سے ذرا بچ کر

یوں تو ان گنت واقعات تقریباً ہر انسانی زندگی میں رونما ہوتے رہتے ہیں۔ کچھ واقعات بہت ہی خوشگوار قسم کے ہوتے ہیں۔ جنہیں ہم یاد کر کے مسکرائے بغیر رہ نہیں سکتے اور اسی طرح بعض واقعات بہت ہی افسوس ناک ہوتے ہیں۔ بعض واقعات سے ہم کوئی سبق، نصیحت اور دانش مندی کی کوئی بات حاصل کرتے ہیں کہ دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں جو اپنی چرب زبانی، بھولی بھالی شکل وصورت سے لوگوں کو طمع دے کر منٹوں میں کنگال کر دیتے ہیں اور پھر ایسے غائب ہوتے ہیں جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔

اگست کی 13 تاریخ بروز پیر حسب معمول میں نے اپنی دوکان کھولی تو ملازم نے جھاڑو وغیرہ دے دیا۔ میں اخبار لے کر بیٹھ گیا۔ ابھی چند خبریں ہی پڑھ پایا تھا کہ ایک سوٹڈ بوٹڈ، لمبی ٹائی والے بابو جی ایک پرانا موٹر سائیکل لے کر حاضر ہوئے، کہنے لگے: ''جی اسے دیکھنا؟'' میں نے کہا ''کیا ہوا ہے اسے'' بابو صاحب کہنے لگے ''میرا نیا موٹر سائیکل چند دن پہلے چوری ہوگیا ہے''۔ ''اوہ۔۔'' میرے منہ سے بے اختیار نکلا۔ ''خیر یہ پرانا موٹر سائیکل گھر میں کھڑا تھا، سوچا یہی ٹھیک کروالیا جائے''۔ ''یہ تو آپ نے بہت ہی اچھا فیصلہ کیا ہے'' میں نے کہا۔

آج تو موٹی مرغی ہاتھ آئی ہے

کہنے لگا: ''تو پھر اسے ٹھیک کر دیں''۔ میں نے کہا ''اس کے ٹائر ٹیوب تو نئے ڈالنے پڑیں گے۔ بہت خراب حالت میں ہیں''۔ وہ صاحب جھٹ بولے ''بھائی صاحب جو چیز آپ سمجھتے ہیں کہ خراب ہے وہ نئی ڈال دیں'' ''کب تک چاہیے آپ کو'' میں نے کہا۔ ''جس دن آپ کہیں''۔ ''آپ پرسوں آ کر لے جانا'' میں نے کہا۔ ''بھائی صاحب مجھے فٹ قسم کی موٹر سائیکل چاہیے اور خرچ کی پرواہ کریں''۔ ''جناب کوئی مسئلہ نہیں'' میں نے جواب دیا اور وہ صاحب چلے گئے۔

میں دل ہی دل میں بڑا خوش ہوا کہ آج تو ''موٹی مرغی'' پھنس گئی۔ میں نے تمام دن دوسرا کام ملازموں کے حوالے کر دیا اور خود بھرپور توجہ اور محنت سے وہ پرانا موٹر سائیکل ٹھیک ہی نہیں، بقول بابو جی کے ''فٹ'' کر دیا اور اب میں انتظار کر رہا تھا کہ وہ بابو صاحب آئیں اور جلدی سے اپنی موٹر سائیکل لے جائیں۔ مگر میں نے تو اسے پرسوں کا وقت دے رکھا تھا۔ میں نے خود موٹر سائیکل چلا کر چیک کی تو وہ مجھے واقعی بالکل فٹ لگ رہی تھی۔

پیسے کی پرواہ نہ کریں موٹر سائیکل نئی کر دیں

خیر اگلا دن بھی گزر گیا اور وہ دن آ گیا جس دن بابو صاحب کو موٹر سائیکل لے کر جانی تھی۔ اس دن دوکان پر مختلف موٹر سائیکل ٹھیک کروانے والوں کا رش لگا رہا۔ تقریباً دوپہر کے وقت یہ رش تھما تو سکون سے کھانا کھایا۔ اتنے میں ایک رکشہ دکان کے آگے آ کر رکا۔ اس میں سے وہی بابو صاحب نکلے۔ انہیں دیکھ کر میری باچھیں کھل گئیں۔ خیر حوصلے سے کام لیتے ہوئے میں سیدھا ہو کر بیٹھ گیا۔ ''ہاں جی ہوگیا ٹھیک؟'' ''جی بالکل! یہ کھڑی ہے'' میں نے کہا۔ ''کتنا خرچہ آیا'' ''جی سات ہزار دو سو چالیس'' میں نے کہا۔ وہ صاحب کچھ سوچنے لگے۔ میں نے کہا ''جناب آپ پہلے چیک کر لیں''۔ وہ صاحب بولے ''جناب آپ نے کھل کر خرچ نہیں کیا۔ مزا نہیں آیا میں نے آپ کو کہا تھا پیسے کی پروا نہ کریں''۔ ''جناب آپ پہلے چیک تو کر لیں میں نے کہا۔ ''ابھی تو میں شادی پر جا رہا ہو یہ لائٹیں بھی تبدیل کر دیں اور اگر کوئی اور چیز بھی رہتی ہے وہ بھی تبدیل کر دیں''۔ ''ٹھیک ہے جناب''۔ میں نے اسی وقت موٹر سائیکل میں سے پرانی چیزیں نکالیں اور وہاں نئی چیزیں لگا دیں اور موٹر سائیکل کی لائٹیں بھی بالکل نئے ڈیزائن کی فٹ کر دیں۔۔ اگلے دن تقریباً دوپہر سے ذرا پہلے وہ صاحب آئے۔ ''ہاں جی! جناب کیا بنا؟'' ''میں نے کہا، اب تو پہلے سے بھی بہتر کر دی ہے''۔ میں نے بل پہلے سے ہی بنایا ہوا تھا۔ جلدی سے انہیں تھما دیا۔ ''آٹھ ہزار سات سو۔۔ بس'' ''جناب پہلے آپ ایک ٹرائی تو لے کر دیکھ لیں پھر کہنا'' میں نے کہا۔ ان صاحب نے دکان کے آگے ایک دو ٹرائیاں لیں اور پھر دوکان کے سامنے آ کر موٹر سائیکل پر بیٹھے بیٹھے کہا یار اس کی بریک ذرا ٹائٹ کرنا ملازم نے فوراً جا کر بریک ٹائٹ کر دی۔ میرے دیکھتے دیکھتے بریک ٹائٹ کرا کے انہوں نے دکان کے آگے ایک سڑک سے دوسری سڑک تک تین چار ٹرائیاں لیں۔

ارے! وہ موٹر سائیکل والا کہاں گیا؟

ایک منٹ گزرا تو میں نے ملازم سے کہا ''وہ موٹر سائیکل والا کہاں گیا''۔ ''استاد جی وہ بابو تو نظر نہیں آ رہا'' میں نے سوچا شاید لمبی ٹرائی لینے گیا ہے۔ ابھی آ جائے گا۔ تھوڑی دیر اور گزری تو ہم سب پریشان ہوگئے۔ میں نے فوراً موٹر سائیکل پکڑی اور جس طرف وہ بابو صاحب گئے تھے اسی طرح روانہ ہوگیا۔ سارا شہر ڈھونڈ مارا مگر وہ موٹی مرغی کہیں نہ ملی۔ میں شاید لالچ میں زیادہ ہی ان پر اعتبار کر بیٹھا اور اس مرغی نے میرے اندھے اعتبار کا خوب فائدہ اٹھایا۔ پیارے بچو! آپ بھی ایسی موٹی مرغیوں سے ہوشیار رہیے گا۔ کبھی بھی لالچ نہ کیجئے کیونکہ لالچ میں انسان دماغ سے سوچنا بند کر دیتا ہے۔ ہمیشہ اللہ پر توکل رکھیں خوش رہیں گے اور نقصان سے بھی بچے رہیں گے۔

میرے آزمودہ دو ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً ایک سال سے عبقری کی قاری ہوں' میری دعا ہے کہ عبقری کی پوری ٹیم کو اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور آپ کی عمر میں برکت ہو۔ عبقری رسالہ میں آئے نسخہ جات اور ٹوٹکہ جات بہت کام کے ہوتے ہیں۔ دو ٹوٹکے بھیج رہی ہوں جو کہ میرے آزمودہ ہے۔

2 دن میں کھانسی یقینی ختم

سردیوں میں کھانسی بہت عام ہوتی ہے' کھانسی کے سیرپ تو بہت ہیں لیکن ان سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا' ہمارے گھر میں کسی کو کھانسی ہو تو یہی ٹوٹکہ استعمال کرتے ہیں۔ دو دن میں کھانسی ختم۔ تھوڑی سی دار چینی دو کپ پانی میں ڈال کر پکائیں' ایک کپ رہ جائے تو پی لیں' دن میں دو یا ایک بار' یہ قہوہ پینے کے بعد پانی ہرگز نہیں پینا۔

لہسن کی ڈنڈی سے یہ کام بھی لیجئے

دوسرا ٹوٹکہ یہ ہے کہ اکثر گوشت پکاتے وقت گوشت صحیح نہیں گلتا یا دیر سے گلتا ہے تو گوشت پکاتے وقت تمام مصالحوں کے ساتھ لہسن کی ڈنڈی جسے جوئے نکال کر جو ڈنڈی رہ جاتی ہے جسے پھینک دیا جاتا ہے' وہ دو تین ساتھ ڈال دیں' گوشت بہت جلد گل جائے گا۔ (نوشین' حضرو)

الرجی کھانسی' ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جاگتی آنکھوں سے چڑیل دیکھنے کا شوق ہے تو شہر باغ آئیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک سچا واقعہ عبقری کے لیے حاضر ہے آزاد کشمیر کا ایک مقام باغ ہے۔ باغ شہر سے کچھ میل دور ایک جگہ ہے۔ اس جگہ جنگل ہے اس میں ایک بوڑھی چڑیل رہتی ہے۔ رات تو رات دن میں بھی نظر آتی ہے۔ اس مقام سے کوئی اکیلا نہیں گزر سکتا پانچ سات آدمی اس مقام سے گزرتے ہیں۔ ایک دن ایک لڑکا جس کی عمر چودہ سال تھی اس جگہ سے گزرا تو اس کی لاش ملی تھی۔ اس طرح ایک عورت اس مقام سے گزری اس عورت کو چڑیل کا سایہ ہوگیا۔ اس عورت کے بال بہت لمبے تھے پھر اس عورت کے بال گرتے گئے سر پر بال بالکل تھوڑے رہ گئے۔ وہ عورت ایک اللہ والے کے پاس گئی۔ اللہ والے نے کہا یہ اس چڑیل کے سایہ کی وجہ سے ہوا ہے۔ اسی طرح ایک اور واقعہ اسی گاؤں میں پیش آیا کہ ایک لڑکی جس کی عمر سولہ سال تھی اس مقام سے گزری تو ایک بوڑھی عورت نظر آئی اس عورت نے اس کو آواز دی۔ تو اس چڑیل نے اس کے سر پر ہاتھ مارا وہ لڑکی بھاگ گئی پھر وہ لڑکی رات کو گھر سے باہر نکل جاتی دن کو بھی گھر میں نہیں رہ سکتی تھی۔ ویران جگہ اس لڑکی کو پسند تھی۔ اس لڑکی کے والدین نے ایک اللہ والے کے ذریعے اس لڑکی کا علاج کروایا پھر جا کر وہ لڑکی ٹھیک ہوئی۔

اسی گاؤں کی ایک عورت نے کہا کہ یہ چڑیل دن میں اپنے بالوں کو کھول کر درخت کے ساتھ بیٹھی ہوئی دکھائی دی ہے۔ اس چڑیل کے پاؤں پیچھے کی طرف مڑے ہوئے تھے۔ ایک آدمی اسی گاؤں کا تھا وہ گھر کے لیے گوشت لے جا رہا تھا کہ وہ گوشت والا تھیلا اس سے لے کر بھاگی اور درخت کے اوپر جا کر گوشت کھانے لگی۔ کچا گوشت کھا گئی۔ پھر اس آدمی سے کہا اور گوشت لا وہ آدمی گھر پہنچ کر بے ہوش ہوگیا۔ ایک بزرگ نے دم کیا تو اس کے حواس بحال ہوئے۔ اس جگہ بہت سے واقعے ہوئے ہیں اگر اصل مقام لکھا تو کچھ سر پھرے لوگ اس جگہ پہنچ جائیں گے ان کو نقصان ہوگا اس لیے مقام نہیں لکھ رہا۔ (امجد حسین قادری، اسلام آباد)

میرے ساتھ ایک جن! جو مجھے ذکر کرواتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں موجود مختلف سلسلے جب تک مکمل نہیں پڑھتے سکون نہیں ملتا۔ خاص طور پر ''جنات کا پیدائشی دوست'' اور ''جنات کے حوالے سے لوگوں کے آنکھوں دیکھے مشاہدات'' ضرور پڑھتا ہوں۔ جنات کے حوالے سے میرے مشاہدے میں باتیں جو میں قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔ میرے والد صاحب کے ایک دوست ہیں ایک دن دکان پر والد کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے' مجھے دیکھ کر کہنے لگے کہ تمہیں ایک ذکر دیتا ہوں سارا دن وہ پڑھا کروں' میں نے حیرانگی سے ان کی طرف دیکھا اور پوچھا کہ آپ مجھے کیوں ذکر بتا رہے ہیں انہوں نے کہا مجھے حکم مل رہا ہے کہ تمہیں بتاؤں کہ سورۂ والضحیٰ کی پہلی پانچ آیات ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھا کرو اور باقی سارا دن درود شریف پڑھتے رہا کرو۔ پھر میرے والد کے دوست نے بتایا کے میرے ساتھ ایک جن ہے' جو صرف مجھے نظر آتا ہے' وہ مجھے ذکر بھی کراتا ہے' میرے گھر والوں کو بھی نماز اور ذکر کی تلقین کرتا ہے' مجھ سے ڈھیروں باتیں کرتا ہے' بڑے دلچسپ اور عجیب و غریب واقعات بھی سناتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ابھی بات کر ہی رہا تھا کہ اچانک اس نے اِدھر اُدھر دیکھنا شروع کیا اور میں نے جیب سے وہ کاغذ نکالا جس پر اس نے ذکر لکھ کر دیا تھا' اور پھر جب اس کاغذ کو جیب میں رکھ لیا تو اس نے کہا کہ وہ جن آ گیا ہے' تمہارے پیچھے کھڑا ہے اور کہہ رہا ہے کہ یہ ذکر ٹھیک ہے۔ اس نے کہا: مجھے وہ جن نظر آتا ہے ابھی کہہ رہا ہے کہ میں اس سے بات کرنا چاہتا ہوں مگر اس نے کوئی عطر لگا رکھا ہے جو مجھے یہاں رکنے نہیں دے رہا' مجھے تکلیف ہو رہی ہے' میں جا رہا ہوں اور وہ جن چلا گیا۔ وہ دکاندار حیرانگی سے پوچھنے لگا کہ تم نے کیا لگا رکھا ہے' جس کی وجہ سے وہ جن یہاں باوجود کوشش کے ٹھہر نہ پایا' میں نے اسے بتایا کہ میں نے ''روحانی عطر'' لگایا ہوا تھا جو میں روزانہ لگاتا ہوں۔ اس نے تجسس سے پوچھا یہ کہاں سے ملتا ہے؟ میں نے کہا عبقری دواخانہ سے' شیخ الوظائف کا دم شدہ ہے۔ یہ کہہ کر میں گھر کی طرف چل دیا اور اس سوچ میں پڑ گیا کے عطر تو نیک جنات کی خوراک ہے پھر یہ کیوں وہاں سے چلا گیا۔ (پوشیدہ)

چھوٹی سی گڑیا کے حیران کن اشعار

حضرت ذوالنون مصریؒ فرماتے ہیں کہ میں مکہ مکرم حج کے ارادے سے گیا مجھے سخت پیاس لگی تو میں قبیلہ مخزوم میں چلا گیا میں نے ایک چھوٹی سی گڑیا (جو بہت حسین جمیل تھی) دیکھی وہ گنگنا کے اشعار پڑھ رہی تھی میں یہ دیکھ کر حیران ہوا حالانکہ وہ بالکل بچی تھی۔ میں نے کہا اے لڑکی! تجھے حیا نہیں آتی؟ اس نے کہا چپ رہ اے ذوالنون! میں نے رات شراب محبت خوشی کے ساتھ نوش کی اور صبح کے وقت مولا کی محبت میں مخمور اٹھی ہوں، میں نے کہا اے لڑکی! میں تجھے عقل مند پاتا ہوں، مجھے کچھ نصیحت کر۔ کہا اے ذوالنون! خاموشی کو لازم پکڑو دنیا میں تھوڑی سی روزی پر راضی رہو۔ تو تم جنت میں اس قیوم کی زیارت کرو گے جو کبھی نہیں مرتا۔ میں نے کہا! تیرے پاس کچھ پانی ہے؟ لڑکی نے کہا میں تجھے پانی بتاتی ہوں۔ میں نے سمجھا کہ وہ مجھے چشمے یا کنویں کا بتائیگی۔ میں نے کہا بتاؤ۔ لڑکی نے کہا لوگ قیامت کے دن چار فریق ہو کر پانی پئیں گے۔ ایک گروہ کو ملائکہ پلائینگے ﴿بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ الصفت۴۶﴾ ترجمہ: وہ شراب سفید ہوگی اور پینے والوں کو لذت بخشے گی اور ایک گروہ کو رضوان' داروغہ جنت پلائیں گے۔ ﴿وَ مِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ المطففین۲۷﴾ ترجمہ: اس شراب میں تسنیم کا پانی ملایا جائیگا اور ایک گروہ کو اللہ تعالیٰ خود پلائیں گے اور وہ لوگ بندگان خاص ہوں گے۔ ﴿وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا الدھر۲۱﴾ ترجمہ: یعنی اللہ تعالیٰ ان کو شراب طہور پلائیں گے۔

وظیفہ برائے اولاد

میرے پاس ایک انوکھا عمل بھی ہے' بے اولاد حضرات کیلئے تیر بہدف ہے۔ جس شخص کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو وہ درج ذیل آیت 133 مرتبہ اول و آخر 13 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پانی پر دم کر کے فجر کی نماز کے بعد دونوں میاں بیوی پئیں۔ ان شاء اللہ اولاد نصیب ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ

مشروب عبقری افزا
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

بلی کی بددعائیں آج بھی تعاقب کررہی ہیں!

یاسر شاہ قادری، مردان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا مستقل قاری ہوں۔ عبقری رسالہ ہمارا پسندیدہ شمارہ ہے جب تک ہر ماہ اس کو خرید کر پڑھ نہ لیں سکون نہیں ملتا۔ عبقری رسالہ سے ہمیں جینے کا سلیقہ ملا' اچھے بُرے کام کی تمیز معلوم ہوئی' پورا گھرانہ عبقری کا دیوانہ ہے۔ عبقری رسالہ میں اکثر مکافات عمل کے واقعات پڑھتا ہوں تو دہل جاتا ہوں' میرا ایک دوست ہے جس کا نام یہاں نہیں لے رہا۔ وہ اکثر بہت زیادہ پریشان ملتا۔ ایک دن انتہائی مایوسی کے عالم میں میرے پاس آیا اور کرسی پر بیٹھ سر پیچھے لگا کر بیٹھ گیا' میں اٹھا اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور پیار سے پوچھا یار کیا ہوا؟ تو دن بدن بہت زیادہ پریشان ہوتے جارہے ہو' سر اٹھا کر میری طرف دیکھا اور کہا کچھ نہیں یار' کوئی ایسی خاص بات نہیں مگر جب میں نے اصرار کیا تو بتانے لگا: میں دس سال سے مختلف بیماریوں کا شکار رہا ہوں اور گھر کے سارے افراد کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا ہیں اور تمام افراد کے ہاتھ یا پاؤں مختلف واقعات میں ٹوٹ جاتے ہیں یا ہڈی کریک ہوجاتی ہے اور ایسا بار بار ہوتا ہے' گھر میں برکت نام کی کوئی چیز نہیں جبکہ سارے کام کررہے ہیں صوم وصلوٰۃ کے پابند ہیں اور سورۂ یٰسین کا ختم بھی ہر صبح کیا جاتا ہے۔ ہر دو سے تین ماہ میں دو سے اڑھائی لاکھ روپے ڈاکٹرز اور ادویات کی نذر ہوجاتے ہیں۔ پرائیویٹ نوکری ہے اور وہاں بھی پریشانی بہت ہے۔ میں چونکہ اکثر عبقری رسالہ میں دعاؤں اور بددعاؤں کے واقعات پڑھتا رہتا ہے اسی کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنے دوست سے پوچھا کہ کہیں کوئی بددعا تو تمہارا تعاقب نہیں کررہی۔ کیونکہ شیخ الوظائف اکثر فرماتے ہیں کہ جہاں دعائیں تعاقب کرتی ہیں وہیں بددعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں۔ میری بات سن کر میرے دوست نے ٹھنڈی آہ بھری اور نم آنکھوں سے کہنے لگا: ایک مرتبہ ایک بلی ہمارے گھر آگئی' باوجود کوشش کے وہ گھر سے نہ جاتی تھی' جب بھی بھگاتے دوبارہ آجاتی' اکثر سالن' روٹی یا دودھ میں منہ مار دیتی۔ ایک مرتبہ اس نے سالن میں منہ مارنے کی کوشش کی تو والد صاحب شدید غصہ میں آئے اور بھاگ کر اسے پکڑنے کی کوشش کی' اس کا منہ ہنڈیا میں تھا وہ بھاگ نہ سکی اور اس کی دم میرے والد کے ہاتھ میں آگئی' میرے والد نے دم سے پکڑ کر گھما کر اسے دیوار کے ساتھ مارا' وہ تھوڑا مدہوش ہوگئی تو والد صاحب نے پھر اسے اتنی ہی زور سے دیوار کے ساتھ مارا' اس کی ہڈیاں چکنا چور ہوگئیں' وہ اٹھنا چاہتی تھی مگر اٹھ نہ پائی اور تھوڑی ہی دیر میں وہیں مرگئی۔ بس وہ دن اور آج کا دن سالہا سال بیت گئے' ہمارے خاندان کی ہڈیاں بار بار ٹوٹتی ہیں' سب بیمار رہتے ہیں۔ گھر میں پیسہ دولت معاشی حالت تو ٹھیک ہے مگر سب بیمار اور ہڈیوں کے مریض بن چکے ہیں' اچانک حادثہ ہوتا ہے اور کسی نہ کسی کی ہڈی ٹوٹ جاتی ہے۔ جب بلی کے ساتھ یہ ظلم ہوا تب میرا بچپن تھا اب میں خود بڑھاپے کی طرف گامزن ہوں' مجھے آج بھی محسوس ہوتا ہے کہ بلی کی بددعائیں تعاقب کررہی ہیں۔

سود کے پیسے بظاہر خوشحالی مگر گھر برباد ہوچکا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو صحت اور عافیت عطا فرمائے۔ آمین! عبقری پڑھتے ہوئے کافی سال بیت گئے' الحمدللہ! بہت کچھ سیکھا' بہت کچھ پایا۔ میری اکثر تحریریں عبقری کی زینت بنتی ہیں تو پڑھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔ میری تحریریں عبقری میں چھپنے کی وجہ سے لاکھوں لوگ پڑھتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں اور میرے لیے صدقہ جاریہ بنتی ہیں۔ آج میں آپ سے اپنا وہ راز شیئر کرنے جارہی ہوں جو آج تک میں نے کسی سے نہیں کیا اصل میں میرے والد نے آج سے چالیس سال پہلے قومی بچت سے کچھ سیونگ بانڈز خریدے تھے جو بیس سال کے بعد سود کی شکل میں پھول کر کپا ہوگئے' اب وہ اسی سود کے روپے سے ہمارا گھر کا خرچہ چلاتے ہیں' سچ کہوں تو پہلے کچھ احساس نہیں تھا لیکن 2011 کے بعد میری آنکھیں اور دل دونوں کھل گئے اب جب میں انہیں کچھ کہتی ہوں تو اس کو جائز کرنے کیلئے مفتیان کرام کے فتوے سنادیتے ہیں۔ دو سال پہلے میں نے اور میری بہن نے اپنا حصہ چھوڑ دیا تھا لیکن گھر کا خرچہ ابھی بھی ہر مہینے اسی سود سے چلتا ہے۔ میری عمر 39 سال ہوچکی ہے لیکن ابھی تک رشتے کے انتظار میں ہوں' روز جیتی ہوں روز مرتی ہوں' لوگ دیکھنے آتے ہیں' بعض تو ایسے دیکھتے ہیں جیسے جانور پسند کرنے آئے ہوں اور دیکھ کر انکار کرجاتے ہیں' 19 سال سے لوگوں کی پسند ناپسند کا شکار ہوں۔ یہ سب کچھ سود کی تباہ کاریاں' بھلا کوئی خدا اور اس کے حبیب ﷺ سے جنگ کرکے بھی کبھی جیتا ہے۔ باپ کو لاکھ سمجھاتی ہوں کہ ابو باز آجائیں' یہ سود ہے اسے چھوڑ دیں مگر نجانے وہ کن کے پاس بیٹھتے ہیں' کون سے ایسے عالم یا مفتیان کرام ہیں جو کہتے ہیں کہ خدا سے جنگ کرنا جائز ہے' پہلے میں بھی مطمئن تھی مگر جب سے عبقری پڑھنا اور درس سننا شروع کیا ہے آنکھوں کے آگے بندھی جہالت کی پٹی اتری اور سمجھ آئی کہ ہماری بربادی کا اصل سامان تو سود کررہا ہے۔ میری والدہ بیمار رہتی ہیں' حتیٰ کہ والد خود بھی بیمار رہتے ہیں۔ گھر میں جادو' لڑائی' جھگڑا' نحوست' بیماری سب کچھ ہے۔ کسی کی دوسرے کے ساتھ نہیں بنتی' بلاوجہ کے جھگڑے ہوتے ہیں' عجب نحوست چھائی ہوئی ہے۔ ایک بہن کی بیس سال پہلے بمشکل شادی ہوئی' وہ بیچاری بھی بیس سال سے مشکلات کی چکی میں پس رہی ہے' لوگ ہماری معاشی خوشحالی کو دیکھ کر حسرت بھری نگاہوں سے ہمیں دیکھتے ہیں یہ لوگ اصل عیش کی زندگی گزار رہے ہیں' ہر آسائش انہیں میسر ہے۔ مگر میں کیسے لوگوں کو سمجھاؤں کہ ہمارے اندر جھانک کر دیکھیں کیسی بھیانک آگ میں جل رہے ہیں۔ میرے والد 5 وقت کے نمازی' ہر وقت ذکر کرنے والے اور تلاوت کے پابند ہیں' آدھے سے زیادہ وقت مسجد کو دیتے ہیں لیکن سودی کام نہیں چھوڑتے۔ میں کیسے سمجھاؤں کہ سود ہر حالت میں سود ہی رہتا ہے اس کو کوئی نام دے دیں مگر وہ سود ہی ہے۔ قارئین عبقری سے گزارش ہے کہ خدارا میری مدد کریں' میرے لیے دعا کریں' مجھے اپنے باپ سے بہت محبت ہے' شاید اپنی ماں سے بھی زیادہ اور میں چاہتی ہوں کہ میرا باپ مرنے سے پہلے پہلے سود سے توبہ کرلے۔ ایسا نہ ہو کہ میرا والد اسی گمان میں زندگی گزار دے کہ میں جو کھا رہا ہوں وہ حلال ہے اور ہم اور ہماری نسلیں اسی بھٹی میں جلتی رہیں۔ خدارا لوگوں کو سود کے متعلق آگاہی دیں' نجانے کیوں لوگوں نے سود کو سود سمجھنا ہی چھوڑ دیا؟ (پوشیدہ' ملتان)

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ • خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے • نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند • منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف 1201 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

موٹاپا اور بالوں کا سفید ہونا ختم	کالے جادو کا آزمودہ علاج	تنگدستی ختم' انوکھا عمل	
ہڈیوں سے گوشت جدا ہوگیا	بہن کا جسم سوکھ گیا	بیٹا بیمار ہے یا جادو کا اثر	

قارئین! زیرِ نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ' تجربہ' کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے' کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

جنوری کے جوابات

1۔ شفیق بھائی! آپ نے دو سوال پوچھے' میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ کے جو بال سفید ہوگئے ہیں انہیں صرف ہیئر کلر ہی کالا کرسکتا ہے' یہ دوبارہ کالے نہیں ہونگے' ہاں باقی بال سفید نہ ہوں اس کیلئے روزانہ رات دو سے تین دیسی ہریڑ کا مربہ ایک گلاس دودھ کے ساتھ کھائیں' اس کو زندگی کا معمول بنالیں' اس سے آپ کے بال سفید ہونا رک جائیں گے اور ساتھ دماغی طاقت بڑھے گی' اعصاب' پٹھے مضبوط ہونگے۔ دوسرا سوال بڑھے پیٹ کا تھا۔ اس کیلئے میرا تو آزمودہ عبقری دواخانہ کا ''عرق موٹاپا شفاء'' چند مہینے لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں' آپ خود حیران ہوجائینگے۔ (کاشف' لاہور)

2۔ آپ نے کالے جادو کا حل مانگا تو اس کیلئے ہمارا آزمودہ عمل ہے' آپ بھی آزما لیجئے ان شاء اللہ اس عمل سے کالا جادو ختم ہوجاتا ہے۔ یہ وظیفہ بالکل آسان ہے۔ آپ دو انمول خزانہ نمبر ایک ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ اور انمول خزانہ نمبر 2 سارا دن کھلا سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں چلتے پھرتے پڑھیں' وضو بے وضو ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ انشاء اللہ کالے جادو کا ہر وار ناکام جائے گا۔ کالا یرقان کیلئے آپ عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کریں' بے شمار کا آزمودہ ہے۔ (عائزہ جبیں' سیالکوٹ)

3۔ اگر کوئی شخص قرض واپس نہ کر رہا ہو تو قرض کی وصولی کیلئے اسم یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کو روزانہ 121 مرتبہ اُس شخص کا تصور کرکے پڑھیں۔ 21 دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ وہ آپ کو پیسے لوٹا دے گا۔ (یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا بتایا ہوا ہے' اس لیے روزانہ درج بالا عمل کرنے کے بعد ایک بار سورۃ فاتحہ' تین بار سورۃ اخلاص اور دس مرتبہ درود پاک پڑھ کر اس کا ثواب ان کی روح ہدیہ کیا جائے تو جلد کامیابی ملے گی۔ ان شاء اللہ اس عمل سے آپ کی تنگدستی بھی جلد ختم ہوجائے گی۔ (علی' سیالکوٹ)

4۔ بیٹی کو عبقری دواخانہ کی ''پتہ پتھری شفاء'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کروائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

فروری کے سوالات

محترم قارئین السلام علیکم! 8 سال سے مجھے عجب قسم کا مسئلہ ہے' بہت سے معالجوں کے پاس گئی لیکن کچھ فائدہ نہیں ہوا ابھی شادی کو چھ ماہ ہوئے ہیں لیکن مسئلہ گزشتہ آٹھ سال سے ہے۔ میرے سارے جسم کا گوشت لٹکا ہوا ہے' پیٹ' بازو' کمر' بغل' سینہ' پس لٹک رہے ہیں' جس طرح کسی 80 سالہ خاتون کا ہوتا ہے' میرا جسم ایسے ہے جیسے کسی نے غبارہ سے ہوا نکال دی ہو' قارئین! میں بہت پریشان ہوں' کسی کے سامنے نہیں جاتی' زندگی اجیرن بن چکی ہے' آپ کی مہربانی ہوگی میرے مسئلے کا حل مجھے بتائیے' شوہر بھی بہت پریشان ہیں' کیا لکھوں' کس طرح لکھوں؟ میں لکھ نہیں پارہی' عمر صرف 20 سال ہے۔ (ج' خیبر پختونخوا)

مخصوص ایام میں درد: میرے معدہ میں اکثر درد رہتا ہے' مخصوص ایام میں درد کی شدت کی وجہ سے ادویات کھا کھا کر اب معدہ بے کار ہوچکا ہے' آنکھوں کے گرد کالے گہرے حلقے ہیں' رنگت دن بدن پیلی ہوتی جارہی' بہت کمزور ہوں' پانی پینے سے ہی بہت زیادہ ٹھنڈ لگتی ہے' ویسے بھی ہاتھ پاؤں ٹھنڈے رہتے ہیں۔ ہڈیوں میں پہلے زیادہ درد تھا' وٹامن ڈی کا کورس کیا تو کافی بہتر ہوں' قد لمبا ہے مگر وزن کم ہے' بھوک نہیں لگتی۔ قارئین کوئی ایسی دوا بتائیں کہ میرا چہرہ گول مٹول اور سرخ رنگت والا ہوجائے' ہڈیوں سے آوازیں آتی ہیں۔ (پوشیدہ)

بیٹا بیمار ہے یا جادو کا اثر: بیٹے کی عمر 10 سال ہے جس کو پیدائشی دماغ کی تکلیف ہے' ٹیسٹ کروائے لیکن ڈاکٹر کہتے ہیں کہ ٹیسٹ میں کچھ بھی نہیں' میرا بچہ اپنے آپ کو مارتا ہے' قارئین! کوئی عمل یا وظیفہ بتائیں نامعلوم میرے بیٹے کو بیماری ہے یا کسی غیبی چیز کا اثر ہے۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ (خلیل احمد' جامشورو)

بہن کا مسئلہ: میری بہن کا جسم سوکھ گیا ہے' کچھ بھی یاد نہیں رہتا' اس کو کوئی روحانی مسئلہ ہے' کچھ عرصہ پہلے گول مٹول اور صحت مند تھی' اچانک ہی ایسی ہوئی ہے' عمر صرف دس سال ہے۔ براہ مہربانی کوئی وظیفہ بتادیں تاکہ یہ دوبارہ صحت مند زندگی گزارے۔ (ج' لاہور)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک پرندے کا گوشت تھا' آپ ﷺ نے دعا کی: یااللہ! اپنی مخلوق میں سے محبوب ترین شخص میرے پاس بھیج تاکہ وہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھائے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے اور آپ ﷺ کے ساتھ وہ گوشت تناول فرمایا۔ (ترمذی' طبرانی)۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ لہٰذا جو اس شہر میں داخل ہونا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اس دروازے سے آئے۔ (اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔)۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ''کوئی بھی شخص حضرت حسن بن علی اور حضرت فاطمۃ الزہراء (رضی اللہ عنہم) سے بڑھ کر حضور ﷺ سے مشابہت رکھنے والا نہیں تھا۔'' (احمد)

کسی کی نظر سے اوجھل ہونے کیلئے یہ پڑھتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کی حفاظت فرمائے' اپنی رحمت خاص کے دروازے سدا آپ کیلئے تاقیامت کھلے رکھے۔ آمین!

میں عرصہ تین سال سے عبقری کا قاری ہوں۔ میرے پاس دو روحانی آزمودہ عمل ہیں' عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں تاکہ بخل شکنی کی روایت میں میں بھی شامل ہوجاؤں۔ **یاقادر یانافع کا وظیفہ:** یہ عبقری میں ہی پڑھا تھا یَاقَادِرُ یَانَافِعُ سارا دن کھلا پڑھتا رہتا ہوں' جس سے کافی فوائد حاصل ہورہے ہیں' کسی بھی مشکل' رزق کی پریشانی کے وقت پڑھنے سے آسانی ہوجاتی ہے۔ خاص کر کسی کی نظروں سے اوجھل ہونے کیلئے یا دشمن سے بچنے کیلئے آزمودہ ہے۔ **ہر پریشانی میں آسانی:** ایک تسبیح صبح و شام لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھتا ہوں' پریشانی جیسی بھی ہو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ٹھیک ہوجاتی ہے۔ (ن' حملہ کنگ)

اکسیر البدن کامیاب بچپن' لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا

بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا سوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو' امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی

چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ' اور جگر کی طاقت پائیں

قیمت صرف -/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

گردوں کا پرانا روگ ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ادویات نے مجھے بہت فائدہ پہنچایا' اس دواخانہ کی ہر دوا بے مثال ہے۔

ٹھنڈی مراد: گرمی کے دنوں میں میرا دل گھبراتا تھا تھوڑا سا چلتی تھی اور سانس پھول جاتا تھا۔ پیاس بے تحاشہ لگتی تھی۔ پانی بہت پیتی تھی اتنا کہ چار چار پانچ پانچ گلاس اکٹھے پیتی اور پیشاب بالکل نہیں آتا تھا۔ میں نے ٹھنڈی مراد استعمال کرنا شروع کی اور مجھے اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوا۔

گردے فیل شفاء: میرا یورک ایسڈ اور کولیسٹرول بہت زیادہ رہتا تھا' میں نے اس کے لیے عبقری دواخانہ کی ''گردے فیل شفاء'' دوا استعمال کی اور میرا پرانا روگ ختم ہوگیا' میں نے اس سستی سی دوا کو اتنا فائدہ مند پایا کہ بیان نہیں کرسکتی' یوں سمجھیں میرا دس پندرہ سال پرانا مرض ختم ہوگیا۔ اب مجھے پیشاب کی کوئی تکلیف نہیں۔ یقین کریں میں نے صرف آدھی ڈبی استعمال کی تھی اس سے پہلے بہت مہنگی ادویات استعمال کرچکی ہوں مگر افاقہ نہ ہوا تھا۔ ''گردے فیل شفاء'' واقعی لاجواب دوائی ہے اس کا کوئی نعم البدل نہیں۔

کراماتی تیل: کراماتی تیل واقعی کراماتی تیل ہے مجھے جوڑوں کا درد تھا اور ٹانگیں ہلا نہیں سکتی تھی' اس کو لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیا۔ مجھے اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔

ڈیپریشن کورس: میرا خیال ہے ڈیپریشن ختم کرنے کیلئے اس کے علاوہ دنیا میں اور کوئی دوائی نہیں' میں نے اس کی ابھی چند خوراکیں ہی استعمال کی تھیں کہ مجھے لگا جیسے میرے جسم کے پٹھے ادھر اُدھر بکھرے ہوئے تھے اور اب اپنی جگہ پر درست ہوکر سیدھے ہو رہے ہیں۔ مجھے بہت سکون اور اطمینان حاصل ہوا ہے۔ آج کل میں یہی دوائی استعمال کر رہی ہوں۔

سچا منجن: سچا منجن کے استعمال سے دانتوں کی تمام تکالیف سے نجات مل گئی ہے۔ (مسز فرحت یاسمین، ملتان)

چہرہ انتہائی خراب! ان ادویات سے کرم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے آپ سے مل کر مجھے بہت اچھا لگا میں نے اللہ سے دعا کی تھی اللہ میں اپنے جانے اور انجانے سب گناہوں سے سچی توبہ کرتی ہوں مجھے ایک بار حضرت حکیم صاحب سے ملوادیں اور اللہ نے میری سن لی بذریعہ فون ٹائم لیا اور آپ سے ملاقات ہوئی۔ میں نے اپنا مسئلہ آپ سے بیان کیا۔ مسئلہ یہ تھا کہ میرا چہرہ خراب تھا اس پر نشانات اور کچھ چھائیاں تھیں۔ ہوا یوں تھا کہ 2007 میں میں نے اپنے چہرے پر ایک کریم لگائی تھی جس کی وجہ سے میرے چہرے پر الرجی ہوگئی سارا چہرہ سرخ ہوگیا بہت علاج کروایا لاہور کا کوئی ڈاکٹر نہیں چھوڑا اتنی کریمیں لگائیں اور ادویات کھائیں کے چہرہ مزید خراب ہوگیا۔ چولہے کے پاس جاؤں تو سارا چہرہ سرخ ہوجاتا تھا ایسا لگتا تھا جیسے سارا چہرہ جل گیا ہو مجھے جلن بہت ہوتی تھی۔ گھر سے باہر جاتی تو دھوپ کی وجہ سے چہرہ جلتا۔ آپ نے جوہر شفاء مدینہ، خون صفاء اور ہیپاٹائٹس نجات سیرپ تجویز کیا میں نے مسلسل سات ماہ آپ کی ادویات کا استعمال کیا جس سے مجھے 90% فرق پڑگیا ہے۔ (پوشیدہ، لاہور)

دوماہ یہ کھایا' بند ٹیوب کھل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! لاکھوں کروڑوں دعائیں آپ کے لیے اللہ پاک آپ کی نسلوں میں ایمان اور خوشیاں نصیب کرے۔ پہلی دفعہ میں نے آپ کو خط لکھا۔ میں ایک بار خود بھی تین سال پہلے آپ کے دواخانے آئی تھی۔ میں سعودی عرب ریاض میں رہتی ہوں۔ میری شادی کو دس سال ہوگئے لیکن اولاد نہیں تھی۔ ٹیسٹ کروائے تو پتہ چلا کہ ٹیوب بند ہے۔ سعودیہ میں کافی ادویات کا استعمال کیا لیکن فائدہ نہ ہوا۔ پھر پاکستان میں آپ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے ''ستر شفائیں اور جوہر شفائے مدینہ'' ادویات کا استعمال کرنے کا کہا۔ میں نے تقریباً دو ماہ استعمال کیں اور ٹیسٹ کروایا تو ٹیسٹ بالکل ٹھیک تھا' ٹیوب کھل چکی تھیں۔ الحمدللہ۔ (ر۔ب، ریاض سعودی عرب)

گلے میں درد یا گھٹنے خراب یہ کھائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی رحمتیں نازل کرے۔ چند ماہ قبل یکدم رات کو میرے بازو میں شدید درد تھا' اس قدر درد کہ میرے آنسو نکل رہے تھے' میں نے ''ستر شفائیں'' تھوڑی سی منہ میں رکھ لی' مجھے نیند آگئی اور صبح تک میں ٹھیک تھی۔ اگر گلے میں درد ہو تو ''ستر شفائیں'' سے آرام آجاتا ہے میرے گھٹنوں میں بھی مسئلہ تھا ''ستر شفائیں'' کے ساتھ روحانی پھکی کا استعمال کیا جس سے گھٹنوں کا درد جاتا رہا۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر میں ''مرہم سکون'' اور عبقری کا شہد ہر وقت موجود رہتا ہے۔ زخم ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو ''مرہم سکون'' لگانے سے زخم ٹھیک ہوجاتا ہے۔ اگر جلے پر فوری مرہم لگائی جائے تو آبلے وغیرہ نہیں پڑتے اور داغ بھی نہیں پڑتا۔ (بشریٰ خالد، لاہور)

پوشیدہ امراض میں مبتلا نوجوانوں کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً دس سال سے مختلف بیماریوں میں مبتلا تھا۔ پوشیدہ امراض کی وجہ سے احساس کمتری کا شکار بنتا جارہا تھا۔ انگریزی ادویات کا بھی استعمال کثرت سے کیا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ پھر عبقری رسالہ نظر سے گزرا اس کا مطالعہ کیا اس میں ستر شفائیں اور نوجوان شفاء دوائی کے بارے پڑھا اور فوری بذریعہ ڈاک منگوا کر اس کا استعمال شروع کیا تقریباً دو ماہ کے استعمال سے ہی واضح فرق محسوس ہوا۔ (قاری محمد کلیم خان، فرمان آباد)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو، نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔
(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

بیٹے کی زندگی سے مایوس تھے! عبقری رسالہ پڑھا دوا منگوائی نئی زندگی مل گئی!

عبداللہ، باجوڑ

ستر شفائیں کے استعمال سے بیٹا کو تندرستی ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں، میرا بیٹا ایک موذی بیماری میں مبتلا تھا وہ بیماری یہ تھی کہ میرے بچے کا خون اچانک ختم ہوتا تھا میں بچے کو لیکر اسلام آباد کے بڑے ہسپتال میں لے کر گیا، وہاں ڈاکٹروں نے بچے کو خون لگایا اور ٹیسٹ وغیرہ کیے لیکن بیماری کی تشخیص نہیں ہوسکی، اس کے بعد میں بیٹے کو سی ایم ایچ لے گیا، وہاں تقریباً دو سال تک میرا بچہ زیر علاج رہا لیکن بیماری کی سمجھ ان کو بھی نہیں آئی پھر میں بیٹے کو کراچی آغا خان ہسپتال لے گیا وہاں پر ڈاکٹروں نے بہت کوشش کے بعد بیماری کی تشخیص کی لیکن علاج ان کے پاس نہیں تھا۔ بیماری یہ تھی کہ خون پھیپھڑوں میں رہتا تھا۔ قصہ مختصر ہم دونوں میاں بیوی بالکل مایوس ہوگئے تھے۔ ہمارے گھر میں عبقری کا ایک رسالہ پڑا ہوا تھا اس میں ''ستر شفائیں'' جو دوائی ہے اس کے بڑے فائدے لکھے ہوئے تھے، ہم نے اسی وقت منگوا کر بیٹے کو شروع کروائی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے چند دن میں بچے میں فرق نظر آنا شروع ہوا الحمدللہ اب تقریباً دو سال گزر گئے ہیں بچہ 80% ٹھیک ہے اور دوائی زیر استعمال ہے۔ اب اگر بخار ہو بھی جائے تو خون لگوانے کی نوبت نہیں آتی۔ (مولوی ابوزکریا، اسلام آباد)

ٹینشن، ڈیپریشن، ایگزائٹی چند گولیوں سے یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں امید کرتا ہوں کہ آپ خیریت سے ہوں گے اور اللہ پاک آپ کے درجات بلند فرمائیں۔ آمین! دو مہینے پہلے میں نے آپ کو خط لکھا تھا ڈیپریشن کی بیماری کے بارے میں آپ نے ''روشن دماغ ٹانک'' دوائی استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے مسلسل تین ڈبیاں دوائی کی استعمال کیں الحمدللہ! مجھے بہت ہی فائدہ ہوا ہے۔ (محمد ماجد، خیرپور)

ٹائیفائیڈ ختم کرنے کا اصل راز تو یہ ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ میں کافی عرصہ سے ٹائیفائیڈ بخار میں مبتلا تھا۔ کافی ادویات کا استعمال کیا لیکن فرق نہیں پڑا۔ پھر میرے ایک دوست نے مجھے عبقری رسالہ دیا اور کہا کہ اس کا مطالعہ کرو میں نے اس کا مطالعہ کیا اور آپ کو خط لکھ کر اپنی بیماری کے متعلق آگاہ کیا۔ آپ نے مجھے روحانی پھکی، ٹھنڈی مراد اور جوہر شفاء مدینہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا جو میں نے بذریعہ ڈاک منگوائی اور کھانا شروع کی الحمدللہ ایک ماہ دوائی کھانے سے میرا سالوں کا ٹائیفائیڈ بخار جاتا رہا۔ واقعی عبقری دواخانے کی ادویات میں شفاء ہی شفاء ہے۔ (خلیل الدین، حیدرآباد)

معدہ وجوڑوں کے درد سے نجات پائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر وعافیت ہوں گے۔ میں عرصہ دراز سے معدہ اور جوڑوں کے درد جیسی بیماریوں میں مبتلا تھا۔ انگریزی ادویات کا استعمال کثرت سے کرنے سے معدہ اور زیادہ خراب ہوگیا۔ میں کافی پریشان تھا پھر میرے محلے دار نے عبقری دواخانے کے بارے میں بتایا کہ ان سے رابطہ کروں ان شاءاللہ ان کی ادویات میں شفاء ہے، میں نے عبقری دواخانہ فون کیا اور اپنی بیماری کے متعلق بتایا تو آپ کے اسسٹنٹ صاحب نے ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' اور ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' تجویز کیا میں نے اسی وقت منگوایا اور استعمال شروع کیا، تقریباً ابھی دوسرا کورس مکمل ہونے کو تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء دیدی اور مجھے جوڑوں اور معدہ کی بیماریوں سے نجات مل گئی۔

معدہ کی بیماریوں سے پیچھا چھڑوانا ہے تو ادھر آئیے!

معدہ کی جملہ بیماریوں سے پیچھا چھوٹ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا سب سے بڑا مسئلہ موٹاپا تھا، اس کے علاوہ معدہ خراب، نظر کی کمزوری اور سردرد تو روزانہ کا معمول تھا۔ کافی ادویات استعمال کیں لیکن وقتی طور پر فرق پڑتا۔ میں انگریزی ادویات سے تنگ آچکی تھی پھر ایک دن میرا بھائی عبقری رسالہ لایا وہ عرصہ دراز سے عبقری کا قاری ہے لیکن اس دن میں نے خاص عبقری کا مطالعہ کیا کہ اس میں ہے کیا میں نے اس کا مطالعہ دلچسپی سے کیا میں حیران ہوئی کہ میری ان بیماریوں کا علاج تو اس میں چھپا تھا۔ میں نے فوراً عبقری دواخانے کے نمبر پر فون کیا اور اسسٹنٹ حکیم صاحب سے اپنی بیماریوں کے متعلق بتایا انہوں نے میرے لیے موٹاپا کورس، روحانی پھکی کا نسخہ تجویز کیا میں نے بذریعہ ڈاک منگوایا اور اس کا استعمال شروع کیا۔ میں حیران ہوئی کہ روحانی پھکی کے صرف تین دن کے استعمال سے میرا معدہ بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا ایسے جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ اور موٹاپا کورس کے استعمال سے میرے وزن میں واضح کمی آئی میں بہت خوش ہوں اور موٹاپا کورس جاری ہے اللہ پاک عبقری دواخانے کو آباد رکھے۔ آمین۔ (پوشیدہ)

یہ دوا کسی معجزے سے کم نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کے بعد دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو صحت اور عافیت والی لمبی زندگی عطا کرے اور اسی طرح آپ مخلوق خدا کی خدمت کرتے رہیں۔ آمین! عبقری کی ادویات ''سکون افزاء ٹانک، ستر شفائیں، ٹھنڈی مراد، جوہر شفائے مدینہ اور روحانی پھکی'' میرے لیے معجزہ سے کم نہیں۔ میں عرصہ تین سال سے خون کی کمی اور پیٹ کی جملہ بیماریوں میں مبتلا تھا عبقری دواخانے کی ان ادویات کے استعمال سے مجھے ان بیماریوں سے نجات مل گئی۔ اب تو عبقری کی ادویات میرے گھر میں ہر وقت موجود رہتی ہیں۔ (راجہ سلیم اختر، تلہ گنگ)

پیشاب کنٹرول کورس سے شفاء ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ستمبر میں میں نے آپ کو اپنے مثانہ کی بیماری کے بارے میں خط لکھا تھا جواب میں آپ نے ''پیشاب کنٹرول کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ الحمدللہ اس کے استعمال سے میری بیماری ختم ہوگئی اور میں اب ٹھیک ہوں۔ اب میں پانچ وقت کی نماز آسانی سے پڑھ سکتی ہوں پہلے مثانے کی کمزوری کے باعث پیشاب کے قطروں سے کپڑے ناپاک ہوجاتے جس وجہ سے میں کافی پریشان رہتی تھی لیکن اب اللہ کا شکر ہے میں ٹھیک ہوں۔ (ثانیہ مختار، پھالیہ)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے، خون بڑھائے، چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320، چھوٹی 120 روپے میں)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

میں عینک نہیں لگانا چاہتی!

میں نہم جماعت کی طالبہ ہوں۔ مجھے تصویریں بنانے کا جنون کی حد تک شوق ہے۔ جب تصویر بنانے بیٹھ جاؤں تو کئی گھنٹے ہوش نہیں رہتا لیکن اب میری نظر دھندلانے لگی ہے۔ ایک ڈاکٹر سے پوچھا تو کہنے لگا کہ عینک لگانے سے نظر ٹھیک ہو جائے گی لیکن عینک نہیں لگانا چاہتی۔ مشورہ دیجئے کہ میری آنکھیں کیسے ٹھیک ہوں گی؟ (ثمرہ، لاہور)

مشورہ: بیٹی! آپ نے اپنی نظر خود خراب کر لی۔ مسلسل کئی گھنٹے کوئی کام نہیں کرنا چاہیے۔ آنکھوں کو بھی آرام کی ضرورت ہوتی ہے۔ کام کے بعد ان پر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے ڈالیے اور آنکھ بند کر کے سستائیے۔ آپ ابھی چھوٹی ہیں اپنی نظر کا خیال رکھیے۔ فوراً کسی اچھے ڈاکٹر سے مشورہ کر کے نظر کا معائنہ کرائیے اور عینک لگائیے۔ چند ماہ میں مثبت فرق پڑ جائے گا۔ آپ نے عینک نہ لگائی تو نظر کمزور ہوتی جائے گی۔ روزانہ رات کو سات بادام بھگو دیئے! صبح اٹھ کر کھائیے! گاجروں کے موسم میں خوب گاجریں کھائیں اور ان کا جوس پئیں۔ گاجر کا حلوہ اور گجریلہ بھی کھائیے۔

الرجی سے بچائیں

میرے 2 سال کے بیٹے کو الرجی ہے۔ معدہ کمزور اور بار بار حاجت ہوتی ہے۔ چھینکیں بہت آتی ہیں۔ بعض مرتبہ موشن میں خون بھی آجاتا ہے اس کی چھاتی ہر وقت بھری رہتی ہے۔ (نازیہ، کینیڈا)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ''پیچش شفاء'' لیں۔ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کروائیں۔ چھوٹی الائچی' سونف' پودینے کا پانی ابال کر رکھ لیجئے۔ ترکیب: تین عدد چھوٹی الائچی' ایک چمچ سونف' آٹھ سے دس پتے پودینہ لیکر ایک لیٹر پانی میں ابالیں' جب آدھا رہ جائے تو حسب ضرورت میٹھا ڈال کر ایک کپ پی لیں' اسی طرح دن میں تین مرتبہ یہ پانی پئیں۔ عناب مل جائے تو صرف تین دانے دھو کر آپ رات کو بھگو دیں۔ آدھی پیالی پانی میں اور دن میں اسے چھان کر پلا دیں۔ عناب الرجی میں بے حد مفید ہے۔ آپ عناب کا شربت بھی پلا سکتی ہیں۔

بہن اور مرچ والا سالن

میری بہن کوئی بھی مرچوں والا سالن کھالے تو اسے پیچش ہو جاتی ہے۔ مہینے میں ایک دو مرتبہ ڈاکٹر کے ہاں جانا پڑتا ہے۔ کوئی گھریلو ٹوٹکہ بتائیں تاکہ اسے آرام آجائے۔ (ارم شاہ، گوجرانوالہ)

مشورہ: اپنی بہن سے کہیے زیادہ مرچوں والا سالن نہ کھائے۔ کھانے کے بعد آدھا کپ دہی ضرور لیں، اس سے مرچوں کا اثر کم ہو جائے گا۔ اسپغول کی بھوسی ہر جگہ مل جاتی ہے۔ ایک پیکٹ لا کر رکھ لیں۔ جب بھی پیچش ہو تو ایک بڑا چمچ اسپغول کی بھوسی آدھ پاؤ دہی میں اچھی طرح ملا کر رکھ دیں۔ اسے فریج میں نہ رکھیے گا۔ گھنٹہ بھر بعد اسے کھا لیجئے۔ اس میں آپ تھوڑی سی چینی بھی ملا سکتے ہیں۔ دو مرتبہ روز کھائیں۔ پیچش کا مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔ کچھ لوگ اچھا پکا ہوا کیلا چھیل کر اس پر اسپغول کا چھلکا اچھی طرح لگا کر کھاتے ہیں۔ اس سے بھی پیٹ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اسپغول معدے کے لیے بہت اچھی دوا ہے۔

ناشتہ کے بغیر سکول جانے والے بچے

میرے چار بچے ہیں اور سب کے سب پڑھائی میں بالکل دلچسپی نہیں لیتے۔ بڑی مشکل سے پاس ہوتے ہیں۔ ویسے ذہین اور کھیل کود میں حصہ لیتے ہیں۔ مجھے یاد ہے جب میں سکول جاتا تھا میری والدہ پراٹھا یا گھی سے چپڑی روٹی بناتی تھیں۔ رات کے سالن اور آملیٹ کے ساتھ ناشتہ ہوتا تھا۔ دودھ یا لسی کا ایک گلاس ضرور ملتا تھا۔ میں اپنی بیگم سے کہتا ہوں کہ وہ صبح ناشتہ بنائیں مگر وہ ڈبل روٹی اور مکھن چائے کے ساتھ دیتی ہے۔ لنچ میں لے جانے کے لیے وہ دو تین چکن کے نگٹس تل دیتی ہے اور بس۔ بچے توس بھی نہیں کھاتے، بھوکے سکول جاتے ہیں۔ (شکیل، لاہور)

مشورہ: آپ کی بات سے میں متفق ہوں بچوں کو ناشتہ کر کے ضرور جانا چاہیے۔ پہلے مائیں صبح اذان کے وقت اٹھ جاتی تھیں۔ کام کاج کے ساتھ وہ ناشتہ بھی بناتیں۔ کبھی دلیہ بنتا، کبھی کچوریاں تلی جاتیں۔ چھٹی کے روز گھر میں حلوہ پوری بنتی۔ بچوں کو بازار کی چیزیں بالکل نہیں کھلائی جاتی تھیں۔ اب تو فری ہوم ڈلیوری ہے۔ آرڈر کریں تو گھر دے جاتے ہیں۔ دفتر جانے والوں کو خاص طور پر دیسی گھی کا پراٹھا انڈہ ناشتے میں دیا جاتا تھا تاکہ وہ تمام دن کام اور تھکاوٹ محسوس نہ کریں۔ اب تو 98 فیصد بچے ناشتے کے بغیر سکول جاتے اور چھٹی کے وقت کینٹین سے چیزیں خرید کر کھاتے ہیں۔ پہلے خواتین کہتی تھیں روٹی میں بہت غذائیت اور طاقت ہے۔ سوکھی روٹی پیاز کے ساتھ بھی کھالی جائے تو مزدور چلچلاتی دھوپ میں کام کر سکتا ہے۔ ڈبا بند جوس اور بیکری کی اشیاء بچوں کے لیے مفید نہیں۔ آپ روٹی پر مکھن یا گھی لگا کر کھا سکتے ہیں۔ دہی کی لسی کے ساتھ پراٹھا کھا سکتے ہیں۔ جو بچے پیٹ بھر کر ناشتہ کرتے ہیں وہ پڑھائی میں بھی تیز ہوتے ہیں۔ بچوں کے کھانے پینے کا خیال رکھنا چاہیے۔ ان کی عمر بڑھوتری کی ہوتی ہے۔ انہیں غذائیت ملے تو وہ چاق و چوبند رہتے ہیں۔

اناس اور کان میں خارش

میں ایک اناس خرید کر لائی تو وہ کھٹا تھا میٹھے اناس کہاں سے ملتے ہیں؟ اس کے بارے میں بتائیں دوسرا یہ کہ میرے کانوں میں کھجلی رہتی ہے۔ اس بارے بھی مشورہ دیجئے (مہرین، لاہور)

مشورہ: اناس صحت کے لیے بہت مفید ہے۔ دل، جگر، معدہ، دماغ کو فرحت بخشتا ہے۔ اس کے کھاتے ہی پورے جسم میں ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔ مکہ مکرمہ میں فجر کی نماز کے بعد لوگ بسوں میں سوار ہو کر مسجد عائشہ تک جاتے ہیں تاکہ وہاں جا کر احرام باندھ کر آئیں اور عمرے کی سعادت حاصل کریں۔ ملائیشیا، ترکی اور دوسرے ممالک سے آئی ہوئی خواتین بس میں چڑھتیں تو ان کے ہاتھ میں اناس کا ڈبہ اور چمچ ہوتا۔ بڑے مزے سے اناس کھاتی جاتیں۔ یہی ان کا ناشتہ ہوتا تھا۔ ڈبے میں بند اناس میٹھا ہوتا اور اس کا شیرہ بھی مزیدار لگتا ہے۔ بعد میں پتا چلا کہ اناس کھانے سے وہ بڑے آرام سے عمرہ کر لیتی تھیں اور تھکن بھی نہیں ہوتی۔ اناس کا پھل بڑے سٹورز پر مل جاتا ہے۔ آپ اناس خرید کر اسے مشین سے کٹوا کر تازہ جوس پی سکتے ہیں۔ اس کو آپ ضرور کھائیں۔ آپ ڈبے میں بند اناس خرید سکتے ہیں۔ رہی بات کان کی تو کان میں خشکی یا میل جمع ہونے سے خارش ہوتی ہے آپ روزانہ کان کی صفائی کریں اور سرسوں کا تیل نیم گرم کر کے ایک دو قطرے کان میں ڈالیں ایک ہفتے یہ عمل کرنے سے کان کی خارش ختم ہو جائے گی اور کان میں چابی، دیا سلائی یا کوئی دوسری چیز پھیرنے سے گریز کریں۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

روزانہ آٹھ سے دس گلاس پانی پینے سے کیا ہوگا؟

ہمیشہ پیاس لگنے پر پانی پئیں۔ ٹھنڈا پانی پیاس بجھاتا ہے۔ یہ اور ایسی کئی نصیحتیں آپ کو مختلف اوقات میں سننی پڑتی ہیں مگر آپ پانی پینے کے لیے کوئی مشورہ شاید ہی قبول کریں کیونکہ یہ ایسا ہی ایک کام ہے جو عادتاً کیا جاتا ہے۔

فی زمانہ ہر دوسرا فرد یہ مشورہ ضرور دیتا ہے کہ پانی زیادہ پیا کریں۔ پانی کم پینے اور جسم کے ڈی ہائیڈریٹ ہونے کے مسائل صرف موسم گرما میں پیدا ہوتے ہیں۔ جسم کے درجہ حرارت کو معتدل رکھنے کے لیے غذا کو ہضم کرنے کے لیے جسم کے میٹابولزم نظام کی فعالیت کے لیے پانی کی بڑی مقدار درکار ہوتی ہے۔ ماہرین غذائیت کہتے ہیں کہ خوراک کی تیاری یعنی پکوان کا فیصلہ کرنے سے کہیں اہم بات یہ ہے کہ آپ گھر میں صاف پانی تیار کرنے یعنی ابلے یا منرل واٹر کی فراہمی کو یقینی بنائیں زیادہ مقدار میں کھانے والے افراد کو پیاس زیادہ اسی لئے لگتی ہے کیونکہ غذا کا جزو بدن بننے کا عمل پانی کی وسیع مقدار کے بغیر ممکن نہیں، اگر کسی کو پانی پینے کی عادت نہ ہو تو ایسے شخص کو پھلوں کا استعمال بڑھانا چاہیے مثلاً تربوز، خربوزہ اور انگوروں کے علاوہ وہ سبزیاں کھائے تو بہتر ہے۔ پانی اور دودھ سے بنی اشیاء مثلاً ملک شیک، اسکوائشز، مختلف سوپ، شوربے والے سالن اور نارنجی رنگ کا ابھری ہوئی نسوں والا خربوزہ کھانے سے بھی جسم میں پانی کی ضروریات پوری ہوسکتی ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمارے پورے جسم کی فعالیت برقرار رکھنے اور ہر عضو کے بہتر کام کرنے کے لیے ہمیں دو تہائی پانی درکار ہوتا ہے۔

ہائیڈریشن لیول چیک کرنا سیکھئے

اس کے لیے کہیں جانے کی ضرورت نہیں، آپ کے سر درد کا اعلانیہ ہی کافی ہے اسے دور کرنے کے لیے بجائے ادویات کے استعمال کے آپ صرف پیشاب کی رنگت دیکھئے اگر وہ زردی مائل ہوچکی ہے تو اس کا مطلب ہے آپ مناسب مقدار میں پانی نہیں پی رہے اور آپ کے گردوں کو ہی نہیں دماغ، دل اور دیگر اعضائے جسمانی کو بھی سخت مشقت کرنی پڑ رہی ہے۔ گرم ممالک میں ہائیڈریشن لیول بدلتا رہتا ہے۔ اگر سردیوں کا موسم ہے تو پیشاب کی رنگت نہیں بدلتی مگر گرمی کے دنوں میں زیادہ مقدار میں پانی کا استعمال موزوں رہتا ہے دوسرا اہم نقطہ مدنظر رکھا جانا چاہیے کہ اگر کسی شخص کا وزن 85 کلوگرام ہے تو اسے زیادہ پانی پینا چاہیے اور اگر کسی خاتون کا وزن 60 کلو ہے تو اسے اتنا پانی درکار نہیں اس لیے پانی پینے کا مقابلہ نہیں ہونا چاہیے اور اگر کوئی شخص باقاعدہ ورزش کرتا ہے تو اس کے جسم کی ضروریات مختلف ہوسکتی ہیں، اوسطاً ایک خاتون کو 2.7 لیٹر پانی پینا چاہئے اور مرد کو تین لیٹر لیکن اس مقدار میں پھلوں کے عرقیات اور دیگر مشروبات بھی شامل کئے جاسکتے ہیں۔

ثقیل مشروبات ایک مختلف اصطلاح ہے

دودھ اور دودھ سے تیار ہونے والے دیگر مشروبات اور پھلوں کے عرقیات ہضم ہونے میں دیر لگاتے ہیں چنانچہ انہیں ثقیل کہا جاتا ہے یہ غذائیت بخش ہوتے ہیں۔ پانی کی اس شکل میں چکنائی نہیں ہوتی جبکہ پیاس بجھانے والے اجزاء 2/1 ہوتے ہیں اگر آپ ملک شیک یا اسموتھی میں چکنائی سے مبرا دودھ استعمال نہیں کرتے یا اس میں آئسکریم اور چاکلیٹ سیرپ شامل کرلیتے ہیں تو لامحالہ اس ایک گلاس کی مقدار میں حراروں کا اضافہ ہوجائے گا۔ اگر آپ اسکمڈ دودھ لیتے ہیں اور اس میں چکنائی والا دہی، دودھ اور تازہ پھل شامل کرتے ہیں تو ہرگز نقصان میں نہیں رہتیں۔ یہ گلاس ایک متوازن ناشتے کی تعریف میں شامل ہے۔ جس میں کاربوہائیڈریٹس، پروٹین، وٹامنز اور معدنیات سبھی کچھ تھوڑی تھوڑی مقدار میں شامل ہیں۔ اگر آپ کولیکٹوس الرجی ہے تو آپ سویا ملک کا انتخاب کیجئے۔

سیون اپ کی بوتل اور گلقند کا آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں پیچش کا ٹوٹکہ پڑھا' ضرورت پڑی آزمایا اور فائدہ اٹھایا۔ مجھے موشن لگ گئے' ڈاکٹری علاج کروایا' جب تک دوائیاں لیتا رہتا' ٹھیک رہتا' ادویات چھوڑ دیتا پھر بیماری شروع ہوجاتی' عبقری میں یہ ٹوٹکہ پڑھا' فوراً بنایا' اسی سے شفاء مل گئی۔ ھوالشافی: گلقند تقریباً ایک چھٹانک خوب رگڑ لیں' سیون اپ کی چھوٹی بوتل اس میں ڈال دیں' پھر چھلنی سے چھان لیں' چھنا ہوا پانی پی لیں' اللہ تعالیٰ نے شفاء دی۔ (محمد حنیف' بھوآنہ)

اسم اعظم کا روحانی دم مسائل تو یوں حل ہوتے ہیں

شاک میں پڑا مال بک گیا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے دو سال ہوگئے ہیں' درس بھی سنتا ہوں' میرا پیشہ تجارت ہے' میں چائنہ سے مال امپورٹ کرکے پاکستان کی مارکیٹوں میں بیچتا ہوں' گزشتہ تین ماہ پہلے چائنہ سے مال لایا' پہلے ایک ماہ کے اندر مال نکل جاتا تھا مگر اس مرتبہ تین ماہ گزر گئے مال نہیں نکل رہا تھا' میں یہ نیت کرکے میرا مال نکل جائے' اسم اعظم کے روحانی دم میں آیا' دم کروایا' دل میں دعا کی۔ اسی ہفتے ایک ہی پارٹی نے تمام مال اٹھالیا اور رقم بھی نقد ادا کی۔ (عبدالحسیب' لاہور)

بدنظری کی عادت ختم: مجھے بدنظری کی بہت گھٹیا عادت پڑ گئی تھی' کسی بھی لڑکی یا خاتون کو دیکھتا تو جب تک سر سے لے کر پاؤں تک غور سے دیکھ نہ لیتا مجھے چین نہ ملتا' بے شمار مرتبہ خود کو روکا بھی مگر روک نہ پاتا' مجھے ایک عجب سرور ملتا' درس میں آنا شروع ہوا' یہاں سے اسم اعظم کے دم کے متعلق معلوم ہوا' اسی ماہ لاہور جاکر دم کروایا' نجانے کونسی طاقت ہمراہ آگئی' اب کوئی لڑکی یا خاتون سامنے آتی ہے تو چہرہ خود بخود دوسری طرف مڑ جاتا ہے۔ (اویس' ملتان)

سر درد ختم: گزشتہ آٹھ سال سے آدھے سر کے درد میں مبتلا تھی' اسم اعظم کے سات دم کروائے میرا سر درد چار ماہ ہوگئے بالکل ختم ہوچکا ہے۔ (شازیہ' مریدکے)

یکم مارچ 2020 بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' درس' مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہورہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

امتحان میں کامیابی کیلئے ایک وظیفہ	تنگدستی بھگانے اور کشادگی رزق پانے کے 13 راز	غسل کے بعد جسم پر تیل لگانے کا کرشمہ
ماواں ٹھنڈیاں چھاواں	نسیان کے مرض کیلئے کارگر عمل	سیدھا راستہ پانا ہے تو وظیفہ پڑھ لیں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔



محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو سلامت رکھے اور تسبیح خانہ ہمیشہ آباد رہے (آمین)۔ آپکا بے حد مشکور ہوں میں ان راہوں کا مسافر نہیں تھا صرف اپنی بیوی کی محبت میں نہ چاہتے ہوئے ان کے ساتھ چل پڑا شروع شروع میں مجھے بہت سی چیزوں کی سمجھ نہیں آتی تھی لیکن آہستہ آہستہ میں نے محسوس کیا ہے ہمارے رشتے میں بہت مثبت تبدیلیاں آئی ہیں عبقری سے منسلک ہونے کے بعد جو تبدیلی میری بیوی کے رویے میں آئی وہ بڑی خوشگوار کن ہے وہ جس قدر پرسکون اور مطمئن ہے' اس سے پہلے کبھی نہ تھی۔ میں اس وقت سخت مالی مشکلات کا شکار ہوں اور ان کی شاید مالی ضروریات بھی احسن طریقے سے پوری نہیں کر پا رہا لیکن مشکل کی اس گھڑی میں میری بیوی جس طرح میرے ساتھ تعاون کر کے چل رہی ہیں اور بہت پر اعتماد ہیں کہ اللہ کے نام کی برکت سے حالات بہتر ہو جائیں گے ان کا یہ رویہ تو اچھے مالی حالات میں بھی ایسا نہ تھا بلکہ میں پریشان حال اس کے پاس آتا ہوں تو وہ مجھے بھی پرسکون کر دیتی ہیں ان کی باتوں میں اللہ پر یقین اور شکر کا جذبہ ہے اور وہ اس طرح بات کرتی ہیں کہ ایسے لگتا ہے جیسے کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے اور ہمارا رشتہ ایک الگ انداز سے پروان چڑھ رہا ہے آپ سے ملاقات کے بعد اس نے اپنے غصے پر بہت قابو پا لیا ہے اور میرے لیے اس کے دل میں بہت احترام اور عقیدت آ گئی ہے آپ کے درس میں نے بہت کم سنے ہیں۔ فیصل آباد والے درس سے میں بہت متاثر ہوا ہوں آپ نے واقعی بہت ہٹ کر موضوع چنا تھا سیکھنے کو کافی کچھ ملا اب میں روحانی غسل بھی کرتا ہوں اور انمول خزانہ نمبر 2 کی تسبیح بھی کرتا ہوں اس سب کے لیے میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ میرے تحفظات دور ہو گئے ہیں میری بیوی نے صحیح راہیں چنی ہیں۔ (فیصل محمود' لاہور)

وظائف اور اذکار کے سائنسی اثرات

ایک اچھا بول دل کی تسکین اور محبت کا ذریعہ بن جاتا ہے بالکل اسی طرح ایک برا بول نفرت اور کراہت کا ذریعہ بن جاتا ہے ایک ملحد نے ایک بزرگ سے پوچھا کہ آپ کے وظیفے اور آیات کیا اثر کرتی ہیں یہ صرف الفاظ ہی تو ہیں تو انہوں نے اس ملحد کو گالی دی اسے بہت غصہ آیا کہنے لگا میں نے آپ سے سوال کیا ہے اور آپ نے مجھے گالی دی ہے تو اس بزرگ نے فرمایا گالی بھی الفاظ ہی تو ہیں اس کا اثر اتنا ہوا کہ تیرے تن بدن میں آگ لگ گئی ہے بالکل یہ ہی کیفیت ایک وظیفے کے اثرات کی ہے بعض وظائف انسان کو ایسی طاقت اور قوت عطا کر دیتے ہیں کہ انسان مافوق الفطرت بن جاتا ہے ڈاکٹر لیول آسٹرالوجسٹ (Astrologist) حالانکہ (وہ مسلمان نہیں تھا) کہنا ہے کہ ''قرآن الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک خاص انرجی اور طاقت کا پیٹرن ہے یہ طاقت جہاں پڑھنے والے کے اندر منتقل ہوتی ہے بلکہ یہ ہی طاقت اس کے قریب بیٹھنے والوں کو بھی گھیر لیتی ہے میں نے چند قرآنی الفاظ کو تین ماہ پڑھا میں نے آنکھیں بند کر کے جب ان ہی الفاظ کو پڑھا تو اس سے مجھے بے شمار مناظر کا مطالعہ ہوا اور میں نے اپنے مریضوں کو بھی ان ہی آیات کا مطالعہ کرایا اور وہ شفایاب ہوئے موجودہ سائنس قرآنی آیات کا سائنسی تجزیہ کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ الفاظ کی طاقت کا سرچشمہ قرآن کے الفاظ ہیں حتیٰ کہ اگر وہ ہی الفاظ عام استعمال میں اتنی قوت نہیں رکھتے جتنا قرآن میں رکھتے ہیں۔ (ج' ملتان)

تنگدستی بھگانے اور کشادگی رزق پانے کے 13 راز

(1) صبح سویرے کام شروع کرنا: نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے رزق کی تلاش اور حلال کمائی کیلئے صبح سویرے ہی چلے جایا کرو کیونکہ کاموں میں برکت اور کشادگی ہوتی ہے۔ (اسوۂ رسول اکرم ﷺ، ص 278)

(2) سفر کرنا: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا سفر کرو تندرستی پاؤ گے اور روزی دیئے جاؤ گے۔ (طب نبویؐ، ص 44)

(3) گرا پڑا لقمہ کھا لینا: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس وقت گر پڑے تمہارا کوئی لقمہ تو اٹھا لو اور اس کو پونچھ ڈالو جو کچھ اس میں لگا ہو اور پھر اسکو کھاؤ اور نہ چھوڑو اس کو واسطے شیطان کے فرمایا جو کھانا کھاتے وقت دسترخوان سے گری ہوئی چیز کو کھا لے وہ ہمیشہ رزق کی فراخی میں رہتا ہے۔ (طب نبویؐ، ص 10)

(4) باوضو رہنے سے روزی میں برکت: حدیث نبویؐ ہے کہ جو شخص ہر وقت باوضو رہنے کی عادت بنائے اسکی روزی کشادہ ہو جائے گی۔

(5) کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا: ایک روایت میں ہے کہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں سنت سمجھ کر ہاتھ دھونے والے کبھی انشاء اللہ فاقے سے نہیں ہوں گے۔

(6) نظر کی حفاظت: بازار، دکان اور آفس میں آنکھوں کی حفاظت کرنے سے (غیر محرم پر نظر ڈالنے سے بچنے سے) روزی میں برکت ہوتی ہے۔

(7) عقیق کی انگوٹھی پہننا: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی اپنے ہاتھ میں عقیق کی انگوٹھی پہنے رہے چور اور دوسری آفتوں سے سفر میں عافیت رہے گی۔

(8) تقویٰ کا اہتمام کیجئے: اللہ تعالیٰ کی ہر قسم کی نافرمانیوں کو چھوڑ کر اطاعت اختیار کرنا، اس سے ہر قسم کی پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ رزق میں بھی برکت عطا فرما دیتے ہیں۔

(9) سستا غلہ فروخت کرنا: حضرت عمرؓ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک نقل کرتے ہیں کہ جو شخص رزق (غلہ وغیرہ) باہر لائے تاکہ لوگوں کو ارزاں دے اسکو روزی دی جاتی ہے جو شخص روکے رکھے وہ ملعون ہے (مشکوۃ: فضائل صدقات)

(10) نعمت پر شکر ادا کیجئے: جو بھی نعمتیں ملی ہیں ان پر اللہ کا

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی
دائمی نزلہ' الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف 600/- روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

شکر بجالائے کیونکہ شکر گزاری سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے اگر تم شکر گزاری کرو گے تو میں ضرور زیادہ دوں گا تمہیں۔ اور اگر تم ناشکری کرو گے تو بے شک میرا عذاب بہت سخت ہے (ابراہیم: ۷)

(11) آپس میں حسن سلوک کی وجہ سے رزق میں برکت: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جب کسی خاندان اور کسی گھر والے افراد آپس میں صلہ رحمی اور حسن سلوک کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان پر رزق جاری فرما دیتے ہیں اور وہ تمام افراد اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہوتے ہیں۔ (کنز العمال ص 472)

(12) دعا کی برکت: حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ مجھ کو بہت سے افکار اور قرض نے گھیر لیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا تجھ کو ایسا کلام بتلادوں کہ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ساری فکریں دور کر دیتا ہے اور تیرا قرض ادا کر دے گا' اس شخص نے عرض کیا بہت خوب آپ نے فرمایا! صبح و شام یہ کہا کہ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ (ابوداؤد) اس شخص کا بیان ہے میں نے یہی کیا سو میرے سارے غم و فکریں جاتی رہیں اور قرض بھی ختم ہو گیا' ابوداؤد نے روایت کیا۔ (رجزاء الاعمال ص 33)

(13) حج: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حج اور عمرہ کو ملا کر کرو کیونکہ وہ دونوں فقر و تنگدستی اور گناہوں کو اس طرح دور کرتے ہیں جیسا کہ بھٹی لوہے، چاندی اور سونے کے میل کو دور کرتی ہے اور حج مبرور (یعنی مقبول) کی جزاء جنت کے سوا کچھ نہیں۔ (ترمذی و نسائی خطبات الاحکام ص 201)

(انتخاب: دل خورشید، ہری پور ہزارہ)

وظیفہ سے شوہر اور بیٹے کو نوکری مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بہت ساری دعاؤں کے ساتھ 90 دن کے بعد آپ کو خط لکھ رہی ہوں دو انمول خزانے کی برکت سے اللہ نے میرے میاں اور بیٹے دونوں کو نوکری دی ہے ایک ماہ ہو گیا ہے ان کو کام پر جاتے ہوئے ہر فرض نماز کے بعد نمبر 1 وظیفہ ایک دفعہ اور فجر کی نماز کے بعد 21 بار اور نمبر 2 عصر کی نماز کے بعد 313 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ رہی ہوں اور درس بھی سنتی ہوں درس سے بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے تقریباً ایک سال ہو گیا تھا دونوں باپ بیٹا بالکل فارغ تھے میرے میاں جہاں جاتے کہتے کہ فیکٹری میں آپ کو کام نہیں مل سکتا آپ کی عمر زیادہ ہے۔ جہاں بہت دفعہ انکار ہوا وہی پر اب الحمدللہ ایک ماہ ہو گیا ہے کام کر رہے ہیں۔ گھر کے حالات پہلے سے اب بہت بہتر ہیں۔ یہ سب دو انمول خزانہ پڑھنے اور درس سننے سے ہوا ہے۔

مکا نہیں چھپکلی تھی، اللہ نے بچالیا

میری زندگی کا ایک واقعہ ہے جو میں مرتے دم تک نہیں بھول سکتی ہوا یوں کہ میں حمل سے تھی مجھے صبح خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دوائی لینی تھی میں اپنے میکے میں گئی ہوئی تھی صبح میں نے اپنی بھابھی سے دودھ مانگا تو انہوں نے کہا کہ رات کو ختم ہو گیا تھا ابھی گلی میں دودھ والا آئے گا میں لے دوں گی پھر دوائی لے لینا۔ تھوڑی دیر میں دودھ والے کی آواز آئی بھابھی دودھ لینے گئی تو میں ایسے ہی پاس چلے گئی کہ دیکھوں یہاں دودھ کس طرح ناپ کر دیتے ہیں جونہی وہ دودھ ڈالنے لگا تو مجھے کچھ تنکا سا دودھ میں نظر آیا' میں نے گوالے سے کہا اس میں کچھ ہے تو اس نے جواب دیا کوئی گھاس گر گئی ہوگی' نجانے کیوں میری تسلی نہ ہوئی اور بھابھی سے کہا کہ اس میں کچھ ہے بھابھی نے کہا اگر ہوتا تو مجھے بھی نظر آتا پھر کہنے لگیں اچھا تم وہم نہ کرو وہ جگ پڑا ہے اٹھالاؤ دودھ اس میں ڈالتے ہیں پھر پتہ چل جائے گا کہ اس میں کیا ہے؟ جونہی دودھ دوسرے برتن میں ڈالا ہم دیکھ کر حیران رہ گئیں جسے میں تنکا سمجھ رہی تھی وہ ایک بڑی چھپکلی تھی جو مر چکی تھی۔ اللہ انسان کو کس کس طرح بچاتا ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ اگر میں پاس جا کر نہ دیکھتی تو بھابھی نے ایسے ہی دودھ گرم کر کے مجھے بھی دے دینا تھا اور باقی گھر والوں کے لیے چائے بھی بنالیتیں۔ نجانے کیا ہوتا؟

اخبار کے تیل سے پرانی سے پرانی دھدر ختم

اگر کسی کو دھدر ہو جتنی بھی پرانی ہو اخبار کا تیل نکال کر لگانے سے ٹھیک ہو جاتا ہے وہ اس طرح کہ اخبار کی کون بنا کر کسی دھات کی پلیٹ پر رکھ دیں پھر اوپر سے آگ لگا دیں جب ساری کون جل جائے تو آہستہ سے کون کو سائیڈ پر کر دیں نیچے کون سے جو تیل نکلے وہ گرم گرم دھدر پر لگا دیں ان شاء اللہ تین دن لگانے سے ٹھیک ہو جائے گا۔

بیری کے پتوں سے پھوڑوں کا علاج کیجئے

موسم کی تبدیلی سے (سردی یا گرمی) اکثر لوگوں کو بڑے بڑے پھوڑے نکل آتے ہیں اس کیلئے بیری کے خشک پتے لیں اس میں تھوڑا سا ٹُکڑ (شوگر والے گڑ نہ ڈالیں) اور تھوڑا سا صابن ڈال کر اچھی طرح کوٹ لیں پھر دو قطرے پانی کے مکس کر کے پھوڑے پر لیپ کریں اور اس کے اوپر کپڑا لپیٹ لیں۔ دو یا تین بار یہ عمل کرنے سے پھوڑے ٹھیک ہو جائیں گے۔ (خالدہ سلیم، کھیوڑہ)

نفسیاتی مریضہ درس سننے سے کیسے ٹھیک ہو گئی؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و تندرستی عطا فرمائے اور آپ کا سایہ ہم پر ہمیشہ قائم رکھے، اللہ تعالیٰ آپ کو دن دگنی اور رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ عبقری رسالہ نے ہمارے گھر کے بے شمار مسائل ختم کیے۔ اب ہر ماہ عبقری رسالہ کا شدت سے انتظار رہتا ہے۔ لوگوں کے اس کے پڑھنے مشورہ دیتے ہیں جس جس نے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا وہ تعریف کیے بنا نہ رہا۔ محترم حکیم صاحب نومبر میں خط لکھا تھا اپنے سارے مسئلہ مسائل کے ساتھ پھر دسمبر میں میرا جواب آیا جس میں دو انمول خزانے کثرت سے پڑھنے کا کہا گیا میں نے 90 دن پڑھا اور دوبارہ خط لکھا پھر اسی دوران 2 اپریل 2017 کو آپ کا درس تھا کراچی میں میں اپنی والدہ، بھائی اور چھوٹے بیٹے کے ہمراہ درس میں آئی۔ میری والدہ 30 سال سے مریضہ تھیں عاملوں اور ڈاکٹروں پر لاکھوں روپے خرچ کیے کوئی فائدہ نہیں ہوا تھا پورا گھر پریشانی میں مبتلا تھا' اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ آپ کے 2 اپریل کے درس کے بعد ڈاکٹر کو دکھایا پتہ چلا کہ نفسیاتی مریضہ ہے اس کی وجہ سے والدہ کے خیال میں جن بھوت بنے ہوئے تھے اب اللہ تعالیٰ کا شکر ہے وہ بالکل ٹھیک ہیں۔ درس میں میرا چھوٹا بیٹا ساتھ گیا تھا وہاں اچانک اس کی طبیعت بہت خراب ہوئی' مگر اس کے بعد سے اب بالکل ٹھیک ہے۔ اس دن سے دو انمول خزانہ نمبر 1 صبح شام اکیس اکیس مرتبہ' انمول خزانہ نمبر 2 صبح شام 313 مرتبہ پڑھتی ہوں۔ ایک ٹوٹکہ قارئین عبقری کے نام کرتی ہوں:۔ گھر میں کلو یا آدھا کلو لہسن چھیلنے کے بعد جو ہاتھوں میں جلن شروع ہوتی ہے تو اس کے بعد فوراً آدھا پاؤ یا ایک پاؤ پیاز کاٹنے سے ہاتھوں سے جلن ختم ہو جاتی ہے میرا خود کا آزمایا ہوا ہے۔ (ک' راولپنڈی)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت منداور ہشاش بشاش بنائیے
معدہ میں درد ہو' معدہ کا کینسر ہو' تیزابیت ہو یا السر کی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

سردی کو ادرک سے بھگانے کے گر سیکھ لیجیے!

تازہ جڑ ادرک کہلاتی ہے اور خشک کو سونٹھ کہتے ہیں۔ یورپ میں ادرک کا استعمال زیادہ تر بحری ملاح کرتے تھے۔ اس کا مربہ سمندری سفر کے دوران ہونے والی متلی، چکر وغیرہ کے لیے مفید سمجھا جاتا تھا۔ ادرک میں اکتیس فیصد ہلکے زرد رنگ کا فراری تیل (VOLATILE OIL) پایا جاتا ہے۔ اس کے پھولوں میں بھی اس کی مخصوص خوشبو ہوتی ہے۔ تاہم جڑ ہی پھول اور تنے سے زیادہ خوشبودار اور پرتاثیر ہوتی ہے۔ یہ خوشبو تیز اور مرچ کی طرح چرپری ہوتی ہے۔

ادرک کے کیمیائی تجزیے کے مطابق اس میں فراری تیل کے علاوہ تیز تلخ رال، گوند، نشاستہ، ریشہ یا چوبی مادہ، ایسٹک ایسڈ، ایسا میزون، ایسی ٹیٹ آف پوٹاش، گندھک وغیرہ ہوتے ہیں۔ طبی اور دوائی اعتبار سے ادرک اہم مقام رکھتی ہے۔ یہ ہاضمے کی قوت کو تیز کرتی ہے، ریاح خارج کرتی ہے، اسی لیے اسے اکثر امراض معدہ میں استعمال کرتے ہیں۔ یہ خاص طور پر شراب نوشی کی وجہ سے ہونے والی ہضم کی خرابیوں کو دور کرنے میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

ادرک بلغمی مزاج والوں کے لیے بہت مفید ہوتی ہے۔ مرض سنگر ہنی (SPRUE) میں اسے پورے اعتماد کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس مرض میں آنتیں بہت کمزور ہو جاتی ہیں، ان کی دیوار پتلی پڑ جاتی ہے اور ان پر کہیں کہیں سطحی زخم بھی بن جاتے ہیں۔ اس مرض میں سونٹھ کو گھی میں سرخ کر کے اس کا سفوف ایک دو گرام چھاچھ کے ساتھ دن میں دو تین بار کھلانا مفید ہوتا ہے۔

ادرک غذا کی اصلاح کرتی ہے۔ ثقیل غذاؤں مثلاً اُرد کی دال، گوبھی کے ساتھ اسے شامل کرنے سے یہ آسانی سے ہضم ہو جاتی ہے اور ان کا بادی پن دور ہو جاتا ہے۔

ادرک کو چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے نمک چھڑک کر کھانے سے بھوک کھل کر لگتی ہے۔ پیٹ میں بھرے ریاح خارج ہو جاتے ہیں اور قبض بھی دور ہو جاتا ہے۔ اس کا تیل گنٹھیا اور سردی کے دردوں کے لیے مفید ہے۔

بلغمی امراض میں ادرک کے تازہ رس میں تھوڑا شہد ملا کر چاٹنے سے سینہ اور گلا بلغم سے صاف ہو جاتا ہے۔ اسی مرکب کو پانی میں ملا کر پینے سے بھی نزلہ، کھانسی، گلے کی خراش اور درد کو آرام ملتا ہے اور سردی کم ہو جاتی ہے۔ ادرک کا استعمال جسم میں حرارت پیدا کرتا ہے۔ تھوڑی سی ادرک یا سونٹھ گڑ میں ملا کر کھانے سے جسم میں حرارت کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ سردیوں میں اس کی چائے یا چائے میں اس کا رس شامل کر کے پینے سے خوش گوار حرارت کا احساس ہوتا ہے۔

قے اور متلی کے لیے ادرک کا تنہا یا دیگر اجزا کے ساتھ استعمال بہت مفید ہوتا ہے۔ ایک طریقہ تو یہ ہے کہ ادرک کے ٹکڑے توے پر ہلکے سینک لیے جائیں اور تھوڑا نمک لگا کر چوسے جائیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس کے رس میں ہم وزن پودینے اور لیموں کا رس شہد میں ملا کر دھیمی آنچ پر گاڑھا کر لیں اور تھوڑا تھوڑا چاٹتے رہیں۔

ہندوستانی بحری بیڑے کے افراد کو سمندر روگ یا بحری سفر کی وجہ سے ہونے والی متلی، دردسر وغیرہ سے محفوظ رکھنے کے لیے

واشنگٹن پوسٹ امریکہ سے ادرک کے ٹوٹکے پڑھیے!

''رسم'' نامی ایک چٹ پٹا مشروب استعمال کرایا جاتا ہے جس سے وہ ان تکالیف سے جلد نجات پا جاتے ہیں۔ رسم دراصل املی کا زلال ہوتا ہے جس میں تازہ ادرک کا رس، سفید زیرہ اور تھوڑا سا نمک شامل کرتے ہیں۔ ادرک املی کے ساتھ مل کر ایک بہترین مانع قے بن جاتی ہے۔

واشنگٹن پوسٹ کے ہیلتھ میگزین نے بھی ادرک کی اس خصوصیت کی تصدیق کی ہے۔ اخبار کے مطابق امریکا اور ڈنمارک میں ادرک کی افادیت کا اندازہ لگانے کے لیے برائیگھم ینگ یونیورسٹی اور اوہائیو کے ماؤنٹ یونین کالج میں سمندری روگ میں زیادہ مبتلا ہونے والے افراد کو مروج مانع قے، دوائیں اور ادرک استعمال کرانے سے اندازہ ہوا کہ ڈرامین نامی دوا کے مقابلے میں ادرک زیادہ مفید ثابت ہوئی۔ اس کے استعمال سے قے، متلی، دوران سر کی شکایات لاحق نہیں ہوئیں۔ اسی قسم کے دو تجربات ڈنمارک میں کیے گئے۔ ان سے بھی ادرک کی ان خصوصیات کی توثیق ہوگئی۔ میگزین کے مطابق جانوروں کو (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

گوشہ درود وسلام کراچی
روحانی وجسمانی امراض کا انوکھا شفاء خانہ

بندش آگ کھل گئی: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے خاوند کا ہوٹل کا کاروبار ہے، بہت خوب چلتا تھا، کسی حاسد نے آگ کی بندش لگا دی، تندور جلتا تھا، چولہے میں گیس بھی صحیح تھی مگر سب کچھ کچا رہ جاتا تھا، تندور میں روٹیاں گر جاتیں، کاروبار دن بدن خراب ہوتا جا رہا تھا، شوہر کو کسی نے بتایا کہ آپ پر کسی نے آگ کی بندش لگا دی ہے۔ میں نے شوہر کو بتایا کہ میں ''گوشہ درود وسلام'' جا کر اعمال کرتی ہوں ان شاء اللہ اللہ کریم کرم فرمائیں گے۔ میں جا کر اعمال کیے، دم شدہ تیل، اور پانی لیا۔ ایک طلسماتی پیالہ ملا، پانی کے چھینٹے پورے ہوٹل میں لگائے، تندور میں بھی لگائے، الحمدللہ! تین دن کے اندر اندر ہمارا ہوٹل بالکل ٹھیک ہو گیا۔ آگ کی بندش کھل گئی۔ (زاہدہ اصغر، ملیر کراچی)

بچے پڑھنا شروع: میرے بچوں کا پڑھائی میں بالکل بھی دل نہیں لگتا تھا، بہت پریشان تھی، بچے خود کہتے کہ ہم پڑھنا چاہتے ہیں مگر نجانے کیا بات ہے کتاب کھولتے ہیں تو دل گھبرانا شروع ہو جاتا ہے، میں نے اپنے شوہر سے بات کی، شوہر ''گوشہ درود وسلام'' میں گئے اور وہاں بتائے گئے اعمال کیے، واپسی پر دم شدہ نمک، تیل اور ایک طلسماتی الفاظ سے لکھا ہوا پیالہ لائے، ہم تمام گھر والوں نے ان چیزوں کا استعمال شروع کر دیا، جہاں بچوں کا پڑھائی میں دل لگا وہیں ہمارے دیگر مسائل بھی حل ہوئے۔ (مسز اویس، بفرزون کراچی)

وساوس سے نجات: مجھے شیطان ہر وقت وساوس میں مبتلا رکھتا، اللہ تعالیٰ، اس کے نبیوں، ولیوں، بزرگان دین کے بارے میں ایسے ایسے وساوس آتے کہ دل چاہتا خودکشی کر لوں، بہت علاج کروائے مگر بے سود۔ گوشہ درود وسلام کے بارے میں پڑھا، وہاں چلا گیا، چند دن وہیں جاتا رہا، اعمال کیے، دم شدہ پانی، تیل اور پیالہ استعمال کیا۔ 21 دن کے اندر اندر میں بالکل بدل چکا تھا، وساوس ختم، طبیعت نماز، ذکر اور اعمال کی طرف مائل ہو گئی۔ (جہانگیر، حیدرآباد)

جن کا اثر ختم: میرے چھوٹے بیٹے عمر 13 سال پر جن کی حاضری ہوتی، بہت عاملوں کے پاس لیکر گئے مگر کچھ حاصل نہ ہوا، کسی نے گوشہ درود وسلام کا بتایا، وہاں مسلسل جاتے رہے، دم شدہ پانی طلسماتی پیالہ میں ڈال کر پلاتے رہے، پانی کے چھینٹے اس کے جسم اور منہ پر مارتے، الحمدللہ! آج دو ہفتے ہو گئے جن کی حاضری نہیں ہوئی۔ (ع۔ سکھر)

نوٹ: ''گوشہ درود وسلام'' میں کیے جانے والے اعمال کی تفصیل صفحہ نمبر 63 پر ملاحظہ فرمائیں۔

ناک شفاء
دائمی نزلہ، الرجی، چھینکیں، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
مینی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

جلدی کیجئے! محدود مدت آفر! فائدہ اٹھالیں!

ڈاکٹر ظفر حمید ملک، اٹک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو صحت زندگی اور خوشحالی عطا فرمائے۔ میرے پاس ایک مضمون ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتا ہوں:۔

قارئین! ہمارے ہاں جب کسی نئی پراڈکٹ کو متعارف کروایا جاتا ہے تو اس کی تشہیر کرنے کیلئے اس کو مارکیٹ سے کم داموں پر فروخت کیا جاتا ہے اور ساتھ میں کہا جاتا ہے کہ اس آفر سے فائدہ اٹھالیں کیونکہ یہ آفر محدود مدت کیلئے ہے اور ہم محدود مدت آفر کو حاصل کرنے کیلئے جلد از جلد اس چیز کو حاصل کرتے ہیں، اگر کسی انسان سے یہ پوچھا جائے کہ اس کی عمر کتنی ہے، کوئی کہے گا پچیس سال، کسی کی پندرہ سال، کسی کی پچاس سال، اگر ان سے پوچھا جائے آپ اور کتنا جی لیں گے یا زندہ رہ لیں گے تو ایک جواب جو کنفرم ہوگا کہ کوئی پتہ نہیں؟ اگلا سانس آئے بھی یا نہ آئے، لہٰذا انسان کی عمر کا بھی کوئی پتہ نہیں اور پھر بھی پیسے کی دوڑ ہے جس میں صبح تا شام سرگرداں ہیں، کیا کبھی انسان نے یہ سوچا یہ آفر بھی محدود مدت کیلئے ہے، میری تمام پڑھنے والوں سے درخواست ہے کہ جب اپنے دن کا آغاز کریں تو اپنے آپ کو کھڑا کر کے اپنے ہاتھوں کو اسی طرح پھیلا کر جیسے کسی اشتہار میں پراڈکٹ کے اوپر ایکٹ کیا جاتا ہے ایسا ہی ایکٹ اپنے اوپر کریں اور دو چار بار کہیں کہ پیش کش محدود مدت کیلئے ہے۔ اگر اس محدود مدت میں فائدہ نہ اٹھایا تو ایک لمبا سفر، ایک نہ ختم ہونے والی آفر انتظار کر رہی ہے پھر پچھتائیں گے کہ کیوں اس محدود مدت آفر سے فائدہ نہ اٹھایا؟ کیونکہ آپ اور میرے جیسے کئی آئے اور چلے گئے وہ بھی چلے گئے جو چار سو سال زندہ رہے اور وہ بھی جو پچاس سال وہ بھی جو ایک دن اور وہ بھی جو سو سال زندہ رہے لیکن آخر کار عمر ختم ہوگئی یعنی محدود مدت ختم ہوگئی۔ وہ بھی چلے گئے جنہوں نے مضبوط ترین محلات تعمیر کیے کہ شاید یہاں زندگی ختم نہ ہو۔ اس محدود مدت آفر سے فائدہ کس نے اٹھایا جس نے اس کو سمجھا کہ واقعی یہ انسانی پیشکش محدود مدت کیلئے ہے، انہوں نے برسوں کی پلاننگ نہیں کی، صرف آج کی اور ابھی کی پلاننگ کی، اگر کسی کو کچھ دینا ہے تو آج ہی دے دیں اگر کسی کو کچھ بتانا ہے تو آج ہی بتادیں۔

خدارا کل کا انتظار نہ کیجئے! ابھی اٹھیے اور کر گزریئے

اگر عبقری میں کچھ لکھنا ہے اپنے تجربات بتانے ہیں تو کل کا انتظار نہ کریں، یہ محدود مدت آفر ہے کیا پتہ آپ کل ہوں نہ ہوں۔ بہت سارے حکماء ڈاکٹر حضرات اس آس پر چلے گئے کہ کل اپنا علم ٹرانسفر کردیں گے لیکن آنے سے پہلے ہی محدود مدت ختم ہوگئی اور آج ان کا نام لیوا بھی کوئی نہیں اور جن کو سمجھ آگئی کہ یہ ایک محدود مدت آفر ہے وہ اپنا علم ٹرانسفر کر گئے، اپنے تجربات بتا گئے اور آج دنیا ان کو سنہرے حروف سے یاد کرتی ہے میں اکثر سوچتا ہوں کہ ایکسرے کتنی چھوٹی سی چیز ہے لیکن اس کا ایجاد کنندہ اگر اس علم کو اپنے پاس یا اپنی نسل تک محدود رکھتا تو آج کوئی اس کو جاننے والا نہ ہوتا ایک چھوٹے سے حادثہ سے لے کر ایک بڑے سانحہ تک اگر کسی چیز کا سب سے پہلے نام لیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ ایکسرے کروالیں تاکہ صحیح طور پر تشخیص ہوسکے اور پھر صحیح تشخیص ہونے پر اس سے علاج کیا جاتا ہے تو کیا اس پر اس شخص کو کوئی اجر نہ ملتا ہوگا جو روزانہ نجانے کتنی بار انسانیت کو بچاتا ہے اگر کسی نے ایک شخص کی جان بچالی تو گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچالی۔ یہ صرف علم بتانے تک نہیں کوئی بھی نیک کام کرنا ہے تو محدود مدت میں فوراً کرلیں حتیٰ کہ ایک درخت، ایک پودا ہی لگانا ہے تو کل کا انتظار نہ کریں فوراً نیکی کر ڈالیں کیونکہ آپ کے لگائے پودے سے کسی نہ کسی کو فائدہ پہنچے گا تو ہی آپ کو اجر ملے گا ضرور ایسا کچھ کریں جو آپ کیلئے آپ کی اولاد کیلئے آپ کے والدین کیلئے صدقہ جاریہ ہو، اس صدقہ جاریہ کی ہمیں ضرورت ہے کیونکہ یہ وہ چیز ہے جس سے حاصل ہونے والا فائدہ ہمیں زندگی میں اور زندگی کے بعد بھی ملتا رہے گا۔ کسی مسجد میں پنکھا لگوادیں، کوئی چھوٹی سی مسجد، پانی کا کولر، نلکا یا کنواں آپ کی نسلوں کو بھی ثواب ملتا رہے گا۔ بس آپ سے التماس ہے کہ اس محدود مدت آفر سے فائدہ اٹھالیں۔ آپ کے پاس وقت کم ہے جتنا جلد فائدہ اٹھالیں آپ کیلئے بہتر ہے۔

تصوف کی بنیاد! قرآن وسنت

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

جیسا کہ آپ نے پچھلی اقساط میں پڑھا کہ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ ہمیں اللہ سے لینے کے گُر بتا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں میں نے آپ کو حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک قول بھی سنایا کہ دل میں اللہ کا غیر ہے تو چاہے سو نفل پڑھ لے کوئی فائدہ نہ ہوگا، کوئی نفع نہ ہوگا۔ کیوں؟ اللہ سے بڑا غیرت والا کوئی نہیں ہے تو قارئین! کیا رب سے بڑا کوئی غیرت والا ہے؟ جس کریم کے خزانے سے حیاء اور غیرت آئی ہے، خود اس کے پاس کتنی غیرت ہوگی...! کپڑے والے نے تو سوٹ کاٹ کے دیا تو خود کپڑے والے کے پاس کتنا کپڑا ہوگا؟ یہ کپڑا اور کپڑے والا ایک مثال ہے۔ ساری کائنات کے سمندر میں جتنا پانی ہے، یہ ایک قطرہ ہے اور قطرے کا ارب اور کھرب اور کروڑواں حصہ ہو اور یہ قطرہ بھی میرے آپ کے سمجھانے کیلئے عرض کر رہا ہوں ورنہ میرے رب کے پاس سمندر ہیں، ساری کائنات کے جتنے پہاڑ ہیں یہ ایک کنکر ہیں اور کنکر بھی میرے آپ کے سمجھانے کیلئے ہے۔ اللہ جل اللہ شانہٗ کے پاس پہاڑ ہیں تو جس کے پاس اتنا کچھ ہو اس سے لیے بغیر، اس سے مانگے بغیر اور اس کی حفاظت کے بغیر ہمارا گزارا نہیں۔

نیکی اور بدی سے بچانے والی ذات!: میں اکثر ایک بات عرض کیا کرتا ہوں کہ یا اللہ! تیرے بغیر گزارا نہیں۔ بندے کا اللہ جل اللہ شانہٗ کے سوا کوئی مددگار نہیں جو نیک کاموں میں اسکی مدد و نصرت کرے اور زیادہ کی توفیق بخشے۔ نیک کام اس کو کہتے ہیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہ الٰہی نیک کاموں کی توفیق صرف تیری مدد سے ہے اور اللہ! برے کام سے بچانا صرف تیری ذات کی مدد کے علاوہ کسی اور کے بس میں ہے ہی نہیں۔ بات سمجھ رہے ہیں؟ نیکی کے کام کس کی مدد سے ہیں؟ اللہ کی مدد سے ہیں۔ اور برے کام سے کون بچا سکتا ہے؟ صرف اللہ! یہی پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے سبق دیا ہے۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنادیتی ہے
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید | شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روسا، اور امرا، کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟ قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 122

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

جنات شکلیں کیسے بدلتے ہیں؟

آپ نے کبھی سنا ہوگا کہ جنات مختلف شکلیں بدل لیتے ہیں وہ مختلف شکلیں کیسے بدلتے ہیں؟ اور مختلف صورتوں میں کیسے آتے ہیں؟ آیئے میں آپ کو اس کے کچھ مناظر دکھاتا ہوں اور بتاتا ہوں کیونکہ یہ سچ بھی ہے اور حقیقت بھی ہے' اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کو جنات کو مختلف شکلیں بدلنے کا زور اور طاقت دی ہے اور اختیار دیا ہے اور یہ مختلف شکلیں انسان تو نہیں جنات ضرور بدل لیتے ہیں اور جب بھی بدلتے ہیں سو فیصد ویسے ہوتے ہیں جیسے کہ وہ مخلوق ہوتی ہے' کوئی بندہ بھی اس میں یہ نہیں دیکھ سکتا اور نہ ہی پرکھ سکتا ہے۔

پہلے تو خود جنات کا وجود ہی مشکوک ہے

میں ایک جگہ بیٹھا تھا تو مجھے کسی نے جنات کی مختلف شکلیں بدلنے کے واقعات سنائے جو کہ اس پر بیتے تھے' ایک نہایت پڑھے لکھے اور کسی اچھے عہدے پر متمکن شخص فوراً بول اٹھے' پہلے تو خود جنات کا وجود مشکوک ہے' جنات ہیں یا نہیں ہیں یہ سب پیروں اور شعبدہ باز لوگوں کی کہانیاں ہیں پھر اگر جنات ہیں بھی سہی تو وہ نظر نہ آنے والی مخلوق ہے جو نظر نہیں آتی اس کا شکلیں بدلنا کیسے ممکن ہے؟ بہت سنجیدہ لیکن تلخ لہجے میں ان کی یہ بات سب نے سنی اور حیرت اس بات پر ہوئی کہ وہ اپنے اس بیان اور عقیدے پر نہایت مطمئن تھے۔ نامعلوم مجھے کیا سوجھی میں نے انہیں کہا: آئیں ہم دیکھ لیتے ہیں کہ کیا جنات اپنی شکلیں بدل سکتے ہیں؟ میں نے فوراً باورچی جن کو اطلاع دی اور ان سے کہا کہ آپ خود بھی اور اپنے اہل و عیال کو بھی لے کر میرے پاس آئیں' ایک جن کو میں نے کہا کہ وہ مکھی بن جائے اور ان صاحب کو جو کہ خود وجود کے قائل نہیں' ذرا ستائیں۔ تھوڑی ہی دیر گزری ایک مکھی آگئی اور وہ بھنبھناتی ہوئی کبھی ان کے ناک پر' کبھی ہاتھ پر بیٹھتی' اُدھر گفتگو ہو رہی تھی اور وہ اپنی گفتگو اور دھواں دھار تقریر' نفرت آمیز لہجے میں جنات کا انکار' ان کی شکلیں بدلنے کا انکار کر رہے تھے۔ ادھر مکھی نے انہیں زچ کیا ہوا تھا' پھر وہ مکھی کو مارنے کی کوشش کر رہے تھے' تھوڑی دیر ہوئی انہوں نے اخبار لے لیا کہ مکھی میرے ہاتھ پر بیٹھے گی' اخبار کو لپیٹ کر میں اس کو ماروں گا لیکن ہر بار مکھی اڑ جاتی اور اخبار ان کے بازو اور ہاتھ پر جا کر لگتا۔

ایک جن کیسے مکھی بن سکتا ہے؟

مکھی نے ان کی گفتگو کو ڈھیلا کر دیا اور ان کی دھواں دھار تقریر میں کمی آنا شروع ہوگئی۔ میں نے تھوڑی دیر کے بعد ان سے کہا: کیا خبر یہ مکھی ہی خود جن ہو' کیا آپ کو یقین ہے؟ کہا یہی باتیں ہوتی ہیں جو آپ کی وجہ سے لوگ گمراہ ہوتے ہیں مکھی بھلا مکھی ہوتی ہے اور آج کل موسم ایسا ہے کہ مکھی بھنبھناتی رہتی ہے' آتی رہتی ہے' مکھی جن بن کر کیسے انسان کو تنگ کر سکتی ہے اور مکھی جن بن کر کیسے انسان کے قریب آسکتی ہے؟ میں نے ان سے کہا اب یہی مکھی بھڑ بن جائے' میری بات سن کر انہوں نے قہقہہ لگایا' تھوڑی ہی دیر میں ایک کالے رنگ کا بھڑ' خطرناک آواز میں بھنبھناتا ہوا ان کے قریب آیا بار بار کاٹنے کیلئے لپک رہا ہے' چہرے پر خوف' میں نے کہا: اب یہاں سے ہٹنا نہیں میں نے باورچی جن کے بیٹے کو کہا کہ اس کی ٹانگیں پکڑ لو۔ انہوں نے اس کی ٹانگیں پکڑ لیں اور وہ زمین سے جڑ گئیں' اب اس کی بے کسی' بے بسی اور تلخی اور بدتمیزی کا زوال شروع ہوا۔

معاف کر دیں! میرا علم تھوڑا تھا

حیرت اس بات پر ہوئی کہ وہ کالا بھڑ بہت خطرناک انداز میں بھنبھناتا ہوا اس کے دائیں بائیں آتا' کبھی اس کے ہاتھ' ماتھے' چہرے پر اور وہ مسلسل ہاتھ ہلا کر اس کو دور کرنے کی کوشش کر رہا تھا' بس زیادہ دیر نہیں گزری' چند ہی منٹ کے بعد اس کی ہائے ہائے نکلنا شروع ہوئی اور کہنے لگا: معاف کر دیں' بس میرا علم تھوڑا تھا' اس سے پہلے وہ دنیا کا بہت بڑا سائنسدان بھی تھا' سکالر بھی تھا' مفکر بھی تھا' دانشور بھی تھا' کتابوں کا مصنف بھی تھا' علم کا سمندر' غرور کا پہاڑ نامعلوم کیا تھا؟ بس چند منٹ میں اس کے لہجے' اس کے حلیے' اس کے انداز کو بدل کر اس میں عاجزی کو ایسا ڈالا کہ وہ عاجز بے بس ہوگیا۔ اب ساتھ بیٹھے وہ شخص جو اپنے حالات سنا رہے تھے پہلے تو وہ بھی بول رہے تھے کہ نہیں بھائی جان یہ سچ ہے۔

کتے سے لیکر بھیانک ڈائن تک کی داستان

ایک دفعہ میں جا رہا تھا کہ مجھے ایک کتے کا چھوٹا سا بچہ ملا' سخت سردی تھی اور وہ سردی سے کانپ رہا تھا' میں نے کہا اس کی خدمت کر دی جائے' اس کی میں نے خدمت کی' اسے سردی سے بچایا اور اسے ایک گرم جگہ رکھا لیکن جتنا میں رکھتا جاتا تھا اس کا جسم بڑھتا جاتا تھا حتیٰ کہ وہ بہت خونخوار کتا بن گیا' میں ڈر کر بھاگا' آگے دیکھا تو ایک بڑھیا دیکھی' جو کانپ رہی تھی' پھر خیال آیا کہ یہ بڑھیا بھی وہی کتا ہی نہ ہو لیکن بڑھیا بھی تھوڑی ہی دیر میں کبھی جوان عورت بن جاتی' کبھی قہقہے لگاتی' کبھی خود بڑھیا بن جاتی' تھوڑی ہی دیر میں خطرناک ڈائن بن گئی جس کے لمبے لمبے دانت' بکھرے ہوئے بال' الجھے ہوئے ناخن اور غراتی ہوئی آواز۔ حتیٰ کہ میرے پسینے چھوٹ گئے' میں بھاگا' آگے دیکھا تو چیونٹیوں کے بہت بڑے غول کے غول تھے اور اتنے زیادہ کہ ان کی ایک دیوار سی بنی نظر آرہی تھی' میں نے ان کی دیوار پھلانگی تو کچھ چیونٹیاں چپک گئیں اور مجھے کاٹنا شروع کر دیا۔ پھر میں گھر گیا تو یہ سارا واقعہ اپنی والدہ کو بتایا' انہوں نے کچھ کلام الٰہی پڑھ کر میرے اوپر دم کیا تھوڑی دیر ہوئی۔ گھر کا دروازہ کھلا کچھ لوگوں بچے' بوڑھے' جوان بیس پچیس لوگ آکر گھر میں بیٹھ گھر گئے اور زاریاں کرنے لگے کہ یہ کلام نہ پڑھیں۔

نہ پڑھو ہمارا بیٹا جل جائے گا

یہ ساری غلطی ہمارے بیٹے کی ہے' یہ ہر آتے جاتے کو چھیڑتا ہے' اس کو پتہ نہیں تھا کہ آپ کے پاس اسم اعظم اور کلام ہے۔ وہ بہت زاریاں کر رہے تھے' رو رہے تھے۔ آخرکار کہنے لگے: نہ پڑھو ہمارا بیٹا جل جائے گا' مر جائے گا' خاک ہو جائے گا' ہمارا جوان بیٹا ہے ابھی اس کی شادی کرنی ہے' اس کی شادی کی تیاریاں ہو رہی ہیں' ہمارے اوپر ترس کھائیں جب اماں نے یہ بات سنی تو اماں نے آنکھیں کھولیں' وعدہ لیا' معاف کر دیا' تھوڑی ہی دیر میں یہ غائب

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کر کے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کر کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ہوگئے۔اب سے کچھ دیر پہلے یہ ساری باتیں مفکر' دانشور اور اینکر پرسن کو بالکل فضول گفتگو' بکواس اور پتھر کے دور کی باتیں' ڈھکوسلے محسوس ہو رہے تھے لیکن کچھ ہی دیر کے بعد واقعہ ایک دم بدل گیا۔ پہلے مکھی تھی' پھر بھڑ تھا' بھڑ کیا تھا؟ وہ دانشور' ایسا بیٹھا کہ جھاگ کیا بیٹھے گی' میں خاموشی سے یہ منظر دیکھ رہا تھا' اس سے پہلے اس نے جتنا اللہ تعالیٰ کے بارے میں' نبی کریم ﷺ کے بارے میں' صحابہؓ' اہل بیتؓ کے بارے میں' اولیاء' صلحاء' نیک ہستیوں کے بارے میں بدزبانی کی تھی' یہ اس کو سزا ملنی چاہیے تھی اس کی سزا فوراً اگر معافی کی طرف آجاتی تو اسے نصیحت نہ ملتی تھی' نصیحت ملنا بہت ضروری ہے' سزا اور جزا کا نظام اللہ کا ہے' اب تھوڑی دیر ہوئی میں نے باورچی جن کو کہا کہ آپ سارے بھڑ بن کر اس کے اردگرد اسے خوب ستائیں اور اس کو توہین کا مزا چکھائیں۔

اس نے بڑی ہستیوں کی توہین کی ہے

اب ایک اور بھڑ آیا' پھر دوسرا آیا' پھر تیسرا آیا اب تو بھڑوں نے چھاؤں کردی' اس کی چیخیں اس کا واویلا' یہ بھاگ نہیں سکتا تھا' اس کا نچلا دھڑ حرکت نہیں کر رہا تھا' اب سر اور بازو سے بار بار بھڑوں کو بھگانے کی کوشش' منہ سے جھاگ' تھوکیں' رونا' آنسو' چیخیں' لوگ ادھر اُدھر سے اکٹھے ہوگئے۔ میں نے اس دکھیارے سے کہا: جب بھی لوگ آئیں' پوچھیں کیا ہے؟ کہیں میں نے داستان سنائی تھی' اس نے بڑی ہستیوں کی توہین کی اور کہا یہ سب جھوٹ ہے' فریب ہے' دھوکہ ہے' دکانداری ہے اور دکھاوا ہے' اب لوگ آنا شروع ہوئے' ہر فرد آکر پوچھتا کیا ہوا حتیٰ کہ اس کی بیوی آگئی۔ اس کی اولاد آگئی' کوئی اس کے قریب آنے کو تیار نہیں تھا' بھڑوں کا خوف ایسا تھا کہ اس کے قریب آنے کا کوئی سوچ نہیں سکتا تھا۔ اس ساری مصیبت اور کشمکش کو ایک گھنٹہ سے زیادہ ہوگیا حتیٰ کہ اس کی عاجزی' اس کی بے کلی اور بے قراری کو میں نے دیکھا اور اس کا بار بار معافی مانگنا' اللہ اس کے رسول ﷺ' آل رسولؓ' اصحاب رسولؓ' اولیاء' صلحاءؒ' نیک لوگ' خود اس مسکین سے جس کے ساتھ یہ واقعہ ہوا اس سے معافی مانگنا جب اس کا معافی مانگنا بڑھ گیا۔

اب اس کو معافی ملنی ہی چاہیے

اس کی معافی کی انتہا ہوگئی تو میں نے سوچا اب اس کو معافی ملنی ہی چاہیے تو فوراً میں نے باورچی جن کو کہا: وہ اور اس کا خاندان چلے جائیں' بس تھوڑی ہی دیر ہوئی سب بھڑ ختم ہوگئے' بھڑوں کا سارا نظام ایک پل میں رک گیا اور اس کے پاؤں کھل گئے' وہ اٹھا اور زمین پر گر کر سجدہ ریز ہوگیا اسے کوئی قبلہ سمت کا پتہ نہیں تھا بار بار کہہ رہا تھا کہ اللہ مجھے معاف کردے' میں نے تیری طاقت کو چیلنج کیا ہے' میں نہیں جانتا تھا تو کون ہے؟ کتنا طاقتور ہے؟ بلک بلک کر رو رہا تھا' شاید بچے بھی اتنا نہ روئیں جتنا وہ رو رہا تھا اور روتا ہی جا رہا تھا۔ اس کا رونا آج بھی مجھے یاد ہے اور ابھی بھی یاد ہے اس کے رونے کی بے بسی' اس کی چیخیں' اس کا چلانا ایسا تھا کہ اچھا خاصا فرد بھی رونے لگ جائے اور اس کے رونے پر سارا مجمع جو جمع ہو چکا تھا رو رہا تھا اور اس کی عاجزی نے اتنا رلایا کہ خود مجھے بھی رونا آگیا اور ایک احساس ہوا کہ انسان کتنا کمزور ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات کتنی طاقتور ہے' انسان پل میں کتنا اپنی کمزوری اور بے بسی کا اظہار کرتا ہے اور ختم ہوجاتا ہے۔

قدرت نے جنات کو یہ طاقت دے رکھی ہے

یہ ایک واقعہ نہیں ایسے کئی واقعات ہیں کہ میں نے ایسے جنات دیکھے کہ جنات پل میں اپنی شکلیں' صورتیں' اپنے نقشے کیسے بدل لیتے ہیں' انہیں ہر چیز حتیٰ کہ جاندار ہو یا بے جان اپنانے کی صلاحیت حاصل ہے اور قدرت حاصل ہے' رب نے انہیں یہ قدرت' طاقت اور تاثیر دی ہوئی ہے۔ اچھا خاصا انسان مغالطے میں پڑ جاتا ہے۔ ایک گھر میں جانا ہوا تو وہاں مکڑیاں جالا تان لیتی تھیں گھر والوں کا کہنا یہ تھا کہ ابھی ہم نے جالا اتارا پھر کمرے میں دیکھا کہ پھر جالا تانا ہوا تھا جبکہ مکڑی اتنا جالا اتنی جلد نہیں بن سکتی۔

میں سمجھ گیا! دراصل یہ جنات ہیں

آخر یہ کیا ہے؟ وہ مکڑیاں اور جالا اتارا تار کر تھک گئے اور عاجز آگئے تھے۔ میں سمجھ گیا یہ دراصل جنات ہیں جو کہ یہ سب کچھ کر رہے ہیں میں نے انہیں بتایا کہ کوئی حرج نہیں' آپ کا یہ مسئلہ حل ہوجائے۔ انہیں کچھ قرآنی اعمال بتائے کہ وہ گھر میں کریں کچھ ہی دنوں کے بعد کہنے لگے: اب ہمارے گھر میں مکڑیاں مری ہوئی نظر آرہی ہیں اور ہم محسوس کر رہے ہیں کہ ہمارے گھر سے وہ سارا بوجھ اور سارا نظام جو مکڑیوں کے جالوں کی شکل میں ہمارے پاس آیا تھا وہ ختم ہو چکا ہے۔ دراصل وہ جنات تھے جن کا ان کے گھر میں قبضہ تھا اور وہ جگہ جگہ جالے اس لیے بناتے تھے کہ گھر کی ویرانی اور بوسیدگی محسوس ہو اور گھر کی بوسیدگی کی وجہ سے یہ گھر چھوڑ جائیں اور گھر بھوت گھر بن جائے اور وہ سب ڈر کر چلے جائیں لیکن ایسا نہ ہوسکا اور وہ جنات خود ڈر کر بھاگ گئے اور بہت سے مر گئے اور جل گئے۔

ارے یہ تو جناتی حملہ ہے!

ایک اور واقعہ ہے کہ ایک زمیندار کے جانوروں کے باڑے میں ایک انوکھی بیماری پھیل گئی' جانوروں کی کھال پھٹ جاتی تھی' ان سے ریشہ خون پیپ نکلتی تھی' تمام علاج معالجہ کر کے تھک جاتے تھے جب بیماری بڑھ جاتی تھی تو زمین سے چیونٹیاں نکلتی تھیں اور وہ سارے جانور کو لپیٹ میں لے لیتی تھیں حتیٰ کہ جانور تڑپتا اور تڑپتے تڑپتے مرجاتا تھا۔ بہت ادویات استعمال کیں' جسم کو لگانے کے لیے بھی اور اس جانور کو کھلانے کیلئے بھی اور زمین میں بھی چیونٹیاں مارنے کے لیے بہت چیزیں ڈالیں مگر ایک پل میں چیونٹیاں زمین میں گم ہوجاتی بعد میں پھر نکل آتیں۔ جب یہ معاملے میرے سامنے آیا تو میں نے کہا جناتی حملہ ہے اور یہ سب جناتی نظام چل رہا ہے۔ میں نے انہیں فوراً قرآنی اعمال بتائے انہوں نے وہ قرآنی اعمال کیے لیکن زیادہ عرصہ نہ کیے' چھوڑ دیئے تھوڑا سا فائدہ ہوا پھر حملہ اس سے بڑھ کر ہوا وہ پھر آئے' تاکید کی' احساس دلایا اور پھر وہی قرآنی اعمال کیے اور انہیں فائدہ ہوا اور ان کے جانور کی تمام بیماریاں اور دکھ ختم ہوگئے۔ وہ چیونٹیاں وہ کیڑے کہاں گئے' حیرت ہوئی' حیران کن بات ہے کہ انہوں نے علاج معالجے میں لاکھوں روپے لگائے تھے کیونکہ ان کے گائے اور بھینسوں کا فارم تھا اور وہ گائے اور بھینسوں کے فارم میں بہت قیمتی جانور رکھے ہوئے تھے' عاجز اور تنگ آچکے تھے تمام علاج معالجے سے تھک چکے تھے۔ اور وہ بے بس ہوگئے تھے۔ اور بے بسی کی انتہا تھی۔ (جاری ہے)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل
اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 61 پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔
اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس
برص' خارش' چنبل' ایگزیمیا' کوڑھ' جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

39 سال 5 ماہ اور 13 دن پرانا جادو ختم

فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

سارا خاندان شدید مسائل کا شکار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے اور آپ کی بخشش بلاحساب کتاب کردے۔ آمین!۔ میں اور میری بہن 17 اپریل 2013ء کو آپ کے پاس کلینک پر حاضر ہوئے تھے' ہمارا سارا خاندان شدید مسائل کا شکار تھا' آپ نے والدہ صاحبہ پر 39 سال پانچ ماہ اور 13 دن پرانا جادو بتایا تھا اور ہمیں ''الحسبتم اور اذان کا عمل دیا تھا ساتھ میں کنگھی کا عمل' دم والا صابن اور صدقہ کا بتایا تھا۔ ان اعمال سے ہمیں بہت فائدہ ہوا ہے۔ میں اور میری والدہ سر پر بال نہیں رکھ سکتی تھیں ایک انچ بھی سر پر بال آجائے تو ہم فوراً کاٹ لیتی تھیں اس کے بغیر سکون نہیں ملتا تھا۔ ان اعمال کے کرنے سے اور آپ کی دعاؤں سے اس مصیبت سے جان چھوٹ گئی۔ والدہ صاحبہ اور میں نہ چاہتے ہوئے بھی قبرستان جاتے تھے' امی ایک بزرگ کی قبر پر جاتی تھیں' وہاں سارا دن بلاوجہ بیٹھ کر پڑھائی کرتی رہتیں' اگر وہاں نہ جاتیں تو بے چین رہتی تھیں' گھر میں حرمل' اجوائن کی دھونی لیتی تھیں' اکثر گھر میں بے لباس پھرتی تھیں' واش روم میں گھنٹوں لگاتی تھیں' اپنے ہاتھ' بازو' ٹانگیں' چہرہ گھنٹوں مل مل کر دھوتی تھیں' گھنٹوں نہاتی رہتی' کپڑے برتن کے پاس سے بھی کوئی گزر جائے تو کہتیں تھیں کہ ناپاک ہوگیا ہے۔

امی کی حالت دیکھ کر چیخیں نکل جاتیں

ہم بہنیں' کسی کتاب سے پڑھ کر یا کسی کے بتائے ہوئے اعمال جیسے سورۂ بقرہ' سورۂ کوثر یا نماز' قرآن پڑھ رہی ہوتیں تو امی دروازے کے باہر اپنے سارے کپڑے اتار کر زور و شور سے گیس کا چولہا جلا کر حرمل' اجوائن کی دھونی لے رہی ہوتی تھیں۔ ایسا اکثر رات کے آخری پہر میں ہوتا تھا۔ جتنا ہم پڑھائی کرتیں امی اتنے ہی زور و شور سے بے لباس ہوکر پھرتی تھیں۔ امی کے جسم پر اکثر ناخنوں کے نشانات دیکھنے کو ملتے تھے' دھونی لینے کے چکر میں اکثر ان کا جسم جل جاتا تھا' ہم لوگ امی کی یہ حالت دیکھ کر روتے' چیختے' چلاتے' آہیں بھرتے مگر امی کی وہی روٹین تھی۔

اب ہر طرف سکون ہے

آپ نے اس کے بعد درس سننے کا کہا۔ سورۂ کافرون کا دم والا تیل استعمال کرنے کا کہا۔ انڈے پر آیۃ الکرسی دم کرکے صدقہ کرنے کا کہا' کالے کپڑے پر بیٹھ کر لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھنے والا عمل دیا تھا۔ الحمدللہ! ہم نے 18 اپریل 2013ء سے لے کر کسی درس میں ناغہ نہیں کیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہمارے مسائل حل ہوچکے ہیں' امی اب نماز' قرآن پڑھتی ہیں' قبرستان اور دربار پر جائے بغیر ہی پرسکون رہتی ہیں' لباس پورا پہنتی ہیں۔ دھونی لینا چھوڑ دی ہے۔

الحسبتم اور اذان کا عمل: سورۂ مومنون کی آخری چار آیات 7 مرتبہ اور اذان سات مرتبہ' اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کریں' اگر خود نہیں پڑھ سکتے تو کوئی دوسرا تصور کرکے بھی دم کرسکتا ہے' گھر اور کمرے کے چاروں کونوں میں بھی پڑھ کر دم کرسکتے ہیں۔

سورۂ کافرون کا عمل: سرسوں کا تیل حسب ضرورت لے کر اس پر چند افراد اکٹھے باوضو پاک حالت میں بیٹھ کر 1001 مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر دم کریں۔ اگر چند افراد اکٹھے نہیں پڑھ سکتے تو ایک فرد بھی پڑھ کر دم کرسکتا ہے۔ پھر اس تیل کو مزید تیل میں ملا کر چند قطرے سالن میں' آٹا گوندھنے میں' سر میں' کانوں کی لو پر لگائیں۔ جہاں درد ہو وہاں مالش کریں' اگر مزید تاثیر چاہتے ہیں تو روزانہ ایک تسبیح سورۂ کافرون اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اسی تیل پر دم کرتے رہیں۔ یہ عمل کم از کم اکتالیس یا اکانوے دن ضرور کریں۔ جادو' جنات' بندش' گھریلو الجھنوں' سردرد' کمردرد' جوڑوں کے درد' نظر بد کا شافی علاج ہے۔ انشاءاللہ۔

کبھی اپنے لیے بھی وقت نکال لیجئے

بہت سے لوگ وقت کی حقیقی قدر و قیمت کا احساس کیے بغیر ماہ و سال گزارتے چلے جاتے ہیں وہ نہیں جانتے کہ وقت فطرت کا سب سے گراں قدر تحفہ ہے ہم میں سے کسی کے پاس لامحدود وقت نہیں' ہم اس دنیا میں مختصر وقت گزارتے ہیں اور پھر ہمیشہ کیلئے اندھیروں میں گم ہوجاتے ہیں' احتیاط شعور اور اچھی عادات کے ذریعے ہم اس دنیا میں اپنا وقت بڑھا سکتے ہیں مگر یہ اضافہ بھی غیر معمولی نہیں ہوتا البتہ ہم اپنے وقت پر پڑنے والا دباؤ کم کرسکتے ہیں اور اس طرح وقت کی جو بچت ہوگی اس کو زیادہ مفید طریقوں سے بروئے کار لاسکتے ہیں' ہماری فرصتوں پر کس کا قبضہ ہے؟ عموماً ہمیں فرصتیں نصیب ہی نہیں ہوتیں اس کی وجہ یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ آمدنی بڑھانے کی اندھی خواہش ہمیں بے چین رکھتی ہے اور ہم کسی نہ کسی موقعے کی جستجو میں رہتے ہیں جو تھوڑا بہت وقت بچ جاتا ہے اس کو ہم دوسروں کے ایجنڈے کے رحم و کرم پر چھوڑ دیتے ہیں ہم نے کسی کی سالگرہ پر جانا ہوتا ہے کسی این جی او کی میٹنگ میں شرکت ضروری ہوتی ہے کوئی مباحثہ گروپ ہمارا منتظر ہوتا ہے یا پھر کسی پردیس سے آنے والے عزیز سے ملنا ناگزیر ہوتا ہے یہ سب دوسروں کے ایجنڈے ہیں جن میں وہ محبت فرض یا دوستی کا واسطہ دے کر ہمیں گھسیٹ لیتے ہیں۔ یہ سب کچھ نہ ہو تو پھر ہم آنکھیں بند کرکے وہ کچھ کئے جاتے ہیں جس کی مذہب' ریاست' معاشرہ' خاندان یا دوسرے لوگ ہم سے توقع کرتے ہیں' یوں ہمیں وہ وقت نصیب ہی نہیں ہوتا جس کو حقیقی معنوں میں ہم اپنا کہہ سکیں۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے زندگی کا ہر لمحہ دوسروں کی نظر کردینا گویا اپنی متاع گراں بہا کو بے دریغ لٹا دینا ہے' یہ محض احمقانہ طرز عمل ہے اس سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ آپ اپنی زندگی کو قابو میں لیں اس کا مطلب اپنے وقت کو اپنے گرفت میں لینا ہے اس کے لیے وقت ضائع کرنے والی پرانی عادتیں ترک کرنی ہوں گی۔

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' جگر و مثانے کی گرمی' یورک ایسڈ' قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے' دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

درد کمر! نجات کے لیے دو آسان ورزشیں

احسان تنویر، دینہ

اکثر حالات میں ہم اپنے جسم کے ساتھ بہت زیادتیاں کرتے ہیں اور بعد میں شکایتیں کرتے ہیں کہ اس جگہ درد ہو رہا ہے اس جگہ درد ہو رہا ہے۔ یہاں دکھن ہے وہاں سوجن ہے، لیکن اس بات پر اکثر اوقات ہم غور نہیں کرتے کہ کیا ہم اپنے جسم کو صحیح طرح استعمال کر رہے ہیں یا نہیں۔ اکثر و بیشتر صورتوں میں دیکھا گیا ہے کہ لوگ یہ علم ہو جانے کے باوجود بھی کہ جسم کو اس طرح استعمال نہیں کیا جائے بلکہ دوسرے طریقے سے استعمال کیا جائے، محض اپنی کاہلی کی وجہ سے غلط طریقوں کو چھوڑتے نہیں اور صحیح طریقوں پر عمل کرتے نہیں۔ اب جسم ان غلط حرکتوں پر چلائے بھی نہیں؟ جی ہاں، یہ درد، یہ تھکن اور یہ سستی طاری رہنے کی کیفیت دراصل آپ کے غلط رویے کے خلاف جسم کا احتجاج ہے۔

ہم جب بیٹھتے ہیں (خواہ کرسی پر یا فرش پر) تو اس بات کا خیال نہیں رکھتے کہ ہماری ریڑھ کی ہڈی خم تو نہیں کھا رہی ہے۔ اس معاملے میں اکثر لوگ بے پروائی اختیار کرتے ہیں۔ ریڑھ کی ہڈی انسانی جسم کا سب سے اہم حصہ ہے۔ اسی کے توازن کی وجہ سے ہم اٹھتے بیٹھتے اور چلتے پھرتے ہیں۔ ریڑھ کی ہڈی کے مہروں میں اعصاب کا پورا گچھا ہوتا ہے جو ایک لمبی سفید موٹی ڈوری کی شکل میں گردن سے شروع ہو کر کولہوں کے آخری حصے تک آتا ہے۔ ریڑھ کی ہڈی کے مختلف مہروں کے درمیان سے اعصاب نکل نکل کر جسم کے مختلف اعضاء میں جاتے ہیں۔ اگر ہماری بے پروائی کی وجہ سے ریڑھ کی ہڈی کا کوئی مہرہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے یا دوسرے مہرے پر دباؤ ڈالنے لگے تو اعصاب کا فعل متاثر ہوتا ہے اور جن اعضاء تک یہ اعصاب جاتے ہیں ان اعصاب میں درد اور شدید ٹیس تک اٹھنے لگتی ہیں۔

ریڑھ کی ہڈی کا خم درست کیجیے

یوگا کی ایک ورزش ریڑھ کی ہڈی کا خم درست کرنے اور جسم کے دوسرے حصوں کے ساتھ اس کی مطابقت پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ہے۔ یہ ورزش سر کے بل کھڑے ہونے کی بہت آسان سی ورزش ہے۔ سر کے بل کھڑے ہونا بہت آسان ہے اور تھوڑی سی مشق سے آپ اس میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ پشت کے بل لیٹ جائیں۔ ٹانگیں فرش سے اٹھا کر گھٹنوں کو موڑ کر سینے پر لائیں اور اس کے ساتھ ہی کولہوں کو فرش سے بلند کریں۔ اب ٹانگوں کو آہستہ آہستہ اوپر کی جانب اٹھائیں۔ اپنے جسم کو سہارا دینے کے لیے کہنیوں کو جسم کے دونوں جانب فرش پر لگا کر ہاتھوں میں مضبوطی سے کمر پر رکھ لیں۔ پیروں کے انگوٹھوں کا رخ بھی اوپر کی جانب ہونا چاہیے۔ جب آپ کی ٹانگیں مکمل طور پر سیدھی ہو جائیں گی تو آپ کی ٹھوڑی سینے پر ٹک جائے گی۔

اس ورزش کے دوران مزید آسانی کے لیے آپ کسی دیوار کے قریب بھی کھڑے ہو سکتے ہیں۔ سر کے بل کھڑے ہونے کی ورزش کے دوران یہ خیال رکھیے گا کہ کوئی بھی حرکت تیزی سے نہ کریں۔ جھٹکے دار حرکت سے بھی اجتناب کریں۔ ابتداء میں یہ ورزش ایک منٹ تک کریں۔ بعد میں آہستہ آہستہ بڑھائیں۔ اس ورزش کے کئی فوائد ہیں جن میں سے ایک تو یہ ہے کہ اس سے آپ کے چہرے اور دماغ میں دوران خون زیادہ ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ٹخنوں اور ٹانگوں کی سوجی ہوئی خون کی رگیں بھی کم ہونے لگتی ہیں۔ یوگا کی دوسری آسان ورزش ریڑھ کی ہڈی کو خم دینا ہے۔ اس ورزش کی ابتداء میں آپ کچھ دقت محسوس کریں گے لیکن تھوڑی سی مشق کے بعد آپ اس ورزش کو آسانی سے کر سکیں گے اور اس کے بہت سے فوائد بھی آپ جلد محسوس کریں گے۔

جمپ لگانے سے ہڈیاں کیسے مضبوط ہوتیں! جان لیجیے

محققین کا کہنا ہے کہ ایسی ورزش جس میں پیروں کا زمین سے زور دار ٹکراؤ ہو مثلاً کودنے سے ہڈیاں اور عضلات مضبوط ہوتے ہیں۔ ان محققین کا ایک مقالہ حال ہی میں ''دی لین سٹ'' نامی رسالے میں شائع ہوا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اٹھارہ ماہ تک اس طرح کی ورزش باقاعدگی سے کرنے کی وجہ سے ہڈیوں میں معدنی کثافت بڑھ گئی جو ہڈیوں کی طاقت کا ایک پیمانہ ہے۔

ان محققین نے اٹھانوے رضا کار منتخب کیے جن کی عمر پینتیس سے پینتالیس سال کے درمیان تھیں اور پھر انہیں دو گروہوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک گروپ سے کہا گیا کہ آپ وہی ورزش کرتے رہیں جو پہلے کرتے تھے یا اگر کوئی بھی ورزش نہیں کر رہے تھے تو اب بھی نہ کریں۔ دوسرے گروپ سے کہا گیا کہ وہ کودنے کی یا اسی نوعیت کی کوئی ورزش کرے اور یہ ورزش اٹھارہ ماہ تک ہفتے میں تین بار کی جائے۔ شروع اور آخر میں دونوں گروپوں کی ''ہڈیوں کی معدنی کثافت'' ناپ لی گئی۔ اس پیمائش سے پتلا چلا کہ جن انچاس خواتین نے کودنے کی ورزش کی تھی ان کی ہڈیوں کی معدنی کثافت میں چودہ سے 38 فیصد تک کا اضافہ ہوا جب کہ دوسرے گروپ کی خواتین کی ہڈیوں کی معدنی کثافت میں یہ تبدیلی بہت معمولی تھی۔ اس ورزش نے خواتین کی عام صحت پر بھی اچھے اثرات مرتب کیے اور ان میں کسی ٹوٹ پھوٹ کے امکانات میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ تاہم ایک امریکی ماہر نے فن لینڈ کے محققین کے اس مقالے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ مغرب کے معاشروں میں خانہ نشینی کا جو رجحان ہے اور عام طور سے ورزش کی پابندی سے گریز کی جو مایوس کن کیفیت پائی جاتی ہے اگر اسے پیش نظر رکھا جائے تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس تحقیق کی کچھ افادیت بھی ہے؟

دراصل ورزش کے سلسلے میں بڑی مستعدی اور پابندی کی ضرورت ہے جو ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ اس کا اندازہ آپ یوں لگائیے کہ کودنے کی ورزش کے لیے جن انچاس رضا کار خواتین کا انتخاب کیا گیا تھا، اٹھارہ ماہ کا عرصہ پورا ہونے سے پہلے ہی ان میں سے چھ نے اپنا پیچھا چھڑا لیا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ایسے غیر مستعد لوگ ورزش کے پروگرام کی پابندی کر سکتے ہیں؟ ایک اور سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہڈیوں کی معدنی کثافت میں اضافے سے آگے چل کر پروٹین کی کمی سے ہڈی چٹخنے کا امکان کم ہو جائے گا۔ فن لینڈ کے محققین کا خیال ہے کہ اگر یہ ورزش چھوڑ دی جائے تو اس کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں لہٰذا خواتین کو چاہیے کہ وہ حیض کا سلسلہ ختم ہونے سے پہلے (سن یاس سے پہلے) کے دور میں اس ورزش کو اپنے معمول کا ایک حصہ بنا لیں۔

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کر دیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

اس خیال سے کہ انسان کو صرف کسی کام کا علم کافی نہیں بلکہ انسان کو کام کرنے کا یقین عملی مشق کے بعد ہی ہوتا ہے' ڈرائیونگ پر اگر کسی انسان کو سارے اصول سکھا دیئے جائیں یہاں تک کہ ڈرائیونگ پر پی ایچ ڈی کرادی جائے لیکن اگر اسٹیرنگ پر بٹھا کر گاڑی چلانا نہ سکھایا جائے تو آدمی کبھی ڈرائیور بن سکتا ہے نہ ڈرائیونگ کر سکتا ہے۔ ہمارے رفقاء ایک طویل عرصہ سے دعوتی کیمپ لگاتے ہیں جس میں دعا اور مختصر اہم موضوعات پر دروس کے علاوہ میدان میں لے جا کر عملی طور پر دعوت بالقرآن کی مشق کرائی جاتی ہے جس میں ایک پرانا داعی نئے دو لوگوں کو لے کر سیدھے کسی پبلک پلیس پر غیر مسلم بھائیوں کو قرآنی آیات کے ذریعہ توحید' رسالت اور آخرت سمجھا کر نقد کلمہ پیش کرتا ہے اس میں اکثر کوشش ہوتی ہے کہ حساس مقامات پر جہاں پر نئے داعی کو جھجک اور خوف زیادہ ہو وہاں لے کر جاتے ہیں' پولیس ہیڈ کوارٹر' مندر' غیر مسلم تنظیموں کے مراکز و دفاتر' گرجا گھر' گردوارے' ملٹری چھاؤنی اور پارکس میں لے جا کر نئے مدعو سے اپنا خونی رشتہ بنا کر دعوت سکھائی جاتی ہے۔ اکتوبر کے آخر میں ملیشیا میں ایک سہ روزہ دعوتی تربیتی ورکشاپ ہمارے رفقاء نے منعقد کیا جس میں تقریباً اٹھارہ ملکوں کے فعال اور ہونہار علماء نے شرکت کی' اس کیمپ میں ہمارے ایک داعی مولانا سراج ندوی دو لوگوں کو لے کر پریذیڈنٹ ہاؤس کے سامنے ایک عالی شان مسجد پہنچے جو اپنے جائے وقوع خوب صورتی اور تعمیری شان کی وجہ سے ملیشیا کی اہم ترین مسجد ہے اور وہاں غیر ملکی ٹورسٹ بڑی تعداد میں آئے ہیں' وہاں ایک چائنیز انجینئر سے ملاقات ہوئی' مولانا نے ٹوٹی پھوٹی انگریزی میں بات کرنا چاہی' اس نے یہ کہہ کر معذرت چاہی کہ میں انگریزی نہیں جانتا' مولانا کو ذرا دیر مایوسی ہوئی کہ پہلے ہی مدعو سے بات نہیں ہو سکی' اس نوجوان کو اس کا احساس ہوا تو اس نے گوگل ٹرانسلیشن آن کیا' مولانا سراج پوری طرح انگریزی بھی نہیں بول پارہے تھے تو انہوں نے اشارہ میں ان سے پوچھا کیا اردو بھی اس میں ہے؟ اس نے کہا ہاں! اور اردو چائنیز ٹرانسلیشن لگا دیا' اب اس کی مدد سے مولانا نے توحید' رسالت' آخرت سمجھا کر کلمہ پڑھکر اسلام قبول کرنے کیلئے کہا' اس نوجوان نے خوشی سے کلمہ پڑھ لیا' اور اپنا ای میل فون نمبر اور ایڈریس دیا کہ ہمیں چائنیز زبان میں لٹریچر بھیجئے میں اپنے دوسرے دوستوں کو بھی اسلام سمجھاؤں گا۔ انہوں نے آپ کی امانت کا انگریزی ترجمہ بھی ان کو دیا ان کو چالیس دن یا چار مہینے جماعت میں دین سیکھنے کیلئے لگانے کو کہا اس نے وعدہ کیا میں ہندوستان آؤں گا اور آپ کے مشورہ سے چالیس دن نہیں چار ماہ کیلئے آؤں گا۔ آج میرے میل پر اس نوجوان کا ای میل آیا ہے جس میں اس نے ملائیشیا میں اپنے رفیق کو بھیج کر اسلام کی نعمت اس تک پہنچانے کا شکریہ ادا کیا اور وہ اول فرصت میں چار ماہ لگانا چاہتا ہے اور پوچھا ہے کہ کسی ٹرانسلیٹر کے ساتھ انڈیا میں وقت لگانا ہے یا میں چائنہ میں اپنا وقت لگاؤں یہاں میرے ایک مسلم ساتھی ہیں' میں نے ان سے اسلام پڑھنا شروع کر دیا ہے' وضو اور غسل کا اسلامی طریقہ اور نماز پڑھنا سیکھ لیا ہے۔ ہمارے ان مدعو بھائیوں نے جن کو ہم لوگ غیر قوم' فریق اور حریف کہہ کر ان کو اسلام دشمن سمجھ کر دور رکھتے ہیں ان بے چاروں نے دعوت کے لیے کیسے ہائی ویز بنا کر رکھ دیئے ہیں کہ ان پر چل کر تشریف لائیں اور ہماری امانت ہم تک پہنچائیں دعوت کے سلسلہ میں زبان کا مسئلہ اتنا بڑا مسئلہ تھا ذرائع ابلاغ کے موجدوں نے تبلیغ کے لیے پورے آلات بنا کر دیدیئے ہیں کیا ہم میں سے کسی مسلمان کو کبھی خیال آتا ہے کہ انٹرنیٹ اور ذرائع ابلاغ کے موجدان محسنوں کو ہم دردمندی کے ساتھ ان کا حق ادا کرنے کی فکر کریں' گوگل' واٹس ایپ' یوٹیوب بنا کر ہمارے لیے ہر طرح کی آسانی پیدا کرنے والے یہ محسن کل محشر میں اللہ تعالیٰ کے حضور ہمارا گریبان ضرور پکڑیں گے کہ رب کریم ہم نے ہر طرح کی آسائش ان کو مہیا کی مگر انہوں نے بددعائیں تو کیں اور پھیلائیں مگر ہم تک ہماری امانت اسلام اور ایمان نہیں پہنچایا' کاش ہم ہوش میں آئیں اس دن سے پہلے ان کے سوالات کی فکر کر کے اور آسانیوں سے فائدہ اٹھا کر انسانیت کی خیر خواہی کا حق ادا کریں!!

میرے بچے اب بیمار نہیں ہوتے

میرے بچے ٹھیک نہیں ہوتے تھے' ایک بیماری ختم ہوئی' دوسری شروع' گھر میڈیکل سٹور بن چکا تھا' ہم دونوں (میاں بیوی) بہت پریشان تھے' آخر کیا کریں؟ عبقری رسالہ میں ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ کے متعلق پڑھا اور ہر ماہ صرف 100 کتابچے لیکر مختلف جگہوں پر تقسیم کروائے' الحمدللہ! تین ماہ ہی گزرے ہیں کہ میرے بچے اب بیمار نہیں ہوتے۔ (زینب خاتون' جھنگ سٹی)

بیٹی کا نکاح ہوگیا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی شادی پر زبردست بندش تھی' رشتے دیکھ دیکھ کر تھک چکے تھے' بیٹی پریشانی میں بیمار رہنا شروع ہوگئی' ہمارے گھر ہمسائی آئی اور ہمیں ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ دیا۔ اس میں موجود ایک اسم یَاقَهَّارُ ہم سب گھر والوں نے اور بیٹی نے کھلا پڑھنا شروع کر دیا' صرف 21 دن میں بیٹی کا رشتہ آیا۔ گزشتہ ہفتے بیٹی کا نکاح ہوگیا۔ الحمدللہ! (عالیہ جہانگیر' لاہور)

نماز فجر نصیب ہوگئی: مجھے رمضان کے علاوہ کبھی نماز فجر نصیب نہ ہوئی تھی' لاکھ کوشش کرتا' الارم لگاتا' کسی کی ڈیوٹی لگاتا مگر نجانے کیا نحوست تھی میں اٹھنے کی کوشش بھی کرتا' اٹھ بھی جاتا مگر بستر چھوڑنے کو دل نہ چاہتا اور پھر سو جاتا' عبقری میں ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' متعلق پڑھا' ہر ماہ حسب توفیق لیکر تقسیم کیے' میں حیران ہوں اب میری خود بخود آنکھ فجر کے وقت کھلتی ہے اور طبیعت بالکل ہلکی پھلکی ہوتی ہے' نماز بھی پڑھتا ہوں' ذکر اذکار' درود اور تلاوت قرآن پاک کی بھی توفیق ملنا شروع ہوگئی ہے۔ (عرفان' ملتان)

قید سے رہائی: ہمارے حاسدوں نے میرے بھائی کا نام ایک ایف آئی آر میں جان بوجھ کر لکھوا دیا' پولیس نے بھائی کو گرفتار کر لیا' میری والدہ نے اپنے وظیفہ کے ساتھ ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ ایک ہزار لیکر تقسیم کروایا' میرے بھائی کی ضمانت بھی ہوگئی اور ایف آئی آر سے نام بھی خارج ہوگیا۔ (ماریہ بخش' حیدرآباد)

قارئین! بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دادرسی کا ذریعہ بنیں!

(قیمت فی کتابچہ 20 روپے' تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)

پتھری ڈائیلاسز کورس
پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر ''پتھری ڈائیلاسز کورس'' کا کمال دیکھیں۔
قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)
یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔
مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

خوشگوار زندگی گزارنے کا نہایت مختصر اور آزمودہ نسخہ

آمنہ کلیم ہاشمی، لاہور

آج ہم آپ کو پرمسرت اور خوشگوار زندگی گزارنے کا ایک نہایت مختصر اور آزمودہ نسخہ بتاتے ہیں یہ نسخہ صرف پانچ بنیادی اصولوں پر مشتمل ہے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان کی زندگی میں خوشی، سکون اور طمانیت اس لئے کم ہوتی جارہی ہے کہ ان اصولوں پر عملدرآمد بھی کم سے کم ہوتا جارہا ہے۔ بہرحال آج بھی دنیا میں بے شمار والدین اپنے بچوں کو اور بے شمار اساتذہ اپنے شاگردوں کو ان اصولوں پر عمل کرنے کی تلقین کرتے ہیں یا ایسی تعلیم دیتے ہیں جس کی بنیاد درحقیقت انہی اصولوں پر ہوتی ہے۔ ہم خواہ کتنے بھی سنگدل، خودغرض اور بے حس ہوجائیں لیکن ہمارے دلوں کی گہرائی میں ہماری روحوں اور ہماری فطرت میں کہیں نہ کہیں ان اصولوں کے کچھ نہ کچھ اثرات ضرور باقی رہتے ہیں اور یہی اثرات دنیا کو مکمل تباہی سے بچائے ہوئے ہیں۔ بنیادی طور پر اور اختصار کے ساتھ ان اصولوں کو یوں بیان کیا جاسکتا ہے۔

(1) کسی کو ضرر نہ پہنچاؤ۔ (2) چیزوں کو بہتر بنانے کی کوشش کرو۔ (3) دوسروں کی عزت کرو۔ (4) ایماندار، صاف گو اور انصاف پسند بننے کی کوشش کرو۔ (5) کسی نہ کسی رشتے کی مناسبت سے دوسروں سے محبت کرو۔

بظاہر تو یہ پانچوں اصول بہت معمولی اور سادہ سے نظر آتے ہیں لیکن درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ درحقیقت دنیا کا نظام جیسا تیسا بھی چل رہا ہے وہ انہی اصولوں کے سہارے چل رہا ہے۔ گو کہ اکثر غصے، حسد، تعصب، تنگ دلی، کم علمی یا کسی اور منفی جذبے کی وجہ سے ہم ان اصولوں پر پوری طرح عمل نہیں کر پاتے، کچھ عرصے کے لیے انہیں بالائے طاق رکھ دیتے ہیں یا ان پر ہماری گرفت بہت کمزور پڑجاتی ہے لیکن یہ اصول بہرحال مکمل طور پر اس دنیا سے یا ہماری زندگیوں سے رخصت نہیں ہوتے۔ کبھی کبھی ہم انہیں کافی حد تک ترک کردینے کی وجہ سے کافی پستی میں چلے جاتے ہیں اور ہمارا واپسی کا سفر دشوار ہوجاتا ہے۔ مثلاً کوئی دکاندار، کوئی پڑوسی، راہ چلتا کوئی آدمی کسی وجہ سے ہمارے ساتھ بدتمیزی سے پیش آتا ہے جو ہمیں ناگوار گزرتا ہے تو ہم اسے کوئی ایسی بات سناتے ہیں جو اسے اس سے بھی زیادہ ناگوار گزرے اور اگر ہم اس پوزیشن میں ہوں کہ وہ ہمارا کچھ نہ بگاڑ سکے تو ہم کچھ اور زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ دل ہی دل میں اپنے آپ سے یا پھر باآواز بلند اپنے جاننے والوں سے کہتے ہیں ''دیکھا؟ میں نے کمینے کا کیسا دماغ ٹھیک کیا؟'' ہوسکتا ہے اپنے اس طرزعمل سے ہمیں کچھ دیر کے لیے تسکین مل جائے لیکن درحقیقت اس طرح ہم متذکرہ بالا پانچ اصولوں میں سے پہلے اصول کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ یعنی ہم کم از کم اپنی زبان سے کسی دوسرے کو ضرر پہنچاتے ہیں اور اس طرح درحقیقت ہم خود اپنی روح کو ضرر پہنچاتے ہیں۔ برائی کا جواب برائی سے دینا اخلاقیات کے زمرے میں نہیں آتا اور اخلاقیات کے بغیر جینا انسان کے شایان شان نہیں۔ ہم نے جو پانچ اصول بیان کئے وہ درحقیقت دنیا بھر کی کل اخلاقیات کا خلاصہ ہیں۔ آپ اخلاقیات کی کوئی بھی بات کریں۔ گھوم پھر کر اس کا مفہوم کسی نہ کسی طرح ان پانچ اصولوں کے دائرے میں آتا ہے۔ ہم خواہ کچھ بھی کرلیں لیکن ہماری زندگی میں بہتری انہی اصولوں پر عمل کرنے سے آتی ہے۔ اگر ہم گہرائی سے اپنی زندگی کا اور ان اصولوں کا تجزیہ کریں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ گھوم پھر کر آخرکار فائدہ ہمیں انہی اصولوں پر عمل کرنے سے پہنچتا ہے۔ انہی لوگوں کی زندگی میں سکون، عافیت، اور طمانیت ہوتی ہے جو ان اصولوں کے تحت زندگی بسر کرتے ہیں۔ اپنے آپ کو دھوکا دینے کے لیے وقتی جذبوں سے مغلوب ہوکر خواہ ہم کچھ بھی کہتے رہیں۔ اگر آپ ان پر عمل کرتے ہوئے زندگی گزارنے کے عادی ہوجائیں تو آپ اپنے روز وشب میں ایک عجیب اور انوکھی تبدیلی محسوس کریں گے۔ آپ کا دل ایک ناقابل بیان خوشی اور جوش وخروش سے لبریز رہے گا۔ آپ صحیح معنوں میں خود کو ایک مطمئن، کامیاب اور اچھا انسان محسوس کریں گے۔ آپ کے ذہن کے تاریک گوشوں میں کسی قسم کی بے اطمینانی، پژمردگی اور ملامت کا احساس جاگزیں نہیں رہے گا۔

اخلاقیات کو اپنا کر آنے والی نسلوں کیلئے بہتر مثال بنیے

یہ اصول اتنے مختصر اور سادہ ہیں کہ ان کے لیے آپ کو لمبی چوڑی کتابیں پڑھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اخلاقیات کی تمام کتابیں محض ان کی تشریح ہی ہوں گی۔ اس میں کوئی شک نہیں آج کی ہنگامہ خیز، تیز رفتار زندگی، مقابلے بازی اور مسابقت کی فضاء، افراتفری اور نفسانفسی میں ہم ان صولوں کو ملحوظ خاطر رکھنا بھول جاتا ہیں۔ بہت سی دوسری چیزیں ہمیں وقتی طور پر ان سے زیادہ اہم نظر آنے لگتی ہیں جبکہ حقیقت میں وہ اہم نہیں ہوتیں۔ ایسی جذبے جب بھی مدھم پڑیں ہمیں پلٹ کر ایک نظر ان اصولوں پر ضرور ڈال لینی چاہیے۔ انہیں ذہن میں تازہ کرلینا چاہیے اور نئے سرے سے ان پر عملدرآمد کے عزم کو پختہ کرلینا چاہیے۔

ان اصولوں کا جائزہ لیا جائے تو پہلی نظر میں کچھ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ان پر عمل کرکے ہم اپنی ذات سے صرف دوسروں کو فائدہ پہنچاتے ہیں لیکن ایسا نہیں ہے۔ ان پر عمل کرکے درحقیقت ہم خود کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ اپنا بھلا کرتے ہیں۔ سچی بات تو یہ ہے کہ ان اصولوں پر عمل کئے بغیر زندگی گزاری ہی نہیں جاسکتی۔ ہوسکتا ہے وقتی طور پر آپ کو کچھ ایسے فوائد حاصل ہو جائیں آپ کو کچھ ایسی طاقت میسر آجائے یا آپ کو حالات کسی ایسے پوزیشن پر لے جائیں کہ آپ محسوس کریں آپ کو ان اصولوں کی پرواہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ اور آپ چاہیں تو ہر قدم پر انہیں کچلتے ہوئے گزر سکتے ہیں لیکن آگے بہت آگے کہیں نہ کہیں پہنچ کر آپ محسوس کریں گے کہ ان اصولوں کو نظر انداز کرکے یا حقیر سمجھ کر آپ نے خود کو ایک بند گلی میں پھنسالیا ہے اور اب آپ کے پاس واپس جانے کے سوا کوئی چارہ نہیں یوں آپ کا وہ سارا وقت وہ سارا سفر ضائع ہوجاتا ہے جو آپ نے ان اصولوں کو روند کر طے کیا ہوتا ہے۔ پھر آپ اور بھی زیادہ بہتر طور پر محسوس کرسکیں گے کہ ان اصولوں کو زندگی کا محور ومرکز بنا کر آپ کہیں زیادہ پرمسرت، بھرپور، آسودہ اور اطمینان بھری زندگی گزارتے ہیں بلکہ صحیح معنوں میں آپ کو زندگی کا مفہوم تب ہی سمجھ میں آتا ہے تب ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم خود ہی مطمئن اور آسودہ نہیں ہوئے بلکہ ہم اپنے شریک زندگی، اپنے دفتری ساتھیوں، اپنے دوستوں، پڑوسیوں اور عزیز واقارب میں بھی خوشیاں بانٹ رہے ہیں۔ انہی اصولوں پر عمل کرکے آپ بہتر ملازمت، بہتر شریک زندگی اور بہتر دوست تلاش کرنے میں بھی مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر ہم اخلاقیات کے اصولوں کو اپنی زندگی کا ساتھی بنالیں تو ہم یہ امید بھی کرسکتے ہیں کہ ہم اپنے بچوں کے لیے ایک بہتر مثال ثابت ہوں گے۔ ہمیں دیکھ کر وہ بھی معاشرے میں ایک بہتر انسان ثابت ہوسکیں گے اور اس قابل ہوں گے کہ ہم ان پر فخر کرسکیں۔

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پر دانے، داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ، چڑچڑا پن۔ ڈیپریشن، ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں ''جوانی گولیاں'' استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

من پسند ٹرانسفر کروانے کے لیے خاص عمل	الحامی آیت پانی میں گھول کر پینے سے چکر ختم	ہمارے بڑوں کے لازوال ٹوٹکے	10 آزمودہ ٹوٹکے آپ کے نام
ماہواری کی زیادتی روکنے کیلئے	شوگر کنٹرول کے لیے	الرجی کے لیے قرآنی عمل	گھٹنوں کے درد کیلئے نسخہ

پاؤں کی چنڈی کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پاؤں میں چنڈی کے لیے نلکا کا پانی لے کر پاؤں کو کسی ٹب میں رکھ کر سات بار گن کر پانی ڈالنا ہے پانی کو کسی درخت کی جڑ میں ڈالنا ہے منگل اتوار یہ کام کرنا ہے، بہت لوگوں کو اس سے فائدہ ہوا ہے۔

بواسیر کے لیے

یہ ٹوٹکہ عبقری میں چھپا تھا صبح کا پیشاب کسی برتن میں لے کر اسی سے استنجا کرنا ہے ایک گھنٹہ تک پانی استعمال نہیں کرنا' بعد میں دھو کر پاک ہو جائیں۔ یہ میں نے بہت لوگوں کو بتایا لوگ دعا دیتے ہیں۔ (سائرہ بانو، ہالینڈ)

میرے آزمودہ نسخہ جات وٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کا دو سال سے قاری ہوں۔ کچھ ٹوٹکے ہیں جو میں عبقری کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔ خاص کر گھٹنوں کے درد کے لیے جس مرض میں میں خود بھی مبتلا تھا سردیوں میں بہت تکلیف ہوتی تھی اللہ کے فضل سے آپ کی دعاؤں سے اب ٹھیک ہوں۔

گھٹنوں کے درد کے لیے نسخہ

(1) نوشادر+موم (شہد کی موم) ہم وزن لیکر چھوٹی گولیاں کالی مرچ کے برابر بنا کر دو گولیاں صبح' دوپہر اور دو گولیاں رات کو کھانے کے گھنٹے بعد استعمال کریں۔ کم از کم چالیس دن کا کورس ہے۔ اگر چالیس دن میں آرام آجائے تو ٹھیک ورنہ اگلے چالیس دن استعمال کریں۔ اسی تین کورس مکمل کرنے والے کو کبھی گھٹنوں کا درد دوبارہ نہیں ہوتا۔

بھنڈی سے شوگر کنٹرول

اس ٹوٹکے کا طریقہ کار یہ ہے کہ 7 عدد بھنڈی لیکر اوپر والا اور نیچے والا دونوں سرے تھوڑے کاٹ لینے ہیں اور ہر بھنڈی کے پانچ ٹکڑے کر کے عصر کے وقت مٹی کے کٹورے میں بکھیر دیں اگلی صبح ٹکڑوں کو اچھی طرح نچوڑ کر اس کے پانی میں ہلکا سا نمک ملا کر پی لینا ہے نسخہ چھ ماہ استعمال کرنا ہے بلا ناغہ، ان شاء اللہ گھٹنوں کا مرض ٹھیک جائیگا۔

شوگر کنٹرول کے لیے

میری چھوٹی بہن نے شوگر کے لیے نیم کی 100 کونپلیں اور 100 کالی مرچ والا فارمولا آزمایا۔ 100 نیم کے تازہ پتے اور 100 کالی مرچیں لیکر پیس لیں' پھر چنے کے برابر گولیاں بنالیں' صبح' دوپہر شام ایک گولی۔ اللہ کا شکر ہے شوگر کنٹرول ہے۔

الرجی کے لیے قرآنی عمل

میرے پاؤں میں چھ سال پہلے جوتے سے الرجی ہوئی' جلد کے ڈاکٹروں سے بہت علاج کروایا پر وقتی افاقہ ہوتا پھر ایک پھوڑا نکل آیا جو کہ چلنے پھرنے میں دشواری پیدا کر رہا تھا۔ پھر میں نے اول و آخر درود شریف تین دفعہ 7 مرتبہ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت بڑا فائدہ ہے۔

الحامی الفاظ پانی میں گھول کر پینے سے چکر ختم

(5) ایک الحامی آیت کے لفظ ہیں۔ میری والدہ مرحومہ جو کہ ان پڑھ تھی انہوں نے فرمایا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کھڑے لفظوں سے لکھنا اور لفظ ہیں (قُلْ اٰمَنْتُ) روحانی و جسمانی کمزوری سے چکر آتے ہوں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اس آیت کا دن میں تین بار تعویذ بنا کر پانی میں گھول کر پینا ہے۔ (ڈاکٹر جمیل احمد، کراچی)

جادو جنات کے خاتمے کے لیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری بہت ذوق شوق سے پڑھتی ہوں' اس میں موجود ٹوٹکے بہت کام کے ہوتے ہیں' میرے پاس کچھ تجربات و مشاہدات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں:۔ اگر جادو، جنات ہو تو صبح و شام درود ابراہیمی پڑھ کر گیارہ دفعہ سورۂ عبس پڑھیں اوّل و آخر درود ابراہیمی گیارہ دفعہ بغیر کسی سے بات کیے صبح نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد ان شاء اللہ جادو جنات ختم ہو جائیں گے۔

من پسند ٹرانسفر کروانے کے لیے خاص عمل

اگر کسی نے ٹرانسفر کروانی ہو نوکری کی ایک جگہ سے دوسری جگہ صبح و شام نماز کے بعد اوّل و آخر درود ابراہیمی 7 دفعہ پڑھ کر سورۂ یٰسین کی آیت نمبر 81 سے لے کر 82 تک پڑھیں "اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ (٨١) اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ" پڑھیں۔ جس جگہ پر کروانی ہو وہاں کے جتنے لفظ ہوں ان کے مطابق پڑھیں مثلاً لاہور میں کوئی جگہ ہے لاہور اور اس جگہ کے لفظوں کے مطابق پڑھنی ہے جیسے چکوال ہے تو اس میں محلہ شمالی میں ہم نے کروانی ہے تو چکوال اور شمالی یہ 10 لفظ بن جاتے ہیں تو 10 دفعہ پڑھنی ہوگئی۔

حیض کے خون کی زیادتی روکنے کیلئے

جس عورت کو حیض زیادہ آتا ہو وہ مکئی کی چھلی کا تکا جلا کر اس کو پیس کر شہد میں ملا کر رات کو کھائیں اسے خون آنا رک جاتا ہے اس کا ایک اور ٹوٹکہ یہ ہے کہ مونگ کی سبز چھلکوں والی دال کو کوئلے پر بھون کر پیس لیں صبح و شام پانی کے ساتھ لیں۔

نکسیر کے لیے

جس کو نکسیر آتی ہو وہ کھوپرا (ناریل) کا ٹکڑا رات کو پانی میں ڈال کر رکھ دیں صبح اٹھتے ہی اسے کھالیں دو تین ماہ کے بعد نکسیر آنا بند ہو جائے گی۔ (یہ ٹوٹکہ پہلے عبقری رسالہ میں چھپ چکا ہے' مزید مشاہدہ آیا تو افادہ عام کیلئے شائع کیا جا رہا ہے۔) (جمیلہ اختر' راولپنڈی)

10 آزمودہ ٹوٹکے آپ کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم آپ کے بتائے ہوئے اعمال پابندی کے ساتھ کرتے ہیں اور آپ کا درس بھی سنتے ہیں۔ میں آپ کی خدمت میں کچھ ٹوٹکے پیش کرنا چاہتی ہوں۔

(1) اگر کوئی جسم کا حصہ جل جائے تو اس پر فوراً انڈے کی

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری' پٹھوں کا کھچاؤ' سستی' رہنا' دماغی کمزوری' یادداشت کی کمی' نگاہ کی کمزوری' خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی' ڈیپریشن' ٹینشن' بیزاری' بے قراری ہو تو "عرق شوگر شفاء" جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا' "عرق شوگر شفاء" چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہو جاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

سفیدی لگا کر اس کو خشک ہونے دیں اس کو لگانے سے زخم داغ نہیں چھوڑتا اور نہ ہی پھنسی بنتی ہے۔

(2) جو بچے چل نہ سکتے ہوں جن کی Back Bone کمزور ہو جن کو ڈاکٹر نے جواب دے دیا ہو ان کے لیے ایک کپ سرسوں کے تیل میں ایک مٹھی لونگ جلالیں اور اس کو ہڈی پر مالش کریں تو بچہ چند ہی ماہ میں چلنے لگے گا۔

(3) گندم، چاول، چینی میں اگر لونگ ڈالیں تو کیڑا نہیں لگتا۔

(4) اگر کسی کا یورک ایسڈ بڑھا ہو تو وہ روزانہ نہار منہ ایک آلو کا جوس پی لے۔

(5) دل کے والو پندرہ دن میں کھل جائیں گے اگر مریض 50 گرم پیاز کا پانی لے اور ایک چمچ بیری کا شہد اس میں ملا کر دن میں دو تین بار پی لے۔

(6) ایک چمچ چاول کا آٹا، ایک چمچ دہی، ایک چمچ لیموں کا رس ان سب کو مکس کر کے روزانہ تقریباً ایک ہفتہ چہرے پر لگانے سے چہرہ نکھر جاتا ہے۔

(7) اگر سالن میں مرچ زیادہ ہو جائے تو اس میں سے تیل نکال کر دوبارہ گرم کرنے سے مرچ کم ہو جاتی ہے۔

(8) انسولین کم کرنے کے لیے: ایک چمچ پیاز، ایک چمچ مسور کی دال کو پانی میں ڈال کر ساری رات کے لیے رکھ دیں صبح نہار منہ اس پانی کو پی لیں یہ عمل تیس دن کریں۔

(9) سردیوں میں رنگت کالی ہو جاتی ہے اس کے لیے ایک چمچ انڈے کی سفیدی اس میں ایک قطرہ بادام کا تیل ڈال دیں اس کو تین دن چہرے پر لگائیں۔ (10) ہاتھوں اور پاؤں کی خوبصورتی کے لیے: ایک لیموں کے رس میں ایک چٹکی نمک ایک چٹکی بیکنگ پاؤڈر ڈال کر اس سے تین دن مساج کریں پھر کمال دیکھیں۔ (صفورا سلطانہ، لالہ موسیٰ)

کپڑوں پر سالن گر جائے تو پریشانی کیسی؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کپڑوں پر اگر سالن گر جائے تو اس پر کوئی سا بھی میلکم پاؤڈر لگا دیں۔ اس وقت پھر بے شک دو دن بعد دھولیں۔ کپڑوں پر داغ نہیں لگے گا۔ یہ میرا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ (ام کلثوم، کراچی)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

ہمارے بڑوں کے لازوال ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کی آپ پر رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین! عبقری ٹوٹکوں کے بارے میں پڑھا، بہت خوشی ہوئی، دور جدید کے چھوٹے بڑے مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کا اضافہ بہت ضروری، گھروں میں چھوٹے بڑے حادثات یا مسائل جب سامنے آئیں تو ذہن میں سب سے پہلا خیال یہی آتا ہے کہ اس کا یا اس مسئلے کا کوئی آسان ٹوٹکہ ہے۔ گھر میں خاتون سب سے نمایاں حیثیت کی حامل ہوتی ہے کہ جسے اپنی صلاحیتوں کو پوری طرح بروئے کار لاتے ہوئے گھر کو زیادہ آرام دہ اور پرسکون بنانا ہوتا ہے۔ میرے دادکے اور نانکے میں ہر بات پر ٹوٹکے ڈھونڈے جاتے ہیں جن میں سے جو یاد ہیں وہ حاضر ہیں۔

دودھ فوراً نہ ابلے: (1) اگر آپ چاہیں کہ دودھ فوری نہ ابلے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ دودھ کو ابالتے وقت برتن میں ایک چمچ بھی رکھ دیا کریں۔ (2) دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دودھ والی ہنڈیا کے اوپر والے حصہ پر مکھن یا دودھ لگا دیا کریں دودھ میں جلد ابال نہیں آئے گا۔

ہنڈیا میں آلو نہ گھلیں: اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ہنڈیا پکاتے وقت تمام آلو شوربے میں گھل جاتے ہیں ان کو گھلنے سے بچانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آلو چھیل کر اور کاٹ کر ان کے اوپر نمک چھڑک کر رکھ دیا جائے اور پندرہ منٹ کے بعد انہیں خوب اچھی طرح دھو کر ہنڈیا میں ڈال دیا جائے تو یہ پھر ہنڈیا میں گھلیں گے نہیں۔

نکسیر روکنے کے لیے: (1) سوکھی مٹی پر تھوڑا پانی ڈال کر اس کی خوشبو سونگھنے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔ (2) آملے کھانے سے بھی نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

تھرماس کی بدبو دور کرنا: تھرماس اگر کافی دیر تک بند رہے تو اس میں گیس پیدا ہو جاتی ہے اس کے لیے تھرماس کو نیم گرم پانی میں نمک ڈال کر دھوئیں تو بدبو دور ہو جائے گی۔

سبز مرچیں زیادہ دن رکھنا: اگر سبز مرچیں، سبز دھنیا اور پودینہ وغیرہ پر لیموں کا پانی چھڑک کر شاپر بیگ میں اچھی طرح بند کر کے فریج میں رکھ دیں تو کئی دن تک ان کی تازگی برقرار رہتی ہے۔

انڈوں کو محفوظ رکھنے کیلئے: انڈوں کو اگر پسے ہوئے نمک میں رکھ دیا جائے تو دیر تک محفوظ رہتے ہیں۔

برتن شیشے کے چٹخنے سے بچانا: شیشے کے گلاس ایک دوسرے میں اٹکانے سے پھنس جاتے ہیں اور الگ کرتے ہوئے دونوں گلاس ہی ٹوٹ جاتے ہیں اس کے لیے نچلے گلاس کو گرم پانی میں رکھیں تو کچھ دیر بعد یہ برتن چٹخنے یا ٹوٹنے کی بجائے صحیح وسالم باہر نکل آئیں گے اور یوں نقصان نہیں ہوگا۔

مرچوں کی جلن دور کرنا: عام طور پر سبز مرچوں کو پیسنے سے ہاتھوں پر جلن ہو جاتی ہے اس طرح یہ مرچیں جسم کے کسی دوسرے حصے پر بھی جلن پیدا کر سکتی ہیں یہ ختم کرنے کیلئے ہاتھ آٹے یا بیسن سے دھو کر سرسوں کا تیل لگائیں جلن دور ہو جائے گی۔

خشک کریم ٹھیک کرنا: اگر چہرے پر لگانے والی کوئی کریم خشک ہو جائے تو اس میں مناسب مقدار میں عرق گلاب ملا دیں کریم دوبارہ قابل استعمال ہو جائے گی۔

چاشنی صاف کرنا: اگر زردہ کیلئے یا کسی دوسری چیز کیلئے چاشنی تیار کی جاتی ہے اور ناقص چینی ہونے کی وجہ سے میل اوپر آجاتا ہے تو دودھ کا چھینٹا دیں اور میل اتار لیں۔

اگر کپڑوں کا رنگ کچا ہو تو: اگر کپڑوں کا رنگ کچا ہو تو کڑاہی میں گرم پانی میں نمک اور پھٹکری ملا کر خوب ہلا لیں کپڑے کو اس پانی میں خوب کسی ڈنڈے سے الٹیں پلٹیں رنگ پکا ہو جائے گا آئندہ دھونے سے نہیں اترے گا۔

پاؤں میں کوئی سوئی کانٹا یا شیشہ چبھ جائے: پاؤں میں کوئی سوئی کانٹا شیشہ چبھ جائے تو چونا لگائیں اور چونے کی تہ موٹی ہونی چاہیے اگلے دن چبھی ہوئی چیز نظر آجائیگی۔

پنیر کو زیادہ دیر تک رکھنے کا طریقہ: پنیر کو سرکہ میں تر کر کے رکھنے سے کافی عرصہ تک رکھا جا سکتا ہے لیکن ایسے تر پنیر کو کپڑے میں لپیٹ کر رکھنا چاہیے۔ **چھری سے ہاتھ کٹ جائے تو:** کوئی چیز کاٹتے وقت اگر چھری سے ہاتھ کٹ جائے تو شہد کو ململ کے کپڑے پر لگا کر زخم پر لپیٹ لینے سے زخم جلدی بھر جاتا ہے۔ (رشیدہ خانم، لاہور)

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کھانسی، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
دردشقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے، پڑنا، آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بند چوٹ کیلئے: اگر بند چوٹ ہو تو پرانے ناریل میں ایک چوتھائی ہلدی ملا کر پوٹلی باندھ لیں اور اس کو گرم کر کے چوٹ کی جگہ ٹکور کرنے سے چوٹ کی درد اور سوجن ٹھیک ہو جاتی ہے۔

عبقری کے 12 فوائد جو مجھے ملے!

تنویر اسلم، جمالپور سیداں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی قیامت تک آنے والی نسلوں کو دنیا و آخرت میں جزائے خیر عطا کرے (آمین)۔ میرا عبقری سے تعلق تقریباً دو سال سے کچھ زیادہ کا ہے اس کا ہر مضمون ہی لاجواب ہوتا ہے جو بھی ایک بار پڑھتا ہے آئندہ کا اسے انتظار رہتا ہے۔ مجھے اس میں جو چیز سب سے منفرد لگتی ہے وہ آپ کے بتائے ہوئے اعمال ہوتے ہیں جنہیں ہر بندہ کر سکتا ہے آپ کی اجازت سے میں نے تو یہ دیکھا اور سنا ہے کہ یہ وظیفہ صرف فلاں کیلئے ہے صرف یہ ہی کر سکتا ہے لیکن اس کے برعکس آپ کے بتائے گئے اعمال میں یہ قید نہیں ہوتی۔ آپ کا ہر وظیفہ ہر کسی کے لیے اور اجازت کے ساتھ ہوتا ہے۔ میں نے عبقری میں سے چند وظائف اور ٹوٹکے آزمائے اور مجھے فائدہ ہوا۔ دوسروں کو بھی بتائے انہیں بھی اللہ کے فضل سے فائدہ ہوا۔ فائدے درج ذیل ہیں: (فائدہ نمبر1) میں نے ایک دوست کو دو انمول خزانہ دیا ان کی جائیداد کا مسئلہ تھا وہ فروخت کرنا چاہتے تھے لیکن انہیں اپنی مرضی کی قیمت نہیں مل رہی تھی اس نے تقریباً ایک ہفتہ ہی پڑھا تو ان کا مسئلہ حل ہو گیا وہ مجھے بڑی خوشی سے یہ بتا رہی تھی کہ یہ صرف دو انمول خزانے پڑھنے کی وجہ سے ہوا ہے۔ (فائدہ نمبر2) میرے ساتھ ایک لڑکی جامعہ میں پڑھتی ہے اس کے چہرے پر بہت دانے تھے میں نے اسے وضو کے بعد تین گھونٹ پینے اور چوتھے کی کلی کر کے اسے منہ پر لگانے کو کہا اس نے کچھ دن ہی ایسا کیا تو حیرت انگیز طور پر اس کے چہرے کے دانے ختم ہو گئے اور رنگت بھی پہلے سے نکھر گئی ہے باقی لڑکیاں اس سے پوچھ رہی تھیں کہ تم نے کیا لگایا ہے چہرے پر تو اس نے انہیں بھی وضو کے بعد تین گھونٹ پینے کی ترتیب بتائی۔ (فائدہ نمبر3) میری بچپن کی دوست جس کے ساتھ میں نے سکول و کالج میں وقت گزارا میرے بھائی کی شادی پر اس کی ملاقات مجھ سے ہوئی۔ وہ کافی پریشان تھی صحت کے لحاظ سے بھی کمزور تھی میرے پوچھنے پر اس نے اپنی ساری کہانی سنائی کہ اس کا خاوند پانچ چھ سال سے ملک سے باہر ہے۔ نہ خرچ بھیجتا ہے نہ فون کرتا ہے' اس کی چھوٹی بیٹی اس کے جانے کے بعد پیدا ہوئی' اس نے اسے نہیں دیکھا' اس کا اور اس کے بچوں کا خرچ اس کے میکے والے دیتے ہیں۔ اس کی ماں کہتی ہے کہ میکے آجاؤ اور یہیں رہو کیونکہ ادھر بھی تو ہم ہی تمہاری ضروریات کا خیال رکھتے ہیں لیکن وہ کہتی ہے کہ میں ادھر ہی رہوں گی۔ وہ اپنی عمر سے کافی بڑی لگ رہی تھی۔ نظر بھی کمزور ہو گئی تھی عینک لگی ہوئی تھی۔ میں نے جب سنا تو اسے **افحسبتم** اور اذان والا عمل کا بتایا کہ تین بار درود ابراہیمی، سات بار اذان، سات بار سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پھر تین بار درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے خاوند کا تصور کر کے دائیں کان میں پھونک مارو۔ دوبارہ پھر یہی عمل کر کے بائیں کان میں پھونک مارو اور اللہ سے دعا کرو۔ اللہ سب ٹھیک کر دے گا۔ میں نے پھر اس کے لیے دعا بھی کی یا اللہ اسے تیرا نام بتایا ہے جو اپنے نام کی برکت سے اس کا مسئلہ حل کر دے۔ کیونکہ وہ بہت وظائف کر چکی تھیں لیکن بے سود میں نے اسے بڑی تسلی دی اور کہا کہ ہر نماز کے بعد یہ عمل کرے تقریباً ایک ماہ کے بعد اس کی امی ہمارے گھر آئیں اور بتایا کہ اس کا خاوند اب فون بھی کرتا ہے پیسے بھی بھیجتا ہے اسے اب بچوں کی فکر لاحق ہو گئی ہے جب مجھے وہ خود ملی تو مطمئن تھی اور خوش تھی میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور اسے عمل جاری رکھنے کا کہا۔

کاش! میری تنخواہ بڑھ جائے! واقعی بڑھ گئی

(فائدہ نمبر4) ایک اور فائدہ جو مجھے درج بالا عمل یعنی **افحسبتم** اور اذان کا ہے وہ یہ ہے کہ میری کزن (م) ایک پرائیویٹ سکول میں ٹیچر ہے۔ ایک دفعہ میں اور وہ بیٹھی ہوئی تھی کہ کہنے لگی: کاش میری تنخواہ بڑھ جائے اور اس نے اپنا اندازہ بھی بتایا کہ اتنی بڑھ جائے میں نے کہا کوئی مسئلہ ہی نہیں یہی عمل **افحسبتم** اور اذان والا عمل کر کے جس نے تنخواہ دینی ہے اس کا تصور رکھو۔ کہنے لگی آپ کو تو پتہ ہے کہ یہ اتنی زیادہ ایک دم سے نہیں بڑھاتے' میں نے تسلی دے کر کہا یقین سے عمل کرو۔ اس نے عمل شروع کیا: کہنے لگی ابھی تک تنخواہ نہیں ملی۔ مقررہ تاریخ سے زیادہ دن ہو گئے ہیں' میں نے کہا عمل جاری رکھو۔ جب اسے تنخواہ ملی تو وہ حیران اور خوش تھی کہ جتنی اس نے کہا تھا' اتنی ہی تنخواہ اس کو ملی ہے پھر اس نے بڑی خوشی سے مجھے بتایا اور دوپہر کے کھانے پر مجھے مدعو بھی کیا۔ میں نے کہا یہ ہے اعمال کی طاقت اور یقین کی طاقت۔ (فائدہ نمبر5) ہمارے محلے دار ہیں وہ بچی میرے پاس پڑھتی بھی رہی ہے اس کے چہرے پر چھائیاں تھیں' اسے وضو کے بعد تین گھونٹ کا بتایا اب اس کی چھائیاں پہلے سے بہت زیادہ کم ہیں' میں نے اسے عمل جاری رکھنے کا مشورہ دیا۔ میرے جب بھی سر میں درد ہوتا ہے یا کندھوں میں یا کمر میں تو میں اپنی اسی تکلیف کا تصور کر کے وضو کے بعد تین گھونٹ پیتی ہوں' چند بار ایسا کرنے سے مجھے آرام مل جاتا ہے لڑکیاں مجھ سے پوچھتی ہیں کہ آپ کونسی کریم لگاتی ہیں تو میں یہی بتاتی ہوں کہ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیتی ہوں یہ ہے سنت کی طاقت و برکت۔ (فائدہ نمبر6) میری کزن نے مجھے بتایا کہ ان کے گھر کا راشن مہینہ ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جاتا ہے میں نے انہیں 129 بار سورۂ کوثر اول و آخر درود شریف صبح و شام پڑھنے کو بتایا اور کہا کہ جب راشن گھر میں آئے تو تب ہی 129 بار سورۂ کوثر پڑھا کریں۔ اب ان کے گھر میں برکت ہے اب پہلے والا معاملہ نہیں ہے۔ (فائدہ نمبر7) میری ایک کلاس فیلو ہے اس نے کہا کہ اسے سبق یاد نہیں ہوتا اور جب لکھنے لگتی ہے تو بھول جاتا ہے میں نے اسے بتایا کہ تین بار سورۂ الم نشرح اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر کتاب کھولو اور دعا کرو کہ یا اللہ جو میں یاد کروں وہ میرے ذہن میں رہے اور جب مجھے لکھنے یا سنانے کی ضرورت ہو تو اس وقت مجھے یاد کروا دینا۔ بڑی خوشی سے بتایا کہ اب مجھے سبق بہت جلد یاد ہو جاتا ہے سن کے مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ (فائدہ نمبر8) میں نے اپنی کزن کو برکت والی تھیلی کا بتایا۔ اس نے دو تھیلیاں سلوا کر ایک اپنی امی کو دی اور دوسری اپنے پاس رکھی اور صبح شام 129 بار سورۂ کوثر پڑھنا شروع کی ہے ان کے رزق میں الحمدللہ بہت برکت ہو گئی ہے اس نے بتایا کہ بازار شاپنگ کر کے آئے اتنا سامان لیا مگر پیسے ابھی بھی تھیلی میں موجود ہیں۔ (فائدہ نمبر9) سردیوں میں میرے ہونٹ بہت خشک ہوتے ہیں اور پھٹ جاتے ہیں عبقری میں اور آپ کے درس میں سنا کہ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے' موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

روحانی منزل میں دم شدہ تیل، پانی اور ''حاجات قبول بورڈ'' سے مشکلات حل

چھوٹے بھائی پر لگی بندش ختم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے چھوٹے بھائی انتہائی لائق فائق طالبعلم تھے جو کہ اپنے خاندان اور اس پاس کے علاقے میں کافی شہرت رکھتے تھے اس پر کسی نے کوئی ایسا عمل کردیا کہ تعلیم سے فراغت کے بعد اسے چپ کی بیماری لگ گئی اور بالکل گم سم رہنے لگا' اس کی اس کیفیت کی وجہ سے خاندان والے کافی پریشان تھے۔ اسی دوران عبقری رسالہ میں روحانی منزل مری کے متعلق پڑھا۔ اچانک میرے ذہن میں روحانی منزل جاکر اعمال کرکے اپنے بھائی کیلئے دعا کرنے کا خیال آیا۔ میں نے وہاں پورا مہینہ گزارا۔ رو رو کر اللہ کریم سے اپنے بھائی سے دعائیں مانگیں۔ وہاں بتائے اعمال کیے' دم شدہ تیل اور پانی لایا' حاجات قبول بورڈ پر انگلی سے حاجت لکھی اور واپس روانہ ہوگیا۔ دم شدہ تیل اور پانی استعمال کروانے سے بھائی پر لگی بندش اور بیماری دور ہوگئی۔ اللہ نے مجھے روحانی منزل سے اتنا کچھ نوازا ہے کہ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں بیان کرسکوں ہورہی ہے اللہ عزوجل روحانی منزل کو تاقیامت آباد رکھے۔ (قاری محمد یوسف، راولپنڈی)

لاکھ سے لکھ پتی بن گیا: میں گزشتہ دس سالوں میں شدید زوال کا شکار رہا اور لاکھ سے لکھ پتی بن گیا۔ مجھے کسی نے عبقری رسالہ دیا کہ اس میں بہت زبردست وظائف ہوتے ہیں' میں نے سوچا رسالہ کھولتا ہوں جو بھی وظیفہ سامنے آیا کروں گا' ابھی رسالہ کھولا تو سامنے ''روحانی منزل'' آیا' فوراً بستر باندھا روحانی منزل پہنچ گیا' یہاں چند دن گزارے' خوب اعمال کیے' لینے دینا آیا تھا مگر میری تو دنیا ہی بدل گئی' روحانیت کا ایسا سمندر کہ میں حیران رہ گیا' نماز' تہجد' نوافل' ذکر اذکار' اور انوکھی دنیا جاگتی آنکھوں سے دیکھتا ہوں' بڑی بڑی ہستیوں کی زیارات ہوتی ہیں۔ دنیا کی طلب' لالچ ختم ہوگئی' جب سے واپس آیا ہوں اللہ کریم نے رزق کا ایسا آسان بندوبست کردیا ہے میں خود حیران ہوں۔ (کاشف منیر' سرگودھا)

دم شدہ پانی سے بیوی ٹھیک: میری بیوی کو جھٹکے لگتے تھے' بہت پریشانی تھی' وہ خود تو نہ جاسکتی تھی میں اس کی بیماری کیلئے میں روحانی منزل مری پہنچا' بتائے گئے اعمال کیے' حاجات قبول بورڈ پر اپنی ایک حاجت لکھی' دم شدہ تیل اور پانی لیا' جب بھی بیوی کی حالت غیر ہوتی اس پانی کے چھینٹے بیوی پر مارتا' میں حیران ہوں میری بیوی جہاں بڑے بڑے عاملوں سے ٹھیک نہ ہورہی تھی اس دم شدہ تیل اور پانی کے استعمال سے بالکل ٹھیک ہوگئی۔ روحانی منزل میں موجود حاجات قبول بورڈ پر اپنی ایک حاجت لکھ کر آیا تھا کہ پیسوں کا بندوبست ہوجائے تاکہ میں چھوٹی سی گاڑی لے لوں' الحمدللہ! آج میں سوزوکی کا رکا مالک ہوں۔ (قاسم' ایبٹ آباد)

حاسدین کے شر سے حفاظت: میری شادی غیروں میں ہوئی' مجھ سے پہلی میرے شوہر کی منگنی ان کی کزن سے ہوئی تھی' وہ کسی وجہ سے ٹوٹ گئی۔ جب سے میری شادی ہوئی' میں بیمار' اکثر میرے اور شوہر کے کپڑے کٹ جاتے' بڑی مشکل سے تین سال بعد بیٹی ہوئی' وہ بھی اکثر بیمار رہتی۔ ہمیں کسی نے سخت جادو کا بتایا اور یہ بھی بتایا کہ آپ کے شوہر کی عزیز یہ کام شدید حسد میں کررہی ہے۔ ہمارے گھر عبقری رسالہ آتا ہے' ہم دونوں نے روحانی منزل جانے کا ارادہ کیا' وہاں خوب اعمال کیے' دم شدہ پانی اور تیل ہمراہ لائے' جب سے وہاں سے آئے ہیں' گھر میں سکون آگیا ہے' ہماری اکثر بلاوجہ لڑائی ہوجاتی تھی مگر اب کافی ہوگئے ہمارے درمیان کوئی ایسی بات نہیں ہوئی' بیٹی بھی بالکل ٹھیک ہے۔ کاروبار میں بھی بہتری آنا شروع ہوگئی ہے۔ واضح محسوس ہوتا ہے کہ کوئی بندش تھی جو ٹوٹ گئی ہے۔ (ج، راولپنڈی)۔ (مکمل روحانی منزل کے اعمال صفحہ 61 پر ملاحظہ فرمائیں)

مجھے تو اپنا گھر ان الفاظ کو پڑھنے سے ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور عبقری کو قیامت تک امت کی ہدایت کا ذریعہ بنائے رکھے' آمین! عبقری رسالہ سے ایک وظیفہ یَامُحِیْطُ یَاقَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ملا۔ ہم نے اپنے گھر کی نیت کرکے سارا دن وضو بے وضو' پاک ناپاک ہر حالت میں سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھا۔ اللہ کریم نے بہت کرم کیا ہے' اپنا گھر مل گیا ہے' صحت بھی اللہ تعالیٰ نے عطا کردی ہے۔ پھر بیٹے کی نوکری کا مسئلہ تھا' ایم بی اے کیا ہوا ہے' دو سال سے کوشش کررہا تھا نہیں مل رہی تھی' اس کیلئے میں بہت پریشان تھی' گزشتہ سال نومبر میں 'عبقری روحانی اجتماع' (روحانی چلہ) میں شرکت کی' آپ کے درس سنے' اعمال میں شریک ہوئے' خوب دعائیں مانگیں' اسم اعظم کا روحانی دم کروایا۔ الحمدللہ جب یہاں سے گئے تو دل مطمئن تھا۔ اگلے ہی مہینے ملٹی نیشنل کمپنی میں نوکری مل گئی۔ (فرزانہ شاویز' لاہور)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں' شکر گزار ہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 61: کامیاب شادی کے سترہ اصول' نبوی طریقے اور جدید سائنس:** گھر اس وقت جنت ارضی ہوتا ہے جب اس میں رہنے والا ہر شخص اس بات کی کاوش میں لگا ہو کہ ہم ایک دوسرے کا لحاظ کریں گے بلکہ اس بات کو ان الفاظ میں کہنا بہتر ہے کہ وہ ایک دوسرے سے اعراض کی نفسیات کے ساتھ چل رہے ہوں۔ اعراض سے مراد کہ ایک دوسرے کی غلطیوں اور خامیوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنے تعلق کو باقی رکھنا اور پہلے سے بہتر معاملہ کرنا۔ ایک محسن نے کہا تھا کہ میں اپنے دوستوں کو ان کے عیبوں کے ساتھ ہی قبول کرتا ہوں' ایک سبق یہ ہے اور ایک اس سے بھی قیمتی سبق ہمیں اسلام نے دیا ہے۔ وہ ہم بھول گئے میں سمجھتا ہوں وہ بھولا ہوا سبق یاد کرنا ہی مسلمان کا فرض عین ہے۔ اس کیلئے کوشش محنت اور قدم بڑھائیے جیسا کہ جناب فخری صاحب نے جو تم مسکراؤ کے ذریعے فرمایا ہے اور ایسے لوگوں کی کاوشیں ہی میرے لے خاص طور پر نشان راہ ہوتی ہیں اور ان کا استفادہ امت تک پہنچنے میں میرے ہاتھ استعمال ہوتے ہیں۔ روزانہ سینکڑوں سے ملاقاتیوں سے ملنا ہوتا ہے' گھر گندے گٹروں کی طرح ابل رہے ہیں' پاکستان میں طلاق کی شرح خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے' یہ سارے معاملات دیکھتا سنتا ہوں تو دل کڑھتا ہے' ہمیں اسلام نے کیا سبق دیا اور ہم کن راہوں پر چل نکلے؟ ناکام شادی شدہ زندگی کو کامیاب بنانے کا مشن لیے یہ کتاب تالیف کی۔ اس کتاب کی پہلی اشاعت 2003ء میں لاہور سے ہوئی۔ اس کتاب کی اشاعت کے بعد بے شمار خطوط' فون اور ای میلز کے ذریعے اطلاعات موصول ہوئیں' بے شمار اجڑے گھرانے آباد ہوئے' گھریلو الجھنیں' گھریلو ناچاقیاں ختم ہوئیں' گھروں میں سکون آیا۔ امید ہے یہ کتاب مزید گھروں میں ایمان' اعمال' تقویٰ اور محبت کا ذریعہ بنے گی۔ اس کتاب کی تالیف میں مختلف احادیث مبارکہ کی کتب' رسالہ جات اور محترم شخصیات کی تحریروں سے مواد اٹھایا گیا خاص طور پر محترم جناب فخری صاحب کی تالیف ''جو تم مسکراؤ تو سب مسکرائیں'' سے استفادہ حاصل کیا گیا۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ
اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہا سال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

عبقری رسالہ، ادویات، کتب آپ کے شہر میں

نام شہر اور فون نمبر
احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر 0333-8045050
بہاولنگر 0333-6320766
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0305-7655288
بٹ خیلہ/چکدرہ 0344-9783610
بہل 0334-4306823
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
پتوکی 0334-4062698
پھالیہ: 0324-6188707
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
ٹیکسلا 0336-1881088
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
راولاکوٹ: 0345-3133740

ادارہ کی طرف سے دو انمول خزانہ اور کتب کوئی نہیں چھاپ سکتا، قانونی حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جٹیال گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
چترال: 0302-8062355
چوک اعظم: 0300-6767661
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیرپور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان 068-5872626
رحیم یار خان 0313-6618147
راجن پور 0332-2566490
رجانہ: 0331-8671720
رینالہ خورد: 0331-7424506
دیر تیمر گرہ: 0348-9651523
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
دنداشاہ بلاول: 0336-5953230
دولتانہ: 0336-5167423
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈیرہ غازیخان 0334-6781558
اوکاڑہ: 0303-7610475

ایجنسی ہولڈر بورڈ اشتہار پیڈ کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کی "زیر سرپرستی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ قطعی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
صادق آباد 0333-7452600
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فیصل آباد: 0313-6648000
فتح پور 0333-6843333
کنگری ضلع لورالائی 0828-601084
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کراچی 0321-8207252
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کامونکی 0323-8240642
کھپرو 0336-0312694
کوئٹہ 081-2824617
کوئٹہ 0300-3806045
کلورکوٹ 0300-7780221
باغ: 0346-5757746

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں، کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر
کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
گجرات 0302-6292132
گجرخان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گوجرانوالہ 0321-6424742
گوجرہ: 0301-7237531
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاہور 0300-4526786
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفرگڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
مری 051-3410777
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ سوات: 0345-4947759
میرپور آزاد کشمیر: 0345-5742600

"عبقری" نام رجسٹرڈ ہے کسی بھی ایجنسی، کلینک، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں، ورنہ ایجنسی ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفرآباد 0312-4602800
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
منچن آباد 0331-7584075
نارووال 0342-6301084
نوشہرہ، خیبر پختونخواہ 0321-9702005
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وزیرآباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0311-6346000
اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیترو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822
ژوب 0300-3904464
گھوٹکی: 0306-8240401
شنکیاری: 0346-5556265
سبی: 0332-8819650
روات: 0335-5490418
سیہنسہ: 0346-5159324
قمر مشانی: 0301-8955413
کھچی والہ: 0348-7098026
کندیاں: 0344-4253576
کامرہ: 0300-5565249
کبیروالہ: 0306-9552336
حاصل پور: 0305-2064915
ڈہاراں والہ: 0304-5560006
دریالا جالب: 0333-5869273
چنیوٹ: 0301-7070779
بچیکی: 0306-6482488
بڑا گھر: 0300-2347638
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
فیصل آباد: 0320-6719819
ملتان: 0300-2033826
فتح جنگ: 0303-8680406
ڈنگہ: 0300-6269086
نیوجرسی، یو ایس اے 01-683-1882
شکاگو 630-589-6432
یوکے 0044-7880-9842-16

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

سید نورالاسحاق، بہاولنگر۔ غزالہ مغل۔ خالد امداد لغاری، سانگھڑ۔ عاقب الرحمٰن، ٹانک۔ خورشید احمد، بہاولنگر۔ مبشر بٹ، رائیونڈ روڈ لاہور۔ غلام مصطفیٰ، ملتان۔ محمد افضل، سیالکوٹ۔ سید گل رُخ، ملتان۔ رب نواز، نوشہرہ۔ شکیل احمد، ٹیکسلا۔ سید ظہیرالحق، میرپور خاص۔ محمد کلیم حیدر تارڑ، منڈی بہاؤالدین۔ طلحہ امین، کراچی۔ انزل جاوید، ملتان۔ شہباز غلام علی، فیصل آباد۔ نسیم امتیاز، ٹنڈو آدم۔ عائشہ سعید، کراچی۔ محمد وسیم، کراچی۔ محمد حذیفہ، عارف والا۔ محمد ممتاز، بہاولپور۔ محمد شہزاد، لاہور۔ طلحہ غوری، اسلام آباد۔ مظہر حسین، میانوالی۔ سویرا احمد، امریکہ۔ محمد شعیب، وہاڑی۔ مزمل ارشد، اسلام آباد۔

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی، جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

لوگ مردہ کہتے یہ دوا کھائی پھر سے زندہ ہوگئی

انگریزی ادویات کے استعمال سے معدہ بھی جواب دے رہا تھا۔ خون کی کمی اور ریڈ سیل نہیں بنتے تھے

اب کھانا ہضم اور خوب بھوک لگتی ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی دے' آپ کے رزق میں اضافہ کرے اور آپ کا سایہ ہم پر ہمیشہ قائم رکھے۔ چند ماہ سے میں معدے کے امراض میں مبتلا تھا' کھانا ٹھیک طریقہ سے ہضم نہیں ہوتا تھا' بھوک نہ لگتی تھی جس کی وجہ سے جسم میں درد رہتا تھا۔ آپ کو بذریعہ خط اس بارے آگاہ کیا تو آپ نے جوابی لفافہ میں ''ہاضم خاص، ٹھنڈی مراد اور اکسیر البدن'' کے استعمال کا مشورہ دیا۔ میں نے فوراً منگوا کر ان کا استعمال شروع کیا' تقریباً ڈیڑھ ماہ کے استعمال سے مجھے کافی فرق محسوس ہوا اب کھانا ہاضم ہو جاتا اور بھوک بھی خوب لگتی ہے۔ (محمد ناصر، ٹبہ سلطان پور)

عبقری دواخانے نے پھر سے زندہ کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو اور آپ کی نسلوں کو آباد و شاد رکھے۔ آمین۔ میرے چار بچے پیدا ہوئے بڑے آپریشن کے ساتھ سب سے چھوٹی بیٹی پیدا ہوتے ہی فوت ہوگئی اس کے بعد میرے رحم میں رسولیاں ہوگئیں جس کی وجہ سے بچہ دانی کو نکالنا پڑا۔ اس وجہ سے جسم میں بہت کمزوری ہوگئی اور سردی لگتی تھی۔ سردیاں شروع ہوتے ہی جرابیں جرسی چادر اُوڑھ کر بھی سردی لگتی رہتی تھی۔ پر جب سے عبقری دواخانہ کی دوائی ''ستر شفائیں'' استعمال کرنا شروع کی ہے اب ایک جرسی سے ہی کام چل جاتا ہے میری بہنیں کہتی ہیں آپ کو عبقری والوں نے پھر سے زندہ کر دیا ہے اللہ کریم کا جتنا بھی شکر کروں کم ہے اللہ کریم آپ کو بہت بہت عزت اور بلند مرتبہ دے آمین ثم آمین۔ (افشاں قیصر، لاہور)

اب مطمئن زندگی گزار رہا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے دو تین ماہ پہلے آپ کو خط کے ذریعے اپنی شادی کے بارے میں بتایا تھا کہ میری شادی ہوگئی ہے پر میں ازدواجی حقوق درست طریقے سے سرانجام نہیں دے پا رہا اور دیگر مسائل کے متعلق آپ کو تفصیلی لکھا تھا آپ نے مجھے ان تمام بیماریوں کیلئے ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا تھا اور فرمایا تھا کہ تین سے پانچ کورس استعمال کریں۔ اللہ آپ کا بھلا کرے حکیم صاحب اور آپ کی نسلوں کو آباد رکھے مجھے اس کا بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ (محمد علی خان، فتح جھنگ)

بے شمار مسائل دو ادویات سے بالکل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری طبیعت تین سال سے بہت خراب تھی کبھی کچھ مسئلہ ہو جاتا کبھی کچھ ہو جاتا تھا سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا کہ بہت کمزوری تھی۔ ہڈیوں میں درد رہتا، دماغی کمزوری بہت زیادہ تھی۔ سانس پھول جاتا دل کی دھڑکن بہت تیز ہو جاتی تھی آنکھوں کے آگے اندھیرا آنے لگتا تھا۔ بلڈ پریشر بھی تھا ہاتھ، پاؤں اور ٹانگیں کمزوری سے مسلسل کانپتی رہتی تھیں۔ میں کوئی کام ٹھیک سے نہیں کر سکتی تھی۔ ڈاکٹرز سے مشورہ کیا تو انہوں نے بتایا کہ آئرن، کیلشیم کی کمی ہے۔ اس کے علاوہ معدے میں بہت زیادہ جلن ہوتی تھی کچھ بھی کھانے کو دل نہیں کرتا۔ بھوک لگتی ہے لیکن کھانا کھانے کو دل نہیں کرتا۔ ہر وقت ذہنی دباؤ اور گھبراہٹ ٹینشن ہوتی رہتی ہے۔ آپ کے مشورے سے میں نے عبقری دواخانے کی اکسیر البدن اور ہاضم خاص دوا استعمال کرنا شروع کی الحمدللہ اس سے مجھے بہت فرق محسوس ہوا ہے۔ (عدیلہ زیب النساء، چکوال)

تھوڑا سا چل کر تھک جاتا! اب میلوں چلتا ہوں!

معدے کے امراض ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ جل شانہ آپ کو درازی عمر بالخیر اور صحت عطا فرمائے تاکہ آپ اسی طرح دکھی اور بیمار انسانیت کی خدمت کرتے رہیں۔ آمین! حکیم صاحب میں نے آپ سے تقریباً تین ماہ پہلے اپنے معدہ کی بیماری کے بارے میں مشورہ کیا تھا اور آپ نے مجھے ''اصلاح معدہ وجگر کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا جو میں تقریباً تین کورس استعمال کر چکا ہوں۔ ماشاء اللہ واضح فرق پڑا ہے۔ (محمد اعجاز، ہری پور)

گیس اور گلے کے مسائل ختم! اب مکمل فٹ ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری دواخانے کی ادویات ''ستر شفائیں اور روحانی پھکی'' کا استعمال کیا بہت فائدہ پایا۔ میں بہت کمزوری محسوس کرتا تھا پٹھوں کی کمزوری بہت زیادہ تھی تھوڑا سا پیدل چل کر تھک جاتا تھا سانس پھولنا شروع ہو جاتا۔ ''ستر شفائیں'' استعمال کرنے سے اعضاء قوی ہوگئے' سانس پھولنا بند ہوگیا۔ میلوں پیدل چلتا ہوں تھکتا نہیں۔ اس کے علاوہ ہاضمے کا مسئلہ تھا' گلا اکثر خراب رہتا تھا' گلے میں خراش معمول تھا' روحانی پھکی کے استعمال ہاضمہ بہترین ہوگیا اب کوئی مسئلہ نہیں۔ ہر قسم کے کھانے کھا سکتا ہوں' گیس کا مسئلہ ختم ہوگیا اور گلا بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔ (خواجہ جمیل قادر)

والدہ کے ریڈ سیل نہیں بنتے تھے! اب ٹھیک ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کی نسلوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور آپ کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم و دائم رکھے آمین ثم آمین۔ میری والدہ کو مہروں کا مسئلہ تھا اور ساتھ میں شوگر بھی تھی اور انگریزی ادویات کے استعمال سے معدہ بھی جواب دے رہا تھا۔ خون کی کمی اور ریڈ سیل نہیں بنتے تھے۔ میں نے عبقری دواخانے کی ادویات جوہر شفاء مدینہ اور ہیپاٹائٹس نجات سیرپ مسلسل تین ماہ والدہ کو استعمال کروایا' الحمدللہ والدہ بالکل ٹھیک ہوگئی ہے۔ (طاہرہ، پشاور)

تین بوتلیں اور بال گرنا ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین ماہ پہلے میں نے آپ کو خط لکھا تھا میرے بال بہت زیادہ گرتے تھے آپ نے طب نبوی ہیئر آئل استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اس کی تین بوتلیں استعمال کر لی ہیں الحمدللہ! بال اترنا بند ہوگئے ہیں۔ (پوشیدہ)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن و جمال کریم
چہرے کا حسن دوبالا کرے' داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے
قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ

حمل ضائع ہوا شوہر نے گھر سے نکال دیا، آج خوشحال کیسے؟

گزشتہ دنوں واپس آئی تھی تو میرا شکریہ ادا کرنے آئی کہ آپ نے مجھے عبقری رسالہ دیکر بہت بڑا احسان کیا ہے۔

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

حمل ضائع ہوا شوہر نے گھر سے نکال دیا، آج خوشحال کیسے؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے محلہ کی ایک لڑکی تھی جس کا حمل ضائع ہوگیا تھا۔ اس کے سسرال والوں نے گھر سے نکال دیا تھا اور بُرے بُرے الزامات لگاتے، وہ لڑکی ایک دن میرے پاس آکر بیٹھ گئی اور رونا شروع ہوگئی، میں نے اس لڑکی کو عبقری رسالہ کے متعلق بتایا، اس نے مجھے اپنے کچھ جسمانی پیچیدہ مسائل بتائے۔ میں نے اسی دن عبقری دواخانہ سے ''خاتون شفاء'' اور ''ہارمونز شفاء'' دوائی منگوا کر دی اس نے چند ہفتے استعمال کی، الحمدللہ اس کے تمام پیچیدہ مسائل ختم ہوگئے اور وہ بالکل صحت یاب ہوگئی ہے۔ چند ماہ پہلے اس کا خاوند اس کو منا کر واپس گھر لے گیا ہے، گزشتہ دنوں واپس آئی تھی تو میرا شکریہ ادا کرنے آئی کہ آپ نے مجھے عبقری رسالہ دیکر بہت بڑا احسان کیا ہے، میں ہر ماہ پڑھتی ہوں۔ اور آپ کی دی ہوئی دوا سے میں صحت یاب ہوئی، اللہ کے کرم سے پھر امید سے ہوں۔ (آ۔ا، لاہور)

سانس کی تکلیف اور معدہ کی پیدائشی کمزوری ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں، عبقری دواخانہ کی ادویات بہت شوق سے استعمال کرتا ہوں۔ لاہور عبقری دواخانہ چیک اپ کے لیے آیا تو اس وقت مجھے سانس کی تکلیف تھی۔ آپ نے مجھے دماغ، دل اور معدہ کی پیدائشی کمزوری کا بتایا اور ساتھ میں دوائیاں دی لیکن مجھے کھانے نہیں دی گئیں۔ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے، آج تک وہ وہیں پڑی ہیں۔ لیکن میں نے جوہر شفائے مدینہ اور شفاء حیرت سیرپ استعمال کیا الحمدللہ 90 فیصد شفاء محسوس کررہا ہوں۔ (عبدالغفور، کوئٹہ)

شوہر کے دل کی بند شریانیں اور عبقری دواخانہ کی دوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی عمر دراز کرے۔ آپ کی نظر کرم اور دست شفقت ہمیشہ ہمارے ساتھ رہے (آمین)۔ میرے خاوند کے دل کی شریانیں بند تھیں۔ عبقری دواخانے کی جوہر شفائے مدینہ دوائی دن میں چند بار استعمال کروائی۔ اب کافی فرق پڑ گیا ہے۔ دن بدن صحت مند ہورہے ہیں۔ (اہلیہ لقمان، پشاور)

یہ چیز کھائیں چہرہ روشن، چمکدار اور خوبصورت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اجر خیر دے۔ تقریباً تین سال سے عبقری سے واسطہ ہے میرے چہرے پر دانے نکلتے تھے۔ آپ کی دوائی خون صفاء اور جوہر شفائے مدینہ کے استعمال سے چہرہ روشن، چمکدار اور خوبصورت ہوگیا ہے۔ اس کے علاوہ میرے گھٹنوں میں شدید درد ہوتا تھا آپکے اسسٹنٹ صاحب نے ستر شفائیں کھانے کے لیے کہا اب اللہ کریم کا شکر ہے ستر فیصد ٹھیک ہوچکی ہوں۔ ہر کسی کو کھانے کیلئے ''ستر شفائیں'' کا کہتی ہوں۔ اللہ کریم آپ کو جزائے خیر دے۔ (افشاں قیصر، لاہور)

لیجئے آپ بھی صحت مندی کا راز جان لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے اکثر کمر کی تکلیف رہتی تھی اس کے علاوہ معدہ خراب رہنا تو معمول بن گیا تھا۔ جسم میں تھکاوٹ ہر وقت محسوس ہوتی تھی۔ آپ کی تجویز کردہ ادویات ''اکسیر البدن اور ٹھنڈی مراد'' کی دس ڈبیاں استعمال کیں اب تھکاوٹ نام کی کوئی چیز کی نہیں رہی۔ صحت بھی کافی بہتر ہے۔ (نعیم ارشد، تلہ گنگ)

30 دن میں وزن کم اور ماہواری کا مسئلہ بھی حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے پانچ ماہ سے ماہواری کا مسئلہ تھا، ماہواری اگر آتی تو مسلسل آتی، نہ آتی تو دو دو تین تین ماہ نہ آتی جس وجہ سے میرا جسم پھولنا شروع ہوگیا تھا، میں کافی پریشان تھی لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ کیا، اس نے مجھے چند ادویات باقاعدگی سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا لیکن کوئی فرق محسوس نہیں ہوا۔ پھر میں نے عبقری دواخانہ کی ''ہارمونز شفاء'' کا استعمال کیا، تقریباً ایک ماہ کے استعمال سے میرے وزن میں کمی ہوئی اور میں خود کو ہلکی پھلکی محسوس کرتی ہوں اور ماہواری کا مسئلہ بھی حل ہورہا ہے۔ (ن، لاہور)

15 دن میں سالہا سال پرانی الرجی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ناک سے خارش دار رطوبت بہتی تھی۔ میں بہت پریشان تھی ڈاکٹری علاج بھی کروایا ہفتہ سکون رہتا لیکن پھر وہی صورتحال پیدا ہوجاتی۔ رطوبت گرمی سردی دونوں موسموں میں بہتی تھی اور اس میں سے عجیب سے بدبو بھی آتی تھی۔ میں نے عبقری دواخانہ فون کیا اور آپ کے اسسٹنٹ کو اپنا تمام معاملہ بتایا انہوں نے ''الرجی نزلہ کورس'' تجویز کیا میں نے بذریعہ ڈاک منگوا کر استعمال کیا تقریباً ایک کورس ختم ہونے کو تھا کہ مجھے اس بیماری سے نجات مل گئی اب گرمی ہو یا سردی رطوبت نہیں بہتی۔ (قرۃ العین، سرگودھا)

دانتوں کی تکالیف دور اور موٹاپا بھی ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دن بدن موٹا ہوتا جارہا تھا۔ اس وجہ سے مختلف بیماریاں بھی حملہ کررہی تھیں۔ میں نے ٹی وی پر آنے والے عرقیات بھی منگوا کر استعمال کیے لیکن بے سود ثابت ہوئے۔ پھر میں نے عبقری دواخانہ کا ''موٹاپا کورس'' منگوایا تقریباً ایک کورس کے استعمال سے ہی میرے وزن میں واضح کمی محسوس ہوئی۔ اس کے علاوہ 'سچا منجن' کے استعمال سے دانتوں کی تکلیف سے نجات ملی اور دانت چمکدار اور سفید ہوگئے۔ (عبدالرحمن، لاہور)

رنگ کالا! پانچ بوتل سیرپ پئیں رنگت صاف شفاف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت تندرستی عطا فرمائے (آمین) اللہ تعالیٰ عبقری دفتر، تسبیح خانہ، دارالتوبہ کی حفاظت فرمائیں اور اس کو ہمیشہ شاد آباد رکھے۔ (آمین) کھانے کے بعد معدے میں ہلکی ہلکی جلن محسوس ہوتی تھی جس کے لیے میں نے عبقری دواخانے کی ''روحانی پھکی'' استعمال کی اب الحمدللہ معدہ ٹھیک ہے اور غذا بھی ہضم ہورہی ہے۔ اس کے علاوہ میرا رنگ کالا تھا اس کے لیے میں نے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کی پانچ بوتلیں استعمال کیں جس سے میرے چہرہ کا رنگ صاف ہوگیا ہے۔ (پوشیدہ)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

آگ شفاء
جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں، گرم استری لگنے سے، کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے، موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے، فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں، آگ شفاء استعمال کریں
(قیمت 80 روپے)

ذرا توجہ کیجئے! یہ بچے آپ والدین کے ہی ہیں

محمد عامر، گوجرانوالہ

بچے آنگن کے پھول ہوتے ہیں جب تک یہ پھول آنگن میں نہیں کھلتے گھر بے رونق اور خوشیوں سے خالی ہوتا ہے۔ اولاد اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ جب بچہ دنیا میں آتا ہے تو بالکل کورا کاغذ ہوتا ہے۔ ہم جو چاہیں اس پر تحریر کر دیں۔ بچہ ماں باپ سے ہی سیکھنا شروع کرتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''ایک باپ اپنی اولاد کو جو کچھ دیتا ہے اس میں سب سے بہتر تحفہ اسکی تعلیم و تربیت ہے''۔

اولاد کی صحیح تربیت والدین کا اولین فرض بھی ہے اور حق بھی ہے۔ تربیت یافتہ اولاد والدین کی نیک نامی کا سبب بنتی ہے۔ ان کے بڑھاپے کا سہارا اور مرنے کے بعد صدقہ جاریہ بن جاتی ہے۔ والدین کو سب سے زیادہ ان کو اخلاق حسنہ کی تربیت دینی چاہیے۔ جس کے لیے ضروری ہے کہ خود بھی محبت اور شفقت بھرا رویہ پیش کریں۔ بچپن کے احساسات اور خیالات مستقبل کی خواہشات اور رجحانات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ والدین بچوں کے ساتھ انکے بچپن میں خود بھی بچے بن کر خوش رہتے ہیں اور بچے بھی ہنستے کھیلتے رہتے ہیں جوں ہی بچے بڑے ہو جاتے ہیں والدین کو اچانک ان کی اخلاقیات، نظم و ضبط، تعلیم اور مستقبل کی فکر لاحق ہو جاتی ہے۔ حالانکہ عمارت کی بنیادی اینٹ کی طرح بچے کی تربیت تو پہلے دن سے ہی شروع ہو چکی ہوتی ہے۔ مگر والدین اچانک ان کو نظم و ضبط اور اعلیٰ انسان بنانے کے لیے سختیاں شروع کر دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بچے میں باغیانہ رویہ پیدا ہونے لگتا ہے۔ اس طرح بچے بلوغت کے بعد غصیلے، چڑچڑے اور بے سکون اور بے اطمینان نظر آنے لگتے ہیں۔ اور کہیں اور اپنا سکون تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ والدین کو حکمرانی کی بجائے دوستانہ رویے کے ساتھ بچوں سے پیش آنا چاہیے۔ باہمی اعتماد اور عزت و احترام کی فضاء پیدا کر کے ہی بچوں سے توقعات وابستہ کی جا سکتی ہیں۔ ورنہ باہر کے ماحول سے بچہ خود کو سکون میں محسوس کرے گا۔ بچے کو دلائل سے اپنی بات سمجھائیں اور بحث سے گریز کریں۔ اس طرح بچوں اور آپ میں دوری نہیں ہوگی۔ اس کام کے لیے اپنی مصروفیات میں سے بچوں کے لیے خصوصی ٹائم نکالیں۔ ان کی سنیں اور خوب سنیئے۔ پھر جو بات رویہ یا ذہنی دباؤ ہو آپکو اسے بہتر انداز میں حل کرنا چاہیے۔

بچوں کے ساتھ کھیلیں اور انہیں دوسروں کے ساتھ میل جول کے آداب، برداشت اور حسن سلوک، فرمانبرداری، بڑوں کا ادب اور دینی اصولوں سے آگاہی دیں۔ بچوں کی تربیت کو والدین ہرگز بوجھ نہ سمجھیں۔ یہ سوچیں کہ بچے آپ کے ہی ہیں۔ اور ذمہ داری بھی آپکی ہی ہے۔ والدین اپنے رویوں کا بھی جائزہ لیتے رہیں۔ ایک مشہور دانشور کا کہنا ہے کہ یتیم وہ بچہ نہیں جس کے والدین اسے دنیا میں تنہا چھوڑ گئے بلکہ اصل یتیم وہ ہے جن کی ماؤں کو تربیت اولاد سے دلچسپی نہیں اور باپ کے پاس انہیں دینے کا وقت نہیں۔

بچہ ماحول، سرشت اور موروثی خصوصیات پر منحصر ہستی ہے جو درست تربیت پر قوم کا مصلح اور لیڈر بھی بن سکتا ہے۔ جسمانی سزا سے بچے ضدی غصیلے، باغی، بے باکی اور بغاوت کے جذبات والے بن جاتے ہیں۔ اور اندر سے خوف زدہ بھی رہتے ہیں۔ سکول میں اکثر بچے اپنا سابق اس لیے نہیں سنا سکتے کہ جس طرح والدین غلطیوں پر مارتے ہیں استاد بھی ماریں گے اس طرح انہیں یاد کیا ہوا سبق بھی بھول جاتا ہے۔

سوشل میڈیا فوبیا کی شکار نسل کو سنبھال لیں! ورنہ!!!

آج کل کے دور میں جیسا ماحول تیزی سے پھیل رہا ہے باغی بچہ فوراً باہر کے ماحول کو قبول کر لیتا ہے۔ والدین کو اپنے بچوں کو برے ماحول سے بچانا اور خیر کا پیغام اپنی نسل کو دینا بہت ضروری ہے۔ بچوں کو بہتر تعمیری دلچسپیاں اور مشاغل فراہم کر کے مضبوط اور توانا بنانے والے کھیل میں شامل کرنا چاہیے جس سے ذہن اور جسم دونوں کی نشوونما ہو۔ نشانہ بازی، تیراکی، رسہ کشی، کبڈی، باسکٹ بال، ٹیبل ٹینس، کشتی بہترین کھیلیں ہیں مگر آج کل بچوں کے ہاتھوں میں موبائل دیکھ کر بہت حیرانگی ہوتی ہے جبکہ یہی عمر بھٹک جانے کی ہے۔ نوجوان نسل دن بدن فیس بک کے فوبیا کا شکار ہے۔ جسے دیکھو ہاتھ میں موبائل اور فیس بک۔ ہر کوئی اسی بخار میں مبتلا ہے۔ جس سے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم ہونے کے ساتھ خود پرستی اور نفسیاتی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ اس لیے والدین پر ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کی حرکات و سکنات پر نظر رکھیں۔ وطن عزیز میں بڑھتی ہوئی فحاشی دیمک کی طرح ہمارے معاشرے کو کھوکھلا کر رہی ہے۔ اپنے بچوں کو دنیاوی تعلیم کے ساتھ اخلاقی اور اسلامی تعلیمات سے روشناس کروائیں جس طرح والدین چھوٹے بچوں کی نگرانی کرتے ہیں کہ کہیں کوئی نقصان نہ کر بیٹھیں اسی طرح جب بچے شعور کی آنکھ کھولتے ہیں تو ان کو اچھے برے کی تمیز، دوست دشمن کی پہچان دیں۔ موبائل کیمرے والے اور واٹس ایپ کی وجہ سے نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے۔ اگر فون دینا بہت ضروری ہو تو خود نگرانی کریں۔ بچوں کو موبائل کے نقصانات سے آگاہی دیں کہ یہ صرف دماغی اور جسمانی دیمک ہے بچوں کی صحبت کا بہت خیال رکھیں۔ کن دوستوں میں اٹھتے بیٹھتے اور کن میں کھیلتے ہیں۔ بچوں کو گاہے بگاہے اولیاء اللہ نیک لوگوں کی صحبت میں ضرور لے جایا کریں۔ یہ بچے آپ (والدین) کے ہی ہیں۔ ان کی تعلیم و تربیت کی اصل ذمہ داری آپ کی ہی ہے۔ والدین اگر اپنی ذمہ داری پوری کریں تو مسائل پیدا ہی نہ ہو۔ ہر شخص سے قیامت کے دن اس کے بارے میں سوال ہوگا۔ بچوں کو مسنون دعائیں سکھائیں اور روزانہ پڑھنے کی تلقین کریں۔ صبح نماز فجر کے بعد مسنون دعائیں اور آیت الکرسی پڑھ کر بچوں کا حصار باندھیں حدیث میں اسکی بہت اہمیت بتائی گئی ہے اسکے علاوہ صدقہ برائیوں کے ستر دروازے بند کرتا ہے۔ روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ بچوں کے ہاتھ سے نکلوائیں۔ صدقے کی برکت سے حفاظت ہوتی ہے اور مصیبتیں اور بلائیں ٹل جاتی ہیں۔

بچوں کو یقین دلائیں والدین جو بھی کر رہے ہیں بچوں کی بہتری اور ان کے تحفظ کے لیے ہے۔ اس طرح آپ کامیاب انسان بن سکتے ہیں۔ اولاد بھی والدین کے حقوق تب ادا کرے گی جب والدین خود پہلے اپنے حقوق ادا کریں۔ والدین کا یہ حق ہے کہ وہ حلال روزی سے بچوں کی پرورش کریں۔ غذا کا انسان کے خیالات و جذبات پر اثر پڑتا ہے۔ سادہ اور گھر پر پکی ہوئی غذا کھلائیں۔ باہر کی چٹ پٹی اشیاء سے پرہیز کریں۔ گھر کے کاموں میں شریک کریں ترتیب زندگی سکھائیں۔ زندگی کو زندگی کی طرح بسر کرنا سکھائیں۔ بچہ تعلیم کیساتھ تربیت کا ضرورت مند ہے اس کا حق ادا کیجئے۔ آیئے! سب مل کر اپنے قوم و ملت کے لیے اور بہترین امت بنانے کے لیے اپنی نسل پر بھرپور توجہ دیں۔

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد و بال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800/روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

معاشرہ بگڑا ہوا کس کس کو ٹھیک کرو گی!

شہزادی عبدالرحمٰن، لاہور

آج کل کے دور میں شاید دولت کمانا اتنا مشکل نہیں جتنا کہ اس دورِ جدید میں نیکیاں کمانا مشکل ہے۔ نیکی کر کے بھی انسان کو یہ علم نہیں ہوتا کہ اس کی نیکی اس کی نیت کے اعتبار سے کس درجے میں قبول ہوئی ہوگی۔ جس طرح آج کل لوگوں کو دولت کمانے کی ہوس ہے اسی طرح پرانے زمانے میں نیک لوگوں کو خصوصاً صحابہ کرامؓ کو نیکیاں بلکہ زیادہ سے زیادہ نیکیاں کمانے کی ہوس ہوتی تھی وہ نیکی کرنے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے چاہے چھوٹی سے چھوٹی نیکی ہی کیوں نہ ہو کیونکہ بعض چھوٹی نیکیوں کا اجر بہت بڑا ہوتا ہے بلکہ اجر عظیم ہوتا ہے اس لیے کسی چھوٹی نیکی کو بھی چھوٹی سمجھ کر نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

کم عمری میں ہی میری عادت تھی کہ میں جہاں کچھ غلط ہوتے یا ظلم ہوتے دیکھتی تھی تو مجھ سے برداشت نہیں ہوتا تھا اور میں بول پڑتی تھی اللہ بہشت نصیب کرے میرے ماں باپ کو میری امی بہت امن پسند تھیں۔ وہ میرے دیکھنے اور پتہ لگنے سے پہلے ہی ایسی جگہوں سے میرا ہاتھ پکڑ کر خاموشی سے مجھے دور پرے لے جاتی تھیں اور بعد میں مجھے معلوم ہوتا تھا اور ابو کہتے تھے کہ چند لوگوں کے علاوہ معاشرہ بگڑا ہوا ہے تم کس کس کو ٹھیک کرو گی۔ چلیں یہاں تک تو ٹھیک ہے لیکن کچھ معاملات ایسے ہوتے ہیں جن پر خاموش رہنے سے دل کُڑھتا ہے ندامت ہوتی ہے جیسا کہ جب میں کسی میلاد پر جاتی ہوں یا کبھی گھر میں میلاد کراوئیں تو کچھ خواتین کو غلط درود پاک پڑھتے سن کر بڑا دل بُرا ہوتا ہے حالانکہ بے شک وہ جان بوجھ کر غلط نہیں پڑھ رہی ہوتیں کم علمی کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے لیکن صرف ایک لفظ کی غلطی سے مطلب و معنی بدل جاتا ہے اور ثواب کی بجائے الٹا گناہ ہی ہوتا ہے جس کو معلوم نہیں اس کو تو شاید گناہ یقیناً نہیں ہوتا ہوگا لیکن جس کو مطلب و معنی بھی معلوم ہو اور درود پاک پڑھنے کے فضائل و برکات بھی معلوم ہوں تو وہ کیسے خاموش رہے اور کیوں چپ رہے کیا اس خاموشی پر اسے گناہ نہیں ہوگا؟

عام خواتین و حضرات تو کیا بہت زیادہ پڑھنے پڑھانے والے بھی وہی غلطی کر جاتے ہیں۔ مسجد میں اذان دینے سے پہلے جو درود پاک پڑھا جاتا ہے اس میں بھی وہی غلطی ہوتی ہے۔ ہماری گلی میں میلاد ہوا تو جن حضرت نے آخر میں دعا کروائی' اس نے بھی وہی غلطی کی۔ میں اپنی کزن کے گھر میلاد پر گئی تو وہاں کوئی بہت پہنچی ہوئی بی بی نے دعا کروائی اور اس نے شروع میں جو درود ابراہیمی پڑھا اس میں بھی وہی غلطی تھی اب اتنی بڑی محفل تھی میں کچھ عرض نہ کر سکی بلکہ دل ہی دل میں دکھی ہوتی رہی لیکن اللہ تعالیٰ نے میرے درد دل کی فریاد سن لی۔ محفل کے اختتام کے کافی دیر بعد تک اس بی بی کی ایک ساتھی اپنے شوہر کے انتظار میں بیٹھی تھی کہ میری کزن نے مجھے کہا کہ وہ اکیلی بیٹھی ہوئی ہیں اور میں مصروف ہوں آپ سب ذرا ان کو کمپنی دیں تو ہم ان کے پاس جا کر بیٹھ گئے میں نے موقع غنیمت جانا اور ان سے آداب معذرت بجالانے کے بعد اپنا مدعا بیان کیا تو انہوں نے کہا کہ میں نے بھی غور کیا تھا لیکن میں چپ رہی۔ پھر میں نے ان سے کہا کہ میری آپ سے درخواست ہے کہ آپ تو بہت زیادہ محفلوں اور میلادوں میں جاتی ہیں تو آپ بھی میرے ساتھ اس مہم میں شامل ہو جائیں آپ جب جہاں اس غلطی پر غور کریں تو اس پر خواتین کو بیان دیں درس دیں۔ اس بی بی نے حامی تو بھر لی اللہ کرے وہ ثابت قدمی سے عمل بھی کرے۔

بظاہر چھوٹی مگر حقیقتاً بڑی غلطی! درود سے محبت ہے تو ضرور پڑھیں!

اب آپ لوگوں کو تجسس ہو رہا ہوگا کہ آخر وہ کونسی ایک غلطی ہے جو اکثر و بیشتر لوگوں سے صرف وہی ایک غلطی ہوتی ہے چلیں باقی باتیں تو بعد میں ہوتی رہیں گی درست درود پاک پڑھنے اور غلطی کو بمعہ ترجمہ بیان کر دیتی ہوں۔ درود ابراہیمی پڑھنے میں اس بی بی نے اور بعض اکثر لوگ جو غلطی کرتے ہیں ملاحظہ فرمائیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ، کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ، اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمدؐ پر اور آل پر، محمدؐ کی جیسے رحمت نازل فرمائی آپ نے ابراہیم پر اور آل پر ابراہیم کی بے شک آپ تعریف اور بزرگی والے ہیں

جبکہ اکثر لوگ جلدی میں اس طرح پڑھ جاتے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّلَا اٰلِ مُحَمَّدٍ، کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَلَا اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ، اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ ترجمہ: ''اے اللہ رحمت نازل فرما محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر نہیں، جیسے رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر نہیں بے شک آپ تعریف اور بزرگی والے ہیں''۔ میرا خیال ہے کہ ان کے علاوہ اور بھی جتنے درود پاک ہیں ان میں بھی جہاں وَعَلٰی اٰلِ آتا ہے وہاں اس کی بجائے لوگ وَلَا اٰلِ پڑھتے ہوں گے۔ وَعَلٰی اٰلِ کی بجائے وَلَا اٰل بے شک ایک لفظ کی آپ کو چھوٹی سی غلطی معلوم ہو رہی ہوگی لیکن اس چھوٹے سے لفظ کے ہیر پھیر سے معنی و مطلب مفہوم بدل جائے تو پھر کیا فائدہ۔ بجائے ثواب کے گناہ کمانے کا۔ مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ لوگ یقیناً جان بوجھ کر ایسے نہیں پڑھتے ہوں گے لیکن ان کے علم میں نہیں ہے کہ اس طرح درود پاک کا معنی ہی بدل جاتا ہے کہ ہم اللہ کو کہہ رہے ہیں کہ اے اللہ نبی پاک ﷺ پر درود و سلام بھیج اور ان کی آل اولاد اور اصحاب پر نہیں بھیج لَا کا مطلب تو آپ کو پتہ ہے ناں کہ نہیں ہے۔ اب بتائیں کے وَعَلٰی اٰلِ اور وَلَا اٰلِ کا فرق محسوس ہوا کہ نہیں۔ جو انسان اللہ کی مخلوق پر مہربان ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر مہربان ہوتا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا حکم بھی ہے اور درود پاک تو واحد ایسی عبادت ہے جو کہ اللہ اور اس کے فرشتے بھی نبی پاک ﷺ پر بھیج رہے ہیں تو پھر ہم کیوں کسی کو غلط پڑھنے دیں اور کیوں نہ اصلاح کریں۔ لہٰذا میں جب بھی کسی کو ایسے درود پاک غلط پڑھتے سنتی ہوں تو موقع مل جائے تو میں لوگوں کو بعد میں کہہ دیتی ہوں نہ ملے تو دل ہی دل میں نادم ہوتی رہتی ہوں۔ بحیثیت مسلمان کیا آپ بھی میرے ساتھ اس مہم میں شامل ہوں گے کہ لوگوں کو درود پاک پڑھتے ہوئے غور سے سنیں اگر وہ یہی غلطی کر رہے ہیں تو ان کو چاہیے انتہائی ادب' عاجزی اور محبت کے ساتھ انہیں بتائیں کہ وہ کتنی بڑی غلطی کر رہے ہیں' ان کے سامنے درود شریف پڑھیں' انہیں معنی سمجھائیں' پھر ان سے پڑھوائیں' مجھے امید ہے کہ آپ میرا ساتھ دیں گے' یہ بہت بڑا صدقہ جاریہ ہے' جب تک لوگ پڑھتے رہیں گے آپ اور آپ کی نسلوں کو ثواب عظیم ملتا رہے گا۔ اس عمل کی بدولت ان شاء اللہ رب کریم آپ کے دکھ درد دور فرما دے گا۔

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا' یورک ایسڈ' کریٹینن' پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت 150 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

(بقیہ: مزاج کا دارومدار آپ کی وراثت پر بھی ہے!)

اسی طرح کچھ خامیاں بھی سامنے آئیں گی جن پر قابو پانے کے لیے کوشش کرنا ہے اور کوئی وجہ نہیں کہ آپ اگر یہ کام مستقل مزاجی سے انجام دیں تو اس کے نتائج حوصلہ افزا نہ ہوں تو بس آج ہی سے اس کوشش میں لگ جائیے۔ مزاج کا دارومدار ایک حد تک آپ کی وراثت پر بھی ہے۔ موروثی خصوصیات وہی ہوتی ہیں جنہیں لے کر انسان دنیا میں آتا ہے اور جیسے جیسے بچہ بڑا ہوتا ہے وہ حالات کے تحت ان خصوصیات سے فائدہ اٹھاتا ہے اور ان کا استعمال کرتا ہے، اس کے علاوہ ایسے بچے بھی دیکھے گئے ہیں جو موروثی خصوصیات سے خود کو نکالنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں اور وہ خصوصیات جن کو لے کر وہ دنیا میں آئے تھے، انہیں ترک بھی کردیتے ہیں۔ شخصیت کی تبدیلی کے خواہاں افراد کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ وراثت انسان کو جہاں جسمانی ساخت عطا کرتی ہے وہاں اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آپ اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں لاسکتے کیونکہ جسمانی ساخت کا دارومدار، جسمانی حرکات وسکنات، ورزش اور روزہ مرہ زندگی کے معمولات پر بھی ہوتا ہے، ایک درزی زندگی کا زیادہ وقت جھک کر کپڑے سینے میں گزارتا ہے تو اس کی کمر عام انسانوں کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے جھک سکتی ہے۔ اسی طرح یہ بھی ضروری نہیں کہ آج کے مشہور ریسلرز کا باپ بھی ریسلر رہا ہو۔ صفائی ستھرائی کا اہتمام، بالوں کو صاف رکھنا، کپڑے سلیقے سے پہننا یہ سب چیزیں آپ کے دائرہ اختیار میں ہیں، آپ ان کا بہترین استعمال کرکے اپنی شخصیت کو زیادہ پرکشش اور زیادہ باوقار بناسکتے ہیں۔ مذہب کا کردار: مذہب انسان کی شخصیت کے اخلاقی اور روحانی پہلوؤں کو بہتر طور پر اُجاگر کرتا ہے۔ مذہب کی پابندی اور ایمان کی مضبوطی انسان کو نظم وضبط کا پابند کرتی ہے، اسے ذہنی آسودگی اور روحانی پاکیزگی عطا کرتی ہے اور یہ سب چیزیں اچھی شخصیت کو پروان چڑھانے میں انسان کی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

(بقیہ: عبقری سے ملے دم! تجربات کیے! ضرور پڑھیں)

اور رات کو سورج غروب ہونے کے بعد 100 بار پانی پر دم کرے پلائیں اوّل وآخر درود شریف۔ پھوڑے پھنسی کا دم: شہادت کی انگلی پر لعاب لگائیں پھر تین بار بسم اللہ، اللہ اکبر اور ایک بار اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّ مُبْرِمُوْنَ۔ پڑھ کر دم کردیں اور لعاب لگادیں اس آیت کے میں نے حیرت انگیز فائدے مشاہدے کیے ایک ہی دم سے کئی کئی مہینوں کے وہ پھوڑے جن کا منہ، سر نہیں بن رہا ہوتا وہ بھی ٹھیک ہوجاتے ہیں اور گلے سڑے خارش چنبل کے مریض بھی اسی لعاب کو سرسوں کے تیل میں ملا کر مالش کرنے سے ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ گوہانجی کا دم: میرے ہمسائے میں بچوں اور ان کی ماں کے اکثر نکلتی ہیں بس ایک بار دم کرنے سے ہی آرام آجاتا ہے۔ تعوذ تسمیہ کے بعد تین بار درود شریف پڑھ کر سانس روک کر سات بار پڑھ کر دم کریں۔ لَا تُبْقِیْ وَلَا تَذَرُ۔ سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کا عمل: سورۂ کوثر پڑھنے اور پھونکنے سے ہر چیز میں برکت ہوتی ہے میرا ماہانہ پانچ ہزار کرایہ آتا تھا میں ہر ماہ جب کرایہ آتا اس پر 129 بار سورۂ کوثر پڑھ کر پھونک مار لیتی تو وہ پیسے اگلے ماہ کا کرایہ آنے تک کچھ نہ کچھ بچے رہتے ہیں اور جس ماہ میں پھونک نہ مار سکتی تو کرایہ 5,7 دن میں ہی ختم ہوجاتا۔

(بقیہ: جسم سے روزانہ دس منٹ کشتی! سو سال عمر)

اور توانائیاں ان سب کو جذب کرلیتا ہے۔ وعدہ کریں! تولیہ چھوڑ دیں' سردی ہو یا گرمی' اپنے بدن کو ہلکا ہلکا تیل ضرور دیں' اور جسم کی ضرورت کو پورا کریں اور آخر میں ایک راز بتاتا جاؤں انسان کی طاقت خاص کا تعلق بڑی بڑی دواؤں اور غذاؤں سے نہیں اصل جلد سے ہے جس کی جلد صحت مند ہوگی اس کی طاقتیں ہمیشہ بیدار ہوں گی دلیل کے طور پر ہر امراض جلد کا ڈاکٹر جب اپنا بورڈ لکھتا ہے تو ساتھ امراض مخصوصہ بھی لکھتا ہے۔

(بقیہ: فلمی ہیرو بننے کا شوق تھا! عبقری نے اللہ والا بنادیا)

مجھے اور میرے بچوں کو حرام نہ کھلانا ہم بھوکے گزارہ کرلیں گے کسی سے بے ایمانی نہ کرنا، کسی کا حق نہ مارنا یہ میری بیوی کے الفاظ ہیں اللہ تعالیٰ نے کرم کردیا قرض اتر گیا صرف ایک لاکھ دینا ہے۔ لاہور سے اُدھار مال لے آتا ہوں اور سیل کرکے ان کی رقم لوٹا دیتا ہوں۔ جب پریشان ہوتا ہوں مسجد چلا جاتا ہوں اپنے دوست سے دعا کرتا ہوں دوست مدد فرمادیتا ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ اور نبی کریم ﷺ دوست ہیں۔ میں دو کریموں کے درمیان ہوتا ہوں۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے اے اللہ اپنا محتاج رکھنا دنیا کا محتاج نہ کرنا اور اللہ تعالیٰ مدد فرمادیتے ہیں۔ میں سوچتا ہوں جس اللہ تعالیٰ نے ہمیں پیدا کیا ہمارے رزق کا وہی ذمے دار ہے میں پریشان کیوں ہوں۔ میں نے پریشان ہونا چھوڑ دیا ہے۔ میں بستر پر جاتا ہوں سونے کے لیے پہلا کلمہ اور دوسرا کلمہ پڑھ کر دعا کرتا ہوں اے اللہ آپ کے پاس امانت رکھتا ہوں جب میری موت کا وقت ہو مجھے کلمے پڑھنا عطا کرنا۔ پھر ایک بار الحمد شریف ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر سوتا ہوں رات جب بھی جاگ آتی ہے یا کروٹ بدلتا ہوں میرے منہ سے پہلا کلمہ جاری ہوجاتا ہے۔ آپ یقین کریں صبح خود ہی نماز کے لیے آنکھ کھل جاتی ہے اور میرے منہ سے کلمہ شریف جاری ہوتا ہے صبح سورۂ الحمد شریف پہلے سپارے کا ایک یا دو رکوع سورۂ یٰسین، سورۂ رحمٰن اور آخری چھ سورتیں روزانہ کا معمول ہے۔ صبح جب دکان کے لیے گھر سے نکلتا ہوں تو گھر سے نکلنے کی دعا گیارہ بار یا حفیظ یا سلام اوّل آخر درود شریف اور ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر نکلتا ہوں' کبھی کوئی حادثہ نہیں ہوا یہاں تک کہ موٹر سائیکل بھی پنکچر نہیں ہوا۔ جب ڈاڑھی کی نیت کی تو نفل پڑھ کر دعا کی اے اللہ جو میرے نبی ﷺ کی ڈاڑھی مبارک ہے اسے بھی اسی طرح کا کردے۔ دعا کریں اللہ تعالیٰ مجھے استقامت عطا فرمائے اور دین اور دنیا میں آسانی عطا فرمائے اور دین کی سمجھ میں آسانی فرمائے (آمین)۔

(بقیہ: امرود کے پتوں کی چائے سے ذیابیطس اور بلڈ پریشر کا علاج)

ہے جبکہ میکسیکو میں اسے اسہال کے خلاف تیر بہدف نسخہ سمجھا جاتا ہے۔ طبی اعتبار سے امرود مفرح اور مقوی ہے جو خفقان اور گھبراہٹ دور کرتا ہے، قبض نہیں ہونے دیتا اور بواسیر سے بھی نجات دلاتا ہے۔ امرود کی چاٹ میں کالی مرچ، نمک اور سونٹھ کی آمیزش اسے نہ صرف ائقہ دار بناتی ہے جبکہ طبی اعتبار سے بھی اس کی افادیت بڑھ جاتی ہے مگر یاد رہے کہ مصالحہ زیادہ نہیں ہونا چاہیے نیز امرود کھانے کے بعد پانی پینے سے گریز کریں کیونکہ ایسا کرنے سے گلا خراب ہوسکتا ہے۔ اس موسم میں تازہ ملنے والے پھلوں میں امرود بھی سرفہرست ہے لہٰذا اس کا کھل کر استعمال کریں کیونکہ بہرحال یہ ایک عمدہ پھل اور مفید غذا ہی نہیں دوا بھی ہے۔

(بقیہ: واشنگٹن پوسٹ امریکہ سے ادرک کے ٹوٹکے پڑھیے!)

ادرک استعمال کرانے سے اس کی ایک اور اہم خصوصیات کا انکشاف بھی ہوا ہے۔ ادرک کھانے والے جانوروں کے خون میں کولیسٹرول کی سطح گرگئی۔ اس طرح لیبارٹری میں ہونے والے تجربات سے ادرک کی ضد حیوی (اینٹی بایوٹک) خصوصیات کا انکشاف بھی ہوا ہے۔ بعض طبی حلقوں نے یہ اشارہ بھی دیا ہے کہ ادرک میں مانع سرطان صلاحیت بھی پائی جاتی ہے۔ یہ بات اب تسلیم کی جارہی ہے کہ ادرک خون کے قوام کو پتلا رکھتی ہے۔ طب میں جوارش زنجبیل اور معجون زنجبیل صدیوں سے سردی کے امراض کے لیے استعمال ہورہے ہیں۔ معجون زنجبیل عورتوں کی بہت سی شکایات دور کرتی ہے۔ یہ خراب رطوبتوں کو جذب کرتی ہے اور حیض کے نظام کو درست رکھتی ہے۔ یورپ میں ادرک کی چائے کو سردی کی وجہ سے حیض کی بندش کی شکایت دور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ادرک میں لہسن کی طرح خون پتلا کرنے کی صلاحیت سے اشارہ ملتا ہے کہ کولیسٹرول خلط بلغم اور صفرا کے عدم توازن اور بگاڑ کی شکل ہے جو غذائی بے اعتدالیوں اور ورزش کی کمی کے نتیجے میں سخت ہوکر شریانوں میں تہہ نشین ہوتی ہے۔

(بقیہ: ایسے شخص کو جلد موت اپنی آغوش میں چھپالے گی)

کے ساتھ یادِ الٰہی سے اپنے دل کو بہلاتا ہے۔ آج کل دھوکا دہی اتنا عام ہوگئی ہے کہ لوگ اپنے خالق و مالک کو بھی دھوکا دینے سے گریز نہیں کرتے ظاہر و باطن میں فرق ہوتا ہے، اندر سے کچھ اور باہر سے کچھ، اسی کو سمجھ داری اور عقل وخرد کی معراج تصور کیا جاتا ہے حالانکہ کہ اللہ رب العزت قول وفعل کے اس تضاد کو شدید ناپسند کرتے ہوئے قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے: ''اے ایمان والو! تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جس کو تم کرتے نہیں ہو، اللہ کو یہ چیز بڑی ناپسند ہے کہ انسان ایسی بات کہے جس پر وہ خود عمل پیرا نہ ہو'' (سورۃ الصف: ۲،۳)۔ (5) وَكَانَ غَامِضًا فِي النَّاسِ لَا يُشَارُ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ: قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کی پانچویں خوبی یہ ہے کہ ''وہ عام لوگوں کی نظروں سے چھپا ہوا ہو، اہل بصیرت ہی اس کی حقیقت سے واقف ہوں'' تواضع، مسکنت اور انکساری کی وجہ سے لوگ اسے اہمیت نہ دیتے ہوں نہ ہی وہ خود شہرت ومنصب کا خواہش مند ہو، حب جاہ اور حب مال سے کوسوں دور ہو، اپنی حالت کو خلق خدا سے چھپاتا ہو، نام نہاد پیروں کی طرح سے اپنی بزرگی کے جھوٹے سچے واقعات ومبشرات برسرعام بیان نہ کرتا ہو، کیونکہ یہ عمل خلوص وللّٰہیت کے منافی ہے، اس کی وجہ سے واردات قلبیہ اور الطاف ربانی کا دروازہ بند ہوجاتا ہے، اسی لیے اکابر اولیاء اللہ اپنے روحانی احوال وکیفیات کو حد درجہ چھپایا کرتے تھے، اپنے اور اپنے رب کے تعلق کو غیر اللہ پر ظاہر نہیں کیا کرتے تھے۔ (6) رَزَقَهُ كَفَافًا: قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کی چھٹی خوبی یہ ہے کہ ''وہ بقدر ضرورت ہی رزق کے حصول کی کوشش کرتا ہو'' اور جتنے سے اس کی ضرورت پوری ہوجائے، اسی پر اکتفا کرتا ہو، دنیا طلبی میں مارا مارا نہ پھرتا ہو۔ (7) فَصَبَرَ عَلَىٰ ذَالِكَ: قابل رشک زندگی گزارنے والے مومن کی ساتویں خوبی یہ ہے کہ ''جو تھوڑا بہت بقدر ضرورت اللہ نے اس کو عطا کردیا وہ اسی پر صبر کرلے'' اور مزید کے حصول کا لالچ اس کے دل میں پیدا نہ ہو اور یہ جان لے کہ جتنا میری تقدیر میں ہے، وہ مجھے مل رہا ہے اور تا زندگی ملتا رہے گا، میری مزید کوشش اور دوڑ بھاگ سے تقدیر سے زیادہ ہرگز ہرگز میرے ہاتھ نہیں لگے گا اور جتنا مقدار میں ہے وہی ملے گا۔ نبی کریم ﷺ درج بالا سات خوبیوں کو ذکر کرنے کے بعد ارشاد فرماتے ہیں کہ پھر ایسے شخص کو موت بہت جلدی سے اپنی آغوش میں لے لیتی ہے یعنی اس دنیا فانی سے رخصت ہونے اور اپنے رب سے جا ملنے میں کوئی چیز اس کے لیے رکاوٹ نہیں بنتی، کیوں کہ لمبی آرزوئیں، بے تحاشا مال و دولت، دنیا سے حد درجہ وابستگی اور اہل دنیا سے بہت زیادہ راہِ رسم سے وہ بہت دور تھا، ہمہ وقت موت کی تیاری اور آخرت کی فکر اس کو اپنی جانب متوجہ کیے رہتی تھی، اس لیے موت اس کے واسطے نامانوس اور ناپسندیدہ چیز نہیں تھی، اہل خانہ ہوں یا دوست احباب، مال و دولت ہو یا روپیہ پیسہ، کوئی بھی چیز اس کو خالق سے ہٹا کر اپنی محبت میں گرفتار نہ کرسکے گی۔ چنانچہ وہ برضا ورغبت وقت موعود پر دنیا سے اس حال میں رخصت ہوجائے کہ نہ تو اس پر رونے والے بہت زیادہ ہوں گے اور نہ ہی بہت زیادہ مال واسباب اس نے چھوڑا ہوگا، کیا خوب ہے یہ زندگی اور کتنی قابل رشک ہے یہ موت! اللہ تعالیٰ ہم سب کو حسن خاتمہ کی دولت سے مال مال فرمائے۔ آمین۔

چہرے کے دانوں سے نجات پائیں

اگر آپ کے چہرے پر بڑا سا دانہ نکل آئے اور آپ رات بھر میں اسے ٹھیک کرنا چاہیں تو دانے کے اوپر ٹوتھ پیسٹ لگائیں اور 5 سے 10 منٹ کے بعد دھولیں۔ پھر کوئی اچھا سا موئسچرائزر استعمال کریں تاکہ دانے کے اندر سے گندگی صاف ہوجائے۔ (ب۔ لاہور)

9 اجزاء پر مشتمل
مغل اعظم شاہی معالج آٹا
نسلیں رہیں تندرست' ذہین
صحت مند اور خوبصورت
شوگر۔ کولیسٹرول۔ موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔
اعصابی کمزوری وکمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔ قیمت 400 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

خواب اور روشن تعبیر

کچھ عزیز بچھڑ جائیں گے شوہر کا صدقہ دیں!	آپ کو صحت اور خوشحالی نصیب ہوگی	آپ کے گھر جادو کے اثرات ہیں!	آپ کو بہت جلد اچھی خبر ملے گی!	میری شادی ہو رہی ہے!

یہ نیک کام تو ضرور کریں!

میں نے اپنی بھانجی سے بچہ گود لینے کیلئے استخارہ کرایا ہے تو اس نے سمندر کا حصہ دیکھا سمندر کا آدھا حصہ سفید برف سے ڈھکا ہوا ہے میں اور میری بھانجی برف سے سنو مین بنا رہے ہیں اور بہت خوش ہو رہے ہیں اس کو اپنے اردگرد اور بہن، بھائیوں کے ہونے کا بھی احساس ہے اور سب لوگ برف اور پانی کو دیکھ کر خوش ہیں، کھیل رہے ہیں۔ (م۔م، لاہور)

تعبیر: آپ کا خواب واضح ہے آپ یہ نیک کام ضرور کریں لیکن صرف اللہ پاک کو راضی کرنے کیلئے دیگر کوئی نیت نہ ہو۔

آپ کے گھر جادو کے اثرات ہیں!

میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ امی کہہ رہی ہیں کہ کل دعوت ہے گھر کی صفائی کرلو۔ میں جب گھر پر نظر ڈالتی ہوں تو گھر جالوں سے بھرا ہوتا ہے جالے اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ میرے سر سے ٹکرا رہے ہوتے ہیں جب میں ایک دیوار کے جالے صاف کرتی ہوں تو دوبارہ سے وہ جالے آجاتے ہیں میں بار بار جالے صاف کر رہی ہوں اور جالے دوبارہ سے واپس آرہے ہیں۔ (مہوش، ساہیوال)

تعبیر: آپ کے خواب میں اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے گھر پر جادو کے اثرات ہیں جس کی وجہ سے پورا گھر پریشانیوں کی لپیٹ میں ہے آپ 313 بار معوذتین روزانہ پانی پر دم کرکے پورے گھر میں اس پانی کے چھینٹے ماریں اور تمام گھر کے افراد یہ پانی پی لیں مدت عمل 41 دن ہے۔

آپ کو صحت اور خوشحالی نصیب ہوگی

میں نے خواب دیکھا ایک تھیلی میں شہد ہے اور شہد میں اسمائے باری تعالیٰ لائن سے آتے ہیں اور جاتے ہیں پھر میں اس شہد کو ایک بوتل میں ڈال رہی ہوتی ہوں تو تھوڑا سا شہد نیچے گر جاتا ہے۔ (ع، لاہور)

تعبیر: آپ کا خواب بہت مبارک ہے اور آپ کو انشاء اللہ صحت اور خوشحالی نصیب ہوگی آپ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ بعد نماز عصر کثرت سے پڑھا کریں۔

کچھ عزیز بچھڑ جائیں گے! شوہر کا صدقہ دیں

میں خواب میں دیکھتی ہوں کہ میرے سامنے والے چار دانت میرے ہاتھ میں آکر گرتے ہیں تو پھر میں شیشے میں دیکھ رہی ہوں کہ میں کس قدر بری لگ رہی ہوں اور میں اپنے خاوند سے خواب میں ہی کہہ رہی ہوں کہ میرے سامنے کے چار دانت نئے لگوائیں۔ (مسز حیات، قصور)

تعبیر: آپ کا خواب اچھا نہیں ہے اور اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے کچھ قریبی عزیز رشتے دار آپ سے بچھڑ جائیں آپ اپنا اور اپنے شوہر کی طرف سے صدقہ فوری طور پر دیں اور یَابَارِئُ کثرت سے پڑھا کریں۔

آپ کو بہت جلد اچھی خبر ملے گی!

میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک بہت بڑی پارٹی ہو رہی ہے اس پارٹی میں میرے کچھ دوست بھی شامل ہیں اور میں بھی موجود ہوں، بہت ہنسی مذاق ہو رہا ہے جیسے ہی پارٹی ختم ہوئی میں واپس جا رہا ہوں سامنے ایک بہت اچھا سا دفتر آتا ہے اور میں اس دفتر میں چلا جاتا ہوں، سامنے ایک کرسی پر ایک آفیسر نظر آتا ہے اور میں اس کے سامنے خاموش رہتا ہوں۔ آفیسر مجھے کہتا ہے کہ افسوس بیٹے مجھے دکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ آپ کی تاریخ آگئی ہے اور آج آپ کو پھانسی ہوگی پھر آفیسر ایک سپاہی سے کہتا ہے کہ اسے لے جاؤ۔ سپاہی مجھے ہاتھ سے پکڑ کر لے جا رہا ہوتا ہے کہ دوسرا سپاہی آکر مجھے پھول دیتا ہے اور میں رونے لگتا ہوں، اسی وقت میری آنکھ کھل گئی۔ (قاسم بھٹی، لاہور)

تعبیر: آپ کا خواب مبارک ہے اور آپ کو انشاء اللہ کوئی اچھی خبر جلد سننے کو ملے گی آپ ہر نماز کے بعد سورۂ یٰسین پڑھ کر دعا کیا کریں۔

سفید کپڑے

میں نے خواب میں دیکھا کہ کسی جگہ ایک پچاس ساٹھ سال کی عمر کی عورت سفید کپڑے اور سفید کاٹن کا دوپٹہ اچھی طرح سے اوڑھے کچھ بانٹ رہی ہے، میری امی میرے ساتھ ہیں۔ وہ مجھے کہتی ہیں کہ جلدی سے آگے بڑھو اور اپنا حصہ لو۔ ایک ہی لڑکی کے بعد میری باری آجاتی ہے، وہ عورت جلدی جلدی مجھے سفید رنگ کے ڈبے پکڑانے لگتی ہے اور ان ڈبوں میں قرآن پاک ہیں، تین بڑے ڈبے ہیں جن میں بڑے قرآن پاک ہیں جبکہ دو نسبتاً چھوٹے ڈبوں کے بارے میں میرا گمان ہے کہ ان میں سورۂ یٰسین اور پنج سورہ ہے، ڈبے پکڑانے کے دوران ہی وہ عورت جلدی سے ایک قرآن پاک کھول کر مجھے دکھاتی ہے کہ دیکھو کتنا خوبصورت قرآن پاک ہے۔ جو صفحہ وہ دکھاتی ہے، وہاں اعوذ باللہ اور بسم اللہ کے ساتھ انتہائی خوبصورت رنگوں سے دیدہ زیب لکھائی میں الحمد شریف لکھی ہے جسے میں پڑھنا شروع کر دیتی ہوں مگر ابھی تین چار سطریں ہی پڑھتی ہوں تو وہ عورت جلدی سے قرآن پاک بند کرکے مجھے تھما دیتی ہے اور خواب ختم ہو جاتا ہے۔ (عاصمہ ریاض، لاہور)

تعبیر: آپ کو خوشی اور خوشحالی نصیب ہوگی اور تمام اہم کاموں میں آسانی ہوگی آپ روزانہ بعد نماز فجر 41 بار سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ کے پڑھا کریں۔ واللہ اعلم۔

میری شادی ہو رہی ہے!

میں نے خواب دیکھا کہ میری شادی ہو رہی ہے، مولوی صاحب نکاح پڑھا رہے ہیں اور دولہا میرے ساتھ بیٹھا ہے، دولہا نے سفید کپڑے پہنے ہیں، سرخ چار خانے والا رومال اس کے کندھے پر پڑا ہے۔ جولڑکا مجھے چاہتا ہے، اس کے ساتھ میری شادی نہیں ہو رہی بلکہ دولہا کوئی اور ہے پھر دیکھا کہ جولڑکا مجھے پسند کرتا ہے میں اسے چاول کی پلیٹ بھر کے دیتی ہوں اور مرغی کی ٹانگ چاولوں کے اوپر پڑی ہوئی ہے میں اس کے آگے رکھتی ہوں بارات میں بہت سے لوگ بھی ہیں۔ (نبیلہ، راولپنڈی)

آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جولڑکا آپ کو پسند کرتا ہے اس جگہ اگر مناسب طریقے سے بات چلائی جائے تو یہ رشتہ انتہائی مبارک ثابت ہوگا۔ دوسرے خواب میں اس طرف متوجہ کیا گیا ہے کہ پاکیزہ زندگی کے اختیار کرنے سے آپ پریشانیوں اور آفات سے انشاء اللہ محفوظ رہیں گی۔

چھلکا اسپغول
معدے کو صاف رکھے۔ بلڈ پریشر کا لیول برقرار رکھنے میں مدد دے۔ کولیسٹرول کم اور دل صحت مند۔ قبض سے دور۔ نظام ہضم کو تندرست رکھے۔ پیچش۔ مروڑ میں فائدہ بخش۔ گھر میں رکھنے کی چیز۔
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

لکنت، دماغی کمزوری ختم! عمر 55 مگر اب 35 کا لگتا ہوں

کیا کمال کی دوا دی ہے، چند دن کے استعمال سے ہی میری کمر کا درد ختم ہوگیا ہے

ستر شفائیں لاجواب دوائی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ ماہ قبل میرا ایکسیڈنٹ ہوا، سارے جسم پر چوٹیں آئیں لیکن دماغ کو شدید چوٹ لگ گئی جس کی وجہ سے میری زبان میں لکنت آگئی، میں الفاظ صحیح طرح ادا نہیں کرسکتا تھا میں جب بات کرتا کسی کو سمجھ نہیں آتی تھی، کوئی میری بات پر دھیان نہیں کرتا تھا اور جب نماز میں سجدہ سے سر اٹھتا تھا تو سہارا لے کر اٹھتا تھا اور میری نظر بھی کمزور ہوگئی۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ میں بالکل بوڑھا ہو چکا ہوں۔ میں نے عبقری رسالہ میں ''ستر شفائیں'' دوائی کے متعلق پڑھا اور منگوا کر استعمال کرنا شروع کی۔ رسالہ میں معجون چوس کر کھانے کا نہ لکھا تھا یہ میری خود کی اصطلاح ہے میں نے کچھ عرصہ مستقل استعمال کی، میں حیران رہ گیا کہ میری زبان کی لکنت بھی ٹھیک ہوگئی، جوڑوں کا درد ٹھیک ہوگیا، میں چست ہوگیا۔ میری عمر 55 سال ہے میں خود کو 35 سال کا محسوس کرتا ہوں۔ جتنا کام میں 35 سال کی عمر میں کرتا تھا اس سے زیادہ محنت کا کام میں اب کرسکتا ہوں۔ اب تو میں دوسروں کو ''ستر شفائیں'' کے فوائد بتاتا ہوں تاکہ وہ بھی اس سے فائدہ اٹھاسکیں۔ (حاجی ناصر، گجرات)

یہ قہوہ تو کمال کا ہے! میری بیٹی صحت یاب ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چھوٹی بیٹی سیڑھیوں سے گری اور اس کے ناک سے خون بہنے لگا تو میری دوسری بیٹی نے نکسیر سمجھ کر اس کے سر پر ٹھنڈا پانی ڈال دیا جس سے اس کو ٹھنڈ لگ گئی اور اسے الٹی شروع ہوگئی جو کہ کسی طرح سے رک نہیں رہی تھی، اس وقت ڈاکٹر کا کلینک بھی کھلا نہیں تھا، میں نے بیٹی کو عبقری دواخانہ کا ''بنفشی قہوہ'' تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پلانا شروع کردیا، تقریباً دو گھنٹے کے بعد بیٹی کو آرام آگیا۔ حکیم صاحب اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سر پر سلامت رکھے، آپ کی ادویات سے ہماری طبی مشکلات فوراً گھر میں ہی حل ہوجاتی ہیں۔ (نگہت، نیکسلا)

ٹی بی سے چھٹکارا! یقین جانیے یہ دوا اثر کرتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عرصہ دراز سے آپ کی ادویات اور درس سے فیض یاب ہورہے ہیں آپ کا مخلوق خدا کی خدمت کا جذبہ قابل قدر ہے۔ میری والدہ پچھلے کچھ مہینوں سے ٹی بی کے مرض میں مبتلا تھی ایلوپیتھک دوائی کھانے کی بہت کوشش کی لیکن وہ ان کو راس نہ آئی اس لیے آخر کار عبقری دواخانے کا ''بنفشی قہوہ اور حیرت شفاء سیرپ'' دینا شروع کیا الحمدللہ اس سے بہت افاقہ ہوا اور صحت بھی بہتر ہورہی ہے۔ (پوشیدہ)

30 روپے کی دوا سے مسئلہ حل ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے محلہ میں ایک نوجوان کو کئی سالوں سے ہاتھ اور پاؤں کے تلوں میں سردی اور گرمی دونوں موسموں پسینہ آتا تھا میں نے اس کو روحانی پھکی دی اس نے ایک ہفتہ بعد بتایا کہ پسینہ اب آتا نہیں ہے ورنہ میں نے انگریزی ادویات کافی استعمال کیں کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ روحانی پھکی کے استعمال سے وہ پسینہ کے مرض سے چھٹکارا پاگیا۔ (انور خان آفریدی، ہنگو)

گیس، قبض اور ہاضمہ کے مسائل! یوں ٹھیک ہوتے ہیں

گیس، قبض اور ہاضمہ کے مسائل!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کافی دنوں سے معدہ کا مسئلہ تھا ہر وقت گیس اور قبض رہتی تھی، کھانا ٹھیک طرح سے ہضم نہیں ہوتا تھا، بہت جگہ سے علاج کروایا مگر مسئلہ جوں کا توں رہا۔ ایک دن میرے کزن نے انٹرنیٹ پر آپ کا درس سنایا تھوڑی دل میں بات آئی کہ رسالہ عبقری لے کر پڑھنا چاہیے جھنگ ایجنسی پر گیا انہوں نے ستر شفائیں اور ہاضم خاص پھکی دی تھوڑے عرصہ کے مستقبل استعمال کے بعد الحمدللہ کافی اچھا محسوس ہوا اب بھی استعمال کررہا ہوں دن بدن بہتری ہورہی ہے۔ (منور حسین، جھنگ)

7 سال پرانا کمر، ٹانگوں کا درد چند دنوں میں ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کام کی زیادتی کی وجہ سے اکثر میرے جسم میں بہت زیادہ درد رہتا تھا جب بھی کام سے گھر جاتا تو فوری پینا ڈول کی گولی کھالیتا جس سے کچھ آرام آجاتا لیکن جب سے عبقری دواخانہ کی ''اکسیر البدن'' استعمال کرنا شروع کی ہے، سکون آگیا ہے، اب تو کام کرتے ہوئے بھی تھکاوٹ نہیں ہوتی۔ میرے ماموں کو پانچ سات سال سے کمر میں بہت درد رہتا تھا میں جب بھی ان سے ملتا وہ ہمیشہ یہی کہتے کے کمر اور ٹانگوں میں درد رہتا ہے۔ میں نے ان کو ''اکسیر البدن'' استعمال کرنے کے لیے دی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے بہت مہنگی مہنگی ادویات کا استعمال کیا ہے اس سستی سی دوائی سے کیا ہوگا۔ میرے اسرار پر انہوں نے ''اکسیر البدن'' گولیوں کا استعمال شروع کردیا۔ تقریباً ایک ہفتے بعد جب ماموں دوبارہ ملے تو کہنے لگے کہ کیا کمال کی دوا دی ہے، چند دن کے استعمال سے ہی میری کمر کا درد ختم ہوگیا ہے۔ (محمد سہیل افضل، لاہور)

ذہنی پریشانی، پٹھوں کی تھکاوٹ اور موٹاپا ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانے کی ہر دوا میں شفاء ہے، روحانی پھکی، ستر شفائیں، شربت اعجاز، سکون افزاء شربت تو میرے گھر کی ضرورت بن گیا ہے، ہر چھوٹا بڑا استعمال کرتا ہے۔ روحانی پھکی معدہ کیلئے، قبض کیلئے گیس اور ہر قسم کی پیٹ درد کیلئے استعمال کی ماشاء اللہ بہت فائدہ حاصل ہوا۔ ''ستر شفائیں'' جوڑوں کے درد، پٹھوں کی کمزوری کیلئے استعمال کی، 100 فیصد شفاء ملی۔ شربت اعجاز ایک دوست کو استعمال کروایا، جہاں اس کے کھانسی، بلغم کے مسائل حل ہوئے وہیں اسے دل کی دھڑکن، جوڑوں کے درد کا مسئلہ تھا استعمال کرنے سے صحت برقرار ہوگئی بالکل تندرست ہوگیا۔ ''عرق موٹاپا شفاء'' سیرپ ایک دوسرے دوست کو استعمال کروایا، جہاں موٹاپا کم ہوا وہیں سانس کا مسئلہ اور دھڑکن تیز ہوجاتی تھی وہ بھی ٹھیک ہوگیا۔ ''سکون افزاء'' شربت کی وجہ سے ذہنی پریشانی، پٹھوں کی تھکاوٹ میں بہت فائدہ ملا، نیند نہ آتی تھی وہ مسئلہ بھی حل ہوگیا۔ الحمدللہ!۔ (محمد ظفر، سرگودھا)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

ترياق
پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج
الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

صرف 250 روپے میں دل کے وال کھل گئے

نظر کے لیے، قوت باہ اور پٹھوں کے امراض میں اکسیر ہے۔

معدے کا پرانا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ دراز سے عبقری دواخانے کی ادویات کا استعمال کر رہا ہوں اور شفاء پا رہا ہوں اور دوسروں کو ان ادویات کے استعمال کا مشورہ دیتا ہوں۔ میرے دوست سب انجینئر واسا کا معدہ کافی خراب تھا' اس کے علاوہ شادی شدہ ہونے کے باوجود قطروں کا مسئلہ بھی تھا ان کو ''ہاضم خاص'' کھانے کے لیے دی ایک ماہ بعد فون آیا کہ میرے معدے کا پرانا مسئلہ تھا ہاضم خاص کے استعمال سے ٹھیک ہو گیا۔ اس دوائی کے استعمال کے دوران بیکری کی تیار شدہ اشیاء سے پرہیز کرنا ہے۔ **صرف 250 روپے میں دل کے والو کھل گئے:** مجھے ایک بزرگ ملے کہنے لگے کہ میرے دل کے والو بند تھے پرہیز کے ساتھ میں نے ستر شفائیں اور جوہر شفائے مدینہ کا پانچ سے چھ ماہ استعمال کیا ٹیسٹ کروایا تو میرے دل کے وال کھل چکے تھے۔ **بڑھا پیٹ بالکل ختم:** میرے ایک دوست واپڈا کے ایکسین جو سندھ میں ہیں' انہوں نے بتایا کہ میں بہت موٹا ہو چکا تھا کیونکہ ان کا آفس ورک ہے انہوں نے بتایا کہ سات سے آٹھ ڈبی ستر شفائیں کی استعمال کی جس کے بعد میرا بڑھا ہوا پیٹ ختم ہو گیا۔ ایک اور دوست کو احتلام کا مسئلہ تھا میں نے اس کو ٹھنڈی مراد کی دو ڈبیاں دی اس نے باقاعدگی سے استعمال کیں اور اس موذی مرض سے نجات پالی۔ میری والدہ کی کھانسی ٹھیک نہیں ہو رہی تھی ان کو چھوٹا چائے کا چمچ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ سیرپ ''شفائے حیرت'' دن میں تین بار دینا شروع کیا' کھانسی ختم ہو گئی۔

دو گولی کھاتا ہوں اور تھکن ختم: میں ایک سرکاری ملازم ہوں' ناشتہ گھر سے کر کے جاتا ہوں' باہر کے کھانے سے اجتناب کرتا ہوں' دوپہر میں جب بھوک لگتی ہے تو میں اپنی جیب میں موجود دو گولیاں اکسیر البدن کی کھا لیتا اور دوران کے کھانے کے بعد اور دو گولیاں ناشتے کے ایک گھنٹے کے بعد اس کے کئی فوائد تھکن محسوس نہیں ہوتی وقت بے وقت کھانے میں بھی جسم بہترین کام کرتا ہے۔ نظر کے لیے اور قوت باہ اور پٹھوں کے امراض میں اکسیر ہے۔ بچوں کو کھلائیں پانچ سال سے بڑے ان کی نشوونما اور صحت کیلئے بہت مفید ہے۔ **نوجوانی میں چہرے پر نکلے دانے ختم:** میرے بھانجے کو منہ پر دانے نکل آئے عمر اس کی پندرہ سے سولہ سال ہے اس کو باقاعدگی سے نجات سیرت استعمال کروایا نوجوانی کے دانے ختم ہو گئے۔ **یرقان میں بہترین دوا:** میری بہن اور بیٹے کو یرقان کی شکایت ہوئی ان کو استعمال کروایا جس سے فائدہ ہوا۔ عبقری افزاء بہترین شربت ہے جو پیاس کی شدت کو کم کرتا ہے اور گرمی کی جملہ امراض سے حفاظت کرتا ہے جگر کی گرمی کے لیے بہت مفید ہے۔ (محمد اعظم مغل، لاہور)

بیگم کی بیماری' موٹاپا ختم! سلم' سمارٹ ہو گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کی ادویات والا کتابچہ گھر لے گیا' بیگم نے ''جوہر شفائے مدینہ'' دوا کے متعلق پڑھا' مجھ سے لانے کی فرمائش کی' میں اگلے دن ہی عبقری دواخانہ سے جا کر لے آیا' میں نے لا کر اسے دی دیدی' میری اہلیہ اکثر بیمار رہتی' جسم درد کی شکایت کرتی رہتی اور دن بدن موٹی ہوتی جا رہی تھی جس کی وجہ سے میں بھی پریشان تھا' بیگم نے صرف دو ڈبیاں استعمال کیں' اس کی بیماری ختم' درد ختم' موٹاپا ختم' الحمدللہ! بیگم سلم اینڈ سمارٹ ہو گئی اب رشتہ دار پوچھیں یہ انقلاب کہاں سے آیا۔ بیگم نے دو چیزیں بتائیں ایک جوہر شفائے مدینہ کا استعمال اور دوسرا فریج کے پانی سے پرہیز۔ پھر رشتہ داروں نے مجھ سے جوہر شفائے مدینہ منگوائی اور استعمال کی حیرت انگیز رزلٹ ملے۔ (محمد احسان فرید، لاہور)

اگر چاہتے ہیں کہ رنگ کبھی سیاہ نہ ہو! یہ گولی کھالیں!

ساری کمزوریاں دور ہو گئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے جسم میں بہت کمزوری تھی ہر وقت تھکن محسوس ہوتی تھی اکسیر البدن طاقت کی دوائی استعمال کی تو ساری کمزوری دور ہو گئی عبقری کی تمام ادویات میں فائدے ہی فائدے ہیں۔ (بابر نوید، لاہور)

شادی شدہ حضرات اس دوا کا استعمال کریں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں اکسیر البدن بارے پڑھا اور اس کی تین ڈبیاں استعمال کیں جس کی ترکیب یہ تھی کہ شادی شدہ افراد دودھ کے ساتھ اور غیر شادی شدہ پانی کے ساتھ استعمال کرے میں نے دودھ کیساتھ استعمال کی اس کے بہت سے فائدے ملے ایک انوکھا فائدہ یہ ملا کہ میں جتنا بھی دھوپ میں پھرتا تھا میرے چہرے کا رنگ سیاہ نہیں ہوتا تھا حالانکہ میں سیلز مین ہوں اور جون جولائی میں سیلز کا کام کرتا تھا مگر رنگ کالا نہیں ہوتا تھا جبکہ اکسیر البدن کھانے سے پہلے تھوڑا سا دھوپ میں پھرتا تھا تو جلد کا وہ حصہ جہاں دھوپ پڑتی تھی وہ سیاہ ہو جاتا تھا۔ (محمد زین' لاہور)

شوگر کنٹرول میں رکھنے کا عجب فارمولہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دو سال سے شوگر کا مریض ہو شوگر روزانہ کی بنیاد پر 250 سے 300 تک رہتی میں ہر وقت پریشان رہتا اور اپنے جسم کو بچاتا کہ کہیں چوٹ یا زخم نہ ہو جائے کیونکہ شوگر کی وجہ سے زخم بھرنے میں وقت لگتا ہے۔ کافی ادویات کا استعمال کیا لیکن شوگر کنٹرول ہی نہ ہو پھر میرے ایک جاننے والے نے عبقری دواخانے بارے بتایا میں دواخانے آ کر آپ کے اسسٹنٹ سے ملا انہوں نے مجھے ''عرق شوگر شفاء'' استعمال کرنا شروع کیا۔ ایک ماہ کی دوائی کے استعمال سے اب میری شوگر کنٹرول میں رہتی ہے روزانہ کی بنیاد پر اب شوگر 120 یا 130 سے اوپر نہیں جاتی۔ (شوکت، لاہور)

چند گولیوں سے جسم میں جان آ گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عمر زیادہ ہونے کے باعث جسم میں درد رہنا معمول تھا اور بغیر سہارے کے میں چل پھر نہیں سکتا تھا۔ پھر میں نے عبقری رسالہ میں ''طاقتی'' گولیوں بارے پڑھا اور بذریعہ ڈاک منگوا کر استعمال شروع کیا ابھی آدھی ڈبی ہی استعمال کی تھی کہ جسم میں جیسے جان سی آ گئی ہو اب میں بغیر سہارے کے چلتا پھرتا ہوں میرے محلہ والے حیران ہے کہ کل تک تو سہارے کے ساتھ بھی چلنا مشکل تھا پر اب تو بغیر سہارے کے دوڑتے پھرتے ہیں۔ (اسماعیل، لاہور)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

سات تخم شفاء

اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔

بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈیپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی' زخموں کیلئے۔ چھائیاں' داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

شوہر کا وزن ایسے کم ہوا کہ میں پریشان ہوگئی

پانچ منٹ میں درد غائب!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ہاتھ کے انگوٹھے پر گہرا زخم لگا' خون رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا اور درد الگ' یہ دوا خوب کھائی درد تو منٹوں میں غائب خون رسنا بند اور اتنا جلد ٹھیک ہوا کہ عقل حیران۔ دوبارہ دوسرے ہاتھ کا انگوٹھا کھڑکی میں آ گیا' خون نکلا رگ ابھر آئی اور سوجن ہوگئی درد الگ چوتھائی اسی وقت عبقری دواخانہ کی ''چوٹ شفاء'' اور ''خون روک شفاء'' چند بار کھائی' درد بھی غائب اور خون رکنا بھی بند ہوگیا۔ (آفتاب علی میمن، حیدرآباد)

شوہر کا وزن ایسے کم ہوا کہ میں پریشان ہوگئی

میرے شوہر صاحب نے 20 ڈبیاں ستر شفائیں کھالیں پیٹ اندر، وزن کنٹرول ہوگیا میں پریشان ہوگئی کہ آپ کو کوئی بیماری تو نہیں جو آپ کا وزن اتنا کم ہوگیا ہے شوگر چیک کروائی وہ بھی نارمل تھی۔ (مسز آفتاب علی)

جہاں مرض سمجھ نہ آئے بلا جھجک استعمال کریں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ دو سال سے بیعت ہوں اور تقریباً پانچ سال سے عبقری کا قاری ہوں۔ عبقری دواخانے کی ادویات میں شفاء ہی شفاء ہے۔ خاص کر ستر شفائیں ایسی لاجواب اور باکمال چیز ہے جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ دل گھبرا رہا ہو تو بس چنے کے دانے کے برابر لیں اور زبان کے نیچے رکھیں دل کی گھبراہٹ ختم ہو جاتی ہے۔ زبردست انٹی بائیوٹک ہے' پانچ چنے کے برابر گولیاں بنا کر دس پندرہ منٹ کے وقفے سے ساتھ عبقری دواخانہ بنفشی قہوہ سے دیں' حیرت انگیز شفا ملے گی جہاں مرض سمجھ نہ آئے بلا جھجک استعمال کریں۔ (جاوید اختر، شکر گڑھ)

بیمار دادی دنوں میں بالکل ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دادی اکثر بیمار رہتی تھی بخار جان ہی نہ چھوڑتا تھا گھر میں بڑی پریشانی تھی بہت دوائیوں پر پیسے لگائے لیکن بے سود پھر میں عبقری دواخانے سے روحانی پھکی اپنی دادی کے لیے لایا اور دادی کو استعمال کروائی۔ کھانے کے دوران ان پر دباؤ پڑتا تھا' وہ کہتی سوتے ہوئے مجھ پر دباؤ پڑتا ہے میں نے نہیں کھائی' بہرحال مشکل سے پوری ڈبی کھلائی' اب الحمدللہ! ٹھیک ہیں کوئی پریشانی کی بات نہیں۔ (محمد عرفان، بیگم کوٹ)

میری خوشحالی دیکھ کر بہنوں نے بھی تھیلی منگوالی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری بہت ہی خوبصورت پلیٹ فارم ہے' میں ہر ماہ باقاعدگی سے عبقری کا مطالعہ کرتی ہوں' درس ضرور سنتی ہوں' درس سے مجھے ''اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی'' کے متعلق معلوم ہوا' میں نے بذریعہ پارسل لاہور سے منگوائی۔ برکت والی تھیلی پر میں صبح و شام 129 مرتبہ سورۂ کوثر اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھتی ہوں' اس کے علاوہ جب بھی اس میں پیسے رکھتی یا نکالتی ہوں ایک مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کر دیتی ہوں' جب سے یہ تھیلی میرے پاس آئی ہے میری مالی حالت بہت اچھی ہوگئی ہے' تھیلی ہمیشہ پیسوں سے بھری رہتی ہے' الحمدللہ! اب تو میری خوشحالی دیکھ کر میری بہنوں نے بھی برکت والی تھیلیاں منگوالی ہیں۔ (رابعہ اسد' راولپنڈی)

کوئی حاجت ہے تو تسبیح خانہ لاہور میں تین دن گزار لیجیے!

سفلی علم ختم ہوگیا: ہمارے گھر پر کسی اپنے نے ہی حسد میں بھر کر سفلی علم کروا دیا' لاکھوں روپے خرچ کیے مگر وقتی فائدہ ہوتا' گھر ہر کوئی بیمار' کاروبار زوال کی طرف گامزن' ہمسائی سے حال دل بیان کیا' اس نے تسبیح خانہ کا بتایا' اسی کے ساتھ تین دن تسبیح خانہ میں گزارے' میں حیران رہ گئی' ایک ماہ میں تین مرتبہ تسبیح خانہ کے چلہ میں شریک ہوئی' حالات یوں سنورے کے جیسے کبھی بگڑے ہی نہ تھے' مجھے تو لگتا ہے کوئی روحانی طاقت میرے ساتھ تسبیح خانہ سے میرے گھر آ گئی اور اس نے سارے جادو' سفلی علم ختم کر دیئے۔ بیمار صحت مند ہوگئے اور کاروبار پھر سے عروج پا رہا ہے۔ شوہر کی پریشانی ختم ہو چکی ہے' خوشیاں لوٹ رہی ہیں۔

شادی کی بندش ختم: میری بیٹی کی عمر 27 سال ہو چکی ہے' مگر کوئی رشتہ طے نہ پاتا تھا' سینکڑوں رشتہ والے دیکھنے آئے بات بھی چلی مگر نجانے اچانک کیا بات ہوتی کہ رشتہ ختم ہو جاتا ہے' کسی نے بتایا کہ سخت بندش ہے' مختلف عاملوں سے علاج بھی کروایا مگر کوئی مثبت نتیجہ سامنے نہ آیا۔ میری اہلیہ نے مجھے تسبیح خانہ میں تین روزہ روحانی چلہ کے متعلق بتایا جو کہ جمعرات کی شام سے شروع ہو کر اتوار کی شام کو ختم ہوتا ہے۔ میں اسی دن بستر ہمراہ لیکر روانہ ہوگیا۔ تین دن خوب دعائیں مانگیں' اعمال کیے' الحمدللہ! اسی مہینے میری بیٹی کا رشتہ طے ہوا' منگنی ہوئی اور صرف چھ ماہ بعد رخصتی طے پائی ہے۔ (حافظ سمیع اللہ' اوکاڑہ)

نظر بد سے نجات: میرے بچوں کو شروع سے نظر بد لگ جاتی ہے' گھر میڈیکل سٹور بن چکا ہے' ساری ساری رات روتے تھے' عبقری رسالہ میں ''تسبیح خانہ میں تین روزہ چلہ'' کا پڑھا' شوہر سے بات کی اور بستر ہمراہ لیا اور جمعرات کو تسبیح خانہ پہنچ گئی۔ وہاں خدمت والی خواتین نے خوب اعمال کروائے' رب کریم سے خوب دعائیں مانگیں۔ آج وہاں سے آئے مہینہ ہوگیا ہے' میرا اب تک کوئی بچہ بیمار نہیں ہوا' نہ ہی میڈیکل سٹور سے ایک روپے کی دوا آئی ہے۔ (ع، گوجرانوالہ)

کاروبار بہتر ہوا: میرے میاں کو کاروبار میں یکدم بہت زیادہ نقصان ہوا۔ میرا زیور اور گھر کا سامان تک بیچنا پڑ گیا۔ اور مزید حالات تنگ ہوتے جا رہے تھے۔ رسالہ عبقری میں تسبیح خانہ میں تین دن گزارنے کے متعلق پڑھا۔ خواتین کے تسبیح خانہ میں تین دن گزارے' بتائے گئے اعمال کیے' اسی ہفتے زوال پذیر کاروبار پھر سے ٹھیک ہونا شروع ہوا۔ الحمدللہ! اس ماہ میرے میاں نے مجھے انتہائی مہنگے برانڈ کا سوٹ گفٹ کیا ہے۔ (فائزہ جنید' لاہور)

روحانیت کے متلاشی متوجہ ہوں!: مجھے تسبیح خانہ کے متعلق میرے ایک دوست نے بتایا' ذرا معلومات حاصل کیں تو معلوم ہوا کہ وہاں تین روزہ روحانی چلہ ہر مہینے چار مرتبہ ہوتا ہے۔ میں شروع سے ہی روحانیت کا متلاشی ہوں اور جہاں سے روحانیت ملتی ہو ایسی جگہیں تلاش کرتا رہتا ہوں' بستر باندھا اور لاہور کی طرف روانہ ہوگیا۔ یہاں پہنچا تو عجب سکون' اطمینان اور روحانیت کا بہتا سمندر دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ تین دن روحانیت کی خوب پیاس بجھائی' عجب نظارے دیکھے۔ میرے جہاں بگڑے حالات سنورے وہیں مجھے خواب میں اولیاء کرام' بزرگان دین کی زیارتیں ہوئیں' میں بہت جگہوں پر گیا مگر جو روحانیت کا نظام ادھر چل رہا ہے مجھے کہیں نہیں ملا۔ (غلام نبی خان' بنوں)

تسبیح خانہ کے 3 روزہ روحانی چلہ کے اعمال صفحہ نمبر 64 پر ملاحظہ فرمائیں!

فیملی شفاء
گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات ہر وقت جیب میں رکھنے کی چیز
شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہو جائے تکلیف دور۔ ہر وقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم' طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)

ماں کی دعا دو بھائی ارب پتی! ایک آج بھی غریب!

علی شیر، پاکپتن

درود ابراہیمی کی برکات

قارئین! میری زندگی اچھی نہیں تھی میرے برے کام کرتے بھی کوئی دعا میری محافظ رہی۔ میں نے 16 سال سعودی عرب گزارے ہیں' اپنا کاروبار تھا سب ختم ہو گیا۔ میں نوکری کرنے لگا میں ایلومنیم کا کاریگر تھا' فلمیں گانے بے ہودہ دیکھتا' نماز کبھی کبار ہی پڑھتا' نجانے کیوں ایک دن کام کرتے ہوئے میرے دل میں خیال آیا کہ ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے سے اللہ تعالیٰ سے دس رحمتیں عطا کرتا' کیوں نہ میں کام بھی کروں اور اللہ کی رحمتیں بھی اکٹھی کرلوں اور میں نے رحمتوں کے شوق میں درود پاک پڑھنا شروع کر دیا' ہر درود پاک کے ختم ہونے پر دل کہتا کہ مجھے دس رحمتیں مل گئی' دل سے آواز آتی کہ اور سے اور اکٹھی کرتے جاؤ۔

بخاری شریف پڑھتا گیا اور سکتا گیا

تقریباً تین دن گزرے کہ میں ایک دوست کے پاس گیا اس کے پاس بخاری شریف پڑی تھی میں نے پڑھنے کے لیے مانگی' اس نے بخوشی دیدی' بس پھر کیا تھا جب بخاری شریف کھولی پڑھنا شروع کی' میرے گناہ میرے سامنے آنا شروع ہو گئے اور میں رونا شروع ہو گیا' دل میں ایک خیال آئے کہ اللہ مجھے معاف کر دے گا جب کوئی حدیث بخشش والی آتی' دل کو تھوڑا سکون ملتا' پھر وہی کیفیت طاری ہو جاتی۔

اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت آرہی ہے

دس پندرہ دن اس طرح گزر گئے بس رونا' گم سم رہنا' میرا کیا بنے گا؟ پھر ایک سعودی امام مسجد میرا دوست تھا' اس کا چہرہ نورانی تھا' قرآن پاک تلاوت کرتا تو دل چاہتا کہ یہ قرآن پڑھتا رہے اور میں سنتا رہوں پھر میں نے اس سے اپنی حالت بیان کی اور روتا رہا آگے سے اس نے مجھے مبارک دی کہ آپ پر اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت آرہی ہے' غم زدہ نہ ہو خوش ہو جاؤ اس نے سوال کیا کہ کیا پڑھتے ہو میں نے کہا کہ نماز والا درود اس نے جواب دیا کہ اب تم اچھے کاموں کی طرف جاؤ گے' اس وقت پاکستان سے جو مسافر سعودی عرب میں جاتے' میں ان کے کھانے کا انتظام کرتا' پاکستان سے جو علماء اکرام آتے تھے ہم لوگوں کو اکٹھا کرتے' ان سے ملواتے' ان کو ایئرپورٹ سے لے کر آنا' چھوڑ کر جانا' کھانا کھلانا' کچھ تفریح کا موقع بھی فراہم کرتا۔ پھر قرآن پاک کی کلاس شروع کی' لفظی ترجمہ کے ساتھ اور قرآن کی کلاس میں وہ سکون ملتا جو آج کل کبھی کبھی ملتا ہے۔

مرشد کی ماں کو دعا اور ماں کی بیٹے کو دعا

ہم تین بھائی تھے میں چھوٹا تھا اس وقت غربت کا زمانہ تھا جو مجھے کم معلوم بھائیوں کو زیادہ معلوم کیونکہ میں اس وقت بچہ تھا میری والدہ کے مرشد بہت اللہ والے تھے' سب سے بڑا بھائی محمد اسحاق اس سے چھوٹا مشتاق احمد۔ میری والدہ کہتی ہے کہ جب تمہارا بھائی مشتاق پیدا ہونے والا تھا تو مرشد نے کہا کہ یہ پیدا ہونے والہ بچہ تمہاری غربت کے سب دکھ درد دور کر دے گا' بھائی پیدا ہوا' ماں کا لاڈلا تھا' بڑا ہوا جو کماتا ماں کو دیتا' ماں جو خرچہ کے لیے دیتی وہ رکھ لیتا۔ ایک رات ہم سوئے ہوئے تھے بھائی دوسرے شہر میں نوکری کرتا تھا جب آدھی رات ہوئی تو ماں نے بھائی مشتاق احمد کے حق میں دعائیں کرنی شروع کر دی اور دعائیں کرتی کرتی وجد میں آگئی اور کہا کہ اے میرے بیٹے مشتاق جا میں نے اللہ سے تمہاری تقدیر بدلوالی ہے تیرے پاس دولت، عزت، شہرت سب کچھ ہوگا تم اور تمہارے آنے والے بچے بڑے گھروں میں کاروں میں گھومیں گے اور ایسا ہی ہوا کیونکہ مشتاق احمد ماں باپ کا ایسا فرمابردار بیٹا تھا اور جو بڑا بھائی اسحاق تھا وہ کام چور کام کا انکاری اس کو دعا نہ مل سکی اور غربت کی ہی زندگی میں فوت ہو گیا اور میں نے کبھی ماں کے سامنے جھوٹ نہیں بولا مجھے بھی دعا تھی لیکن بھائی مشتاق احمد والی وجدانی دعا نہ ملی مشتاق احمد اس وقت بھی سعودی عرب میں ہے بیٹا بیٹی داماد بھی وہاں پر ہے ایک بیٹا کینیڈا میں بھائی نے اپنی زیادہ جمع پونجی سے گاؤں میں لڑکیوں کا ایک مدرسہ بنوایا جہاں بچیاں دین کی دولت حاصل کر رہی ہیں اس مدرسہ کا سارا خرچہ بھائی اپنی جیب سے کر رہے ہیں۔

موٹاپا دور! جسم چست و چوبند

قارئین! میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے' جس کے استعمال سے موٹاپا کم ہو جاتا ہے اور جسم بالکل ہلکا پلکا ہو جاتا ہے۔ بندہ ہر وقت چست اور صحت مند رہتا ہے۔ جس کو بھی دیا وہ تعریف کیے بنا نہ رہ سکا۔ ھوالشافی: کلونجی، ہلدی، کالی مرچ، سنڈھ، فلفل دراز ہم وزن لے کر پیس لیں' صبح خالی پیٹ نیم گرم پانی کے ساتھ چائے والا آدھا چمچ لیں۔ ٹھنڈے پانی بوتل وغیرہ کے استعمال سے پرہیز کریں۔

گھر میں موذی جانوروں کا داخلہ ہمیشہ کیلئے ممنوع

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جس گھر سے سانپ' بچھو' چھپکلی' لال بیگ' مکڑی' چوہے بہت نکلتے ہوں انہیں چاہیے کہ سورۂ طارق (پ30) کو باوضو ایک صاف کاغذ پر لکھ کر لیمینیشن کروا کر دیوار پر لگا دیں' ان شاء اللہ اس کے لگا رہنے سے کوئی موذی جانور گھر میں نظر نہیں آئے گا اور اگر کبھی کوئی نظر آ بھی گیا تو نقصان پہنچائے بغیر چلا جائے گا۔ قے سے حفاظت: اگر کسی کو بدہضمی ہو جائے اور قے آرہی ہو تو اسے چاہیے کہ سورۂ طارق پڑھ کر پانی پر دم کر کے ایک سے دو گھونٹ پی لے' ان شاء اللہ قے نہیں آئے گی۔ (بندہ خدا' واہ کینٹ)

(بقیہ: کاش! میری تنخواہ بڑھ جائے! واقعی بڑھ گئی)

ناف میں سرسوں کا تیل یا ویزلین لگائیں الحمد اللہ میں پچھلے سال سے یہ کر رہی ہوں اب میرے ہونٹ نہیں پھٹتے۔ (فائدہ نمبر 10) سورۂ قریش کا پڑھا آزمایا اور خوب پایا ایک دفعہ مجھے بازار جانا تھا میں گھر سے سورۂ قریش پڑھتے ہوئے نکلی اور کہا کہ یا اللہ آج میں نے لوکل جانا ہے اسپیشل رکشے پر نہیں جانا اور نہ ہی انتظار کرنا ہے کیونکہ اسپیشل والا سو روپیہ لیتا ہے اور لوکل جائیں تو بیس روپے جب میں بھی چوک سے تھوڑا دور رہی تھی کہ رکشے والے نے مجھے دیکھ کر کہا آجائیں سواریاں پوری ہیں صرف ایک کم تھی آپ بیٹھ جائیں۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ کیسے اللہ تعالیٰ ہم گنہگاروں پر کرم فرماتا ہے اب کہیں جانا ہو یا سواری کا انتظام نہ ہو رہا ہو تو میں سورۂ قریش پڑھتی ہوں تو کام ہو جاتا ہے۔ (فائدہ نمبر 11) میرے ایک سٹوڈنٹ ہے جو میرے پاس میٹرک میں ٹیوشن پڑھتی تھی اس کا رشتہ نہیں ہو رہا تھا اس کے ابو وفات پا چکے ہیں ماں بہت پریشان رہتی تھی میں نے اسے سورۂ والضحیٰ والا عمل بتایا کہ اس سورت میں نو (کاف) ہیں ہر (ک) پر نو بار یا کریم پڑھنا ہے 9 دن یہ عمل کرنا ہے اس نے کہا تو 9 دن میں کام نہ ہوا پھر دوبارہ 9 دن کیا تو اس کا رشتہ طے ہو گیا ہے وہ سب بہت خوشی سے مجھے یہ بتا رہے تھے میں جب ان کے گھر مبارکباد کے لیے گئی تو اس نے بتایا کہ میں نے یہ عمل کیا تھا اور مجھے یاد بھی نہیں تھا کہ میں نے اسے یہ عمل کرنے کو کہا ہے۔ (فائدہ نمبر 12) میرے ساتھ جامعہ میں ایک لڑکی پڑھتی ہے اس کا بھائی بینک سے رقم نکلوا کر گھر آرہا تھا کہ پیسے گر گئے وہ اسے وہاں بتانے آیا سن کر وہ بہت پریشان ہوئی پوچھنے پر بتایا کہ 70 یا 75 ہزار تھے میری ساتھ والی بھی عبقری پڑھتی ہے اس نے کہا کہ "یارب موسیٰ یارب کلیم بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھو۔ مجھے کہا کہ یہ وظیفہ اسے لکھ دیں میں نے لکھ دیا اسے کہا کہ ابھی یہ وظیفہ شروع کرو اور گھر جا کے باقی تمام افراد کو بھی پڑھنے کا کہا اور یہ بھی کہا کہ بھائی سے بھی کہو کہ وہ یہی وظیفہ پڑھتا ہوا واپس اسی راستے پر جائے اگلے دن وہ خوشی خوشی یہ بتا رہی تھی کہ پیسے مل گئے ہیں مجھے تو یقین نہیں آرہا تھا سن کے۔ حضرت صاحب آپ کے بتائے ہوئے اعمال سے لوگوں کو اتنا فائدہ ہو رہا ہے کہ گمان سے باہر ہے۔ ہم آخری دور کے انسان اپنی آلودہ اور ناپاک زبان اور بے دھیانی سے اس کریم کو پکارتے ہیں اور وہ مسائل حل کر دیتا ہے۔ یہ اللہ رب العزت کا بے حد کرم و فضل ہے فی الحال میرے پاس یہی مشاہدات ہیں جن سے لوگوں کو فائدہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ عبقری تسبیح خانہ اس کی تمام شاخوں کی قیامت تک حفاظت فرمائے اپنے خزانہ غیب سے ان کی تمام ضرورتیں پوری فرمائے۔ ہر فتنے اور شر سے محفوظ فرماتے اس کا فیض قیامت تک جاری و آباد رکھے اور ہمیں سدا عبقری اور تسبیح خانہ سے جوڑے رکھے۔ آمین ثم آمین۔

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش نسیان منہ میں چھالے پڑنا آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

